UNIVERSAL
LIBRARY
OU_222747
UNIVERSAL
LIBRARY

OUP—2272—19-11-79—10,000

OSMANIA UNIVERSITY LIBRARY

Call No. ۸۹۱.۵ ابر ۳۱۰۹ Accession No. ۲۷۶۳

Author ابراہیم علی خان

Title تذکرہ گلشن ہند مرتبہ سید اعلیٰ

This book should be returned on or before the date last marked below.

ڈیڈی کیشن

ہز ایکسلنسی مہاراجہ سر کشن پرشاد
بہادر وزیر اعظم دولت آصفیہ کو چوں کہ
اردو زبان سے ایک خاص دلچسپی
ہے، اور آپ خود بھی اردو زبان کے
ایک ممتاز مصنف اور بلند پایہ شاعر
ہیں، لہذا یہ کتاب جناب کے نام
نامی پر ڈیڈیکیٹ کی جاتی ہے ٭

گر قبول افتد زہے عز و شرف

خاکسار
عبداللہ خاں حیدرآباد دکن

فہرست تذکرہ گلشن ہند

مضامین	نمبر صفحہ
پبلشر کی التماس	۱-۲
مقدمہ، از مولوی عبدالحق صاحب بی۔اے	۱-۲۴
دیباچہ مصنف	۱-۶
باب الف	۶-۵۳
آفتاب، شاہ عالم بادشاہ غازی	۶
آصف، نواب آصف الدولہ وزیر اودھ	۱۲
انجام، عمدۃ الملک نواب امیر خاں	۱۶
اُمید، میرزا محمد رضا	۱۷
آرزو۔ سراج الدین علی خاں	۲۳
آبرو۔ شاہ بحم الدین	۲۵
احسن، میرزا احسن	۲۸
الہام، شیخ شرف الدین	۲۹
اثر، میر محمد	۳۰
الم، صاحب میر	۳۲
اشتیاق، شاہ ولی اللہ	۳۳
انشاء، امیر انشاء اللہ خاں	۳۵
امانی، میر امانی	۳۷
امین، خواجہ امین الدین	۴۰
افسوس، میر شیر علی	۴۷
آشفتہ، حکیم رضا قلی خاں	۵۰
باب الباء	۵۳-۶۵
بیدل، میرزا عبدالقادر	۵۳
بیان، حسن اللہ خاں	۵۵

مضامین	نمبر صفحہ
بقا، محمد بقا	۵۸
بیدار، میر محمد	۵۹
بسمل، سید جبار علی	۶۳
باب التاء	۶۵-۷۱
تاتا شاہ، ابوالحسن والی گولکنڈہ	۶۵
باب الجیم	۷۱-۸۱
جہاندار، میرزا جواں بخت ولی عہد شاہ عالم	۷۱
جرأت، شیخ قلندر بخش	۷۳
جوشش، شیخ محمد روشن	۷۶
باب الحاء	۸۱-۹۷
حاتم، شیخ ظہور الدین	۸۱
حزین، میر باقر	۸۲
حسرت، میرزا جعفر علی	۸۴
حیران، میر حمید علی	۸۵
حسرت، ہیبت قلی خاں	۸۶
حسن، خواجہ حسن	۸۹
حسن، میر غلام حسن	۹۲
باب الخاء	۹۷-۹۸
خاکسار، محمد یار	۹۷
باب الدال	۹۸-۱۰۳
درد، خواجہ میر درد	۹۸
دردمند، فقیر صاحب	۱۰۰
ذلی، شیخ محمد عابد	۱۰۳

مضامین	نمبر صفحہ
دیوانہ، رائے سرب سنگھ	۱۰۳
باب السین	۱۰۳-۱۱۸
سودا، میرزا محمد رفیع	۱۰۳
سوز، سید میر	۱۱۳
سجاد، میر سجاد	۱۱۹
باب الشین	۱۲۱
شورش، میر غلام حسین	۱۲۱
باب الصاد	۱۲۲-۱۲۳
صانع، نظام الدین	۱۲۲
باب الضاد	۱۲۳-۱۲۴
ضیا، میر ضیاء الدین	۱۲۳
باب العین	۱۲۴-۱۲۸
عزلت، سید عبدالولی	۱۲۴
عشق، شاہ رکن الدین	۱۲۶
عیش، میرزا عسکری	۱۲۸
باب الغاء	۱۲۸-۱۳۰
فخر، میر شمس الدین	۱۲۸
فغاں، اشرف علی خاں	۱۳۰
فرحت، شیخ فرحت اللہ	۱۳۱
فدوی، میرزا محمد علی	۱۳۲
باب القاف	۱۳۳-۱۴۵
قایم، شیخ محمد قایم	۱۳۳
قدرت، شاہ قدرت اللہ	۱۳۸
باب الکاف	۱۴۵-۱۴۶

مضامین	نمبر صفحہ
کلیم، شیخ محمد حسین	۱۴۵
باب اللام	۱۴۶-۱۵۲
لطف، میرزا علی، مصنف تذکرہ ہذا	۱۴۶-۱۵۰
باب المیم	۱۵۲-۱۷۳
میر، میر محمد تقی	۱۵۲
مظہر، میرزا جان جاناں	۱۵۹
مضمون، شیخ شرف الدین	۱۶۰
مخلص، مخلص علی خاں	۱۶۲
مجذوب، میر غلام حیدر	۱۶۵
مصحفی، غلام ہمدانی	۱۶۵
محبت، نواب محبت خاں	۱۶۶
منت، میر قمر الدین	۱۷۱
باب النون	۱۷۳-۱۷۵
ناجی، محمد شاکر	۱۷۳
نعیم، نعیم اللہ	۱۷۵
باب الواو	۱۷۵-۱۸۰
ولی، شاہ ولی اللہ دکنی	۱۷۵
ولی، میرزا محمد ولی	۱۷۹
باب الہاء	۱۸۰-۱۸۴
ہدایت، شیخ ہدایت اللہ	۱۸۰
باب الیاء	۱۸۴-۱۹۶
یقین، انعام اللہ خاں	۱۸۴
یکرنگ، مصطفےٰ قلی خاں	۱۹۵

پبلشر کی التماس

سنہ ۱۳۲۰ ہجری کے موسم برسات میں پائے تخت حیدرآباد کی مشہور ندی میں، جو حصار شہر کے نیچے بہتی چلی گئی ہے، ایک عظیم الشان سیلاب آیا۔ اس سیلاب سے لاکھوں روپے کا نقصان ہوا، اور کچھ لوگوں کو بہ مصداق "چوں خراب شود خانۂ خدا گردد" فائدہ بھی پہنچا۔ لیکن اس طوفان کی سب سے بڑی اور مفید یادگار یہ تذکرہ ہے، جو پبلک میں پیش کیا جاتا ہے۔ اگر سیلاب نہ آتا تو اس منجمد زمین سے اس علمی چشمے کا بہنا ممکن نہ تھا۔ یہ سیلاب جہاں اور ہزاروں چیزوں کو اپنے ساتھ لایا، وہاں کسی آفت زدہ کا ایک کتب خانہ بھی بہا لایا؛ اور اُس میں یہ تذکرہ بھی تھا۔ پبلک میں یہ آب آور دکتابیں کوڑیوں کے داموں بکیں، اور یہ تذکرہ ہمارے کرم فرما، مولوی غلام محمد صاحب مددگار کیبنٹ کونسل دولت آصفیہ کے ہاتھ لگا، انہوں نے علامہ شبلی کو دکھایا۔ علامہ موصوف نے اس کو بدرجۂ غایت پسند کیا، اور انجمن ترقی اُردو کی طرف سے شائع کرنے کا قصد کیا؛ لیکن انجمن اپنی پیچ در پیچ طرز عمل کی وجہ سے اس کو نہ چھاپ سکی۔ اور علامہ موصوف نے ہم کو اُس کے شائع کرنے کی رائے دی، اور خود اُس کے اِڈٹ کرنے کا وعدہ کیا۔ چنانچہ علامہ مؤلف نے اس کی تصحیح بھی کی، اور اُس پر کچھ نوٹ بھی لگائے، جو بجنسہ چھاپ دیئے گئے ہیں ✦

اس تذکرے کی معنوی خوبیاں، اور تاریخی حیثیت سے اُس کی اہمیت، اُس مقدمے سے ظاہر ہوگی جو ہمارے کرم فرما مولوی عبدالحق صاحب بی۔ اے، پرنسپل مدرسہ آصفیہ حیدرآباد نے ہماری فرمایش سے اس تذکرے پر لکھا ہے۔ جس میں اُنہوں نے اُردو زبان کی نشو ونما کی تاریخ اور اُس کی قدیم تصانیف کا بیان اور تذکرہ ہذا کی خصوصیات کا ذکر کیا ہے۔ مولوی عبدالحق صاحب کو پری فیس لکھنے میں جو خاص ملکہ ہے، اُس کو تمام اُردو داں پبلک جانتی ہے، کہ وہ کس خوبی سے اس اہم کام کو انجام دیتے ہیں، اس لئے ہم بجز شکریئے کے اور زیادہ کہنے کی ضرورت نہیں سمجھتے ✦

ہمیں مولوی غلام محمد صاحب کا بھی شکریہ ادا کرنا ہے، جنہوں نے اپنی علمی فیاضی سے، یہ کتاب ہم کو چھاپنے کے لئے دی اور کئی سال تک ہمارے پاس رہی۔ علامہ شبلی بھی خاص شکریئے کے مستحق ہیں کہ انہوں نے اپنی عنایت سے اُس کی تصحیح، اور تحشی میں اپنا وقت صرف کیا +

اس کتاب کے چھپوانے میں خاص اہتمام کیا گیا ہے، اور حتی الامکان اس بات کی کوشش کی گئی ہے کہ اس کا ایک حرف بھی چھوٹنے نہ پائے، البتہ صرف اتنا تصرف کیا گیا ہے کہ میر، سودا، درد اور مصنف کا نمونۂ کلام، جو اس تذکرے میں نہایت کثرت کے ساتھ درج تھا، اُس میں سے صرف عمدہ نمونہ چن لیا گیا ہے، اور اس خدمت کو بھی مولوی عبدالحق صاحب کے ذوق سلیم نے انجام دیا ہے۔ اس کے سوا اس میں اور کوئی تصرف نہیں کیا گیا بلکہ مقدمے اور نوٹوں سے اُس کو اور زیادہ مخزن معلومات بنایا گیا ہے۔ جس کی قدردانی کی پبلک سے اُمید کی جاتی ہے۔ اگر پبلک نے اس کی قدردانی کی تو ہم بہت جلد اور مفید علمی کتابوں کے شائع کرنے کے قابل ہو سکیں گے جو انگریزی اور عربی سے ترجمہ کی گئی ہیں +

عبداللہ خاں

کتب خانۂ آصفیہ
حیدرآباد دکن
۱۶ نومبر ۱۹۰۶ء

مقدمہ

بر تذکرۂ گلشنِ ہند

(از مولوی عبدالحق صاحب بی۔ اے۔ پرنسپل مدرسہ آصفیہ۔ حیدرآباد دکن۔)

یہ کتاب شعرائے اُردو کا قابل قدر و نایاب تذکرہ ہے اتفاق زمانہ سے ایک ایسے نیک دل اور باہمت[1] شخص کے ہاتھ لگ گیا جس نے باوجود بے بضاعتی کے چھپوانے کا تہیہ کیا، اور مجھ سے کتاب پر مقدمہ لکھنے کی فرمایش کی۔ میں خود بے بضاعت، تاہم اس فرمایش کو جو اُنہوں نے دلی شوق سے کی تھی ٹال نہ سکا، اور بسر و چشم قبول کیا +

حقیقت اس کتاب کی یہ ہے کہ نواب وزیر الممالک آصف الدولہ آصف جاہ کے عہد، اور امیر الممالک لارڈ وارن ہیسٹنگز، گورنر جنرل کے زمانے میں، علی[2] ابراہیم خاں نے ایک تذکرہ شعرائے ہند کا فارسی

---

[1] مولوی عبداللہ خان صاحب کتبخانہ آصفیہ حیدرآباد دکن ۱۲ [2] علی ابراہیم خاں، متخلص بہ علی، مشہور ادیب اور مورخ ہیں۔ پٹنہ کے رہنے والے تھے، اور بعہد گورنر جنرل لارڈ کارنوالس، بنارس میں چیف مجسٹریٹ اور بعد ازاں گورنر رہے۔ اور ۱۲۰۰ھ ہجری میں وہیں انتقال کیا ان کی مشہور تصانیف یہ ہیں۔

(۱) گلزار ابراہیم، تذکرۂ شعرائے اُردو، جو شاہ عالم کی بادشاہت، آصف الدولہ کی وزارت، اور وارن ہیسٹنگز کی گورنر جنرلی میں، ۱۱۹۴ھ / ۱۷۸۰ء میں لکھا ہے، اور جس پر میرزا علی لطف نے اپنے اس تذکرہ گلشن ہند کی بنیاد رکھی +

(۲) خلاصۃ الکلام اور صحف ابراہیم، یہ دونوں فارسی شعرا کے تذکرے ہیں +

(۳) وقائع جنگ مرہٹہ، یہ کتاب بعہد لارڈ کارنوالس ۱۲۰۱ھ ہجری میں لکھی گئی۔ اس میں ۱۱۷۱ھ سے ۱۱۹۹ھ تک کے حالات درج ہیں میجر فلر نے انگریزی میں اس کتاب کا ترجمہ کیا ہے۔ اس میں بڑی خوبی سے مرہٹوں کے حالات لکھے گئے ہیں، اور پانی پت کی جنگ کا حال ایک ایسے شخص سے لے کر لکھا گیا ہے جس نے اپنی آنکھوں یہ جنگ دیکھی تھی +

(۴) ایک کتاب میں راجہ چیت سنگھ والی بنارس کے بغاوت کے حالات لکھے ہیں۔ یہ خاتمہ خود مصنف کے زمانے کا ہے، اگرچہ اس کتاب کے شروع ہی میں یہ فقرہ لکھا ہے کہ "من کہ علی ابراہیم خاں یکے از خیر خواہان کمپنی انگریزم" لہذا کسی قدر بدگمانی ہوتی ہے +

(۵) خطوط، جو برٹش میوزیم کی لائبریری میں محفوظ ہیں، اور جس سے اُس زمانے کے بعض حالات پر روشنی پڑتی ہے +

میں لکھا تھا، اور اس کا نام گلزار ابراہیم رکھا تھا۔ کوئی بارہ برس کی محنت میں ۱۱۹۸ھ ہجری مطابق ۱۷۸۴ عیسوی میں جاکر ختم ہوا۔ اتفاق سے یہ تذکرہ اُردو کے بڑے قدردان اور محسن، مسٹر گلکرسٹ کی نظر سے گزرا۔ انہوں نے مؤلف تذکرۂ ہذا سے فرمایش کی کہ اگر اس کا ترجمہ سلیس اُردو میں ہو جائے تو بہت خوب ہو۔ اُن کا منشا اس سے یہ تھا کہ انگریز بھی اسے پڑھ سکیں، اور اُن میں اُردو زبان اور شاعری کا ذوق پیدا ہو جائے۔ اس طرح یہ کتاب اُردو میں لکھی گئی۔ لیکن یہ نہ سمجھنا چاہئے کہ یہ ترجمہ ہے، بلکہ مترجم نے اس میں بہت کچھ اضافہ کیا ہے، حالات میں بھی اور کلام میں بھی، جس سے بالکل نئی صورت پیدا ہو گئی ہے اور ایک تالیف کی حیثیت ہو گئی ہے +

یہ تالیف اُس زمانے میں ہوئی جب کہ دلّی میں شاہ عالم بادشاہ اور لکھنؤ میں نواب سعادت علی خاں رونق بخش مسند حکومت تھے۔ بادشاہ تو ایک بے بسی اور بے کسی کی حالت میں تھے، اور نام کے بادشاہ رہ گئے تھے، البتہ پورب کی طرف سے ایک جھلکی دکھائی دی۔ دلّی کے اہل کمال اپنے وطن سے مُنہ موڑ اُسی طرف ہوئے۔ یہ قدردانی کے بھوکے تھے، قدر ہوتے جو دیکھی تو وہیں کے ہو رہے۔ سب سے زیادہ شاعری کا ہنگامہ گرم تھا۔ بچّہ بچّہ شاعری کا دم بھرتا تھا۔ ادھر کے اساتذہ جو پہنچے تو اُنہوں نے وہ رنگ جمایا کہ سب رنگ پھیکے پڑ گئے۔ یہاں تک کہ نواب سعادت علی خاں جیسا عالی دماغ، متین، منتظم، اور کام کرنے والا شخص بھی اس کے اثر سے نہ بچا۔ باوجود اس کے انشاء اللہ خاں نے جو ہزار پھکڑوں کا ایک پھکڑ تھا، آخر انہیں اپنی گوں نہ دیکھ کر کہہ ہی دیا ؎

"میں ہوں ہندوستان تو ہے مقطع میرا تیرا میل نہیں"

کہتے ہیں کہ یہ اُردو شاعری کے عروج کا زمانہ تھا۔ بیشک، لیکن یہ ایک ایسا عروج تھا جس کے ایک رخ پر عروج اور دوسرے رُخ پر زوال کی تصویر نظر آتی تھی۔ عروج تو اس لئے کہ زبان روز بروز منجھتی جاتی تھی اور صاف اور شستہ ہوتی جاتی تھی، اور زوال اس لئے کہ فن شاعری میں صرف فارسی والوں کی تقلید کی جاتی تھی اور تقلید بھی ناقص۔ اس کے بعد اَور لوگ جو پیدا ہوئے وہ بھی اسی ڈگر پر ہو لئے۔ شاعری بس اسی کا نام رہ گیا تھا کہ بندش چست ہے، قافئے کو اچھی طرح نباہ دیا،

ایک آدھ محاورہ آگیا، کسی نئی یا سنگلاخ زمین میں غزل کہہ دی، کبھی کبھار ڈیڑھ دو سال میں کسی نئی تشبیہ یا استعارے کا استعمال ہوگیا؛ رہا مضمون، سو خدا کے فضل سے اس میں برکت ہی برکت تھی، اور اب بھی وہی حال ہے۔ مضمون تو مضمون تشبیہات تک مقررہ ہیں، اور اب تک وہی استعمال ہوتی چلی آتی ہیں۔ کسی نئی تشبیہ کا لکھنا بڑی بہادری اور جرأت کا کام ہے، کیوں کہ ہمارے نکتہ سنج شاعر اس کے لئے سند طلب کرتے ہیں۔ جیسے کوئی قانون داں کسی فوجداری جرم میں تعزیرات ہند کی دفعہ تلاش کرتا ہے۔ اگرچہ اس میں شک نہیں کہ ان شعراء کی محنت سے زبان صاف ہوگئی، لیکن اپنی شاعری کی طرح ٹھٹھر کے رہ گئی، اور جو حصار کہ ہمارے نغز گو شعرا نے اس کے گرد باندھ دیا تھا اس سے آگے قدم نہ رکھ سکی۔ اس سے بڑھ کر محدود ہونے کی اور کیا دلیل ہو سکتی ہے کہ شاعری کا دعویٰ ہے، اردو کے استاد ہیں۔ مگر خط و کتابت فارسی میں کرتے ہیں، دیوان اردو ہے، مگر مقدمہ فارسی میں لکھا ہے۔ کوئی معاملہ آپڑا اظہار مطلب فارسی میں ہوتا ہے اردو میں نہیں، کسی طبیب کے پاس جایئے نسخہ فارسی میں ہے (اور یہ اب تک رائج ہے)، سرکاری دفاتر میں فارسی رائج ہے، یہاں تک کہ خط کی مشق کے لئے بھی شعر لکھے جاتے ہیں تو فارسی، اب اردو کو وسعت ہو تو کیوں کر؟

لیکن ایک قوم جو سات سمندر پار سے آئی تھی، اور جس کا تسلط اس وقت ہندوستان پر اس طرح بڑھتا چلا جاتا تھا، جیسے ساون بھادوں کی گھٹا آسمان پر چھا جاتی ہے، اس نے اردو کی دستگیری کی۔ اور وہ اس لئے کہ ہندوستان سے واقف ہونے اور یہاں کی مہذب سوسائٹی میں ملنے جلنے کے لئے اس کا جاننا ضروری تھا۔ دوسرے یہ زبان ریاست کی گود میں پلی تھی، جہاں جہاں اس وقت بھی مغلیہ حکومت کے آثار تھے، اسی کا دور دورہ تھا۔ علاوہ اس کے ہندوستان کی جدید زبانوں میں سب سے زیادہ ہونہار نظر آئی۔ اس لئے انہوں نے اس کی سرپرستی کی۔ سب سے بڑا احسان ڈاکٹر جان گلکرسٹ کا ہے جس نے انیسویں صدی کے شروع میں، بمقام فورٹ ولیم کلکتہ اس کا ایک محکمہ قایم کیا، جس کا ابتدائی اور اصلی مقصد یہ تھا کہ جو انگریز یہاں ملازمت اختیار کرتے ہیں، ان کی

تعلیم کے لئے اُردو کی مناسب اور مفید کتابیں تالیف کرائی جائیں۔ اور غالباً اسی شخص کا احسان ہے کہ بجائے فارسی کے اُردو زبان دفتر کی زبان قرار پائی۔ یہ عجب واقعہ ہے، اور یاد رکھنے کی بات ہے کہ فارسی جو مسلمان فاتحوں کی چہیتی زبان تھی، ایک ہندو راجہ ٹوڈرمل کی کوشش سے دفاتر میں داخل ہوئی، اور دوسرے دور میں اُردو نے ایک انگریز کی وساطت سے دربار سرکار میں رسائی پائی۔ اس شخص نے اس وقت کے قابل قابل لوگ بہم پہنچائے۔ اور مختلف کتابیں لکھوانا شروع کیں حقیقت یہ ہے کہ اُردو نثر کا لکھنا اسی وقت سے شروع ہوا، اور بلا مبالغہ ہم یہ کہہ سکتے ہیں، کہ جو احسان وَلی نے اُردو نظم پر کیا تھا، اس سے زیادہ نہیں تو اسی قدر احسان جان گلکرسٹ نے اُردو نثر پر کیا ہے +

چوں کہ یہ تذکرہ بھی اسی نامور اور قابل شخص کی تحریک سے لکھا گیا تھا، لہذا اس مقام پر مختصراً یہ بیان کرنا کہ اس کی نگرانی میں، یا اور انگریزوں کی سعی سے کیا کیا کام ہوا، اور اُردو زبان میں کس قدر اضافہ ہوا، نامناسب نہ ہوگا +

اس سلسلے میں سب سے اول سید محمد حیدر بخش حیدری قابل ذکر ہیں۔ انہوں نے ۱۸۰۱ء عیسوی میں توتا کہانی لکھی، جو اصل میں انہوں نے طوطی نامہ کو اپنی زبان میں لکھا ہے۔ طوطی نامہ ابن نشاطی نے عبداللہ قطب علی شاہ کے زمانے میں، دکنی زبان میں لکھا تھا، مگر ماخذ اس کا ایک سنسکرت کتاب ہے۔ آرایش محفل یعنی مشہور قصۂ حاتم بھی جو اب تک عوام میں دلچسپی سے پڑھا جاتا ہے، انہیں کا لکھا ہوا ہے۔ ایک کتاب گل مغفرت یا وہ مجلس مسلمانوں کے اولیاء اللہ کے حالات میں بھی لکھی ہے۔ فارسی کی مشہور کتاب بہار دانش کا بھی اُردو ترجمہ کیا ہے جس کا نام گلزار دانش ہے۔ ایک اور کتاب تاریخ نادری اُردو میں لکھی، یہ کسی فارسی تاریخ کا ترجمہ ہے +

دوسرے صاحب میر بہادر علی حسینی ہیں انہوں نے میر حسن دہلوی کی مشہور و معروف مثنوی سحر البیان (قصہ بدر منیر و بے نظیر) کو اُردو نثر میں کیا ہے اور اس کا نام نثر بے نظیر رکھا ہے۔ اور ایک اور کتاب اخلاق ہندی کے نام سے لکھی ہے، اس کتاب کا ماخذ فارسی کتاب مفرح القلوب

ہے جو اصل میں سنسکرت سے لی گئی ہے۔ یہ دونوں کتابیں ۱۸۰۲ء میں لکھی گئی تھیں ۔

میر امّن دہلوی سب سے زیادہ قابل ذکر ہیں۔ احمد شاہ دُرّانی کے زمانے میں جو دلّی پر آفت آئی تو یہ وطن کو چھوڑ کر پٹنہ میں آرہے، یہاں سے ۱۸۰۱ء میں کلکتہ پہنچے۔ باغ و بہار کی وجہ سے ان کا نام ہمیشہ یاد رہے گا۔ یہ کتاب ۱۸۰۱-۲ء میں لکھی گئی ہے۔ اور انیسویں صدی کے آغاز میں دلّی کی جو زبان تھی اُس کا اعلےٰ نمونہ ہے۔ اس کتاب کا ماخذ امیر خسرو کی چہار درویش ہے میر امّن نے امیر خسرو کی تصنیف سے ترجمہ نہیں کیا، بلکہ اس سے پیشتر ایک صاحب تحسین نامی ساکن اناوہ نے اسے امیر خسرو کی کتاب سے ترجمہ کیا تھا، اور اس کا نام نوطرز مرصع رکھا تھا، میر امّن نے اخلاق محسنی کے تتبع میں ایک کتاب گنج خوبی بھی اسی زمانے میں لکھی۔ حفیظ الدین احمد فورٹ ولیم کالج میں پروفیسر تھے، ۱۸۰۳ء میں انہوں نے علامی ابوالفضل کی کتاب عیار دانش کا ترجمہ اُردو میں کیا، اور خرد افروز اس کا نام رکھا۔ اصل کتاب سنسکرت میں ہے، اور عربی میں کلیلہ دمنہ کے نام سے مشہور ہے ۔

میر شیر علی افسوس بھی اسی سلسلے میں ممتاز شخص ہیں۔ دہلی کے رہنے والے تھے۔ گیارہ برس کے سن میں اپنے والد کے ساتھ لکھنؤ آئے۔ بہت سے انقلابات کے بعد نواب سالار جنگ اور پھر ان کے بیٹے نوازش علی خاں کے ہاں ملازم رہے، اور جب یہ شیرازہ بکھر گیا تو صاحب عالم و عالمیان مرزا جواں بخت جہاندار شاہ کے متوسل ہو گئے۔ مگر جب شہزادہ عالم کا کوچ شاہ جہان آباد کی طرف ہوا تو یہ ساتھ نہ جا سکے۔ اور نواب سرفراز الدولہ بہادر کے ساتھ زندگی کے دن بسر کرنے لگے۔ تلمذ اُن کو میر حیدر علی حیران سے ہے، اور بعض کا قول ہے کہ میر درد اور میر سوز کے شاگرد ہیں۔ اتنے میں صاحب عالی شان، بارلو صاحب نے، مسٹر گلگرسٹ کے مشورے سے، زباں دانانِ ریختہ کو لکھنؤ سے طلب فرمایا، باچناں چہ لکھنؤ کے رزیڈنٹ مسٹر اسکاٹ نے میر شیر علی افسوس کو انتخاب کیا، اور دو سو روپیہ ماہانہ تنخواہ مقرر کر کے پانسو روپے خرچ راہ دیا، اور کلکتہ روانہ کیا۔ ۱۸۰۰ء میں کلکتہ پہنچے، اور نو برس بعد انتقال کر گئے۔ یہاں انہوں نے

ایک قابل قدر کتاب آرایش محفل لکھی، جس میں ہندوستان کے مختلف حالات درج ہیں۔ اس کتاب کا ماخذ سجان رائے کی کتاب خلاصۃ التواریخ ہے، اور مرنے سے سال بھر پہلے یعنی ۱۸۰۸ء میں سعدی کی گلستاں کا ترجمہ باغ اُردو کے نام سے اُردو میں کیا +

نہال چند نے ۱۸۰۴ء میں مثنوی گل بکاولی کو اُردو نثر میں لکھا، اور نام اس کا مذہب عشق رکھا +

کاظم علی جوان بھی دہلی کے تھے، بعد ازاں لکھنؤ میں آئے، اور وہاں سے ۱۸۰۰ء میں کلکتہ کے فورٹ ولیم کالج میں آئے۔ انہوں نے ۱۸۰۲ء میں شکنتلا کا قصہ اُردو میں لکھا۔ نوازکیشور نے جو برج بھاکا میں (۱۷۶۰ء) شکنتلا کی کہانی لکھی تھی، اس کا یہ ترجمہ ہے۔ انہوں نے ایک بارہ ماسہ بھی لکھا ہے، اور اس میں ہندو مسلمانوں کے تیوہاروں کا ذکر ہے، جس کا نام دستور ہند ہے، اور جو ۱۸۱۲ء میں چھپا +

اکرام علی نے ۱۸۱۰ء میں رسائل اخوان الصفا میں سے ایک رسالے کا ترجمہ عربی سے اُردو میں کیا، جس میں شاہ اجنہ کے سامنے انسان و حیوان کا جھگڑا پیش ہے، کہ ہم دونوں میں کون افضل ہے۔ یہ منجملہ اُن رسائل کے ہے جو بغداد کی مشہور سوسائٹی اخوان الصفا کے اہتمام سے لکھے گئے تھے +

سری لالو گجرات کا برہمن تھا، جو شمالی ہند میں آکر آباد ہو گیا تھا۔ اس نے فورٹ ولیم کالج کی نگرانی میں ہندی کی بعض کتابیں، مثلاً پریم ساگر، راج نیتی، و لطایف ہندی ترجمہ یا تالیف کیں۔ سنگھاسن بتیسی، سری لالو اور جوان نے مل کر ۱۸۰۱ء میں لکھی، جو آدھی اُردو آدھی ہندی ہے +

مظہر علی ولا نے بیتال پچیسی لکھی، جو مضمون اور زبان کے لحاظ سے سنگھاسن بتیسی کے مثل ہے۔ اور یزدولا کی مدد سے قصہ مادھونال کو برج بھاکا سے اُردو میں ترجمہ کیا +

علاوہ اس کے خود گلگرسٹ نے ۱۸۰۱ء میں اُردو کی ایک لغت لکھی، زبان کے بعض قواعد لکھے، اور مختلف طرح سے اُردو زبان کی خدمت کی۔ معلوم ہوتا ہے کہ ڈاکٹر گلگرسٹ سے اول بھی

ایک شخص فرگسن نامی نے اُردو کی ایک لغت لکھی تھی، جو لندن میں ۱۷۷۳ء میں طبع ہوئی۔ مگر چونکہ وہ بالکل ناکافی تھی، جنرل ولیم کرک پیاٹرک نے ایک ڈکشنری لکھنے کا ارادہ کیا، جس کے انہوں نے تین حصے کئے، مگر اس کا ایک ہی حصہ طبع ہونے پایا۔ اس حصے میں انہوں نے وہ الفاظ لئے ہیں جو عربی فارسی سے ہندی میں آ گئے ہیں۔ باقی دو حصوں کے طبع کرنے کے لئے انہیں ناگری ٹائپ کا انتظار تھا، وہ جلد تیار نہ ہو سکا، اور کتاب ناقص رہ گئی۔ یہ ایک حصہ لندن میں ۱۷۸۵ء میں طبع ہوا۔ لندن سے جب یہ واپس آئے تو دیکھا کہ ڈاکٹر گلگرسٹ بھی اسی کام میں لگے ہوئے ہیں، تو چاہا کہ دونوں مل کر اسے انجام دیں، مگر چونکہ ان کو اَور بہت سے کام کرنے تھے، اس لئے تھوڑے دنوں کے بعد وہ الگ ہو گئے، اور ڈاکٹر گلگرسٹ تنہا یہ کام کرتے رہے +

ڈاکٹر صاحب نے ایک حصہ انگریزی ہندوستانی لغت کا تیار کر کے ۱۷۹۸ء میں چھاپ دیا، مگر دوسری جلد ہندوستانی انگریزی لغت ختم نہ کر سکے۔ علاوہ اُن تمام دقتوں کے جن سے وہ گھبرا گئے تھے، ایک دقت یہ بھی تھی کہ خریدار بہم نہ پہنچے۔ صرف سَتر صاحبوں نے خریداری منظور کی۔ حالاں کہ خرچ کا اندازہ کم سے کم چالیس ہزار روپیہ کا کیا گیا تھا۔ ڈاکٹر صاحب نے اس کام کو نہایت حسرت کے ساتھ خیرباد کہا۔ اس کے بعد میجر ڈیوڈ تامسن رچرڈسن سپرنٹنڈنٹ و کمانڈنٹ ملٹری ایکاڈمی نے اُردو لغت لکھنی شروع کی، مگر افسوس کہ اس کا بھی وہی حشر ہوا، اور طبع ہوتے ہوتے رہ گئی۔ اس کے بعد ۱۸۰۸ء میں ڈاکٹر ٹیلر نے ایک ہندوستانی انگریزی لغت طبع کرائی۔ اسی کتاب کو پھر ڈاکٹر ولیم ہنٹر نے فورٹ ولیم کالج کے دیسی ادیبوں کی امداد سے نظر ثانی کر کے چھپوایا +

گلیڈون نے ایک لغت فارسی اور ہندوستانی زبان کی دو جلدوں میں لکھی، جو کلکتہ میں ۱۸۰۹ء میں چھپی۔ مسٹر جان شیکسپیر نے ایک اُردو لغت ۱۸۱۷ء میں طبع کرائی، یہ کتاب زیادہ تر ٹیلر کی لغت سے ماخوذ ہے، بلکہ یہ کہنا چاہئے کہ اسی کتاب کو دوسرے قالب میں پیش کیا گیا ہے۔ فوربس کی لغت ۱۸۴۷ء میں لندن میں چھپی۔ ایک فرانسیسی

برٹرینڈ نے بھی ایک لغت لکھی، جو پیرس میں ۱۸۵۸ء میں طبع ہوئی۔ برایس کی لغت ۱۸۶۴ء میں لندن میں چھپی۔ پلیٹ نے بھی ایک لغت لکھی ہے، جس کے طبع ہونے کا سن مجھے معلوم نہیں ہوا۔ اس زمانے میں ڈاکٹر فیلن نے اُردو کی کئی لغات لکھیں، ان کی ہندوستانی انگریزی لغت درحقیقت سب سے بہتر ہے، یہاں تک کہ اہل زبان نے بھی جو دو ایک لغت لکھے ہیں، ان میں بھی زیادہ تر فیلن کا تتبع کیا گیا ہے، بلکہ اسی سے ماخوذ ہیں۔

اس مقدمے میں جو انگریزوں کے احسان کا ذکر کیا گیا ہے۔ اس کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ اس تذکرے سے بھی بعض باتیں ایسی معلوم ہوتی ہیں جن سے ظاہر ہوتا ہے کہ انگریزوں کو اس زبان سے خاص دلچسپی تھی، اور اس کی ترقی دینے میں انہوں نے حتی الامکان کوشش کی۔ میر شیر علی افسوس کا ذکر تو پہلے ہو چکا ہے، اور وہ ہم نے اسی تذکرے سے لیا ہے۔ میر کے حال میں لکھا ہے:-

"جن ایام میں کہ درخواست صاحبانِ عالی شان کی زباں دانانِ ریختہ کے مقدمہ میں کلکتہ سے لکھنؤ گئی تو پہلے کرنل اسکاٹ صاحب کے سامنے تقریب میر کی ہوئی، لیکن علت پیری سے یہ بیچارے مجہول کے مجہول ہوئے، اور جوانانِ نومشق مربی گری سے قوت بدنی کے مقبول ہوئے۔ زمانہ خوش طبعوں سے کبھی نہیں خالی ہے، اکثر اہل لکھنؤ پکارتے تھے کہ کلکتہ میں شاعری کی جا درخواست حمالی ہے۔"

غالباً اس جگہ کے لئے میر شیر علی افسوس کا انتخاب ہوا، کاش میر صاحب کا انتخاب ہوتا! چوں کہ ان کی نظم میں انتہا درجے کی فصاحت و شیرینی اور سلاست اور گھلاوٹ موجود ہے، اس لئے ممکن تھا کہ وہ فورٹ ولیم کالج میں جاکر نثر میں کوئی ایسی یادگار چھوڑ جاتے کہ اہل زبان ان کی نظم کی طرح اسے سر اور آنکھوں پر رکھتے، اور اُردو زبان میں ایک عجیب اور قابل قدر اضافہ ہوتا۔

نواب محبت خاں محبت، خلف ارشد نواب حافظ الملک حافظ رحمت خاں، کے ذکر میں لکھا ہے کہ:-

"انہوں نے نواب ممتاز یار الدولہ مسٹر جانسین کی فرمایش سے قصہ سسی پنوں کا اُردو میں نظم کیا، اور نام اس کا اسرار محبت رکھا"۔

میر قمر الدین کے حال میں درج ہے کہ:-

"انہوں نے میر محمد حسین - فرنگی لقب، کے توسل سے ممتاز الدولہ مسٹر جانسین کی سرکار میں توسل حاصل کیا، اور ان کی رفاقت میں کلکتہ آکر عماد الدولہ گورنر مسٹر ہسٹنین (ہیسٹنگز) جلادت جنگ بہادر کی اعانت سے پیشگاہ نظامت صوبہ بنگ سے ملک الشعرا کا خطاب لیا"۔

اس زمانے میں علاوہ ڈاکٹر فیلن کے، جس کا ذکر اوپر ہو چکا ہے، کرنل ہال رائیڈ سابق ڈائرکٹر سررشتہ تعلیم پنجاب نے بھی اُردو زبان کی ترقی میں بیش بہا مدد دی؛ سلسلہ تعلیم کے لئے عمدہ عمدہ کتابیں لکھوائیں، انگریزی سے بھی بعض چیزیں ترجمہ کرائیں، اور اس میں مفید اور نیک مشورہ دیا۔ کتابت اور چھپائی میں بھی خاص اہتمام کیا، اور اس میں کارآمد اصلاحیں کیں۔ اور سب سے بڑا کام یہ کیا کہ لاہور میں ایک انجمن قایم کی جس میں نیچرل مضامین پر عمدہ عمدہ نظمیں لکھوائیں شمس العلما مولانا خواجہ الطاف حسین حالی، اور شمس العلما مولوی محمد حسین آزاد کی بعض نظمیں انہیں کی تحریک سے لکھی گئیں اور وہیں پڑھی گئیں۔ کرنل ہالرائیڈ کا یہ کام بہت قابل قدر اور قابل تعریف ہے؛ اس لحاظ سے ہم کہہ سکتے ہیں کہ اُردو نثر کی طرح اُردو نیچرل شاعری کی بنا بھی ایک حد تک انگریزوں ہی کے ہاتھوں رکھی گئی۔ آج کل مسٹر بل ڈائرکٹر آف پبلک انسٹرکشن پنجاب نے جو انجمن ترقی اُردو کی صدارت قبول فرما کر اُردو کی سرپرستی فرمائی ہے وہ بھی کچھ کم قابل شکریہ نہیں۔ اسی سلسلے میں جو ایک اور قابل قدر کام انگریزوں کے ہاتھوں ہوا ہے، اور جس کا ذکر میں یہاں مناسب سمجھتا ہوں، وہ یہ ہے کہ سب سے اوّل اُردو کتابیں بھی انہوں ہی نے چھپوائیں؛ اوّل اوّل فورٹ ولیم کالج ہی کے پریس میں اُردو کتابیں ٹائپ میں طبع ہوئیں، اور جتنی کتابیں کہ ڈاکٹر گلگرسٹ، اور اس کے جانشینوں کی نگرانی اور مشورے سے تیار ہوتی تھیں وہیں چھپتی تھیں اس کے بعد لتھو گراف پریس سب سے پہلے دہلی میں ۱۸۳۷ء میں، استعمال ہوا؛

اور اس کے بعد سے روز بروز کتابوں کے چھپنے میں ترقی ہوتی رہی ۔

وہ انگریز حاکم، جس نے اُس ملک میں بیٹھ کر جو اُردو کا جنم بھوم اور وطن مالوفہ ہے، اُسے دفاتر سے نکال کر ذلیل کرنا چاہتا تھا، وہ سخت غلطی پر تھا۔ اگر وہ اس زبان کی تاریخ سے واقف ہوتا، اور یہ جانتا کہ اس کے واجب التعظیم بزرگوں نے اس کے حاصل کرنے اور اسے وسعت دینے میں کیسی کیسی مشقتیں جھیلی ہیں، اور اس عجیب و غریب سلطنت کی بنیاد کے ساتھ ہی اس عجیب و غریب زبان کی بنیاد بھی مستحکم کی ہے، تو ضرور اپنی حرکت پر نادم ہوتا۔ یہ زبان کسی خاص فرقے یا کسی خاص ملت کی نہیں ہے، اس پر دنیا کی تین بڑی قوموں نے عرق ریزی کی ہے، ہندو اس کی ماں ہیں، مسلمان اس کے باوا ہیں، اور انگریز اس کے گاڈ فادر ہیں۔ جو لوگ اس کے مٹانے کی کوشش کرتے ہیں وہ گویا اُس نشانی کو مٹانا چاہتے ہیں، جو تینوں کے اتحاد کی یادگار ہے۔ وہ غلطی پر ہیں، جب تک ہندو اور مسلمان اور انگریز دنیا میں قائم ہیں، کم از کم اس وقت تک یہ زبان ضرور قایم رہے گی ۔

افسوس ہے کہ صاحب تذکرہ نے اپنے حالات کچھ نہیں لکھے، دیباچے میں تو ذکر ہی نہیں، شعرا کے سلسلے میں جہاں اپنا حال لکھا ہے وہ بھی برائے نام ہے، بلکہ دوسرے شعرا کے مقابلے میں بالکل کم اور ناکافی ہے، البتہ اپنا کلام بڑے شوق سے نقل کیا ہے، اور شاید اس موقع کو غنیمت سمجھ کر سب کا سب درج تذکرہ کر دیا ہے۔ لہذا ہم نے کچھ ان کے کلام سے اور کچھ ادھر اُدھر سے تھوڑا بہت حال بہم پہنچایا ہے ۔

نام میرزا علی تخلص لطف تھا، ان کے والد کاظم بیگ خاں اسطرآباد کے رہنے والے تھے، سنہ ۱۱۵۴ ہجری میں نادر شاہ کے ساتھ شاہ جہان آباد تشریف لائے، اور ابوالمنصور خاں صفدر جنگ کی وساطت سے دربار شاہی میں رسوخ پایا، فارسی کے شاعر تھے اور ہجری تخلص کرتے تھے۔ فارسی میں میرزا علی لطف باپ ہی کے شاگرد تھے۔ میرزا لطف دیباچے میں لکھتے ہیں:

"میرا ارادہ سیر حیدرآباد کا تھا مگر جوں کہ مسٹر گلکرسٹ نے بڑے اخلاق اور تپاک کے ساتھ مجھ سے اس

"تذکرے کے لکھنے کی خواہش کی لہذا میں نے اسے بسر و چشم قبول کیا"

اس کے بعد وہ لکھتے ہیں :-

"آج کے دن تک کہ ۱۲۱۵ھ ہجری اور ۱۸۰۰ء کے ہیں، عہد سلطنت قایم ہے، اُسی بادشاہ روشن دل خدا پرست سے ....."

پھر اس کے بعد نواب سعادت علی خاں بہادر کا ذکر کیا ہے، اور بعد ازاں مارکوئس آف ولزلی کا ذکر کر کے لکھتے ہیں :-

"موافق حکم اس صاحب والا مناقب کے، کہ نام نامی اور اسم گرامی اُس کا اوپر مذکور ہوا ہے، اس ہیچمدان نے یہ تذکرہ لکھا"

اس سے صاف ظاہر ہے کہ یہ تذکرہ مؤلف نے ۱۸۰۰ء میں ترتیب دیا یا اس کے مادہ تاریخ سے بھی یہی معلوم ہوتا ہے کہ کتاب ۱۲۱۵ھ ہجری میں لکھی گئی +

"حیراں پھریں ہیں بے سر و پا بہمن اور دے"
"تاریخ اس کی جب سے کہ رشک بہشت ہے"
۱۲ - ۱۲۲۷ = ۱۲۱۵ھ ہجری

اور غالباً یہی سال اختتام تذکرہ کا بھی ہے +

دوسری بات یہ بھی معلوم ہوتی ہے کہ اس فرمایش کے بعد نہیں، تو اول ضرور حیدرآباد میں تشریف رکھتے تھے، کیوں کہ ان کے کلام میں وہ قصاید درج ہیں جو انہوں نے اعظم الامرا ارسطو جاہ، اور میر عالم کی مدح میں لکھے تھے۔ اعظم الامرا مرہٹوں کی قید سے نجات پانے کے بعد دوبارہ ۱۷۹۷ء میں وزیر مقرر ہوئے، اور مئی ۱۸۰۴ء میں انتقال کر گئے۔ ان کے بعد اسی سال میر عالم وزیر ہوئے، اور ۱۸۰۸ء میں وفات پائی۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مؤلف اس زمانے میں حیدرآباد چلے گئے تھے۔ چوں کہ ان کو زیادہ تر یا تو انگریزوں سے سابقہ رہا ہے، یا اہل حیدرآباد سے، اس لئے انہوں نے ایک شعر میں اس تعلق کو بڑی خوبی

لہ ڈاکٹر جان گلکرسٹ ۱۲

سے ادا کیا ہے، کہتے ہیں:-

"ہوا آوارہ ہندستاں سے لطف آگے خدا جانے"
"دکن کے سانولوں نے مارا یا انگلن کے گوروں نے"

جو قصیدہ اُنہوں نے اعظم الامرا ارسطو جاہ کی مدح میں لکھا ہے اُس سے معلوم ہوتا ہے کہ پہلے بھی وہ فراغ بال اور خوش حال تھے، اور دکن میں جاکر ارسطو جاہ کے ہاں ڈیڑھ سو روپیہ ماہانہ کے ملازم ہوگئے تھے، مگر اس تنخواہ سے خوش نہیں تھے، اضافے کی درخواست کرتے ہیں اور بڑے زور سے کرتے ہیں:-

کل ہی کی بات ہے، یہ مسافر وطن میں تھا	سو دو سو آشنا کا حلقۂ بندگی گزار
"شکرِ خدا، کہ آج بیک بینی و دو گوش	گرچہ دکن میں ہے، نہیں ہر در پہ خوار و زار
"ہر چند ہے تری ہی عنایت سے یہ سکوں	لازم و گرنہ تھا بشریت کو اضطرار
"اس سامعہ خراشی سے مجھ کو جو ہے غرض	سو یہ ہے، اے امیر فلک قدر و کے تبار!
"سرکار سے تری جو رہِ تفضلات	ہے ڈیڑھ سو روپے ترے خادم کا ماہوار
"ہر چند جائے شکر ہے، پر عرض کیا کروں	جس طرح اس میں کاٹتا ہوں بیل اونہار
"بے گفتگو پچاس تو ان ڈیڑھ سو میں سے	ہو کر سوار چھاتی پہ لے جاتے ہیں کہار
"خلقِ خدا کا بار اُٹھاتی ہے پالکی	میں اپنی پالکی کا ہوں برعکس زیر بار
"باقی جو سو رہے، کئی دن میں زبان پہ	مثلِ مجرّدات فقط ان کا ہے شمار
"تجھ سا ہو قدر دانِ نکات، اور یہ نکتہ سنج	یوں ہو اسیر پنجۂ چرخِ ستم شعار
"فضل و ہنر جو مجھ میں ہے وہ سب یک طرف	اور قدر دانیاں بھی تری سب یہ یک کنار
"ہے ہمتِ بلند کا تیری جو اقتضا	اس امر میں تو ہے تجھے آیندہ اختیار
"اِذ بس کہ کم دماغ ہوں ضیقِ معاش سے	بالفعل تو اضافے کا ہوں گا اُمیدوار
لیکن نہ وہ اضافہ جو ہووے برائے نام	کافر ہوں سو پچاس میں گر ہو کشود کار

تضعیف اصل چاہتا ہی تجھ سے ضعیف	کیوں کر یہ بے حیائی نہیں ہوتی بابا
"غالب" تجھ پہ شاق نہ ہوں میرے تین سو	چھ سو جب اُمیّوں کو تو دے بلکہ چھ ہزار

جو شکایت شاعر نے اخیر شعر میں کی ہے، معلوم ہوتا ہے کہ وہ یہاں قدیم سے چلی آرہی ہے، اور اب تک باقی ہے +

اس قصیدے میں شاعر نے تعلی کی لی ہے، اور ناصر علی کا ذکر کیا ہے کہ ذوالفقار خاں کی مدح میں اس نے قصیدہ کہا اور صرف اس کے اس مطلع پر +

"اے شان حیدری زجبینِ تو آشکار
نام تو در نبرد کند کار ذوالفقار"

امیر الامراء نے زر و سیم نثار کیا۔ پھر اس مطلع کو پڑھ کر کہتا ہے کہ اس میں کیا رکھا ہے:۔

"خبر فقط ذوالفقار نہیں اس میں کوئی بات — ایسی کہ ڈال دیویں سپر جس کے آگے یار"
"آئینِ قدردانی ہیں لیکن برائے نام — لازم یہی ہے کر گیا جو خانِ بادقار"

اور پھر خود اس مطلع کا جواب لکھتا ہے:۔

"کہتی ہے فارسی میں مجھو طبع مطلعے — ہاں در جوابِ مطلع ناصر علی بیار
اے ذرہ ہا ز نامِ تو خورشید اعتبار — تاثیر اسمِ اعظم از اسمِ تو آشکار

کہنے والا کہہ سکتا ہے کہ اس میں بھی سوائے لفظ اعظم کے اور کیا رکھا ہے۔ مگر افسوس ہے کہ باوجود اس کے یہ مطلع ناصر علی کے مطلع کو نہیں پہنچتا +

میر عالم بہادر کی مدح میں جو قصیدہ لکھا ہے اُس میں بھی یہی رونا رویا ہے،

"پر اتنی عرض اے حاجت روائے خلق ہو تجھ سے — کہ میں خواہاں نہیں کچھ ملک و کوس و طبل و لشکر کا
"توجہ اتنی فرما تو کہ مایحتاج کی رُو سے — نہ ہوں محتاج عندالوقت سیم و زر و گوہر کا

نواب مصطفےٰ خاں شیفتہ اپنے تذکرہ شعرا گلشن بیخار میں لکھتے ہیں کہ:۔

"میرزا لطف کچھ دنوں نواح عظیم آباد میں بھی رہے ہیں، اور نسبت شاگردی میر تقی سے رکھتے ہیں"

لیکن خود میرزا لطف اپنے حال میں یہ لکھتے ہیں:-

"اور مشورہ ریختہ کا فقط اپنی ہی طبع ناصواب سے ہے"

اور اسی کو صحیح سمجھنا چاہیئے۔ اس میں کچھ شک نہیں کہ وہ میر تقی کے بہت بڑے مداح اور ماننے والے ہیں، اور غالباً اسی وجہ سے وہ ان کی شاگردی سے منسوب کر دیئے گئے ہیں۔ لطف ایک معمولی شاعر ہیں، غزل و قصیدہ و مثنوی سب کچھ لکھا ہے، مگر کلام میں لطف نہیں۔ البتہ یہ تذکرہ اُن کا ایک ایسا کارنامہ ہے، جو اُردو زبان میں قابل یادگار ہے۔ چوں کہ ایک انگریز با اقتدار کی فرمایش سے لکھا ہے، زبان صاف اور سادہ ہے، تاہم قافئے کو ہاتھ سے جانے نہیں دیتے۔ تذکرے اگرچہ اَور بھی لکھے گئے ہیں، مگر اس میں بعض خصوصیتیں ایسی ہیں کہ جس سے یہ درحقیقت قابل قدر ہے۔

۱- اوّل تو سو برس پہلے کی زبان ہے، جس سے زبان کے متعلق بہت کچھ پتہ لگ سکتا ہے، اور محقق علم اللسان کو، اور نیز اُن لوگوں کو جنہیں زبان کا چسکا ہے، بہت کچھ نئی باتیں معلوم ہو سکتی ہیں۔ چنانچہ ایک ظاہر بات جو ہمیں عام طور پر اس کتاب کے پڑھنے سے معلوم ہوئی، وہ یہ ہے، کہ دکن کی زبان میں بعض الفاظ جو روزمرّہ بول چال میں آتے ہیں، اور ہندوستانیوں کو اجنبی معلوم ہوتے ہیں، وہ درحقیقت پرانی زبان کی یادگار ہیں۔ مثلاً "کرکے" کا خاص استعمال، جو ہم یہاں ہر روز سنتے ہیں، اس تذکرے میں بھی جا بجا پایا جاتا ہے۔ مثلاً وہ لکھتے ہیں:-

"شورش تخلص، متوطن عظیم آباد کے، مشہور میر بھنا کرکے تھے"

اسی طرح میر قمرالدین منّت کے حال میں لکھا ہے:-

"چنانچہ شکرستاں کرکے ایک نسخہ اس شیریں مقال کا بطور گلستاں کے مشہور ہے"

دکن میں بعض لوگ "بعد میں" کی جگہ "بعداز" بولتے ہیں، سوز نے ایک شعر میں یہی لفظ لکھا ہے:-

"ہے جیتے جی تو مجھے کوئے یار میں رونا ۔۔۔ رہے گا مرگ کے بعداز مزار میں رونا"

فعل کے بعض استعمال بھی بعض اوقات بالکل ایسے ہیں جو ہم حیدرآباد میں اکثر سنتے ہیں۔ مثلاً: فعل متعدی میں فعل بہ لحاظ مفعول کے آتا ہے، مگر اس کتاب میں بعض جگہ فاعل کے لحاظ سے آیا ہے۔ دکن میں عموماً اسی طرح بولتے ہیں۔ ضیا کے حال میں لکھا ہے:۔

"موتی سے جب کہ لکھنؤ میں آئے تو طور سکونت کا وہیں ٹھیرے"۔

فقیر کے تذکرے میں لکھتے ہیں:۔

"بیشتر دکن بطور سیاحت کے دیکھے، اور اکثر مقاموں میں سیر کی وضع پر پھرے"۔

دکن میں عام طور پر "میں کہا" بولتے ہیں، قایم کہتے ہیں:۔

"یوں کہا 'عہد کیا کیا تھا رات'،

"ہنس کے کہنے لگا کہ 'یاد نہیں'"۔

۲۔ دوسرے علاوہ اس کے کہ مؤلف ایسے زمانے میں تھا جب کہ اردو زبان عروج پر تھی، اور بڑے بڑے اساتذہ زندہ تھے، مولف ان کا ہم عصر تھا، اور ان میں سے اکثر سے ان کی شناسائی اور دوستی تھی، اور اس لئے جس وثوق اور صحت کے ساتھ اُن کے حالات یہ لکھ سکتا ہے دوسرا نہیں لکھ سکتا۔ اور بعض حالات تو ایسے لکھے ہیں جو کہیں دوسری جگہ دیکھنے میں نہیں آئے۔ مثلاً:۔ رزیڈنٹ لکھنؤ کا میر تقی کو فورٹ ولیم کالج کلکتہ میں زبان ریختہ میں تالیف وتصنیف کے لئے طلب کرنا، اور بوجہ پیرانہ سالی اُن کا منتخب نہ ہونا۔ یا میر صاحب ہی کے حال میں ایک ایسا فقرہ لکھا ہے جس کا دل پر بہت اثر ہوتا ہے، اور جو صرف اس تذکرے کا مؤلف ہی لکھ سکتا تھا، کیوں کہ وہ ان کا دیکھنے والا تھا اور خاص ارادت رکھتا تھا۔ علاوہ اس کے اس سے میر صاحب کی اس خاص وضع اور طبیعت کا اندازہ بھی ہوتا ہے، جو انہوں نے عمر بھر نباہی۔ وہ لکھتا ہے:۔

"ناقدردانی سے اغنیا کی، اور ناسمجھی سے اہل دنیا کی، اب بازار سخن سازی اس درجہ کا سرد ہے، اور ہوائے شہرستان معنی طراز اس مرتبہ فاسد ہا کہ میر سا شاعر، جو کہ سحر کاری سخن میں طلسم ساز ہے خیال کا، اور جادو طرازی

"بیان میں معانی پرداز ہے مقال کا، وہ نان شبینہ کا محتاج ہے، اور بات کوئی نہیں پوچھتا اس کی آج ہے"

شمس العلما مولوی محمد حسین آزاد اپنی کتاب آبحیات میں لکھتے ہیں کہ:-

"جب میر صاحب لکھنؤ آئے تو نواب آصف الدولہ نے دو سو روپیہ مہینہ کر دیا، مگر چوں کہ بد مزاج انتہا درجے کے تھے نواب سے بگاڑ کر لیا، اور گھر بیٹھ رہے، اور زندگی فقر و فاقے میں گزار دی"

مگر اس تذکرے کے پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ صحیح نہیں، کیوں کہ اس میں لکھا ہے کہ:-

"نواب آصف الدولہ مرحوم نے روز ملازمت خلعت فاخرہ دیا، اور تین سو روپیہ مشاہرہ مقرر کر کے تحسین علی خاں ناظر کے سپرد کر دیا، اگرچہ گرفتہ مزاجی سے ان کی روز بروز صحبت نواب مرحوم سے بگڑتی گئی، لیکن تنخواہ میں کبھی قصور نہ ہوا، اور نواب سعادت علی خاں بہادر کے عہد میں آج کے دن تک، کہ ۱۲۱۵ھ ہجری ہیں، وہی حال ہے جو اوپر مذکور ہوا"

مگر صاحب تذکرہ کا چند سطر اوپر یہ لکھنا کہ وہ نان شبینہ کا محتاج ہے یا تو مبالغہ ہے، یا یہ ہے کہ وہ دوسروں کے مقابلے میں اُن کے کمال کی پوری قدر نہ ہوئی۔ غرض یہ کہ بعض باتیں اس میں نئی نظر آتی ہیں +

۳- تیسرے، صاحب تذکرہ نے ایک یہ کام بھی بہت اچھا کیا ہے، کہ جن لوگوں کو تھوڑا یا بہت یا کسی قدر تعلق سلطنت سے رہا ہے، ان کے تذکرے میں تاریخی حالات بھی خوب خوب لکھے ہیں۔ چنانچہ شاہ عالم المتخلص بہ آفتاب کے حال میں ان کا بزمانہ ولی عہدی عماد الملک کے خوف سے دلی چھوڑنا، باپ کا دھوکے سے فیروز شاہ کے کوٹلے میں قتل ہونا، اور ان کا ۱۱۷۳ھ ہجری میں تخت نشین ہونا، رام نرائن سے جنگ، دلیر خاں کی دلیری اور جان نثاری، فتح و نصرت کا حاصل ہونا وغیرہ وغیرہ، بالتفصیل لکھا ہے۔ اور اخیر میں کورنمک سنگدل غلام قادر خاں روہیلے کا دردناک واقعہ بھی درج کیا ہے؛ اور بادشاہ کی دردناک غزل بھی نقل کر دی ہے، جس میں یہ واقعہ منظوم ہے، اور خود اُردو نظم میں ترجمہ کر کے متن میں درج کی ہے، اس لئے کہ تذکرہ اُردو کا ہے، اور اصل غزل حاشئے پر لکھ دی ہے؛ البتہ اتنا تکلف کیا ہے۔ اسی طرح تا شاہ، آصف الدولہ اور

مرزا محمد رضا اُمید کے حالات میں اکثر تاریخی واقعات اور قصص لکھے ہیں۔ خصوصاً میرزا محمد رضا اُمید کے تذکرے میں، امیر الامرا حسین علی خاں، اور ان کے بھائی کے حالات بڑی خوبی سے تحریر کئے ہیں۔

۴۔ چوتھے اس کتاب سے زمانے کی سوسائٹی پر بھی روشنی پڑتی ہے، اور یہ بات توصاف صاف نظر آتی ہے، کہ ہمارے شاعروں کا گروہ عجیب بے فکرا تھا، اور دنیا و مافیہا کی کچھ خبر نہ تھی۔ اخیر میں جب ہمارے بادشاہ، نواب اور امرا اس طرف جھکے، تو وہ بھی ایسے ہی ہو گئے۔ ان لوگوں نے رہا سہا اُنہیں اَور کھو دیا۔ مُلک گیری اور ملک داری کبھی کی جا چکی تھی، اس لئے اولوالعزمی اور ہمت بھی اس کے ساتھ ہی رخصت ہو گئی۔ جسمانی اور دماغی قوتوں میں انحطاط پیدا ہو گیا تھا، ایسی حالت میں حقیقی مسرت کہاں! البتہ عارضی خوش حالی اور جھوٹی زندہ دلی موجود تھی، شعر شاعری نے اس کا سامان اَور مہیا کر دیا، دیوانہ را ہُوئے بس است، شاعروں کی بن آئی، وہ تو اس شغل میں رہے، اور یہاں کام تمام ہو گیا۔ اس زمانے کی سب سے بڑی علمی اور مہذب مجلسیں مشاعرے تھے، جن کے لئے بڑے بڑے اہتمام کئے جاتے تھے، اس کے خاص خاص آداب تھے، بڑے بوڑھے نوجوان بچے سب ہی شریک ہوتے تھے، باکمال سخن وروں کو دل کھول کے داد دی جاتی تھی۔ کبھی کبھی بحث مباحثے ہوتے ہوتے لڑائی جھگڑے ہو جاتے، اور تھکا فضیحتی تک نوبت پہنچ جاتی تھی۔ نوجوان ان مشاعروں میں شریک ہوتے، اور اپنے کانوں سے تحسین و آفرین کے نعرے سنتے تھے، جو شعرا کے لئے سب سے بڑی داد اور سب سے بڑا انعام تھا، تو ان کے دل میں بھی اُمنگ پیدا ہوتی تھی، کسی اُستاد کے پاس حاضر ہوئے، شاگرد ہو گئے، اور شعر کہنا شروع کر دیا۔ گویا شعر کہنے کے لئے صرف کسی اُستاد کا شاگرد ہو جانا کافی ہے۔ یہ مشاعرے درحقیقت شاعر گر تھے۔ میں ان مشاعروں کو بُرا نہیں سمجھتا مگر جہاں یہی سب سے بڑی علمی اور ادبی مجالس ہوں تو ایسی سوسائٹی کی حالت کیا ہو گی؟

علاوہ اس عام حالت کے، تذکرے میں جو بعض باتیں ضمناً بیان کر دی ہیں، وہ بھی دلچسپی سے خالی نہیں ہیں۔ ایک واقعہ، جس کا مجھ پر بھی اثر ہوا، یہ ہے کہ نواب وزیر اودھ اُس زمانے میں جب کہ ان کا عروج اقبال تھا، اور بادشاہ نام کے بادشاہ رہ گئے تھے، تب بھی شاہان دہلی اور ان کے

گھرانے کی بے انتہا تعظیم و تکریم کرتے تھے۔ اور تعظیم بھی ایسی کہ آج کل کے نوجوانوں کے خیال میں بھی نہیں آسکتی۔ چنانچہ میرزا جواں بخت جہاندار شاہ کے حال میں لکھا ہے کہ وہ ۱۱۹۸ھ ہجری میں دلی سے لکھنو چلے آئے تھے:۔

"نواب آصف الدولہ مرحوم نے، جو مراتب آداب و خدمت گزاری کے تھے، سب ادا کئے، خواصی میں مٹھنے کے سوا گھڑیوں ہاتھ باندھے سامنے کھڑے رہے، باوصف اس ناز پروری کے کہ کبھی پیادہ قدم کا ہے کو چلے تھے پانچوں ہتیار باندھے ہوئے ایک الابچی اور گلوری کی بخشش پر دس دس مرتبہ مجرا گاہ پر سے جا کر آداب بجالاتے تھے"

۵۔ پانچویں، بعض ایسے لوگوں کا حال بھی دیا ہے جس کی نسبت اردو کی شاعری کا گمان بھی نہیں ہو سکتا۔ مثلاً کوئی کہہ سکتا ہے کہ شاہ ولی اللہ اردو کے شاعر تھے، اور ان کا تخلص اشتیاق تھا۔ یا عبد القادر بیدل بھی اردو میں شعر کہتے تھے۔ یا تاتا شاہ سے بھی ایک شعر منسوب ہے، جو آدھا اردو اور آدھا ہندی ہے۔ بعض ایسے شعرا کا بھی کلام درج ہے کہ جن کا نام تو بہت مشہور ہے مگر کلام دستیاب نہیں ہوتا۔ شمس العلما مولوی محمد حسین آزاد اپنے تذکرہ آبحیات میں لکھتے ہیں کہ:۔

"ایک موقعہ پر میر حسن مرحوم کا سفر شاہ مدار کی چھڑیوں کے ساتھ مطابق پڑا؛ چنانچہ سفر مذکور کا حال ایک مثنوی کے قالب میں ڈھالا ہے، اس میں فیض آباد کی تعریف اور لکھنو کی ہجو کی ہے۔ اس سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ اس وقت عورتوں کی پوشاک وہاں کیا تھی، اور چھڑیوں والوں کے جزئیات رسوم کیا کیا تھے۔ میں نے یہ مثنوی دلی کی تباہی سے پہلے دیکھی تھی، اب نہیں ملتی، لوگ بہت تعریف لکھتے ہیں"۔

حسن اتفاق سے صاحب تذکرہ نے اس مثنوی کا وہ حصہ، جس میں فیض آباد کی تعریف اور لکھنؤ کی ہجو ہے۔ میر حسن کے حالات میں نقل کر دیا ہے۔ ناظرین کو لکھنو کی ہجو میں یہ شعر دیکھ کر بہت تعجب ہوگا۔

"زبس کوڈے یہ شہر ہم عدد ہے ۔۔۔ اگر شیعہ کہے نیک اس کو بد ہے"

اس مثنوی کا نام غالباً گلزار ارم تھا۔ میر حسن کے دوسرے کلام کا بھی انتخاب کیا ہے؛ درحقیقت کلام سب اچھا ہے، مگر افسوس آج کل نہیں ملتا۔

خواجہ میر درد کے بھائی، میاں سید محمد میر اثر، کی مثنوی خواب و خیال اب تک سنی ہی سنی تھی، اس کے

چند شعرا کے حالات میں جو ہیں شمس العلما مولوی شبلی نے ان کے متعلق ذیل نوٹ لکھا ہے، جو کتاب کے صفحہ ۳۲۲ پر درج ہے:

"مولوی حالی صاحب نے اپنے دیوان کے مقدمہ میں لکھنؤ کی شاعری میں صرف نواب مرزا شوق کی مثنویوں کا اعتراف کیا ہے لیکن چوں کہ ان کے نزدیک شعرائے لکھنؤ سے ایسی فصاحت اور سلاست کی توقع نہیں ہو سکتی، اس لئے اس کی وجہ یہ قرار دی کہ نواب مرزا نے خواجہ میر اثر کی مثنوی دیکھی تھی، اور اس کا طرز اڑایا تھا۔ اس کا فیصلہ خود ناظرین کر سکتے ہیں، کہ یہ مثنوی نواب مرزا کا ماخذ اور نمونہ ہو سکتی ہے"۔

ہمیں تعجب ہے، کہ مولوی شبلی صاحب نے صرف "اعتراف" کا لفظ لکھا ہے، حالاں کہ مولانا حالی نے ان مثنویوں کی بیحد تعریف کی ہے، سوائے ایک نقص کے جس سے خود مولوی شبلی صاحب کو بھی انکار نہیں ہو سکتا؛ اور یہ بھی صحیح نہیں ہے کہ "لکھنؤ کی شاعری میں صرف نواب مرزا کی شاعری کا اعتراف کیا ہے" بلکہ میر انیس کی شاعری کی اس قدر توصیف و ثنا کی ہے کہ اس سے بڑھ کر ممکن نہیں، یہاں تک کہ خود مولوی شبلی صاحب نے بھی موازنہ دبیر و انیس میں انہیں اتنا نہیں سراہا۔ اکثر لوگوں کو جن کی نظر ظاہر بیں ہے اور سطح ہی پر رہتی ہے، مولانا حالی سے یہ شکایت ہے کہ لکھنؤ کی شاعری کی مذمت کی ہے، حالاں کہ مولانا نے کہیں اپنے دیوان میں لکھنؤ کی شاعری پر بحث نہیں کی عام شاعری پر، یا اردو شاعری کے نشو و نما اور اس کے مختلف اصناف پر بحث کرتے ہوئے، تمثیلاً بعض اشعار یا کتب کا ذکر آگیا ہے، اور اس میں دلی لکھنؤ والے دونوں ہیں، اس پر سے لوگوں نے ایسا گمان کر لیا ہے، ورنہ حقیقت یہ ہے کہ مقدمہ دیوان حالی میں کوئی خاص لحاظ اس کا نہیں کیا گیا۔ اصل بات یہ ہے کہ ہمارے اہل وطن اپنی اور اپنے یار دوستوں یا عزیزوں یا بزرگوں کی کتاب پر تقریظ سننے کے شایق ہیں تنقید کے روادار نہیں۔ مولانا حالی نے جو شاعری پر مقدمہ لکھا ہے، وہ صرف ان کے دیوان کا مقدمہ نہیں، بلکہ اردو میں فن تنقید کا پہلا مقدمہ ہے۔ اس میں جو بعض ایسی رایوں کا اظہار کیا ہے، جو صرف ذوق سلیم اور عالی دماغ کا نتیجہ ہو سکتی ہیں، تو لوگوں کے عام، (بلکہ عامیانہ) خیالات کو صدمہ پہنچا؛ اور وہ بت جنہیں وہ مدت سے پوجتے چلے آرہے تھے، یکایک متزلزل ہو گئے، اور ڈھ گئے۔ زیادہ تر یہ خیال گلزار نسیم کی نکتہ چینی سے پیدا ہو گیا ہے۔ مولانا نے اس کی

لہ شمس العلما مولوی شبلی نے ازراہ نوازش اس تذکرہ پر جا بجا نوٹ تحریر فرمائے ہیں۔

خواہ مخواہ اس لئے نکتہ چینی نہیں کی کہ وہ ایک لکھنوی کی لکھی ہوئی ہے، بلکہ درحقیقت وہ اُس رتبے کی مستحق نہیں ہے جو لوگوں نے نا سمجھی سے اُسے دے رکھا ہے۔ مجھے تو اُلٹی یہ شکایت ہے کہ مولٰنا نے تنقید کا حق ادا نہیں کیا، صرف چند ایسی غلطیوں کی طرف اشارہ کر دیا ہے، جو اگرچہ صریح اور بیّن ہیں، مگر اس قدر اور ایسی نہیں کہ جس سے اُس کی پوری قلعی کھل جائے۔ حقیقت یہ ہے کہ اس مثنوی کو اُردو زبان سے کچھ تعلق ہی نہیں، مولٰنا کا اگر اس میں قصور ہے تو صرف اتنا کہ انہوں نے دن کو دن اور رات کو رات کہدیا ہے۔ اب ہم خواجہ اثر کی مثنوی کی طرف متوجہ ہوتے ہیں

اول تو اس مثنوی کی تعریف سب کرتے چلے آتے ہیں، چنانچہ نواب مصطفیٰ خاں شیفتہ سا سخن فہم اپنے تذکرہ گلشن بیخار میں لکھتا ہے:۔

"مثنوی ایشان شہرت تمام دارد کہ بنائے آں بر محاورہ بحت است، وازیں جہت مرغوب عام"

مولوی محمد حسین آزاد آبِ حیات میں کہتے ہیں کہ:۔

"ایک مثنوی خواب وخیال ان کی مشہور ہے، اور بہت اچھی لکھی ہے"

دوسرے ان کے کلام سے بھی اس کی تصدیق ہوتی ہے، کیوں کہ اس میں درد، زبان کی صفائی، شستگی اور لطافت بدرجۂ کمال موجود ہے، اور یہ سب باتیں مثنوی کے لئے خاص طور پر مناسب ہیں۔ مگر صاحب تذکرہ نے غضب یہ کیا ہے، کہ مثنوی کا وہ حصہ منتخب کیا، جس سے کسی طرح صحیح اندازہ نہیں ہو سکتا سراپا کا مضمون اس قدر مبتذل ہے کہ اس میں کوئی نیا مضمون پیدا کرنا، یا اس میں زبان کی فصاحت وسلاست دکھانا بہت مشکل ہے۔ اور چوں کہ اس مثنوی کی تعریف زیادہ تر زبان کی ہے، اس لئے صرف سراپا کے چند اشعار پر سے حکم لگانا درست نہیں ہے۔ صاحب تذکرہ نے اپنے اس ذوق کا ثبوت آدھی ایک آدھ جگہ دیا ہے، مثلاً جوشش کے کلام کو پسند نہیں کرتا، مگر انتخابی اشعار بہت اچھے ہیں۔ اسی طرح مصحفی کی تعریف کی ہے، لیکن انتخاب اس قدر خراب دیا ہے کہ اس سے کسی طرح یہ ثابت نہیں ہوتا کہ یہ کوئی اچھا شاعر ہے لیکن اس کا کیا جواب ہے، کہ جو شعر خواجہ اثر کا بہ تبدیل لفظ شوق نے اپنا کر لیا ہے، یعنی:۔

اثر ہاتھا پائی میں ہانپتے جانا کھلتے جانے میں ڈھانپتے جانا

شوق ہاتھا پانی میں ہا سنتے جانا چھوٹے کپڑوں کو ڈھا سنتے جانا

اس سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ ایسا شعر یا خواجہ اثر کہہ سکتے تھے یا ان کے بعد نواب میرزا شوق، اگر یہ شعر ان کا ہے تو یہ کہنے کی پوری وجہ ہے، کہ شوق کی نظر سے یہ مثنوی گزری ہے، تو اس طرز کا اثر ضرور اس پر پڑا ہوگا۔ مولانا حالی فرماتے ہیں:۔

"خواب وخیال کے اکثر مصرعے اور شعر تھوڑے تھوڑے تفاوت سے بہار عشق میں موجود ہیں"

یہ ایک مزید ثبوت ہے +

دوسرے یہ بھی خیال رکھنا چاہئے کہ وہ مثنوی اس زمانے میں لکھی گئی جب کہ اردو میں غالباً کوئی مثنوی نہ تھی۔ باوجود اس کے مولانا حالی نے صاف لکھ دیا ہے:۔

"اس میں شک نہیں کہ موجودہ حالت میں خواب وخیال کو بہار عشق سے کچھ نسبت نہیں ہو سکتی"

اخیر اس میں تو ظاہر ایک حد تک کچھ گنجایش بھی نظر آتی ہے، مگر ہمیں افسوس ہے کہ مولوی شبلی صاحب نے اس سے بڑھ کر ایک ریمارک مولانا حالی کی تنقید گلزار نسیم کے متعلق ایک خط میں لکھ دیا تھا جسے لالہ چکبست بیخود صاحب نے اپنے دیباچہ گلزار نسیم میں بطور سند کے درج فرمایا ہے تعجب ہے، کہ ایک ایسے فاضل محقق اور صاحب ذوق قلم سے ایسے الفاظ نکلیں جو تحقیق اور ذوق سلیم سے کوسوں دور ہیں۔ اور خصوصاً ایسی کتاب کی نسبت جو قطع نظر اس کے اس میں زبان کا لطف نام کو نہیں، سیکڑوں لفظی اور معنوی غلطیوں سے پُر ہے۔ ہم اس موقع پر زیادہ بحث کرنا نہیں چاہتے، اور اس بحث کے لئے بھی ناظرین سے معافی چاہتے ہیں، موقع آپڑا تھا اس لئے یہ چند الفاظ لکھے گئے +

۶۔ چھٹے، صاحب تذکرہ نے بعض مقامات پر پردے ہی پردے میں خوب چوٹیں کی ہیں؛ جن میں تعصب کی جھلک نظر آتی ہے؛ مثلاً: شاہ ولی اللہ صاحب کی نسبت لکھا ہے کہ:۔

"قرۃ العین فی ابطال شہادت الحسنین اور جنت العالیہ فی مناقب المعاویہ ان کی تصانیف سے ہیں"

حالاں کہ ان مباحث میں ان کی کوئی تصنیف نہیں ہے۔ نہ شہادت حسنین کا ابطال کیا ہے، نہ مناقب معاویہ میں کوئی کتاب لکھی ہے، یہ محض اتہام ہے۔ اس کے بعد یہ کہہ کر کہ "یہ والد ہیں شاہ عبدالعزیز کے" خوب ہجو ملیح کی ہے؛ اور آخر میں یہ لکھا ہے:۔

"کیوں نہ ہو آخر کیسے باپ کا بیٹا ہے، فی الواقع اعالی مقدروں کے عالی مقدار ہی ہوتے ہیں اور نابکاروں کے نابکار۔ بقول شاعر کے:-

"شیر کے بچے میں غرش شیر سے افزوں ہے بھونکنا میں کتے کی بلی! بھی موجود ہے"

یا مظہر جان جاناں کے حالات میں لکھتے ہیں:-

"سنہ ۱۱۹۴ ہجری تھے کہ اس روشن ساز مسایل صدیقی نے، اور اس مستقلہ پرداز احکام فاروقی نے، اس آئینہ زنگار آلود دنیا سے منہ پھیر لیا، اور سفر خلفائے راشدین کی منازل کے طریق پر کیا"

یا تاناشاہ کے حالات میں مؤلف عالمگیر کی نسبت یوں گوہر فشانی کرتا ہے کہ:-

"خلد مکان نے استیصال بادشاہان دکن کا جو اس محنت سے کیا، اور مکہ مسجد کو کھدوا کے وہ کچھ مظلمہ اپنی گردن پر لیا، خدا جانے اس حرکت کا کیا معاوضہ ہے"

مکہ مسجد کا کھدوانا بہتان اور صریح جھوٹ ہے۔ تعجب ہے کہ مولف نے جو خود حیدرآباد میں رہا ہے، اس کذب کا لکھنا کیوں کر گوارا کیا ہمیں شاید ناظرین کو یہ اطمینان دلانے کی ضرورت نہیں، کہ مکہ مسجد موجود ہے، اور اب تک نظر بد سے محفوظ ہے +

لیکن قطع نظر ان امور کے وہ بعض وقت سچ کہنے سے بھی درگذر نہیں کرتا، مثلاً نواب آصف الدولہ کے حالات میں ان کی داد و دہش اور مروت کی بے انتہا بیٹتی کی ہے، لیکن آخر میں صاف لکھ دیا ہے۔

"افسوس یہ ہے کہ فوج اور ملک کی طرف سے غفلت تھی، نائبوں کے ہاتھ میں اصالتاً ملک کا سرانجام رکھا، آپ سیر و شکار سے کام رکھا، مشیر کوئی لایق اور کام کا نہ پایا، اس واسطے ساتھ عزم کے رتبہ نام کا نہ پایا"

یا سراج الدین علی خاں آرزو نے، جو نکتہ چینی شیخ علی حزیں کے کلام پر کی ہے، اس کی نسبت لکھتے ہیں کہ:-

"عوام کی طبیعت تو ان اعتراضوں سے البتہ تشویش میں پڑتی ہے، نہیں صاف نزاع معلوم ہوتی ہے، جب باریک بینوں کی نگاہ اس سے ہا لڑتی ہے"

اس تذکرے کے پڑھنے سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ اکثر شاعر اور خصوصاً نامور اور مشہور اساتذہ سب کے سب دلی کے تھے۔ دلی کو جہاں یہ فخر ہے کہ اردو نے اس میں جنم لیا، وہاں اس کا یہ فخر بھی بجا ہے، کہ جتنے اعلےٰ شاعر ہوئے ہیں وہ یہیں کے تھے۔ اگر تاریخ پر نظر ڈالی جائے یہ شہر بھی عجیب و غریب نظر آتا ہے۔ زمانہ قدیم سے محسود آفاق اور مرجع خلایق رہا، کبھی راجاؤں اور مہاراجاؤں کی راج دھانی، کبھی سلاطین

اسلام کا دارالخلافت کبھی طغیانی کی بدولت برگرخراب ہوا اور رفتہ رفتہ پھر آباد ہوا، کبھی معرکۂ جنگ وجدل قتل عام ہے، اور کبھی گھر گھر دن عید اور رات شب برات ہے، کبھی تخت گاہ شاہان اور مرجع کمال ہے، اور کبھی ایک مطلق العنان سودائی کی لٹک سے خاصہ کھنڈر ہے، کبھی مورد بلیات وآفات ہے، اور کبھی منزل حسنات وبرکات، غرض یہ نگری یوہیں اُجڑتی اور بستی، بگڑتی اور بنتی رہی، مگر باوجود اس کے اس کے حسن عالم فروز میں نئی ادا پیدا ہوتی رہی، اور ہر حادثے کے بعد فوراً سنبھل گئی لیکن اخیر زمانے میں جب سلطنت مغلیہ میں انحطاط اور زوال کی علامات پیدا ہوگئیں، تو دو ایک ہچکے ایسے لگے کہ پھر پنپنا محال ہوگیا

سب سے اول نادرشاہ کا ایسا تھپیڑ الگا، کہ اس نے بٹھا ہی تو دیا، اس کے سترہ برس بعد ہی احمد شاہ درانی کی چڑھائی ہوئی، پھر مرہٹوں نے وہ اودھم مچائی کہ رہا سہا سب خاک میں ملا دیا، اب تک جو باکمال دلی میں پڑے وضعداری نباہ رہے تھے۔ ان حادثوں کے بعد وہ بھی نہ تک سکے سوائے ایک میر درد کے، جن کی نسبت صاحب تذکرہ لکھتے ہیں

"جس ایام میں معمورہ شاہ جہان آباد کا، اور ہر ایک کوچہ اس خجستہ بنیاد کا، مجمع اہل کمال سے، اور کثرت متنعمان بے مثال سے، رشک ہفت اقلیم اور غیرت جنت النعیم تھا، تو معمورے پر شہر کے عرصہ ربع مسکوں کا تنگ، اور اس خراب آباد کو تشبیہ سے ہفت اقلیم کے ننگ تھا۔ جب کہ متواتر نزول آفات کے باعث، اور مکرر ورود بلیات کے سبب خراب ہوا، اور مصدر عقوبت وعذاب ہوا تو ہر ایک درویش گوشہ نشین نے، اور ہر ایک صاحب زاویہ گزین نے اور ہر ایک تونگر مالدار نے، اور ہر امیر عالی مقدار نے، فرار کو غنیمت جانا، اور بھاگے اُدھر کو جدھر پایا ٹھکانا، مگر وہ سید والا تبار، کہ نام نامی اس کا خواجہ میر تھا، اس قطب آسمان استقلال نے خیال بھی جگہ سے سرکنے کا نہ کیا، متحمل بلاؤں کے، اور حامل جفاؤں کے ہوئے،

"اور شاہ جہان آباد کو چھوڑ کر ایک قدم راہ اپنے کنج عزلت سے نہ گئے"

ایسے وقت میں شاعر بیچارے تو کس گنتی میں ہیں، بڑے بڑے وضعداروں اور متوکلوں کی ٹھیک نکل جاتی ہے۔ دلی کے اُجڑنے کے بعد لکھنؤ آباد نظر آتا تھا۔ اقبال نے کچھ دنوں اس کا ساتھ دیا، اب دے کے صرف یہی ایک ٹھکانا اور آسرا مسلمانوں کا رہ گیا تھا: آصف الدولہ سا لکھ لٹ نواب تھا، اہل کمال کی قدر ہونے لگی، پھر تو جو اُٹھا وہیں پہنچا، اور پہنچ کر وہیں کا ہو رہا۔ غالباً سب سے پہلے نادرشاہ کی تباہی کے بعد سراج الدین علی خاں آرزو پہنچے، اس کے بعد سودا تشریف لے گئے، سودا کے انتقال کے بعد میر تقی نے ۱۷۸۲ء میں دلی سے لکھنؤ کوچ فرمایا۔

میر صاحب کے جاتے ہی دلی سونی ہوگئی، اور میر حسن، میر سوز، جرأت، سب لکھنؤ میں جا بسے، اور دلی کی رونق لکھنؤ میں آگئی اس طرح لکھنؤ کی شاعری کی ابتدا ہوئی، اب یہ کہ لکھنؤ کی سوسائٹی کا اُردو زبان اور اُردو شاعری پر کیا اثر ہوا سو ہماری بحث سے خارج ہے مجھے خیال تھا کہ اس تذکرے سے میر انشاء اللہ خان کے متعلق کوئی نئی بات معلوم ہوگی، اور کم سے کم اُس قصے کی تحقیق ہو جائے گی جو شمس العلماء مولوی محمد حسین آزاد نے ان کے اخیر زندگی کے متعلق لکھا ہے، مگر یہ تذکرہ ۱۲۱۵ھ ہجری میں لکھا گیا، اور ۱۲۱۵ھ تک میر انشاء اللہ خاں میرزا سلیمان شکوہ کے ہاں ملازم تھے، یا اُسی سال نواب سعادت علی خاں کے ہاں رسائی ہوئی، کیوں کہ میرزا سلیمان شکوہ اس سال (۱۲۱۵ھ) لکھنؤ سے واپس دلی چلے گئے۔ یہ واقعہ آزاد نے سعادت یار خاں رنگین کی زبانی بیان کیا ہے، صرف یہ لکھ کر تمام واقعہ بیان کر دیا ہے کہ: "سعادت یار خاں رنگین کہا کرتے تھے"، مگر یہ نہ معلوم ہوا کس سے کہتے تھے، اور آزاد نے کس سے سُنا۔ آب حیات میں بعض بعض جگہ وہ مجالس رنگین کا حوالہ دیتے ہیں، مگر مجالس رنگین میں اس واقعہ کا کہیں ذکر نہیں ہے۔ اتفاق سے مجالس رنگین بھی ۱۲۱۵ھ میں لکھی گئی، میر انشاء اللہ خاں اور سعادت یار خاں رنگین دونوں مرزا سلیمان شکوہ کے ہاں ملازم تھے۔ اور چوں کہ یہ واقعہ بہت بعد کا ہے اس لئے یوں بھی اس میں نہیں ہو سکتا۔ کیا اچھا ہوتا اگر مولوی محمد حسین آزاد اس روایت کا سلسلہ بیان کر دیتے +

مولف نے اپنے دیباچہ میں بیان کیا ہے:-

"یہ کتاب ہم نے دو حصوں میں لکھی ہے، یہ پہلا حصہ ہے جس میں سلاطین نامدار، امرائے عالی مقدار، اور شعرائے صاحب وقار، کے حالات لکھے گئے ہیں، دوسری جلد میں غیر مشہور شعرا کا تذکرہ ہوگا"

اس دوسری جلد کے متعلق ہمیں کوئی اطلاع نہیں کہ لکھی گئی تھی یا نہیں +

مولف نے شعرا کا کلام جو بطور انتخاب کے درج کیا ہے اُس میں اتنا تصرف کیا گیا ہے کہ جن لوگوں کے کلام چھپ چکے ہیں ان کے انتخابی کلام کو پبلشر نے کم کر دیا ہے۔ صرف اعلیٰ درجہ کے اشعار رکھے ہیں، مگر جن شعرا کا کلام نہیں چھپا ان کے کلام کو بجنسہٖ ویسا ہی رہنے دیا ہے۔ خود مولف نے اپنے کلام سے صفحہ کے صفحے رنگ دئے تھے، اس میں بھی انتخاب کر دیا گیا ہے +

اب مجھے اس تذکرے کے متعلق اس قدر اور کہنا باقی ہے کہ اس کے طبع ہونے سے اُردو لٹریچر میں ایک قابل قدر اضافہ ہوگا، اور جو لوگ اُردو زبان کی ترقی کے خواہاں ہیں وہ ضرور اس کی اشاعت میں کوشش فرمائینگے +

عبدالحق بی۔ اے (پرنسپل مدرسۂ صفیہ)
حیدرآباد دکن، اکتوبر سنہ ۱۹۰۶ء

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

رعنائی اور زیبائی، دلبرانِ سخن کو اُس زینت آفریں کی حمد سے حاصل ہے، جس نے معشوقانِ زبانِ ریختہ کو یہ لباس بوقلموں رنگ پہنایا۔ دلربائی اور رنگیں ادائی، ناز فروشانِ ناطقہ کو اُس بے نیاز کی ثنا سے شامل ہے، جس نے محبوبانِ کلامِ اُردو کو زیورِ الفاظ عربی اور فارسی کی آرائش کے ساتھ خرامِ ناز سکھایا +

ثنا اور حمد ہے اُس ذوالمنن کو	یہ بخشی جس نے رنگینیِ سخن کو
چمن[1] کے ہم نے معنی کی جو لی باس	تو ہر گل کی نئی بُو ہے نئی باس

سرسبزی اور شادابی، چمنِ بیان نے اُس بہارِ گلشنِ نعت کی نعت سے پائی، جس کی آبیاریِ فیضِ عام کے باعث خارِ خارِ نظمِ دلخراش اُردو کا رشکِ رگِ گل ہے۔ تروتازگی اور سبزیِ گلبنِ معانی کو اُس رونقِ گلزارِ رسالت کی توصیف نے عطا فرمائی، جس کی نسیمِ نعت کی موج زنی سے ہر فقرۂ پریشانِ نظمِ ریختہ کا حسرتِ سنبل ہے۔ **قطعہ**

رحمۃ للعالمیں جب سے سنی ہے اُس کی ذات	گرمیِ خورشیدِ محشر سے نہیں کچھ بیم ہے
گو ہمارے جرم ہم کو آتشِ نمرود ہوں	وہ شفیع اپنا ہے، تو گلزارِ ابراہیم ہے

[1] اس مصرعہ میں تعقید ہے، اصل عبارت یوں ہے "معنی کے چمن کی جو ہم نے باس لی، باس لینا یعنی خوشبو سونگھنا +

آبداری تیغ زباں کو اُس جوہرِ شمشیرِ شجاعت کی منقبت نے بخشی ہے، جس کی سیفِ دشمن گداز کے مضمون نے دو مصرعۂ آبدار کو بخشا رتبہ ذوالفقار کا[۵۱]۔ اور وسعت میدانِ سخن طرازی کو اُس شہسوارِ عرصۂ یکہ تازی کی تعریف نے عطا کی ہے، جس کی کشت گلگوں کی تحریر سے کمیتِ خامہ کرتا ہے صفحۂ کاغذ کو تختۂ گلزار کا

ہے گلستانِ ولایت کا وہ باب	تذکرے کا علمِ دیں کے انتخاب
لفظ و معنی مصرعِ آئیں کا ہے	مطلع دلکش بیاضِ دیں کا ہے
مدِّ بسم اللہ سرلوحِ نجات	شاہ بیتِ کُلیّاتِ کائنات
اور فرزند اُس کے عالی دودماں	تاجنابِ حضرتِ صاحب زماں
آلِ پیغمبر اور اصحابِ کرام	ہو نزولِ رحمت اُن پر اور سلام

بعد حمد اور صلوٰۃ کے، رنگ دینے والوں کو یہ بیان کے معلوم ہووے، کہ شاہ گیتی افروز، روشن ضمیر، شاہ عالم بادشاہ غازی کی بادشاہت میں، اور شمعِ شبستانِ دولت و اقبال وزیرِ اعظم ہندوستان نواب وزیر الممالک آصف الدولہ آصف جاہ یحییٰ خاں بہادر نہر برجنگ کی وزارت میں، اور رونقِ بزمِ انصاف و عدالت نواب عماد الدولہ امیر الممالک گورنر جنرل دارن[۵۲] ہیسٹن جلادت جنگ بہادر کی ریاست اور امارت میں، علی ابراہیم خاں مرحوم نے ایک تذکرہ شعرائے ہند کا عبارت فارسی میں لکھا ہے، اور نام اُس کا گلزار ابراہیم رکھا ہے سنہ ۱۱۹۵ گیارہ سو اٹھانوے ہجری اور ایک ہزار سات سو چوراسی عیسوی میں وہ تذکرہ تمام ہوا۔ مشہور یوں ہے کہ بارہ برس میں سرانجام ہوا۔ رفتہ رفتہ جب سرحلقۂ بزمِ نکتہ دانی، رونق افزائے محفلِ معانی، سخن کی جان، اور سخن دانوں کی قدردان، صاحب والامناقب، مسٹر گلگرسٹ[۵۳] صاحب کی نظرِ مبارک سے گذرا

---

۵۱ یعنی ذوالفقار کا رتبہ بخشا ۱۲

۵۲ اس عہد ہندوستان کے گورنر جنرل، دہلی کے دربار سے خطاب حاصل کرتے تھے، اور اُس کو فخریہ تحریر و تقریر میں استعمال کرتے تھے ۱۲

۵۳ یہ وہی گلگرسٹ صاحب ہیں جن کے ایما سے میر امّن صاحب نے چار درویش لکھی۔ درحقیقت اُردو زبان کا مددگار یہی شخص ہے ۱۲

ازبس کہ شاعروں کا احوال اُس میں مجمل لکھا تھا، ایک مدت سے صاحب عالی حوصلہ کو خیال اس بات کا تھا کہ اگر بیان اس کا مفصل زبانِ ریختہ میں کیا جائے، تو خوب ہو، اور ہر ایک شاعر کی پوری پوری غزل اپنا جلوہ دکھائے، تو نہایت طبع کے مرغوب ہو۔ مبتدی اس سے بڑا مزا پائیں گے، اور نومشق کیفیت بہت اُٹھائینگے +

چنانچہ اس خیر خواہ خفی وجلی، **میر زا علی لطف** تخلص کرتا ہے، نہایت محبت و اخلاق سے فرمایا کہ "تو اگر تن دہی اس مقدمہ میں کرے، تو ہم اس تذکرے کو اپنی طرز پر لکھیں" اگرچہ یہ پابند اُلفت کا اس ایام میں ارادہ **حیدر آباد** کی سیر کا رکھتا تھا، لیکن اس خُلق مجسّم کے اخلاق کا کیا بیان کروں کہ اس مضمون کو اس وقت اس خوبی سے ادا فرمایا، کہ مجھ سے سوائے اس بات کے اور کچھ بن نہ آیا، کہ میں لاکھ جان سے حاضر ہوں، اور ایک سرِ مو آپ کے فرمانے سے نہیں باہر ہوں۔ سچ تو یہ ہے کہ خلق بھی سحر حلال ہے، جن لوگوں کا یہ آئین ہے اُن کا خوشحال ہے۔ غرض مدعائے دلی اُس صاحب عالی تدبیر کا یہ معلوم ہوا، کہ ان فارسی کتابوں کے ہندی نثر کرنے سے مراد ہمیں یہ ہے کہ صاحبان انگریز تازہ ولایت سے جو آتے ہیں، ہم اُن کی تربیت کے لئے سارا یہ خونِ جگر کھاتے ہیں، تاکہ اُن کے ذہن میں آسانی سے یہ عبارت آوے، اور اُن کی طبیعت اُس سے بخوبی مزا اُٹھاوے[۱]۔ تو بس لازم ہے کہ اس عبارت میں لفظ عربی اگر آوے، تو ایسا جس کو مبتدی دیکھ کر کہیں "سبحان اللہ"۔ اور لفظ فارسی جگہ پاوے، تو ویسا جس کو نومشق پڑھ کر کہیں "واہ واہ"۔ اُمید جناب اقدس الٰہی سے یہ ہے کہ اس طور پر سرانجام اور مقبولِ نگاہِ خاص و عام ہو۔

الحمد للہ آج کے دن تک کہ ۱۲۱۵ھ بارہ سو پندرہ ہجری اور اٹھارہ سو ایک مطابق عیسوی

---

[۱] اس فقرہ سے اندازہ کرو کہ اِس وقت کے اہلِ قلم، سادہ اُردو لکھنے کو کس قدر خلاف شان سمجھتے تھے۔ مصنف صاحبان انگریز پر احسان رکھتا ہے کہ ان کی خاطر سے اس نے یہ ذلت گوارا کی ۱۲

کے ہیں، عہدِ سلطنت قایم ہے ایسے بادشاہ روشن دل خدا پرست سے، جس کی چشمِ حقیقت بیں کے سامنے دلقِ گدائی اور خلعتِ شاہی برابر ہے، اور نظرِ معرفت اثر کے روبرو مساوی کلاہِ فقیر اور تاج اسکندر ہے۔ تخت نشین بارگاہِ سرفرازی، **شاہ عالم بادشاہ غازی**، قایم رکھے اللہ تعالیٰ اس شاہِ بے آزار کو، اور زیادہ کرے اُس کی قدرت اور اقتدار کو۔ اور بالفعل مسندِ وزارت کو زیب اور زینت اُس رونق بخشِ بزمِ عیش و کامرانی سے ہے، جس کی محفلِ عیش و نشاط کی غیرت سے تعجب نہیں ہے کہ زہرہ غرقِ عرقِ پشیمانی میں ہو، اور مشتری مانند آئینہ کے گرفتارِ بندِ حیرانی میں۔ ساغر نوشِ خمخانۂ دولت و اقبال، مخمورِ بادۂ جاہ جلال، یمین الدولہ ناظم الملک **سعادت علی خاں** بہادر مبارز جنگ، ساقیِ روزگار جامِ اُمید کو اُس کے شرابِ مراد سے چھلکتا رکھے اور اس ایامِ فرخندہ فرجام میں محفلِ حکومت اور ایالت اُس امیرِ صاحبِ تدبیر سے رونق پذیر ہے، جس کی بہارِ گلشنِ عدالت میں تحقیقات ہے چاکِ گریبانِ گل کی[1]، اور پرسش ہے نالۂ دلخراشِ بلبل کی، کہ گل کا گریبان کیوں چاک ہے؟ اور بلبل کی آواز کیوں دردناک ہے؟ سوسن کی زبان بندی سوسو بار ہوتی ہے، اور نرگس کے احوال کی تلاش ہے کہ راتوں کو کیوں نہیں سوتی ہے؟ اس زبان داری پر کیا باعث ہے سوسن کی بے زبانی کا؟ اس چشمِ خماری پر کیا موجب ہے، نرگس کی حیرانی کا؟ قمری کے طوقِ گردن کی جست وجو ہے، اور صدا اُس کی "جو کو کو" ہے، اُس میں گفتگو ہے، کہ کسی چیز کا اس کی گم ہونا ثابت ہوتا ہے لفظِ "کو کو" کی تکرار سے، گلا اس کا باندھا گیا کس تقصیر کے اقرار سے غنچہ کی گٹھری کو نسیمِ بے اجازت بہار کے کھولے، تو صاحبِ تقصیر ہے، اور زرِ نقد کو گل کے خزاں منہی سے بھی ٹٹولے، تو واجب التعذیر ہے۔

سبحان اللہ عدل اور انصاف ویسا کہ جس کا مثل بیان ہے عقل اور فراست ایسی کہ جس

---

[1] یعنی گریبانِ گل کی چاک کی تحقیقات ہے ۱۲

میں قاصر زبان ہے ارسطو کو سامنے تقریر کے دعوی طفل دبستانی کا، اور افلاطوں کو روبرو تحریر کے اظہار ہیچمدانی کا۔ یہاں تک تو اُس کی قدردانی سے اب علم کا رواج ہے، کہ مملکتِ جہل جاہلوں کے ہاتھوں سے ہوتی جاتی تاراج ہے۔ معمارِ حکم نے اُس کے وہ مدرسۂ عالی شان بنا کیا ہے، جس کے بامِ عرش مقام کی پہلی سیڑھی اگر ساتویں آسمان کو کہئے تو بجا ہے۔ کرسی شاہ نشین کی گھمنڈ عرش نشانی کا رکھتی ہے۔ نسبت اس کو بیت الشرفِ آفتاب سے کیونکر دی جا سکتی ہے۔ صفائی کو دیوار کی دیکھ کر فقط آئینہ ہی حیرت سے نہیں پشت بر دیوار ہے، بلکہ شرمندگی سے پانی پانی گوہر آبدار ہے۔ تعریف سے اُس امیر عالی منزلت کی عہدہ برآ ہونا مجال نہیں ہے زبان کی، اور توصیف سے اُس والا مرتبت کی نکتہ سرا ہونا طاقت نہیں ہے بیان کی۔ شہسوارِ معرکۂ دشمن ستیزی، سرحلقۂ گروہِ خرد پژوہ انگریزی، زبدۂ نوآبانِ عظیم الشان، مشیرِ خاصِ حضور فیض معمور بادشاہ کیوان بارگاہِ انگلستان، اشرف الاشراف مارکویس ولزلی، گورنر جنرل بہادر ناظمِ ممالکِ محروسۂ سرکار کمپنی انگریز بہادر، و میر اعظمِ عساکر بادشاہی و سرکار کمپنی متعلقۂ کشور ہند، فدوی شاہ عالم بادشاہ غازی۔ عہد دولت میں اس عالی جناب کے ازبسکہ آرام اور چین ہر ایک شخص کے نصیب ہے، اور عزو وقار اہل علم کے قریب ہے، موافق حکم اس صاحب والا مناقب کے، کہ نام نامی اور اسم گرامی اس کا اوپر مذکور ہوا ہے، اس ہیچمدان نے یہ تذکرہ لکھا، اور نام اس کا، بموجب ارشاد اس صاحب ممدوح کے، **گلشن ہند** رکھا۔

اگرچہ احتیاج تاریخ کے نظم کرنے کی نہ تھی، کس واسطے کہ نثر میں سنہ ہجری اور عیسوی دونوں کی کیفیت لکھی ہے، اور علی ابراہیم خاں مرحوم نے شاید یہی سمجھ کر گلزار ابراہیم میں تاریخ نظم سے چشم پوشی کی ہے، لیکن یہ نہ چاہئے، کیونکہ بہ نسبت نثر کے نظم پر ہر ایک شخص کان دھرتا ہے، اور حافظہ اس کو بہت جلد قبول کرتا ہے، تعجب کیا ہے کہ اس کا اشتہار ہو، اور اہل سخن کی زبان پر اس کی تکرار ہو، تو جس کو سنی سنائی بھی یہ تاریخ یاد ہو گی، اس کو بن دیکھے اس تذکرہ کے معلوم اس کی بنیاد ہو گی۔ بارہا صفات کے اشتہار سے ذات کو شہرت ہوئی ہے۔ اس فائدہ کے واسطے تاریخ

نظم اس کی اس طور پر لکھی گئی ہے۔ قطعہ

ہر ایک گل ہمیشہ بہار، اس حدیقہ کا	کہتا ہے یوں خزاں سے کہ "تو کیا پلشت ہے"
حیراں پھریں ہیں بے سر و پا بہمن اور دے	تاریخ اس کی جب سے کہ "رشکِ بہشت" ہے
	۱۲۱۵ھ ۱۸۰۰ء

گلگشت کرنے والوں سے چمنستان نازک خیالی کے پوشیدہ نہ رہے، کہ اس نخلبند حدیقۂ بے استعدادی نے حسب الارشاد صاحب عالی شان مرقوم الصدر کے گلشن ہند کی دو جلدیں کی ہیں جلد اوّل یہ جو تحریر کی جاتی ہے، اس میں عرش پروازیاں سلاطین نامدار کی، اور گوہر باریاں وزرائے والاتبار کی، اور خوش استعدادیاں اُمرائے عالی مقدار کی، اور سخن تراشیاں شعرائے صاحب وقار کی، جو کہ نام آور اور صاحب دیوان تھے، بیان کی گئی ہیں۔ اور جلد دوم میں مذکور کئے گئے ہیں شعرائے گم نام وغیرہ مشہور، یا وہ نومشق کہ ہنوز نہیں تمام کر چکے ہیں کہانی شمع و پروانہ اور گل و بلبل کی۔ توفیق اس کتاب کی تمامی میں اُس مرجع کُل سے چاہتا ہوں، کہ جس کی طرف رجوع ہے جزو کُل کی۔ جل جلالہٗ وعم نوالہٗ۔

باب الف

۱۔ آفتاب

آفتاب تخلص، نورنیّر جہانبانی، مہرِ سپہر صاحب قرآنی شاہ عالم بادشاہ ابن عالمگیر ثانی شاہزادگی میں گوہرِ صدفِ سلطنت کا نام عالی گوہر تھا۔ اُسی ایام میں عماد الملک کے خوف سے دلّی سے نکلے، اور بعد بہت آوارگی کے نجیب خاں کے یہاں، کہ سردار قوم افغان کا تھا اور نجیب الدولہ خطاب رکھتا تھا، منتظرِ عنایتِ الٰہی کے ہو کر ٹھیرے۔ اس میں بعد ایک مدت کے محمّد قلی خاں، بھتیجے نواب صفدر جنگ کو، کہ ناظم صوبۂ الہ آباد کا تھا، حوصلہ بنگالہ کی تسخیر کا دامن گیر ہوا۔ مشورے سے نواب شجاع الدولہ کے، کہ وہ باطن میں محمّد قلی خاں کے برباد کرنے کا ارادہ رکھتے تھے، خان مذکور نے شاہزادے کو نجیب خاں کے ہاتھ سے بلوا کے، اور وسیلہ عزم کا ٹھیرا کے، آپ مع

فوج کے رکابِ سعادت میں داخل ہوئے، اور الہ آباد سے کوچ کر کے قریب عظیم آباد کے آپڑے
اب آگے رام نرائن، عظیم آباد کے نائب نظامت، کا بے حواس ہو کر محمد قلی خاں کی معرفت
حضور میں شاہزادے کے حاضر ہونا مشہور ہے، اور پھر بگڑ کے چند مدت قلعہ میں عظیم آباد کے بند ہو کر
لڑنا، یہ بھی تواریخ بینوں کی نگاہ سے نہیں مستور ہے۔

ابھی محمد قلی خاں قلعے کو لگے ہی ہوئے تھے، کہ اس میں بعد ایک چند روز کے شہر جعفر علی خاں
اور میرن کی آمد آمد کا، واسطے رام نرائن کی کمک کے مع کرنیل کلف بہادر ثابت جنگ کے
مشرق کی طرف سے، ہوا۔ محمد قلی خاں نے اُن کی لڑائی سے عہدہ برآ ہونے کی طاقت اپنے بیچ
میں نہ پا کے، پیش از اُن کے داخل ہونے کے، کوچ بنارس کی طرف کیا، اور شاہزادہ عالی تبار
عالی گوہر نے، کرم نام سی کی ندی[۵۱] سے، کہ صوبہ عظیم آباد کی سرحد میں ہے، عبور کر کے تھوڑی دُور
گئے تھے، کہ باپ کے مارے جانے کا احوال اس طور سے سُنا، کہ مہدی قلی خاں کشمیری، علی قلی خاں
کے بھائی نے، کہ رفیق عماد الملک کا تھا، حسب الارشاد اپنے آقا کے حضور اعلیٰ میں عرض کی
کہ "ایک فقیر بہت بڑا صاحب کمال فیروز شاہ کے کوٹلہ میں آ کے اُترا ہے، حضرت کو ملاقات
اس سے کرنی ضرور ہے" حضرت بیچارے اجل گرفتہ، حکم میں تو عماد الملک کے تھے ہی، اپنے
پاؤں سے آپ قبر میں تشریف لے گئے۔ وہاں فقیر کہاں تھا، کئی ایک خونخوار جفا کار، بے
شرم اور بے رحم اُس حجرے میں بٹھا رکھے تھے، جانے ہی اس بے گناہ کو پیش قبضوں سے
مار کر لاش کو اوپر سے ریتی کی طرف کر دیا۔ شاہزادے نے سُنتے ہی اس خبر کے، کھٹکے میں
پہنچ کر، موافق ضابطۂ خاندانِ بابریہ کے ۱۱۷۳ھ گیارہ سو تہتر ہجری میں القاب "شاہ عالم"
کے ساتھ تختِ سلطنت پر جلوس فرمایا۔ اور قلمدانِ وزارت کا مع خلعت جلد نواب شجاع الدولہ
کے واسطے بھجوایا۔ ساتھ ہی اس کے خلعت امیر الامرائی کا، کہ عبارت میر بخشی گری سے ہے،

---

[۵۱] یعنی اس ندی سے جس کا نام کرم تھا۔

نجیب الدولہ کے لئے روانہ ہوا۔ اور نواب منیر الدولہ نے اُسی وقت موافق ارشاد کے ایلچی گری کے طور پر ابدالی کی طرف کوچ کیا۔ اتنے میں کامگار خاں پانچ چھ ہزار سوار سے، اور دلیر خاں اصالت خاں اپنی تمام جمعیت سے حاضر ہو کر، اقرار جانفشانی کے ساتھ داخل دائرۂ دولت کے ہوئے۔ چنانچہ کامگار خاں نے اخراجات ضروری کا اپنا ذمہ کیا، اور زمینداروں سے اتنے ہی عرصے میں، جس جس ڈھب سے بنا، کچھ کچھ رُپیا بھی لیا۔ تجویز یہ ٹھہری کہ میرن کے آنے سے آگے ہی رام نرائن سے لڑ لیجئے، اور خدا فضل کرے، تو قلعے عظیم آباد کے عمل کیجئے۔ بادشاہ کو بھی یہ مشورہ پسند آیا، اور اُسی وقت پیش خیمے کے کوچ کو حکم فرمایا۔ کامگار خاں اور دلیر خاں متصل رام نرائن کے لشکر کے، کہ دیوہانڈی کے کنارے پر پڑا تھا، آپڑے۔ اور بعد کئی دن کے میدان جنگ راست کر کے کمال جانفشانی اور سرفروشی کے ساتھ لڑے۔

سب سے پہلے دلیر خاں اور اصالت خاں نے گھوڑے چلائے، اور نہایت بہادری سے رام نرائن کی فوج میں در آئے۔ سچ تو یہ ہے کہ غول ان کا نشانہ تھا چھرّوں کی مار کا، اور مدّ مقابل تھا بندوقوں کی باڑھ کا، بجلی کی طرح کڑک کر ہر ایک اژدہا توپ کا ساگرم آتش فشانی تھا، اور گولیوں کی بارش کے ساون بھادوں کا مینہ شرمندگی سے پانی پانی تھا۔ اس میں بندوقوں کی مار سے نشان[1] کے ہاتھی کا منہ پھر گیا۔ کسی نے دلیر خاں سے پکار کر کہا کہ "نشان کا ہاتھی پھر گیا ہوا"، فرمایا "کیا ہوا، ہاتھی پھرا، اور گو کہ آسمان بھی پھرے دلیر خاں تو نہیں پھرا"۔ یہ کہہ کے دونوں بھائیوں نے کود کے گھوڑوں سے ایک تین سو جوانوں سے، کہ وہ رفیق ان کے تھے، ایسی ہی جانبازی کی کہ ساری زمین ان کی لاشوں سے بھر دی، اور تمام فوج رام نرائن کی تلے اوپر کر دی، خاطر خواہ دلاوری اور بہادری سے دل بھر کے، شجاعت اور تہوّر کا حق ادا کر کے، دونوں بھائیوں نے مع رفیقوں کے جان شیریں نثار کی، لیکن رام نرائن کی فوج میں بھی باقی نہ رہی جلادت گفتار کی۔

---

[1] یعنی وہ ہاتھی جس پر نشان سلطنت تھا ۱۲

اس میں توپ اور بندوق تو بند ہو ہی گئی تھی، کامگار خاں مع اپنی فوج کے جو ایک طرف سے بیٹھا، تو برابر رام نرائن کے جا نکلا۔ لوگ رام نرائن کے، ازبسکہ دلیر خاں کی لڑائی کھائے ہوئے تھے، دوبارہ کامگار خاں کے مقابلے کی طاقت نہ لاکے پسپا ہوئے۔ رام نرائن نے مقدمہ بے ڈول دیکھا، عین لڑائی میں کپتان کاکری صاحب سے کہلا بھیجا کہ آدھے لوگ اپنے میری کمک کو بھیجئے۔ کپتان مذکور نے موافق حکم نائب نظامت کے اپنی فوج کے دو حصے کئے، اور آدھے آدمی ادھر بھیج دیئے۔ لیکن لوگ ان کے بھی تو لڑائی کی محنت اٹھا چکے تھے، اور جس قدر چاہئے تھا جی لڑا چکے تھے، کچھ کام بن نہ آیا، اور کسی طرح سے بندوبست نے لڑائی کے انتظام نہ پایا۔ چنانچہ کامگار خاں نے گھوڑا رام نرائن کے ہاتھی سے ملا دیا، اور اتنے تیر اور نیزے مارے کہ اپنی دانست میں انہوں نے مار لیا، لیکن اس مدبر نے زخمی ہو کر حوضی میں لپٹ جانے کو غنیمت جانا، اور تختوں کی آڑ کو وسیلہ زندگانی کا گردانا۔ غرض لڑائی بگڑ گئی، بہت سے لوگ رام نرائن کے ساتھ کے مارے گئے، اور کچھ تھوڑے سے لوگ بھاگ بھی بچارے گئے۔ مرلی دھر مع رحم خاں اور غلام شاہ کے، کہ ہراول فوج کے تھے، کامگار خاں کے ہاتھ میں گرفتار ہوئے۔ احمد خاں قریشی اور مراد خاں، بیٹا بہرام خاں بلوچ کا، بھاگ کے رام نرائن کے شریک، عظیم آباد کی طرف قدم گزار ہوئے۔ شاہ عالم بادشاہ غازی نے فتح اور نصرت کے ساتھ کھیت پر ڈیرا کرنے کا حکم دیا، اور بھاگے ہوؤں کا پیچھا مطلق نہ کیا۔ اب آگے بیان ساتھ تفصیل کے موجب طول کلام کا ہے +

مختصر یہ کہ آج کے دن تک، کہ سنہ ۱۲۱۵ بارہ سو پندرہ ہجری ہیں، اور جلوس مبارک کو سنہ بیالیسواں ہے، وہ اورنگ نشین بارگاہِ جاہ و جلال تختِ سلطنت پر ساتھ عیش و نشاط کے حکمراں ہے +

سنہ تیسویں میں عہد سلطنت کے، منظور علی خاں ناظر کی بے بصیرتی سے شیخ غلام قادر خاں

زہیلے نے جو کورنگی کی ہے مفصل بیان اس کا غضب ہے، اور نہایت ترک ادب ہے۔ لیکن حضرت نے خود اپنی زبان بلاغت بیان سے اس روداد کو اس تفصیل کے ساتھ نظم کیا ہے، کہ اور کسی بندۂ آستان دولت کی کیا مجال تھی کہ اس واردات کو اس بے ادبی سے زبان تک لاتا۔ ازبسکہ وہ غزل فارسی ہے، داخل کرنا اس کا بیچ کتاب کے خلاف آئین نثر ہندی کے معلوم ہوا، اس واسطے تیمناً وتبرکاً اس غزل کو حاشیۂ پر کتاب کے لکھا ہے، اور ترجمہ اس کا لفظاً باللفظ کر کے اس طرح داخل کتاب کیا ہے نظم

حادثے کی اٹھی آندھی جو مری خواری کو	دم میں برباد کیا میری جہانداری کو

صرصرِ حادثہ برخاست پئے خواریِ ما	داد بر باد سر و برگ جہان داریِ ما
آفتابِ فلکِ رفعتِ شاہی بودیم	بُرد در شامِ زوال آہ سیہ کاریِ ما
چشمِ ما کندہ شد از دستِ فلک بہتر شد	تا نہ بینم کہ کند غیر جہان داریِ ما
دادِ افغاں بچۂ شوکتِ شاہی برباد	کیست جز ذاتِ مبرّا کہ کند یاریِ ما
بود جانکاہ زر و مالِ جہاں ہمچوں مرض	دفع از فضلِ الٰہی شدہ بیماریِ ما
کردہ بودیم گناہے کہ سزایش دیدیم	ہست معروف کہ بخشند گنہگاریِ ما
کردہ سی سال نظارت کہ مرا داد بباد	زود تر یافتہ پاداشِ ستمگاریِ ما
عہد و پیماں بہ میاں داد و نمودند وفا	مخلصاں خوب نمودند وفاداریِ ما
شیر دادم اعمی بچۂ را پرورودم	عاقبت گشت مجوز بہ گرفتاریِ ما
حق طفلاں کہ بہ سی سال فراہم کردیم	کردہ تاراج و نمودند سبک باریِ ما
قوم مغلیہ و افغاں ہمہ بازی دادند	بسکہ گشتند مجوز بہ گرفتاریِ ما
ابن گدا زادۂ ہمداں کہ بہ دوزخ برود	بانیٔ جور و ستم شد بہ دل افگاریِ ما
گل محمد کہ زمروان بہ شرارت کم نیست	چہ قدر کرد وکالت پئے آزاریِ ما
نامرادو سلیمان و بدل بیگ لعیں	ہر سہ بستند کمر بہر گرفتاریِ ما

بس کہ خورشید کو لازم ہے طلوع اور غروب
شام یوں پھولی غرض میری سیہ کاری کو

آنکھیں نکلیں، تو ہو اخوب کہ دیکھونگا نہیں
غیر کے قبضے میں اورنگ جہانداری کو

مملکت کا بھی خیال ایک مرض تھا جانکاہ
گردشِ چرخ نے کھویا مری بیماری کو

کی اس افغاں بچے نے شوکتِ شاہی برباد
کون پہنچے گا خدا چھٹے[۱] مری اب یاری کو

جو کئے تھے گنہ اُن سب کی سزا دیکھی ہیں
شاید اب پوچھیں نہ وہاں میری گنہگاری کو

جو تھا تیس برس سے مرے گھر کا ناظر
پہلے حکم اُس نے دیا میری دل آزاری کو

بے گناہی نے مری اُس ستم ایجاد کے نہیں
جلد پہنچایا مکافات ستمکاری کو

حق طفلاں جو ہوا تیس برس میں نہ ادا جمع
مار کر لے گئے یاں چھوڑ سبکباری[۲] کو

قومِ افغان و مغل سب نے مجھے بازی دی
رکھا ہر اک نے روا میری گرفتاری کو

عہد و پیمان کئے اس نے، بھلا حق نمک
ان سے سیکھے کوئی آئینِ وفاداری کو

تھا جس افغاں بچے کو دودھ پلا کر پالا
بدلے اس حق کے وہ آیا میری خونخواری کو

نازنیں میری ہمدم جو تھیں یاں ایک نہیں
جز مبارک محل اس میری پرستاری کو

آصف الدولہ اور انگریز ہیں میرے دل سوز
کیا عجب آویں اگر میری مددگاری کو

مادھوجی سیندھیا فرزند جگر بند کے ہاتھ
ہوگی بے رونقی اس طرز جفاکاری کو

شاہ تیمور کہ دارد سر نسبت با من
زود باشد کہ بیاید بہ مددگاری ما۔

مادھوجی سیندھیا فرزند جگر بندِ من ست
ہست مصروفِ تلافیِ ستمکاریِ ما

آصف الدولہ و انگریز کہ دستور من اند
چہ عجب گر بنمایند مددگاریِ ما

راجہ و راؤ زمیندار امیر و چہ فقیہ
حیف باشد کہ نہ سازند بہ غمخواریِ ما

نازنینانِ پری چہرہ کہ ہمدم بودند
نیست جز محل مبارک بہ پرستاریِ ما

گرچہ ما از فلک امروز حوادث دیدیم
باز فردا دہد ایزد سر برداریِ ما

---

[۱] یعنی سوائے خدا کے ۱۲ [۲] یعنی یہاں صرف سبکساری اور تہیدستی چھوڑ گئے ۱۲

کوئی پہنچا دو خبر حال کی میرے، کہ نظام
شاید آ نکلے محبت سے خبرداری کو

شاہِ تیمور سے ہے اک سرِ نسبت مجھ کو
دور کیا ہے جو کرے دور دل آزاری کو

راجہ و راؤ زمیندار امیر اور فقیر
چاہیئے سمجھے سعادت میری غمخواری کو

آفتاب آج فلک نے کیا گر بے سر و پا
بخشے گا کل تجھے حق پھر تری سرداری کو

حضرت جہاں پناہ کے مزاج مبارک کو نہایت نظم کی طرف التفات ہے، اور بہ تشبیہ شغل اشعار میں کٹتی اوقات ہے۔ ان شعروں کو اُس جناب کی طرف منسوب کرتے ہیں +

کیجیے ہمدم بھلا کیوں کر نہ شکوہ یار کا۔
ہم تو بندے اُس کے ہوں، وہ یار ہو اغیار کا

خانۂ دل کو جلایا اک نگہ سے اُس نے آہ
ہو جیو یارب بھلا اس چشمِ آتشبار کا

صاف کل آنکھیں تری کہتی تھیں عاشق سے پکار
کر سکے عیسیٰ مداوا اپنے کب بیمار کا

خون ہووے گا گلوں کا دیکھنا ہرگز صبا
نام مت لینا چمن میں اُس بت خونخوار کا

زلف تیری دیکھ کے زاہد رگِ جاں سے بنا
جاننا ہیگا سعادت باندھنا زنّار کا۔

کب ترے عشاق بیٹھیں حشر میں طوبیٰ تلے
یاد آوے دل میں جب سایہ تری دیوار کا

دیکھ کر کل نبض میری یوں لگا کہنے طبیب
کوئی بھی جانبر ہوا بیمار اس آزار کا

صرف کعبہ میں نہ کر اوقات کو ضائع تو شیخ
ڈھونڈھ جا کر ہر طرف نقشِ قدم دلدار کا

اس قدر افسردہ دل کیوں ان دنوں ہے آفتاب
دیکھ کر ہوتا ہے تجھ کو تنگ دل گلزار کا۔

ولہ

صبح اُٹھ جام سے گذرتی ہے
شب دل آرام سے گذرتی ہے

عاقبت کی خبر خدا جانے
اب تو آرام سے گذرتی ہے

۲۔ آصف

آصف تخلص، نور کوکبِ ہمت اور شجاعت کا، خورشید آسمانِ مروّت اور سخاوت

کا، نواب آصف الدولہ وزیر الممالک آصف جاہ یحییٰ خاں بہادر ہزبر جنگ، خلف نواب شجاع الدولہ مغفور کا ہے، اور پوتا نواب ابو منصور خاں صفدر جنگ کا۔ بعد وفات شجاع الدولہ کے کہ گیارہ سو ستاسی ۱۱۸۷ ہجری تھے، اور شاہ جہاں پناہ شاہ عالم بادشاہ غازی کے عہد سلطنت کو پندرھواں سنہ تھا، بلدۂ فیض آباد میں، کہ قدیم نام اس کا بنگلا ہے، مسند وزارت کو زینت اس عالی تبار نے بخشی ہے۔ ازبسکہ رسم کہن ہے کہ بادشاہ اور وزیر واسطے نام کے، عہد حکومت اپنے میں، نئے شہر کے آباد کرنے کی تلاش کرتے ہیں، اور وہاں مقرر بود و باش کرتے ہیں۔ بعد چندے ہی اس آب و رنگ گلشن وزارت نے بنگلے سے کوچ کر کے خارستان لکھنؤ کو بہار قدوم سے اپنے رشک شکوفہ زار کشمیر کا کیا۔ لکھنؤ کے تن بے جان میں گویا جان آئی، اور چشم بے نور نے بصارت پائی۔ پھر تو آبادی پر شہر کے عرصہ زمین کا تنگ تھا، اور معموری کو اس خراب آباد کی تشبیہ سے ہفت اقلیم کی ننگ تھا۔ بسکہ اس بلند نظر کا اہل کمال کی طرف میلان خاطر تھا، ایک ایک کمال کا ہزارہا آدمی وہاں حاضر تھا۔ عمارت کی تعمیر پر طبیعت نہایت مصروف تھی، اور خواہش شکار کی مزاج سے بشدت مالوف تھی۔ ہر روز لازم تھا ایک عمارت تازہ کی بنا کا دھرنا، اور ہر سال عین واجب تھا واسطے شکار کے دو مرتبے سفر کرنا۔ بے مبالغہ ہے کہ ہزاروں شیر مانند بکریوں کے مارنے میں آئے، یہاں تک کہ ان کی کھالوں کے منعقد خیمے عالی شان بنوائے۔ پہلی ہی گولی اس کے ہاتھ کی گینڈے اور ارنے کو تھا پیغام اجل کا، اور بڑے دانت ہونے ہاتھی کے بس یہی اس کے واسطے تھا دام اجل کا، مستک پر فیل مست کی جب اس کا تیر بیٹھا، سوفار کا باہر نام نہ تھا۔ پہاڑ کو تنکے سے ٹالنا اس کے آگے کچھ کام نہ تھا۔ جنگلی ہاتھی و قیلے اتنے مارے کہ آج دولت خانہ میں ایک عمارت عالی شان ہاتھی دانت کی موجود ہے جس کے ستون اور کڑیوں میں نام کو کہیں لکڑی کا نہیں وجود ہے۔ شجاعت کے سوائے سخاوت پر جب طبیعت آئی تو ہمت حاتم کی دل سے ضائع کے بھلائی۔ ایک دن میں

لاکھ روپیہ سے شریف مکہ کی خدمتگذاری کی، اور پانچ لاکھ روپے خرچ کر کے نجف اشرف میں نہر آصفی جاری کی۔ فیاض ایسا کہ جو کوئی سامنے کچھ لے گیا خالی نہیں پھرا ہے۔ بے مبالغہ ہے کہ خاک کی مٹھی کو اکثر اکسیر کی قیمت میں لیا ہے۔ اس میں کوئی گستاخ اگر اس کی قباحت زبان پر لایا، تو وہیں بے مزہ ہو کر اس سے فرمایا کہ "اتنی مروت کرنی اس شخص سے ہم نے مدت سے اپنے دل میں تھی ٹھیرائی، یہ چٹکی خاک کی جو اس سے لی یہ منت میں پائی" غرض جو کچھ چاہیئے سب کمالوں کی جامعیت تھی۔ افسوس یہ ہے کہ فوج اور ملک کی طرف سے غفلت تھی۔ نائبوں کے ہاتھ میں اصالتاً ملک کا سرانجام رکھا، آپ فقط سیر اور شکار سے کام رکھا، مشیر کوئی لایق اور کام کا نہ پایا، اس واسطے ساتھ عزم کے رتبہ نام کا نہ پایا چھبیس ۲۶ برس کُل اس مربع نشینِ مسندِ وزارت نے حکمرانی کی، اور چمن گیتی میں مانندِ گلِ خورشید کے محتاجِ پرزر فشانی کی۔ آخر الامر از بسکہ ہیچ گلشن دنیا کے بہار اور خزاں آپس میں دست و گریباں ہیں، بیماری سے استسقی کی ۱۲۱۲ھ بارہ سو بارہ ہجری میں، کہ سلطنت کو شاہ عالم بادشاہ غازی کے چالیسواں سنہ تھا، اٹھائیسویں تاریخ ربیع الاول کی، پہر ڈیڑھ ایک دن رہے، حکومت عارضی کو ملک فنا کی چھوڑ کر کارفرمائی اقلیم بقا کی اختیار کی۔ راقم آثم صغر سن سے ملازموں میں اس آستانۂ دولت کے مع رسالہ سرفراز تھا، اور افراطِ عنایت اور الطاف سے اس کے ہم چشموں میں اپنے مورد امتیاز تھا۔ اس شمع شبستان وزارت کی تاریخ وفات کا شعلہ اس جگر کباب کے گلخنِ طبع سے یوں آتش فشاں ہوا ہے۔

قطعہ

آصف الدولہ جب جہاں سے گیا	اک جہاں بے دل و دماغ ہوا۔
جامِ عمر اس کا بھرتے ہی لبریز	خلق کا عیش[۵۱] کا ایاغ ہوا
دشمنوں کا دل آتشِ غم سے	دوستوں سے زیادہ داغ ہوا
سال تاریخ کا خیال کسے	خشک شعر و سخن کا باغ ہوا

[۵۱] یعنی خلق کے عیش کا ایاغ لبریز ہوا ۱۲

بولے یوں دور کرکے پائے عناد
آج گل ہند کا چراغ ہوا
۱۲ ۱۲

یہ اشعار اُس عالی جناب کے مشہور ہیں +

جس گھڑی تیرے آستاں سے گئے
ہم نے جانا کہ دو جہاں سے گئے

تیرے کوچہ میں نقشِ پا کی طرح
ایسے بیٹھے کہ پھر نہ وہاں سے گئے

شمع کی طرح رفتہ رفتہ ہم
سنیو اک دن کہ جسم و جاں سے گئے

عشق! ہاتوں سے تیرے کیا کہئے
نام سے گذرے اور نشاں سے گئے

ایک دن ہم نے یار سے جو کہا
"اب تو ہم طاقت و تواں سے گئے"

ہنس کے بولا کہ سنتا ہے آصف
یوں ہی کہہ کہہ کے لاکھوں یاں سے گئے"

دل ہمارا خانۂ اللہ گر مشہور تھا — ولہ — سو بتوں کے عشق میں اب وہ بھی بتخانہ ہوا
آباد ملکِ دل وہ یارو کہاں رہے گا — ولہ — جس جا یہ درد و غم کا نت کاروان رہیگا
آصف نہ چھوٹے عشقِ بتاں دل سے ہمارے — ولہ — سو بار اگر پھر بھی بنا دیں اسے گھڑ کر
شوخیِ چشم کی شہرت کو تری سُن سُن کر — ولہ — شرم سے باغ میں نرگس نے چھپائیں آنکھیں
مرے دل کو زلفوں میں زنجیر کیجو — ولہ — یہ دیوانہ اپنا ہے تدبیر کیجو
مرے دل نے زلفوں میں مسکن کیا ہے — یہ مہماں ہے اے شانہ، توقیر کیجو
جس جگہ آنسو گرے ہے آبلہ پڑ جائے ہے — ولہ — آب سے آتش ہوئی کیوں کر بہم کیا جانئے
پوچھتے کیا ہو شبِ ہجر کی حالت یارو — ولہ — میں ہوں، اور رات ہے، اور بستر تنہائی ہے
آصف نہ چھوڑ دست سخاوت کو زینہار — ولہ — لایا ہے کچھ نہ ساتھ نہ جائے گا تو لئے
یاں تلک داغِ محبت دل نے کھائے ہیں کہ بس — ولہ — سر سے پا تک ایک گویا صورت طاؤس ہے
ہزاروں مرے جیتے دیکھے تیرے بات کرنے سے — ولہ — لبِ معجز بیاں میں تیرے شاید آبِ حیواں ہے

۳- انجام

انجام تخلص، عمدۃ الملک خطاب، نواب امیر خاں نام، والد ماجدان کے عمدۃ الملک نواب امیر خاں ہیں، کہ جو عالمگیر خلد مکان کے عہد سلطنت میں زینت بخش مسند امارت کے تھے۔ سلسلہ نسب شریف کا اس عالی خاندان کے میر میراں نعمت اللہی کو، کہ سلاطین صفویہ کے ساتھ نسبت اور ناتا رکھتے تھے، پہنچتا ہے۔ بزرگ ان کے ہمیشہ ایران میں صدر نشین تھے محفل عز و وقار کے، اور ہندوستان میں بھی ہمیشہ انیس و جلیس رہے ہیں سلاطین نامدار کے۔ اس عالی دودمان کو شاہ عالم پناہ محمد شاہ سے ایسی صحبت برآر ہوئی تھی، کہ رشک تھا اس سب ارکان دولت کو، اور اعیان مملکت کو، حسد تھا۔ لطیفہ گوئی کی طرف طبیعت ان کی نہایت مصروف تھی، اور خوش طبعی سے مزاج بہ شدت مالوف۔ گردش چشم کے سمجھنے میں زمانے کے اُستاد تھے، اور شیریں کلامی میں اپنے وقت کے فرہاد۔ موجد ناز و انداز کی تہ داریوں کے، اور اختراع کرنے والے چٹون کی جادو کاریوں کے۔ گانے میں دخل ایسا تھا، کہ اُستاد اس فن کے دم شاگردی کا مارتے تھے، اور ناوبید کی باتوں میں بڑے بڑے گیانی ان کے آگے جی ہارتے تھے۔ بادشاہ کو ایسا اپنی طرف مصروف کر لیا تھا، کہ ایک دم کی جدائی ان کی جہاں پناہ کو شاق تھی، اور آٹھ پہر طبیعت ان کی طرف مشتاق تھی لیکن موافقت و راندازی سے بد گویوں کی آخر آخر مبدل بہ غبار خاطر ہوئی، اور خواہان جان نہ بباطن بلکہ بظاہر ہوئی۔ چنانچہ سنہ ۱۱۶۹ گیارہ سو اُنہتر ہجری میں ایک نمکحرام نے اُن ہی نوکروں میں سے انہیں کے عین صحن دولت خانہ میں بادشاہ کے قہر کیا، کہ اس روشن زبان کی زندگی کے چراغ کو ایک ہی جھونکے میں کٹاری کے بجھا دیا، اگرچہ اس نااہل کا بھی اُسی جگہ لگ گیا ٹھکانا لیکن افسوس ہے نواب امیر خاں کا مارے جانا۔ اکثر اربابِ فہم کو گمان تھا کہ یہ اشارہ بادشاہ کا ہے اور امر جہاں پناہ کا ہے۔ جب اس نمک حرام کی لاش کو اُٹھوانے میں بادشاہ نے نہایت کرم

فرمایا، پھر تو عوام کو بھی اس گمان کا بے تامل یقین آیا۔

اس عالی طبیعت کو پہیلی اور ٹکرنی کے کہنے میں مشق حد سے زیادہ تھی، اور اشعار فارسی اور ہندی میں بھلی چنگی استعداد تھی۔ یہ اشعار اس ستودہ اطوار کے آویزہ گوش صغار و کبار ہیں۔

کیوں بُلایا بھیڑ میں کیا مجھ سے نادانی ہوئی
دخترِ رز بزم میں آشرم سے پانی ہوئی

کل محیطِ عشق کے صدموں سے پائی تھی نجات
کشتیِ دل بے طرح کچھ آج طوفانی ہوئی

ہر پری تمثال جوں آئینہ رکھتا تھا عزیز
ٹوٹتے ہی دل کے مجھ کو سخت حیرانی ہوئی

کیا کہوں انجام میں اس عشق کے آغاز کو
دوستداروں کی محبت دشمنِ جانی ہوئی

نقش میری دیکھ کے تمثال میں یوں کہنے لگے
"کچھ تو یہ صورت نظر آتی ہے پہچانی ہوئی"

ٹک تو فرصت دے کہ ہولیں رخصت اے صیاد ہم
دلہ مدتوں اس باغ کے سایہ میں تھے آباد ہم

منہ ترا تکتے ہیں تسلیم حسن و عشق کے
تو ہی بتلا دے کریں کس سے تری فریاد ہم

دل تو ہے داغِ غلامی سے تری طاؤس وار
سامنے قمری کے گو ہیں سرو سان آزاد ہم

اب کسی نے دل جلایا مہربانی سے تو کیا
عمر مانندِ شبِ رجب کر چلے برباد ہم

ساتھ اپنے سر کے تھا انجام پاسِ تمکنت
شکر ہے، تڑپے نہ زیرِ خنجرِ جلاد ہم

۴- اُمید

اُمید تخلص، نام اصلی اس معدنِ کمالات کا مرزا محمد رضا ہے، رہنے والا ہمدان کا، ایامِ شباب میں وطن سے غربت اختیار کر کے وارد اصفہان کا ہوا ہے، اور میرزا طاہر سے کہ وحید جن کا تخلص تھا، نسبت شاگردی کی درست کر کے کسب کمالوں کا کیا ہے۔ آخر سلطنت میں خلد مکان[1] کے ہندوستان میں آیا، اور اول بادشاہت میں بہادر شاہ

[1] یعنی اورنگ زیب عالمگیر ۱۲

کے خطاب قزلباش خاں کے ساتھ رتبہ منصب ہزاری کا پایا، لیکن اس پائے سے ہمیشہ اس ایام میں شکوہ مند رہا ہے، اور منصب ہزاری کے مضمون کو ایک بیت میں اس طرح سے موزون بھی کیا ہے[۱]+

مثل بلبل کے ہوں سدا نالاں　　یہ مرا منصب ہزاری ہے

محمد معز الدین کے وقت میں کسی خدمت کی تقریب سے برہان پور کو گیا، اور صوبہ داری میں امیر الامرا سید حسین علی خاں کی اس خدمت سے تغیر ہو کر خجستہ بنیاد میں حاضر ہوا +

اس جگہ تھوڑا سا احوال مجمل سید حسین علی خاں کی امیر الامرائی کا، اور صوبہ داری دکن کی جلوہ فرمائی کا، بیان کرنا ضرور ہے، کس واسطے کہ تغیر ہونا قزلباش خاں کا بخوبی معلوم ہوگا۔ جب کہ سنہ ۱۱۳۲ گیارہ سو بتیس ہجری میں محمد فرخ سیر اور محمد معز الدین سے لڑائی ہوئی، تو سادات بارہ نے کمال جانفشانی کی، چنانچہ سید عبد اللہ خاں اور سید حسین علی خاں نے، مع اپنے بھانجے بھتیجوں اور رفیقوں کے، حسن بیگ خاں صف شکن اور زین الدین خاں، بہادر خاں کے بیٹے کو، مع اُن کے رفیقوں کے، شریک کر کے بلا جو کیا، تو زنجیر سے توپخانے کے گھوڑوں کو کُدا کُدا کے مقابل ذوالفقار خاں کے، کہ بیٹا اسد خاں وزیر کا تھا، جا پہنچے، اور کود کود کے گھوڑوں پر سے جیسی چاہیئے تھی جاں نثاری کی، اور داد مردانگی اور شجاعت کی دی۔ اس میں توپیں بند ہوئی گئیں تھیں، باقی فوج سے بھی تن دہی ہوئی۔ حسن بیگ خاں صف شکن اور زین الدین خاں، بیٹا بہادر خاں کا، یہ دونوں سردار مع اپنے رفیقوں کے بہادری کا حق ادا کر کے، کام آئے، اور سید حسین علی خاں چور ہو کر کھیت میں بیٹھ گئے۔ اتنے زخم اُٹھائے، بارے سادات کے سر لڑانے سے پانوں طرف ثانی کے اُٹھ گئے۔ جو موئے سو موئے، اور باقی بھاگ کھڑے ہوئے۔ محمد معز الدین نے اپنی صورت بدل کر راہ دلی کی لی، اور محمد فرخ سیر کو اللہ تعالیٰ نے سادات کی نمک حلالی سے سلطنت عطا کی۔

---

[۱] مثل بلبل ہمیشہ نالانم + ایں بود منصب ہزاری ما +

سید عبداللہ خاں، بھائی کو زخمی کھیت میں چھوڑ کر، فوج کا تعاقب کیئے چلے گئے ہیں، اور بادشاہ بعد ایک ہفتہ کے داخل دلی میں ہوئے ہیں۔ اس جانبازی کے عوض میں بادشاہ نے سید عبداللہ خاں کو وزیر اعظم کیا، اور قطب الملک یار وفادار سید عبداللہ خاں بہادر ظفر جنگ خطاب دیا۔ اور سید حسین علی خاں کو میر بخشی ہونے کے سوا منصب ہفت ہزاری عنایت ہوا، اور امیر الامرا سید حسین علی خاں بہادر فیروز جنگ خطاب ملا۔ بعد اس فتح کے جو خدمتیں کہ ان سے ہوئی ہیں، اور جو نمک حلالیاں کہ انہوں نے کیں ہیں، مفصل بیان اس کا موجب طول کلام کا ہے، اور کچھ متعلق بھی نہیں اس مقام کا ہے۔ غرض توجہ بادشاہ کی ازبسکہ ان پر حد سے زیادہ تھی، حاسدوں کو بس یہی عداوت کی بنیاد تھی۔ تھوڑے ہی دنوں میں بدگویوں نے ان کی طرف سے بادشاہ کے دل میں سیکڑوں شبہے ڈال دیئے، غضب تو یہ ہے کہ اس عقل مجسم نے حاسدوں کے کہنے سے بے تامل مان لیئے۔ پھر تو دشمنوں نے تدبیر ان کے توڑنے کی یہ ٹھیرائی، کہ پہلے لازم دونوں بھائیوں میں ڈالنی جدائی۔ اس تقریب سے امیر الامرا سید حسین علی خاں کے واسطے تجویز صوبہ داری دکھن کی ہوئی، اور رخصت حضور سے ۱۱۲۷ھ گیارہ سو ستائیس ہجری میں اس مرزوت کے معدن کی ہوئی۔ ابھی دس کوس بھی دکن کی سمت کو نہیں تھی سواری گئی، کہ ساری دلی پکارتی تھی "جنگ چھوٹا اور نرد ماری گئی"۔ قصہ مختصر بعد کتنے دنوں کے، اور طے کرنے منزلوں کے، جب نربدا سے عبور ہوا، تو ایک فوج عالی شان لے کر واسطے لڑائی کے سامنے داؤد خاں ناظم برہان پور ہوا، کیونکہ فرمان بادشاہی معرفت خان دوراں خاں کے اس کو آگے ہی پہنچ چکا ہے، کہ دفعیہ میں امیر الامرا سید حسین علی خاں کے اگر تجھ سے قصور ہوگا، تو گنہگار حضور کا ہے۔ سبحان اللہ! یہ داؤد خاں وہی ہے، کہ اوائل سلطنت میں محمد فرخ سیر کے امیر الامرا نے اس کی جان بخشی کروائی ہے، اور احمد آباد گجرات سے اس کو باہر بھجوا کے سند صوبہ داری برہان پور کی حضور سے اس کے نام بھجوائی ہے۔ وہ حق احسان فراموش کر کے جان بخشی کے عوض میں خواہان جان ہوا۔

چنانچہ ۱۱۳۷ھ گیارہ سو ستائیس ہجری میں، گیارھویں تاریخ رمضان کی، لڑائی کا آراستہ میدان ہوا۔ بعد بہت سی خونریزی اور کشاکشی کے داؤد خاں نے بندوق کی گولی کھائی، بسا ہستی کی گنوائی، اور امیر الامرا فیروز جنگ نے ساتھ فتح اور فیروزی کے اورنگ آباد میں داخل ہو کر مسند حکومت کی آرایش فرمائی۔ اس حرکت سے کہ برہان پور کے ناظم سے ہوئی تھی، آتے ہی اہل خدمت برہان پور کے سب تغیر کئے۔ اس تقریب سے قزلباش خاں بھی معزول ہو کر حضور میں حاضر ہوئے۔ ازبسکہ سلیقہ علم مجلس کا اس مجموعۂ کمالات کو بہت بڑا تھا، اور مزاج دانی میں اُمرا کے بہ شدت دخل رکھتا تھا، طرز خدمت اس کی امیر الامرا کو نہایت پسند آئی، اور داروغگی حکومت کرناٹک کی واسطے قزلباش خاں کے قرار پائی۔ اس تقریب سے ارکاٹ کو گیا، اور ایک مدت بھر وہیں رہا۔ بعد زوال دولت سادات کے، کہ وہ قصہ مشہور ہے، اور یہاں کچھ بیان اس کا نہیں ضرور ہے، قزلباش خاں نے رفاقت مبارز خاں کی، کہ ناظم حیدر آباد کا تھا، اختیار کی۔

چنانچہ ۱۱۳۷ھ گیارہ سو سینتیس ہجری میں، جب نواب نظام الملک آصف جاہ سے اور مبارز خاں سے میدان میں شکر کھیڑی کے، کہ سات کوس اورنگ آباد سے ہے، لڑائی ہوئی، تو قزلباش خاں بھی ساتھ تھا۔ مبارز خاں تو صیاد اجل کا نچیر ہوا، اور قزلباش خاں دام ہستی میں پھنس کر دستگیر ہوئے۔ بعد کئی دن کے ایک غزل نواب کی تعریف میں، اور اپنے عذر تقصیر میں لکھ کر بھجوائی۔ بندش اس غزل کی نواب آصف جاہ کو پسند آئی۔ تھوڑے ہی دنوں میں پھر تو ایسی موافقت آئی، اسی وقت بموجب حکم قید سے نجات ملی، اور جاگیر قدیم بدستور سابق بحال ہوئی، اور تھوڑے ہی دنوں میں پھر تو ایسی موافقت آئی کہ قلعہ داری منی مرک کی نواب نے عنایت فرمائی۔ یہ قلعہ ہے علاقہ میں کرناٹک کے، وہاں ہیرے کی کھان تھی۔ چنانچہ کشنا چوندی ہے، اس کے کنارے سے ہیرا نکال کے وہاں ترشتے ہیں۔ چند مدت اس معدن معانی نے ہیرے کی کھان کی داروغگی میں اوقات نہایت

آب و تاب سے بسر کی، اور اسی عرصہ میں رخصت حج اور زیارت کی لی۔ بعد حاصل کرنے سعادت زیارت کے جو آیا، تو نواب آصف جاہ کو ویسا ہی توجہ اور عنایت کے ساتھ پایا۔ جب کہ سنہ ۱۱۵۰ گیارہ سو پچاس ہجری میں نواب آصف جاہ حضور طلب ہوئے، اور شاہ جہان آباد آئے، تو قزلباش خاں بھی ہمراہ رکاب کے تھے۔ اس میں کچھ شورش مرہٹوں کی تنبیہ کے لئے مامور ہوئے، اور قزلباش خاں اس سفر میں فقط پاس رفاقت کر کے جاہ لی سے مجبور ہوئے۔

میر غلام علی آزاد تخلص، سرو آزاد جو اُن کا تذکرہ ہے، اُس میں لکھتے ہیں، کہ جس ایام میں نواب آصف جاہ کو بھوپال کے سفر کا اتفاق ہوا، تو فقیر بھی عازم حج کا تھا۔ اس قافلے کے پہنچنے کو عنایاتِ الٰہی سے سمجھ کر چلنا راہ کا اور اُترنا منزلوں کا باہم اختیار کیا۔ چنانچہ قزلباش خاں سے مکرر اور متواتر ملاقاتیں اس سفر میں ہوئیں۔ عجیب مجمع کمالات نظر آیا۔ باوصف ولایت زائی کے ہندی راگوں کے گانے اور سمجھنے میں نہایت طبع چست اور فہم درست رکھتا تھا، اور خوش اختلاطی اور رنگین مزاجی میں بھی کوئی مقام اس سے نہیں چھوٹتا تھا۔ یہ لطیفہ اس کی زبانی ہے کہ "ایک دن میں نے کچھ شکایت زمانے کی فوادی الفقار خاں بیٹے نواب اسد خاں، وزیر جو تھے، اُن کے سامنے کی، سُن کر فرمانے لگے کہ "سچ ہے دنیا کو اُمید کے ساتھ بسر کرتے ہیں"۔ میں نے عرض کی کہ "اگر دنیا کو اُمید کے ساتھ بسر کرتے ہیں تو افسوس ہے آپ مجھ بغیر دنیا کو بسر کرتے ہیں، کہ میرا تخلص "اُمید" ہے"۔ غرض جب نواب آصف جاہ بھوپال میں پہنچے، تو فوج نے مرہٹے کی شدتیں کیں، اور لڑائیاں مکرر ہوئیں۔ اس میں نادر شاہ کے آنے کا غلغلہ ہندوستان کی طرف ہوا۔ نواب آصف جاہ نے اس ایام میں لڑائی کا طول دینا مناسب نہ سمجھ کے، ساتھ دارو مدار کے مصلحتاً صلح کی، اور مع قزلباش خاں کے داخل شاہ جہان آباد میں ہوئے۔ آگے نادر شاہ کا آنا، اور دلی کا لوٹے جانا، مشہور ہے، یہاں کچھ بیان اس کا نہیں ضرور ہے۔ غرض جب والی ایران کا ایران کو گیا، اور شہر میں امن و امان ہوا، تو آصف جاہ حضور سے رخصت ہو کر پھر دکن کو سدھارے، اور قزلباش خاں نوکری

چھوڑ کر کمر کھول کر بیٹھ رہے، دلی کی محبت کے مارے چند روز اور بھی ساتھ عیش و نشاط کے دیکھا جلوہ دم اور قدم کا، آخر ۱۱۵۹ھ گیارہ سو اُنسٹھ ہجری میں سکتے کی بیماری سے لاچار کیا سفر ملک عدم کا۔ قریب آٹھ ہزار بیت کے زبان فارسی میں اس بلند طبع نے فکر کی ہے، اور ہندی میں گاہ گاہ بطور اختلاط کے کبھی کوئی غزل کہی ہے۔ یہ اشعار اُس ستودہ اطوار کے ہیں +

بانازِ حور و حُسنِ ملک، جلوۂ پری -
رفتم بہ پیش و گفتم "جانم فدائے تست"
ایسی نہ سیتا، اور نہ بھوانی نہ رادھکا
گفتم کہ "تیرے پانوں پڑم اور بلائیم"

بامن کی بیٹی ایک مری آنکھ میں کھڑی[۵۱]
غصہ کیا، وگالی دیا، اور دگر لڑی یعنی پھر
کرتار نے[۵۲] نہ ایسی کوئی دوسری گھڑی
گفتا کہ "ڈاڑھی[۵۳] جار مغل تجھ کو کیا پڑی"

گفتم "اُمیدِ وصل پہ ہم تیرے جیتا ہوں"
گفتا کہ "چل پرے دئی مارے تجھے مری"

یار بن گھر میں عجب صحبت ہے
دل ہمارا سے کرتا ہے رات
دردِ دل اس سے جو ہم نے نہ کہا
دہر میں پاسِ نفس لازم ہے

ولہ
در و دیوار سے اب صحبت ہے
غیر سے جو سرِ شب صحبت ہے
ایسی حاصل ہوئی کب صحبت ہے
شیشہ و سنگ یہ سب صحبت ہے

دستِ اغیار ہے زیرِ سرِ یار
آج اُمید کو ڈھب[۵۴] صحبت ہے

۵۱ اور تذکروں میں کھڑی کی بجائے "پڑی" ہے جو "در نظم افتاد" کا ترجمہ ہے ۱۲
۵۲ کرتار یعنی خدا ۱۲
۵۳ یعنی ریش سوختہ ۱۲
۵۴ یعنی کڈھب ۱۲

۵۔ آرزو

آرزو تخلص ہے، سراج الدین علی خاں نام، متوطن اکبرآباد کے۔ باپ کی طرف سے سلسلہ اس بزرگوار کا شیخ کمال الدین، بھانجے سے شیخ نصیر الدین کے، کہ چراغ دہلوی جنکا لقب تھا، ملتا ہے، اور ماں کی طرف سے شیخ فرید الدین عطار نیشاپوری کو پہنچتا ہے۔ چھوٹی عمر سے طبیعت اس بزرگ زادے کی پڑھنے لکھنے کی طرف مصروف تھی۔ چنانچہ چودھویں برس شعر کہنا شروع کیا، اور چوبیس برس کی عمر تک جتنی کتابیں درسی اور ضروری تھیں پڑھ چکا، فاضلوں سے عصر کے جس قدر کہ فائدہ چاہیئے تھا اُٹھایا اور مرتبہ کو استعداد کے نہایت بلندی کو پہنچایا۔ بعد تحصیل علم کے بادشاہی منصب داروں میں داخل ہو کر وطن سے دور رہوا، یعنی اوائلِ سلطنت میں محمد فرخ سیر کی گوالیر کی خدمتوں میں سے ایک خدمت کے ساتھ مامور ہوا۔ سنہ ۱۱۳۰ھ گیارہ سو تیس ہجری تھی کہ دارالخلافہ ہندوستان میں آیا، اور زور شور شاعری کا زباں دانوں کو وہاں کے دکھایا۔ چنانچہ ۱۱۴۷ھ گیارہ سو سینتالیس ہجری میں، کہ شیخ محمد علی حزیں علیہ الرحمۃ ایران سے شاہ جہان آباد میں تشریف لائے، تو اُس یگانۂ روزگار کی ملاقات کو شاہ و گدا سب آئے۔ سراج الدین علی خاں سے جس قدر اخلاق کہ مناسب اُن کے حال کے پایا شیخ نے ادا فرمایا۔ لیکن اس بزرگ زادے نے نسبت غرور کی شیخ کی طرف منسوب کی، اور ناحق اپنی طبیعت اُن سے مجوب کی۔ آزردہ خاطر وہاں سے گھر آئے اور دیوان شیخ کا دیکھ کر بہت سے شعر سقیم ٹھیرائے۔ چنانچہ وہ سب اعتراض جمع کر کے ایک رسالہ لکھا ہے، اور نام اُس کا "تنبیہ الغافلین" رکھا ہے[۱]۔ عوام کی طبیعت تو ان اعتراضوں سے البتہ تشویش میں پڑتی ہے، نہیں تو صاف نزاع معلوم

---

[۱] مولوی امام بخش صہبائی نے ایک رسالہ "قول فیصل" نام لکھا ہے، جس میں خان آرزو کے اکثر اعتراضات کے جواب دیئے ہیں ۱۲

ہوتی ہے، جب باریک بینوں کی نگاہ اُس سے جالڑتی ہے۔ غرض شاعر زبردست اور صاحب استعداد تھا، اکثر مضمون میں سے مضمون کو کرتا ایجاد تھا۔ لطیفہ گوئی اور ظرافت میں بہ شدت مشّاق، خوش طبعی اور رنگین مزاجی میں شہرۂ آفاق تھا۔ اگرچہ سررشتہ ملاقات کا ان کو ایک جہان سے تھا، لیکن توسّل امورات دنیا میں نواب اسحٰق خاں سے تھا۔ بعد خراب ہونے شاہجہان آباد کے نواب سالار جنگ کے ایما سے لکھنؤ میں آئے، لیکن فلک نیرنگ باز نے بیرنگی ہی کے رنگ دکھائے۔ چنانچہ لکھنؤ میں وصال ہوا ہے، اور لاش کو اُن کی، بموجب اُن کی وصیت کے، نواب سالار جنگ نے بعد سپردگی شاہجہان آباد کو بھجوا دیا ہے۔ بہت سی کتابیں اس ماہر فنون نے تالیف کی ہیں۔ اتنی تو نگاہ سے راقم عاصی کے بھی گزرے ہیں:۔ فن معانی میں ایک رسالہ لکھا ہے کہ نام اُس کا "موہبت عظمیٰ" ہے۔ اور فن بیان میں ایک رسالہ اس کی تصنیف سے مشہور "عطیہ کبریٰ" ہے۔ اور ایک فرہنگ لکھی ہے، کہ نام اُس کا "سراج اللغت" ہے، بطور برہان قاطع کے۔ اور سوائے اس کے حال کی اصطلاحات میں ایک نسخہ تالیف کیا ہے، کہ مشہور ہے "چراغ ہدایت" کر کے۔ شرح اسکندر نامہ کی اور قصائد عرفی کی لکھی ہے۔ اور گلستاں کی شرح، کہ نام اُس کا "خیابان" ہے، تالیف کی ہے۔ ایک تذکرہ[۵۲] فارسی گویوں کا نہایت لطیفوں کے ساتھ لکھا ہے۔ سوائے اس کے اور بھی بہت کچھ تحریر کیا ہے۔ ۱۱۶۹ھ گیارہ سو اُنہتر ہجری میں اس فراغ پڑھنے والے مدرسہ زندگی کے نے کتاب ہستی کو گردان کے اُستاد اجل سے درس فنا کا پڑھا۔ قریب تیس ہزار بیت کے زبان فارسی میں اس کو کہنے کا اتفاق ہوا ہے، اور ریختہ کا قصد گاہ گاہ بطریق تفنّن کے کیا ہے۔ یا شعار ہندی طبع زاد اُس کے مشہور ہیں ؎

میخانہ بیچ جا کر شیشے تمام توڑے		زاہد نے آج اپنے دل کے پھپھولے پھوڑے	
جان کچھ تجھ پر اعتماد نہیں	دلہ	زندگانی کا کیا بھروسا ہے	

[۵۱] یہ رسالہ چھپ گیا ہے ۱۲ [۵۲] اس تذکرے کا نام "مجمع النفائس" ہے ۱۲

آتا ہے صبح اُٹھ کے تیری برابری کو — وله — کیا دن لگے ہیں دیکھو خورشید خاوری کو
دل مارنے کا نسخہ پہنچا ہے عاشقوں تک — کیا کوئی جانتا ہے اس کیمیا گری کو
اس تند خو صنم سے ملنے لگا ہے جب سے — ہر کوئی مانتا ہے میری دلاوری کو
اپنی فسوں گری سے اب ہم تو ہار بیٹھے — بادِ صبا یہ کہنا اس دل ربا پری کو

اُب خواب میں ہم اُس کی صورت کو ہیں ترستے
اے آرزو ہوا کیا بختوں کی یاوری کو"

فلک نے رنج تیرِ آہ سے میرے زبس کھینچا — وله — لبوں تک دل سے شب نالے کو میں نے نیم رس کھینچا
مرے شوخِ خرابی کی کیفیت نہ کچھ پوچھو — بہارِ حُسن کو دی آب اُس نے جب چرس کھینچا
رہا جوش بہار اس فصل گریوں ہی تو بلبل نے — چمن میں دستِ گلچیں سے عجب رنج اس برس کھینچا
کہا یوں صاحبِ محفل نے سُن کر سوزِ مجنوں کا — "تکلف کیا جو نالہ بے اثر مثلِ جرس کھینچا

نزاکت رشتۂ اُلفت کی دیکھو سانس دشمن کی
خبردار آرزو نک گرم گر تا نفس کھینچا

۶ - آبرو

آبرو تخلص، شاہ نجم الدین نام، ساکن شاہ جہان آباد - اولاد میں شیخ محمد غوث گوالیری کے تھے - سراج الدین علی خاں آرزو کے رشتہ داران قریب میں - اور صاحب دیوان تھے زبان ریختہ کے - ترکیب میں بیشتر اشعار اُنہوں نے ابہام کے کہے ہیں، یعنی اکثر وہ الفاظ شعر میں لائے ہیں، کہ جن لفظوں کے دو معنی ہیں، اگرچہ بامعنی یا لایعنی - محمد شاہ فردوس آرام گاہ کے عہد سلطنت میں اُنہوں نے جہان فانی سے رحلت کی ہے - ان شعروں نے آبرو ان کے دیوان کو دی ہے +

خوبرویوں کے ہواخق میں یہ تب کرنا دوا - — تیر کی جائی رہی چھاتی کی اور اچھی صفا

کیا سبب تیرے بدن کے گرم ہونے کا سجن
عاشقوں میں کون جلتا تھا گلے کس کے لگا

تو گلے کس کے لگی، لیکن کسی بے رحم نے
گرم دیکھا ہوگا تجھ کو بیچ میں آنکھوں کے لا

آہِ سرد اور چشمِ تر عاشق کی سے وسواس کر
بدبہت ہے مختلف جس وقت ہو آب و ہوا

دل مرا تعویذ کر تو لے کے اپنے پاس رکھ
تو طفیلِ حضرتِ عاشق تجھے ہووے شفا

ترش رویٔ چھوڑ دے اور تلخ گویٔ ترک کر
اور کھانا جو کہ ہو خوش کاتری[۵۱] سو کر غذا

بو علی ہے نبض دانی میں بتاں کے آبرو
کیوں نہ ہووے عاشقی میں اس کا نسخہ کیمیا

بوسہ لبوں کا دینے کہا، کہہ کے پھر گیا | ولہ | پیالہ بھرا شراب کا افسوس گر گیا

قول آبرو کا تھا کہ "نہ جاؤں گا اس گلی"
ہو کر کے بے قرار دیکھو[۵۲] آج پھر گیا

وعدے تھے سب خلاف جو اس لب سے ہم ستی | ولہ | کیا لعل قیمتی دیکھو جھوٹا نکل گیا

یہ سبز اگر ہے آب رواں اور ابر ہے گہرا | ولہ | دوانا نہیں[۵۳] کہ میں گھر میں رہوں گا چھوڑ کر صحرا

چوپڑ[۵۴] کے کھیلنے کا سارا یہ ہے خلاصہ | ولہ | شاید کبھو وہ سر کا بیٹھے ہمارے پاس آ۔

تم اور گلرخوں سے اب آنکھ جو لگائے
بادام کو پیارے پھولوں کے بیچ با سا

پی کر شراب جو تم ہم کو ڈراوتے ہو
کیا شوق کو ہمارے جانا ہے اور کا سا

جھپٹ آیا میں رقیبوں کو گویا مار دیا | ولہ | یار نے اپنے گلے کا مجھے جب ہار دیا

رستے کو بھی[۵۵] اس طرح کے لالچی کو کب تلک بھلا | ولہ | چلی جاتی ہے فرمایش کبھی یہ لا کبھی وہ لا

میرے پیارے سے قاصد اپنے دل کی بات جا کہنا | ولہ | کہ جانے سے تمہارے جان کو مشکل ہے اب رہنا

۵۱ "خوش کاتری" یعنی "تیری مرضی کا"۔ "خشکہ" کا ابہام بھی مقصود ہے ۱۲ ۵۲ "دیکھو" کو "دیکھو" پڑھنا چاہئے، ورنہ مصرعہ ناموزوں ہوگا ۱۲ ۵۳ "نہیں" کو "نہ" کے لہجہ میں پڑھنا چاہئے ۱۲ ۵۴ یعنی چوپڑ کھیلنے سے سارا مقصد یہ ہے ۱۲
۵۵ قدما "کوئی" کو "کئی" کے لہجہ میں ادا کرتے تھے، یہاں بھی اسی طرح پڑھنا چاہئے ورنہ مصرعہ ناموزوں ہوگا ۔

نہیں محتاج زیور کا جسے خوبی خدا دیوے	ولہ	کہ اس کو بدنما لگتا ہے جیسے چاند کو گہنا
سیج اوپر غیر کی رہتا ہے اب لوٹا ہوا	ولہ	زر کے لالچ اس قدر وہ سیم تن کھوٹا ہوا
جو لونڈا[1] نام سن امرد پرستی کا چڑھے چونکے	ولہ	میں اس کو بیچ دے باتوں میں لگ جاتا ہوں جوں لاسا
عاشقوں میں جس کسی کا یار ہو راضی مرا	ولہ	وہ مرا دشمن ہے لیکن چاہتا ہے جی مرا
جس طرح سے اے نامہ بر آیا ہے چلا جا	ولہ	جا کر کے یہ کہہ کل نہیں آیا ہے تو آجا
فرہاد کا دل کوہ کے کاہے کا پیالا ہوا	ولہ	مستی سے جس کی شوق کی ہر سنگ متوالا ہوا
کچھ ٹھہرتی نہیں کہ کیا ہوگی	ولہ	اس دل بے قرار کی صورت
زندگی ہے سراب کی سی طرح	ولہ	باؤ بندی حباب کی سی طرح
کون چاہے گا گھر بسے تجھ کو		مجھ سے خانہ خراب کی سی طرح
آبرو کے قتل کو حاضر ہوا کس کر کمر	ولہ	خون کرنے کو چلا عاشق پہ تہمت باندھ کر
جس وقت زخم تیر کا لگتا ہے غیر کے تئیں	ولہ	اس وقت جان سیتی جاتے ہیں جان ہم
دھمکاؤتے ہیں ہم کو کمر باندھ باندھ کر	ولہ	کھولے ابھی تو جاوے میاں کانکل بھرم
کن نے آ باغ میں حیران کیا نرگس کو	ولہ	نہیں معلوم کہ یہ دیکھ رہی ہے کس کو
کہتا ہوں میں پکار، سنو کان دھر سجن	ولہ	جو اور سے ملوگے تو دیکھو گے ہم نہیں
ہر گز ترے لبوں کی سرخی کے تئیں نہ پہنچیں	ولہ	ہر چند سعی کر کر یاقوت و لعل مر جائیں
اک عرض سب سے چھپ کر کرنی ہے ہم کو تم سے		راضی ہو گر کہو تو خلوت میں آ کے کر جائیں
ٹک چلنا سجن کا بھولتا مجھ کو نہیں اب تک	ولہ	طرح وہ پانوں رکھنے کی مری آنکھوں میں پھرتی ہے
زلف کے عقدے کھلے اب اور بھی مشکل ہوئی	ولہ	دل کے اوپر یہ نئے سر سے بلا نازل ہوئی
میاں[2] کے لوگ کہتے ہیں کمر ہے	ولہ	کہاں ہے کس طرح کی ہے کدھر ہے
دل کب آوارگی کو بھولا ہے		خاک گر ہو گیا بگولا ہے

[1] اس شعر سے اس زمانے کی اخلاقی حالت ظاہر ہوتی ہے ۱۲ [2] یہی شعر بہ ادنی تغیر جرأت کی طرف منسوب ہے ۱۲

پھرتے ہی پھرتے دشت دیوانے کدھر گئے	ولہ	وے عاشقی کے ہائے زمانے کدھر گئے	
مژگاں تو تیز تر ہے ولیکن جگر کہاں		ترکش تو ہیں بھرے یہ نشانے کدھر گئے	
نازک تنی پہ اتنے مغرور ہو رہے ہو	ولہ	موسی کمر نہیں تو فرعون کر رکھا ہے	
اُٹھ جیت کہوں جنوں ستی خاطر نچنت کی (یعنی ہوشیار ہو)	ولہ	اے کچھ بہار تجھ کو خبر ہے بسنت کی	

۷۔ احسن

احسن تخلص، میرزا احسن نام، جوان نیک خصلت ہے۔ ابتدا میں میر رضا سے اتفاق اصلاح کا ان کو ہوا ہے۔ بعد اس کے میرزا محمد رفیع السودا سے مشورا سخن کا کیا ہے ریختہ ان کا خالی کیفیت سے نہیں ہے، اور بندش شعر کی صاف اور شیریں ہے۔ فی الجملہ غربت بھی رکھتے ہیں، اور نستعلیق وغیرہ اکثر اکثر خطوط بھلے چنگے لکھتے ہیں۔ ابتدا میں وزیر الممالک نواب شجاع الدولہ مرحوم کی سرکار میں سررشتہ ملازمت کا رکھتے تھے، بالفعل کہ سنہ ۱۲۱۵ بارہ سو پندرہ ہجری ہیں، ایک مدت سے نواب سرفراز الدولہ میرزا احسن رضا خاں بہادر کی رفاقت میں ایام زندگانی کے بسر کرتے ہیں۔ لکھنؤ میں بود و باش ہے۔ اور یہ ان کا منتخب تلاش ہے ؎

ہجر میں کیوں کر نہ ہووے آہ و زاری بیشتر		ہے قرار اس دل میں کم اور بیقراری بیشتر	
کیوں تفکر دین و دنیا دل ہمارا بھول جائے		یاد رہتی ہے ہمیں پیارے تمہاری بیشتر	
پیشتر تھی ہم کو اُس سے دوستی اک طرح کی		اب تو بتلا دے ہے تلوار و کٹاری بیشتر	
روز ہجراں ہی میں تنہا کچھ نہیں روتے ہیں ہم		وصل کی راتیں کٹیں یوں ہی ہماری بیشتر	
بن کے خاک اب اُس کے کوچے سے بھلا کیونکر اُٹھے			
ہے مزاج اپنے میں احسن خاکساری بیشتر			

نہ نالہ ہے دل میں، نہ آہ حزیں ہے		کوئی دم ہے یاں، سو دم واپسیں ہے	
گئے دن جو آنکھوں سے بہتے تھے دریا		ادھر دیکھ لو، خشک اب آستیں ہے	

گیا دل جو کوچہ میں چین جبیں کے — نہ پھر وہاں سے نکلا عجب سرزمیں ہے
قدم رکھ نہ اپنا مرے دل سے باہر — کہا مان میرا، یہ گھر دل نشین ہے

نہ کھینچ آسماں پر سر اپنا تو احسن
سمجھ آخرش سب کا مدفن زمیں ہے

یارو وہ صنم کیوں نہ کرے کام خدا کا — ولہ — رام اُس کا خدا ہے وہ نہیں رام خدا کا
سر اپنے کو جیوں لے گئے ہم اُس کے قدم تک — ولہ — پہنچا دیا ٹھوکر میں وہیں ملک عدم تک
سجدہ گہ ہے خاک احسن اب تو سارے خلق کی — ولہ — جان دی تھی اُس نے کس کی حسرتِ پابوس میں

دل ہو دیدا سے یا یوس تو مسرور نہ ہو — ولہ — چشم میں روشنیِ طور سے بھی نور نہ ہو
بزم میں اُس کی جو ہوتی ہے کبھی سرگوشی — دل دھڑکتا ہے کہ میرا کہیں مذکور نہ ہو
ہے مجھ میں رمق، دیدہ تجھے تانگراں ہے — ولہ — جیوں شمع مرا تار نگہ رشتۂ جاں ہے
محرم ہم ہوں، محرمِ اسرار ہو کوئی — ولہ — خلوت میں ہو کوئی، پسِ دیوار ہو کوئی
راتوں کو اُس کے کوچہ میں جاتا تو ہوں ولے — دھڑکے ہے دل پڑا کہ نہ بیدار ہو کوئی
پہنچی جس وقت مجھے اس کی خبر آنے کی — ولہ — سدھ رہی مجھ کو نہ اپنے کی نہ بیگانے کی
تم تو دل مانگو ہو، یاں جان تلک حاضر ہے — بات یہ بھی ہے کوئی آپ کے فرمانے کی

۸۔ الہام

الہام تخلص، شیخ شرف الدین نام، لکھنؤ کے شیخ زادوں میں سے ہیں۔ صغر سن سے دیکھتا ہوں ان کو، اسباب دنیا سے قانع بہ یک چادر ہیں، اور سر و پا برہنہ بیٹھے رہتے خاک پر ہیں۔ زود گوئی کی مشق اس مرد کو حد سے افزود ہے، یہاں تلک کہ ایک مصرع نہیں لکھا جاتا کہ دوسرا موجود ہے۔ اسی طرح سو سو بیت تک ایک دریا جوش مارتا چلا جاتا ہے، لیکن اس زود گوئی کے باعث سے اکثر کلام ان کا گفتگو میں بھی آتا ہے۔ دو دیوان فارسی زبان میں

رکھتے ہیں، اور ہندی میں بھی اکثر کچھ کہتے ہیں۔ آگے ملول تخلص کرتے تھے، اب تخلص الہام ہے۔ بیشتر اہل لکھنؤ کو، شاگردی کے سوائے، ان سے اعتقاد تمام ہے۔ یہ غزل ان کی جو لکھی جاتی ہے، البتہ ایک عالم کو اضطرارِ دل کا دکھاتی ہے ✦

دیکھا نہ ہو جس نے کبھو سیماب کا عالم		آ دیکھے وہ میرے دلِ بیتاب کا عالم
اے ابرِ ثمرہ ناصحوں کی ضد سے تو یکبار		سب ارض و سما آوے نظر آب کا عالم
یاقوت کی رنگت پہ کبھی آنکھ نہ جاوے		دکھلاؤں اگر چشم کے خوناب کا عالم
کل پرتوِ حسنِ رخِ دلدار کے آگے		پھیکا نظر آیا ہمیں مہتاب کا عالم

مانی ترا واللہ[1]		ہو بندا
کھینچے تو اگر دل کے تپ و تاب کا عالم		

اری بیکسی تیرے قربان ہوں		ولہ	برے وقت میں ایک تو رہ گئی

۹- اثر

اثر تخلص، میر محمد نام، شاہجہان آبادی۔ چھوٹے بھائی تھے خواجہ میر درد مرحوم کے، واقف تھے فن تصوف سے، اور آگاہ تھے علم معرفت سے۔ بطور درویشان صاحب معنی کے گوشہ نشینی اختیار کی تھی، اور درد و اثر کے ساتھ نہایت طبیعت ہموار کی تھی۔ بھائی سے اپنے انہوں نے کسب کمالوں کا کیا ہے، سچ تو یہ ہے کلام ان کا چاشنی سے درد و اثر کی آشنا ہے۔ ایک مثنوی بہت طولانی بیانِ عشق میں ان کی تصنیف سے ہے، اگرچہ انتخاب اس کا لکھا گیا بہت تخفیف سے ہے ✦

آہ کے ساتھ جی نکل نہ گیا			آہ اے آہ یہ خلل نہ گیا
میرے تئیں تو کام نہ تھا کچھ بتوں سے آہ		ولہ	پر دل کے ساتھ مفت میں بدنام ہو گیا

[1] اصل نسخہ میں سادہ جگہ چھوڑ دی ہے غالباً "یہ الہام" کا لفظ تھا ۱۲

بس ہو یارب یہ امتحاں کہیں — ولہ — یا نکل جائے اب یہ جاں کہیں
وائے غفلت! کہ ایک ہی دم میں — میں کہیں، اور کاروان کہیں
بے وفا تجھ سے اب گلا ہی نہیں — ولہ — تو تو گویا کہ آشنا ہی نہیں
یا خدا پاس، یا بتاں کے پاس — دل کبھی اپنا یاں رہا ہی نہیں
دل سے جو چاہئے سو باندھئے بات — میں نے واللہ کچھ کہا ہی نہیں
تجھ سوا کوئی جلوہ گر ہی نہیں — ولہ — پر ہمیں آہ کچھ خبر ہی نہیں
دردِ دل چھوڑ جائیے، سو کہاں؟ — اپنے باہر تو یہاں گذر ہی نہیں
حال میرا نہ پوچھئے مجھ سے — بات میری تو معتبر ہی نہیں

کر دیا کچھ سے کچھ ترے غم نے
اب جو دیکھا تو وہ اثرؔ ہی نہیں

کیا کیجے اختیار نہیں دل کی چاہ ہیں — ولہ — ہیں سب وگرنہ یہ تری باتیں نگاہ ہیں
ہم ہیں بیدل، دل اپنے پاس نہیں — ولہ — آہ اس کا بھی تجھ کو پاس نہیں
پوچھ مت حالِ دل مرا مجھ سے — مضطرب ہوں مجھے حواس نہیں
بے وفا تیری کچھ نہیں تقصیر — مجھ کو میری وفا ہی راس نہیں

یوں خدا کی خدائی برحق ہے
پر اثرؔ کی تو ہم کو آس نہیں

میں کہاں تو کہاں، یہ کہتے ہیں — ولہ — کہ یہ آپس میں دونوں رہتے ہیں
جو سزا دیجے، ہے بجا، مجھ کو — ولہ — تم سے کرنی نہ تھی وفا مجھ کو

وہی میں ہوں اثرؔ وہی دل ہے
اب خدا جانے کیا ہوا مجھ کو

ایک تنہا خاطر محزوں، جسے آزار سو — ولہ — ایک مجھ بیمار سے وابستہ ہیں آزار سو

کچھ ان روزوں دل اپنا سخت بے آرام رہتا ہے — ولہ — اسی حالت میں لیکر صبح سے تا شام رہتا ہے
بیاں میں کیا کروں اب اس سے آگے اپنی ناکامی — ترے یہ طور، اور مجھ کو تجھی سے کام رہتا ہے

اثر کیجئے کیا، کدھر جائیے — ولہ — مگر آپ ہی سے گذر جائیے
کبھو دوستی اور کبھو دشمنی — تری کون سی بات پر جائیے

صرفِ غم ہم نے زندگانی کی — ولہ — واہ کیا خوب زندگانی کی!

ناک تیری عجب سجیلی ہے — ولہ — پتلی اور اونچی اور نکیلی ہے
ناک[1] ہے، یا کہ ایک توتا ہے — ولہ — چونچ اب شہد میں ڈبوتا ہے

نخچے ایسے ترے پھڑکتے ہیں — جانور وحشی جیوں پھڑکتے ہیں
ذائقہ میں تو جیسے یہ لب ہیں — شہد و شربت جو کچھ کہو سب ہیں
دانت جب مجھکو یاد آتے ہیں — دل کلیجا سبھی چباتے ہیں
دیکھ کر آنکھیں آبدار کو یہاں — لوٹ جاتا ہے گوہرِ غلطاں
گر کبھو اس کے جی میں آوے ہے — مسی دو انگلیاں لگاوے ہے
دانت پھر یوں چمکتے ہیں سارے — رات اندھیری میں جیسے ہوں تارے
جب خیال آبندھے ہے گردن کا — یہاں ڈھلک جائے ہے مرا منکا
گو کہ شفاف ہے تنِ مینا — یہاں تو جھکتی ہے گردنِ مینا
کیوں نہ کھینچے وہ سب سے آپ کو دور — جس میں ایسا بھرا ہوا ہو غرور
دھیان میں جب وہ بازو آتے ہیں — ہاتھ پاؤں اپنے پھول جاتے ہیں

کیا خوش آیند یہ کلائی ہے
اس کو دل لینے کی کل آئی ہے

[1] مولوی حالی صاحب نے اپنے دیوان کے مقدمہ میں لکھنو کی شاعری میں صرف نواب مرزا شوق کی مثنویوں کا اعتراف کیا ہے، لیکن چونکہ ان کے نزدیک شعرائے لکھنو سے ایسی فصاحت اور سلاست کی توقع نہیں ہو سکتی، اس لئے اس کی وجہ یہ قرار دی کہ نواب مرزا نے خواجہ میر اثر کی مثنوی دیکھی تھی، اور اس کا طرز اڑایا تھا۔ یہ اشعار اسی مثنوی کے ہیں۔ اس کا فیصلہ خود ناظرین کر سکتے ہیں کہ یہ مثنوی نواب مرزا کا ماخذ اور نمونہ ہو سکتی ہے ۱۲

۱۰- الم

الم تخلص، صاحب میر نام، شاہ جہان آبادی۔ خلف الصدق خواجہ میر درد مرحوم کے۔ درویش صاحب حقیقت اور پہچاننے والے رموز معرفت کے ہیں۔ سنہ ۱۱۹۴ گیارہ سو چورانوے ہجری میں رونق بخش بلدۂ مرشد آباد کے ہوئے تھے، اور دوستی سے راجہ دولہ رام کی چند مدت اس شہر میں رہے تھے۔ بالفعل کہ سنہ ۱۲۱۵ ہجری ہیں، شاہ جہان آباد میں توکل اور قناعت کے ساتھ اوقات شریف کو بسر کرتے ہیں۔ یہ اشعار ان کے نتائج افکار سے ہیں ؛

دھمکاتے ہیں بس مجھ کو فقط آپ اکڑ کر
بانکے ہو تو مونڈھا چلو مونڈھے سے رگڑ کر

ہنگام فغاں تھا خس و پنبہ قفس و دام
تار رگ گل نے ہے رکھا ہم کو جکڑ کر

جب نام خدا دور سے وہ جلوہ نما ہو
مرجائیں صفوں کی صفیں حیرت سے بچھڑ کر

مندیل کا توپیچ اٹھا بیٹھے گا اے شیخ
چھٹ اس کے نہ کچھ پادیگا رندوں سے جھگڑ کر

آجاتا ہے ذکھ درد بھلانے کو الم یہاں
کیا اس سے مزا تم ہو اٹھاتے بھلا لڑ کر

رباعی

نہ دل کو قرار بے قراری کے سبب
نہ چشم کو خواب اشک باری کے سبب
واقف نہ تھے ہم تو ان بلاؤں سے کبھو
جو کچھ دیکھا سو تیری یاری کے سبب

۱۱- اشتیاق

اشتیاق تخلص، شاہ ولی اللہ نام، متوطن سرہند کے۔ اس رونق بخش دین احمدی کا سلسلۂ ارادت شیخ احمد کو، کہ مجدد الف ثانی جن کا لقب تھا، پہنچتا ہے۔ علی ابراہیم خاں مرحوم نے شاہ محمد گل کو جد ان کا لکھا ہے، لیکن راقم حقیر کے گوش زد یہ مضمون نہیں ہوا ہے۔ فی الحقیقت مرتبہ علم کا اس عالی جناب کے نہایت بلند تھا خصوص علم حدیث اور تفسیر میں بہت

بڑی دستگاہ رکھتے تھے، یہاں تک کہ اسم گرامی اس برگزیدۂ روزگار کا زبانِ خلائق پر آج کے دن تک شاہ ولی اللہ محدث کر کے جاری ہے۔ اکثر کتابیں تصنیف اس بحرِ علم کی مشہور ہیں چنانچہ دو نسخے کہ ایک کا نام "قرۃ العین فی ابطال شہادۃ الحسنین" ہے، اور دوسرے کا نام "جنت العالیہ فی مناقب المعاویہ"[1] کہتے ہیں تصنیفات سے اس محی الدین کی یادگار صفحہ روزگار پر ہیں۔ والد ماجد ہیں یہ اُس رونق بخش کشور قناعت کے، کہ جس کا نام نامی مولوی عبدالعزیز ہے۔ آج کے دن تک قدمِ توکل گاڑے ہوئے شاہ جہان آباد میں بیٹھے ہیں، باوصفیکہ تفضل حسین خاں مرحوم نے موجب ایما صاحبانِ عالی شان کے مدرسہ قدیم کی مدرسی کے واسطے تحریک اس مرکز دائرۂ قناعت کی چاہی، لیکن اس قطبِ آسمانِ ملت و دین نے مطلقاً حرکت جگہ سے نہ فرمائی۔ اس فاروق زماں کی بھی تالیف سے ایک کتاب ہے، کہ نام اس کا "تحفۂ اثنیٰ عشریہ" ہے، اور دوسرا نام "رد روافض" شاید کہتے ہیں۔ سچ تو یہ ہے دیکھے سے اس کتاب کے استعداد اس بزرگ زادے کی معلوم ہوتی ہے، کہ کیا دریا فصاحت کا بہایا ہے۔ کیوں نہ ہو آخر کیسے باپ کا بیٹا ہے۔ فی الواقعہ کہ عالی مقداروں کے عالی مقدار ہی ہوتے ہیں، اور نابکاروں کے نابکار، بقول ایک شاعر کے ؎

شیر کے بچے میں غرش شیر سے افزود ہے	بھونک میں کتے کی بلی کی سگی موجود ہے[2]

الغرض وہ جامع جمیع علوم یعنی شاہ ولی اللہ مرحوم حین حیات میں اپنی کوٹلہ میں فیروز شاہ کے تشریف رکھتے تھے۔ اوقات شریف کو بطور درویشان اہل معنی کے بسر کرتے تھے۔ اشعار فارسی کے فرمانے کا اتفاق کمتر ہوتا تھا، اور زبان ریختہ کا مشغلہ اکثر۔ یہ اشعار خلاصۂ افکار اُس حقیقت آگاہ کے ہیں ؎

---

[1] دونوں نام غلط ہیں۔ پہلی کتاب تفضیل شیخین میں ہے۔ شہادت امام حسین علیہ السلام کی ابطال سے خلا نخواستہ اس کو کوئی تعلق نہیں۔ اور دوسری کتاب تو بالکل فرضی ہے۔ معاویہ کے مناقب میں ان کی کوئی کتاب نہیں ۱۲

[2] شاہ ولی اللہ صاحب اور شاہ عبدالعزیز صاحب، دونوں کی مصنف نے ہجو لکھی ہے، اور اس شعر نے تو صاف پردہ اُٹھا دیا ہے ۱۲

خیال دل کو ہے اُس گل سے آشنائی کا
نہیں صبا کو ہے دعویٰ جہاں رسائی کا

کہیں وہ کثرتِ عشاق سے گھمنڈ میں آ
ڈروں ہوں میں کہ نہ دعویٰ کرے خدائی کا

مجھے تو ڈھونڈ[1] کے تھا زاہد پر اک نگاہ سے آج
غرور کیا ہوا وہ تیری پارسائی کا

جہاں میں دل نہ لگانے کا لیوے پھر کوئی نام
بیان کروں میں اگر تیری بے وفائی کا

نہ چھوڑا مار بھی کھا کر گذر گلی کا تری ۔
رقیب کو مرے دعویٰ ہے بے حیائی کا

نہیں خیال میں لاتے وہ سلطنت جم کی
غرور ہے جنہیں در کی تری گدائی کا

جفائے یار سے مت اشتیاق پھیر کے مُنہ
خیال کیجو کہیں اور جبہہ سائی کا

لڑکوں کے پتھروں سے لگے کیونکہ اُسکو چوٹ — ولہ — پر ایک کر دیا ہے یہ مجنون کو دھول کوٹ
چھوڑ کر تجھ کو ہمیں غیر سے جو لاگ لگی — ولہ — نہیں مہندی یہ ترے تلوؤں سے ہے آگ لگی
دو بالا ہو کے مخموری عبث آنکھوں کو ملتا ہے — ولہ — پیالہ اور بھی پی پی سجن یہ دور چلتا ہے

۱۲- انشا

انشا تخلص، میر انشاء اللہ خاں نام، بیٹے ہیں حکیم میر ماشاء اللہ خاں کے، مصدر جن کا تخلص تھا عجب شخص خوش اختلاط اور صاحب استعداد ہے۔ سوائے قصیدوں کے مثنویاں زبان عربی میں اُنہوں نے نظم کی ہیں، اور ترکی کی غزلیں بھی ان کی خالی کیفیت سے نہیں ہیں۔ زبان فارسی میں صاحب دیوان ہیں۔ کشمیری اور مارواڑی کے سولے اور بھی بہت سی بولیوں کے زبان دان ہیں۔ سال گذشتہ اُنہوں نے ایک قصیدہ زبان ریختہ میں غیر منقوط، یعنی جن کے اشعار میں کوئی حرف صاحب نقطہ نہیں ہے، نواب عماد الملک کی مدح میں لکھ کر کالپی بھجوایا، اور صلے میں اس کے انعام تحسین اور آفرین کا بہت

[1] یعنی طعنہ دیتا تھا ۱۲

سا پایا۔ بالفعل کہ ۱۲۱۵ھ ہجری ہیں، مرشد زادۂ آفاق مرزا سلیمان شکوہ کے سایہ عاطفت میں لکھنؤ کے اندر اوقات ساتھ قناعت اور شکستہ پائی کے بسر کرتے ہیں۔ دیوان انکا زبان ریختہ میں مشہور ہے، اور کلام ان کا ظرافت اور خوش اختلاطی سے معمور۔ یہ اشعار ان کے نتائج افکار سے ہیں ✦

تم جو کہتے ہو، "مجھے تو نے بہت رسوا کیا"
کیا گنہ، کیا جرم، کیا تقصیر ہیں نے کیا کیا

واسطہ، باعث، سبب، موجب، جہت، کچھ بات بھی
رازدہ کم بخت کیا تھا، میں نے جو افشا کیا

کیا کہا؟ کن نے کہا؟ کس سے کہا؟ کب؟ کس گھڑی؟
کس جگہ؟ کس وقت؟ کس دم؟ آپ کا چرچا کیا

کچھ پتا بھی؟ نام اس کا؟ شکل کیسی؟ وضع کیا؟
جس کسی نے آن کر مذکور اس ڈھب کا کیا

گبر ہے وہ؟ یا مسلمان؟ یا نصارا؟ یا جہود؟
اس طرح کا تذکرہ جس شخص نے میرا کیا

شیخ ہے وہ؟ یا مغل ہے؟ یا کہ سید؟ یا پٹھان؟
مونچھ ڈاڑھی ہے؟ کہ مولا نے اسے کھو سا کیا؟

ہے جواں سا؟ یا وہ امرد؟ یا کہ بوڑھا؟ یا ادھیڑ؟
مرد ہے؟ یا حق تعالے نے اُسے خنثا کیا؟

نوکری پیشوں میں ہے؟ یا اہل حرفہ وہ عزیز؟
کون ہے جس نے اجی جا سے تمہیں بیجا کیا؟

کس محلہ میں رہے ہے؟ ہے کہاں کا وہ خبیث؟
کوئی شیطاں ہوئے گا جس نے کہ ذکر ایسا کیا

کذب، بہتاں، افترا، طوفاں، غلط، بالکل دروغ
میں تمہارا نام لے لے کب بھلا رویا کیا

مرحبا، شاباش، اے رحمت خدا کی، آفریں
میرے حق میں تم نے باور اور کا کہنا کیا

چودھویں تاریخ اک ابرِ تنک ساتھا جو رات
صحنِ گلشن میں عجائب سیر میں دیکھا کیا

جھلملی سی چادرِ مہتاب، اوپر برق کا
وہ دوپٹا بادلے کا سا جو لہرایا کیا

یوں لگا معلوم ہونے، ہیں یہ دو پریاں بہم
ایک نے گویا کہ سایا دوسری پر آ کیا

بوئے گل بولی کہ "آج آپس میں بدلی اوڑھنی
چاندنی بائی نے بی خیلا سے بہنا پایا کیا"

خود بدولت تو نہ آئے، اور انشا رات بھر
آپ بن رویا کیا، لوٹا کیا، تڑپا کیا

گالی سہی، اداسہی، چینِ جبیں سہی — ولہ — یہ سب سہی، پر ایک نہیں کی نہیں سہی
گر نازنیں کے کہنے سے مانا ہو کچھ بُرا — میری طرف کو دیکھئے! میں نازنیں سہی
آگے بڑھے جو جاتے ہو کیوں کون ہے یہاں — جو بات تجھ کو کہنی ہے مجھ سے یہیں سہی

منظور دوستی جو تمہیں ہے ہر ایک سے
اچھا تو کیا مضائقہ! انشا سے کیں سہی

بندہ اُسے جب نظر پڑا ہے — ولہ — بولا ہے "چل اُٹھ، کدھر پڑا ہے"

ہوئے ہیں خاک سرِ راہ اُس کے ہم انشا
بڑا غضب ہے جو یہ بھی فلک نہ دیکھ سکے

۱۳- امانی

امانی تخلص، میر امانی نام، خلف ہیں یہ خواجہ آتشی کے، جن کا مذکور اوپر ہوا ہے۔ ۱۱۸۱ھ گیارہ سو ایکاسی ہجری میں وارد مرشد آباد کے ہوئے تھے، اور جناب سید الشہدا کی تعزیہ داری کا شغل ہمیشہ رکھتے تھے۔ مرثیۂ ہندی اپنے کہے ہوئے اکثر ممبر پر کھڑے ہو کر پڑھتے، اور مؤمنین کے تئیں سعادتِ گریہ کی دولت سے داخل ثواب کرتے۔ ایک شب جناب سید الشہدا علیہ السلام کی عین تعزیہ داری میں، کہ ۱۱۸۷ھ گیارہ سو ستاسی ہجری تھے، بیہوش ہو کر سیر کرنے والے روضۂ رضوان کے ہوئے۔ حق سبحانہ تعالیٰ مغفرت کرے عجب مرد خوش اعتقاد اور دیندار تھا۔ نشۂ محبت میں اہل بیت نبوی کے سرشار تھا۔ یہ اشعار یادگار اُس نکو کردار کے ہیں ؎

اُس کے کوچہ سے جو غبار اُٹھا — کون ساواں سے خاکسار اُٹھا
عندلیبو بساط صحرا — باغ سے موسمِ بہار اُٹھا
ہچکیاں لے گلا بیاں روئیں — بزم سے جب وہ مے گسار اُٹھا

عزمِ رخصت ہوا جب ہی اُس کا — میرے دل سے وہیں قرار اُٹھا
نہیں جو قدرِ اشک، عالم سے — موتیوں کا مگر وقار اُٹھا
شمع سے سوز امانی پوچھا تیرا — اک دھواں اسکے دل سے یار اُٹھا

راہ تکتے تکتے آخر جیسے آیا تنگ دل — ولہ — آنکھیں تو پتھرا گئیں، پر وہ نہ آیا سنگدل
ہو چکا ہے غم سے خوں، اب جلد بہ جائے کہیں — خوف ہے یارب! نہ بدلے اور بھی کچھ رنگ دل
قدر جان اس کی کہ اک عالم سے یہ بیگانہ ہو — گر رہا ہے تیرِ در پر کھو کے نام و ننگ دل
فندقِ پاکس کی دیکھی آہ! جسکے غم سے آج — قطرۂ خوں ہو بنا رشکِ گلِ اورنگ دل
اپنی آنکھوں آگے کو اس کی گلی میں ہے پڑا — پر امانی آپ سے ہے سیکڑوں فرسنگ دل
گھیرا ہے مجھے غم نے عجب حال ہے جی کا — ولہ — اے نالۂ دل! وقت ہے فریاد رسی کا
سینہ میں جدھر رو ہو ترا پھونک دے اے آہ — ٹک دل سے خبردار! کہ یہ گھر ہے کسی کا

اُس کے کوچہ سے صبا آج اس طرف آئی نہیں — ولہ — دیر ہوئی وہاں مقیموں کی خبر پائی نہیں
وائے اپنی اس بصارت پر، کہ ہر ذرہ میں آہ! — جلوہ گر ہے آفتاب، اور تاب بینائی نہیں
کونسا دن ہے کہ مجھ کو یاد تو آتا نہیں — ولہ — کونسا دم ہے، کہ آنکھوں بیچ پھر جاتا نہیں
عشق میں کس کے امانی مبتلا ہے، جس بغیر — تجھ کو نظارہ گلوں کا ان دنوں بھاتا نہیں
چمن سب لہلہاتے ہیں پڑے، بادل برستے ہیں — ولہ — شتاب آ! ساقیا! ہم بادہ نوشی کو ترستے ہیں
زمانہ جائے عبرت ہے، چمن کا حال چل دیکھو — تجمل جن گلوں کا کل تھا سو دے آج جھڑتے ہیں
مساوی جانو خوش طالعی و کو نصیبی کو — امانی! منعم و مفلوک سب کے دن گذرتے ہیں
امانی تو ہوا تیغ تغافل ہی ستی بسمل — ولہ — بھلا بتلائے کس پر کمر اب آپ کستے ہیں
ہم ترا نزع تلک جور سہے جاتے ہیں — ولہ — یاد آویں گے بہت اتنا کہے جاتے ہیں
لے گیا کون مری تاب و تواں کو یک لخت — کہ سب ہی عضو میرے آج ڈھے جاتے ہیں
وائے واماندگی اپنی کہ یہ آنکھوں آگے — کارواں رو میں ہے، ہم پیچھے رہے جاتے ہیں

اثر ہو سنگ میں کیا، کیوں کہ ان کو رام کریں	ولہ	بتوں کے دل ہو، تو یارب یہ آہیں کام کریں
وہ ایک بار بھی تیری نظر پڑے زاہد		صلاح و زہد رہے یہ، تو ہم سلام کریں
کس کے یہ خار مژگاں دل میں کھٹک رہے ہیں	ولہ	جو چشم سے لہو کے قطرے ٹپک رہے ہیں
دیکھ تو کیا ہی وہ بت سنگ دلی پر نازاں	ولہ	تجھ میں اے نالۂ جانکاہ! اثر ہے کہ نہیں
یار و گرد و پہ منصور نہیں دیکھا ہے۔	ولہ	نوکِ مژگاں یہ مرے لختِ جگر کو دیکھو
صفِ مژگانِ آہو چشم کا ہوں کشتہ، اے یاراں	ولہ	سرِ تربت یہ چُن دیجو مرے خارِ بیاباں کو
زباں پر راز عاشق کا نہ لانا سر کٹا دینا		سرِ رشتہ کس سے ہاتھ آیا ہے یہ شمع شبستاں کو
میں نے پہلو سے گم کیا تجھ کو	ولہ	آہ دل! کن نے لے لیا تجھ کو
اشک، آوارگی سے تو نہ تھما		میں نے آنکھوں میں گھر دیا تجھ کو
بلکوں سے دل پھپھولو کیا سوخت کر رہے ہو	ولہ	پھوٹو کہیں، کہاں کی آتش میں بھر رہے ہو
اور میانِ خالِ شکر لب پہ تمہارے	ولہ	بوسہ میں بھی شاید مزۂ تل شکری ہو
اللہ رے صنم! یہ تری خود نمائیاں	ولہ	اس حسن چند روز پہ اتنا غرور ہے۔
دم بدم اس کی خلش سے اب مجھے آزار ہے	ولہ	دوستاں یہ دل نہیں، پہلو میں میرے خار ہے
چاہ میں کس کی دل ڈبو بیٹھے	ولہ	آہ! ہم کیسے دل کو رو بیٹھے
کیوں امانی گیا نہ آخر دل		کفِ افسوس اب ملو بیٹھے
آہ اب میرے دم کے ساتھ ہوئی	ولہ	پاؤں پر عمر کے برات ہوئی
ہم سا جو ناتواں عقبِ کارواں رہے	ولہ	جوں نقشِ پا وہیں کے ہوئے پھر جہاں رہے
صدمے جو پڑے ہیں دل پہ غم کے	ولہ	آنسو نہیں تھمتے چشمِ نم کے
خوش خواب ہیں ہیں، مگر جواب تک		جاگے نہیں خفتگاں عدم کے
ہے صبح کو عزمِ رفتنِ یار		ٹک نکلیو آفتاب تھم کے
آنکھیں نہیں مندتی ہیں عجب جی پہ بن ہے	ولہ	یارب دل حیراں کو مرے کس کی طلب ہے

دم لینے نہیں دیتے ہیں ہیم کے یہ نالے — ولہ — کیا جانئے کیا دل کو مرے ہو گیا ہے
ہجراں کے شب و روز کا مت پوچھ گذرنا — دن کٹ گیا جوں توں کے، تو پھر رات غضب ہے
مدت سے سروکار غمِ ہجر ستی ہے — کچھ عیش سے تو کام نہ آگے تھا نہ اب ہے
نامہ بر کہیو زمانے کی تڑپ تھی تجھ بن — ولہ — شمع شب دیکھ مجھے صبح تلک روئی ہے
بارہا منع کیا چھوڑ دے بے رحم کی چاہ — ولہ — باز نہیں آتا، امانی بھی عجب کوئی ہے
سیر گلشن کو میں جاتا تھا جو صیاد مجھے — ولہ — دیکھ کر دور سے بولا کہ "شکار آتا ہے"

۱۴- امین

امین تخلص، خواجہ امین الدین نام، عظیم آبادی۔ عالم دوستی اور اتحاد میں باقرینہ ہیں علی ابراہیم خاں مرحوم کے یار دیرینہ ہیں۔ شعر فہمی اور سخن رسی میں زمانے کے یادگار ہیں مضمون تراشی اور ادا بندی میں نادرِ روزگار ہیں۔ ذہن کو ان کے بندش کی صفائی میں نہایت ارجمندی ہے۔ اور طبیعت کو ان کی تلاش معانی میں اپنے ہمعصروں سے بلندی ہے۔ چند مدت نواب میر محمد رضا خاں مظفر جنگ بہادر کی رفاقت میں اوقات انہوں نے بہ کیفیت کاٹی ہے۔ بعد اس روزگار کے قناعت اور جواں مردی کے ساتھ خانہ نشینی میں زندگی بسر کی ہے۔ ایک دیوان چھوٹا سا زبان ریختہ میں ان کی تصنیف سے ہے منتخب اس کا یہاں لکھا گیا بہت تخفیف سے ہے +

دنیا میں جو آکر نہ کرے عشق بتاں کا — نزدیک ہمارے ہے یہاں کا نہ وہاں کا
مانند نگیں آپ سے کاوش میں پڑا ہے — مشتاق جو کوئی ہے یہاں نام و نشاں کا
کرتا ہوں امیں میں تو ثنا اس کی ولیکن — منہ لال ہوا جاتا ہے خجلت سے زباں کا
پردے سے جو وہ شہرۂ آفاق نکلتا — تب دیکھتے خورشید کا یہ نام نکلتا
تھا کچھ بھی مناسب کہ نکلو او دیا تو — گر صبح نہ نکلا تھا امیں شام نکلتا

گھر مرے آنا اگر منظور تھا	ولہ	آئے ہوتے لطف سے کیا دور تھا
گالیاں جو دیں سو دیں، بس کیجئے		سُن چکے ہم جب تلک مقدور تھا
یہ دل خالی نہیں کوئی دم رہے گا	ولہ	تو جاوے گا تری غم رہے گا
جس کا دل آپ نے لیا ہوگا	ولہ	خاک میں لے ملا دیا ہوگا
ہم کو کیا، گر بہار آتی ہے		دل وہ غنچہ نہیں کہ وا ہوگا
گالیاں غیر سے سُناتے ہو		ہاں میاں! تم سے اور کیا ہوگا
مل گیا ہوگا خاک میں جوں اشک		تیری آنکھوں سے جو گرا ہوگا
بتاں کے واسطے گھر بار کو اپنے بہا نکلا	ولہ	یہ طفلِ اشک میرا عاشقی میں بے بہا نکلا
وہی مقصودِ دل ہے، اور وہی منظور آنکھوں کا	ولہ	سرورِ سینہ میں اس کو کہوں، یا نورِ آنکھوں کا
کیا ایک مجھ کو بھاتی ہے برسات کی ہوا	ولہ	کس کو نہیں خوش آتی ہے برسات کی ہوا
جب آہ سرد بھرتا ہوں کانپے ہے تن امیں		جوں شاخ کو ہلاتی ہے برسات کی ہوا
خورشید ترا دیکھ کے منہ کانپ کے نکلا	ولہ	مہ چادرِ مہتاب میں مُنہ ڈھانپ کے نکلا
شور ہے عالم میں تیرے حُسنِ عالم گیر کا	ولہ	تو ہی ہوگا گر کوئی ہوگا تری تصویر کا۔
عشق کی دولت سراپا میں طلا کے رنگ ہوں		اے مہوس دیکھ لے نسخہ ہے یہ اکسیر کا
چوستا ہے جوں سرِ پستاں کو طفلِ شیر خوار		چاہتا رہتا ہے دل پیکان اُس کے تیر کا
گر ارادہ نہیں ہے آنے کا	ولہ	فائدہ اس قدر بہانے کا؟
خط نے مارا ہے حسن پر شب خوں		کیا ہی جھگڑا ہے سوائے کا
سخت کاوش میں ہوں بہ رنگِ نگیں	ولہ	ایسی نام آوری کا مُنہ کالا
دل مرا سینہ سے یوں لیتی ہے وہ زلفِ دوتا	ولہ	اپنے دیوانوں سے کیا رکھتی ہیں یہ زنجیر کھینچ
دیکھتی ہے جب مری صورت کو بل کھاتی ہے زلف		جس طرح مجمر سے لے اخگر کو آتش گیر کھینچ
جس طرح شاخ کو ہوتا ہے ثمر سے پیوند	ولہ	کاش نالے کو مرے ہوئے اثر سے پیوند

یا الٰہی کسی ظالم کے پڑے پنجہ میں		بے طرح پٹکہ کو ہے اُس کی کمر سے پیوند	
دیکھ بھال اس دل صد چاک کو لیتے ہیں جاں		میں نے یہ شیشہ کیا کیا ہی ہنر سے پیوند	
مرتے ہیں ہم تو اُس کے لب آبدار پر	ولہ	گر آبِ[1] زندگی ہو تو مارے ہیں دھار پر	
بوسہ دیا تھا، جی میں جو آوے تو پھیر لو		اتنا خفا ہو کس لئے اس خاکسار پر	
اس شمع رو کے سامنے آتا ہے تو پتنگ		بھاری ہوئے ہیں، کیا تجھے اپنے دو چار پر	
دب نکلتا ہے اگرچہ سب سے ہے بالا پہاڑ	ولہ	دیکھتا ہے جب ہماری آہ کا کالا پہاڑ	
کھودیا کوہ کن نے جاں شیریں کے لئے		اس کی فرہاد کا اپنے سر سے تو نالا پہاڑ	
آ دیکھے تری زلفِ گرہ گیر ہوا پر	ولہ	جن نے نہ کبھی دیکھی ہو زنجیر ہوا پر	
ڈر سے ترے نالہ بھی نکلتا نہیں لب سے		ظالم ہے ترے ظلم کی تاثیر ہوا پر	
اُڑتا ہے ہو کے مضطر جا اس کے بام در پر	ولہ	نامہ مرا کہاں ہے ہے کاغذی کبوتر	
ہے نہیں جوہر نمایاں تیغ تیز یار پر	ولہ	لکھ رہا ہے نام مقتولوں کا اس تروار پر	
یار کے مژگاں سے لڑ جاتی ہے یوں تیر نگاہ		جس طرح تروار کوئی آ لگے تروار پر	
دل خیال زلف میں بے خواب و بے آرام ہے		رات ہوتی ہے ایمیں بھاری ہر اک بیمار پر	
آئی بہار ہو گئے ہر خار راہ سبز	ولہ	لیکن ہوئے نہ آہ یہ بختِ سیاہ سبز	
شاداب ہے خط اس کے لب آبدار پر		رہتا ہے گرد جادہ کے اکثر گیاہ سبز	
دل میں ترے خیال ہے کس نونہال کا		لب سے ایمیں نکلتی ہے ہر ایک آہ سبز	
یار آیا ہے اب نہ یہ اے چشم	ولہ	دیکھنے دے ذرا تو رہ اے چشم	
کیا کہوں یار سے اپنی سی کئے جاتا ہوں	ولہ	گالیاں کھاتا ہوں غصہ کو پیئے جاتا ہوں	
جی نکلتا ہے، یہ لب یاد میں ہلتے ہیں تری		مرتے مرتے بھی ترا نام لئے جاتا ہوں	
چاک سینہ کا مرے لوگ عبث سیتے ہیں	ولہ	ہم تو زخمی ہیں نگاہوں کے، کوئی جیتے ہیں	

[1] "آبِ زندگی" سے "آبِ حیات" مراد ہے جس پر خضر کا قبضہ کہا جاتا ہے ۱۲

سیل آتی ہے تو آنے دو مرا کیا لے گی
گھر میں ایک میں ہوں پڑا، اور کئی بہتے ہیں
فائدہ کیا ہے بھلا ہم جو کریں فکر معاش
غم کو کھاتے ہیں امیں خون جگر پیتے ہیں

سر پہ خوباں جو بال رکھتے ہیں
ولہ
مو بمو جی کا کال رکھتے ہیں
سرو پر اتنا بھول مت قمری
ہم بھی اک نونہال رکھتے ہیں
دل تو کیا ہے، امیں جو آوے یار
جان آگے نکال رکھتے ہیں

بتاں مجھ سے کہتے تھے کیا کچھ نہیں
ولہ
ولیکن جو دیکھا، تو تھا کچھ نہیں
میں بوسہ جو مانگا، جھنجلا کے وہ
لگا کہنے کیا ہے، کہا کچھ نہیں
مجھے بے چین رکھتا ہے دل افگار پہلو میں
ولہ
وہ سوئے کس طرح جس کے رہے بیمار پہلو میں
گرفتاروں کو تیری زلف کے کس طرح خواب آوے
بسان شانہ رہتا ہے اُنہوں کے خار پہلو میں

مجھے تو کبھی عمر بھر غم نہ ہو
ولہ
ملاقات تیری اگر کم نہ ہو
میں درگذرا صاحب سلامت سے بھی
خدا کے لئے اتنا برہم نہ ہو
ہم آنے کو مانع نہیں غیر کو
پر اتنا بھی خلوت میں ہر دم نہ ہو
امیں کی غذا آرہی ہے یہی
الٰہی یہ خون جگر کم نہ ہو

ہوئی ہے آشنائی جب سے اس مے نوش سے مجھ کو
ولہ
جو صاحب عقل ہیں کہتے ہیں اہل ہوش سے مجھکو
بھلا تو ہی کہہ اے دل کسی کو یہ توقع تھی
نکالے گا وہ صبح عیدیوں آغوش سے مجھ کو
جدائی سے سراپا رنگ میرا زعفرانی ہے
کوئی لے کر ملا دے اس بسنتی پوش سے مجھ کو
بھڑکتا ہے جگر میرا دل پر داغ کے دولت
امیں جلنا پڑا اس آتش خاموش سے مجھ کو

کیا کہیں دودِ آہ کی تاثیر
ولہ
گھر کا گھر ہے سیاہ، مت پوچھو
مفت مارا گیا ہزار افسوس
تھا امیں بے گناہ مت پوچھو
جب دکھاتا ہے وہ شرابی آنکھ
ولہ
وہ نہیں جاتی ہے گلابی آنکھ
لختِ دل گتھ رہیں ہیں مژگاں سے
ہے مگر خانۂ کبابی آنکھ

روشن ہیں شب ہجر میں یہ دیدۂ بیدار — ولہ — جوں زلفیں چمکنے میں ترے کان کے موتی
دھڑکے ہے مرا دل کہ کہیں کچھ نہ لگا دیں — لگتے ہیں ترے کان سے جب آن کے موتی

دن کٹا فریاد میں اور رات زاری میں کٹی — ولہ — عمر کٹنے کو کٹی، پر کیا ہی خواری میں کٹی
صبح گر صبح قیامت نہو، تو کچھ پروا نہیں — ہجر کی جب رات ایسی بے قراری میں کٹی
تیری آنکھوں کی پرستاری میں دل گھبرا گیا — ہائے اس بیمار کی بیمار داری میں کٹی
اس زمانہ میں امیں مت کر کسی سے دوستی — شمع کی گردن، نہ دیکھی دوست داری میں کٹی

دل باندھئے تو یار کے کاکل سے باندھئے — ولہ — بلبل کو باندھئے تو رگ گل سے باندھئے
دھڑکے ہے دل کمر کو جو کستے ہوا ے میاں — باریک بال سے ہے، تامل سے باندھئے

جلوہ ترے حسن کا کہاں ہے — ولہ — یوں کہنے کو آفتاب ہاں ہے

ہم رہیں دیکھتے اور تیری یہ اوقات کٹے — ولہ — اور تو کیا کہوں اے شانہ ترا ہاتھ کٹے
ایک دم ہو گئی گر اس سے ملاقات تو کیا — زندگی کاہے مزا یہ کہ مساوات کٹے

رنگ چہرے کا زعفرانی ہے — ولہ — عاشقی کی یہی نشانی ہے
کس سے تشبیہ دیں بھلا تجھ کو — دیکھا یوسف تو تیرا ثانی ہے
شمع رویاں سے اتنا گرم نہ مل — ان کی جو بات ہے زبانی ہے
رات دن بھیکتے ہی جاتا ہے — کیا امیں ایسی زندگانی ہے

خضر نے ایک دم پیا تھا لے کے آب زندگی — ولہ — مانگتے ہیں اب تلک اس سے حساب زندگی
کیا بھلا اس میکدے میں جی کسی کا شاد ہو — مر گیا آخر کو پی جن نے شراب زندگی
معنئ آرام کیا ہے، تو نہ کچھ سمجھا امیں — ہم تو مدت سے الٹتے ہیں کتاب زندگی

غیر سے کیوں کہ وہ چھوڑے ملنا — ولہ — چھوڑتا ہے کوئی اپنے بانے

ہم کھڑے تھے سامنے، اور اغیاروں میں تھے — ولہ — ٹک تو منصف ہو جئے، ہم کبھی یاروں میں تھے
جتنے تھے محفل میں، تھا سب سے تپاک اور اختلاط — ایک ہم کم بخت گویا واں گنہگاروں میں تھے

ہاتھ اُٹھانا جان سے پیارے پنٹ دشوار ہے		کیوں نہ دیکھا کل سب ہی تو نازبرداروں میں تھے
بھر عمر گدائی میں بھی کرتے رہے شاہی	ولہ	دنیا میں جو ٹھانے تھے میاں، ہم نے نباہی
خط کو جو ترا شے ہے بھلا فائدہ کیا ہے		اب چڑھ چکی اے یار سپیدی پہ سیاہی
کیا دین سے غافل ہیں امیں مردم دنیا		سکہ کو سمجھتے ہیں سدا اپنا الٰہی
تمہاری آنکھیں جو دیکھتے ہیں، پنٹ ہی لگتی ہیں پیاری پیاری	ولہ	پر اس قدر ہیں جوخوں کی پیاسی، یہ کافر آنکھیں ہیں یا کٹاری
تری نگہ کے جو ہوں گے مارے، نہ مانگا ہوگا انہوں نے پانی		نہ ایسی دیکھی ہے تیغ ہم نے، نہ ایسی دیکھی ہے آبداری
اظہار نہیں اگرچہ سر کا	رباعی	پر بوجھ اُتاروں ہوں میں اپنے سر کا
سائل کو جواب ترش ہرگز مت دے		بھوکا ہے، کیا کرے گا لے کر سر کا
یہ جور و جفا یہ بے وفائی کب تک	رباعی	بس کیجئے، پاس آشنائی کب تک
کرتا ہے کوئی حسن پر اتنا بھی غرور		دیکھیں تو رہے ہے یہ خدائی کب تک
کیا شہر میں آج مچھ پر ہے ہولی۔	رباعی	پھرتے ہیں لئے عبیر بھر بھر جھولی
وعدے سے کیا کروگے دل خوش کب تک		ہولی کا قرار تھا، سو یہ بھی ہولی
ایک ہیں آشنا مرے غم خوار	مثنوی	پوچ گو بیوقوف بداطوار
ان کی تعریف کیا کروں میں بیاں		کہتی شرماتی ہے گی منہ میں زباں
دل ہے ان کا کہیں دماغ کہیں		گھر میں ڈھونڈو تو بھونے بھانک نہیں
منہ کو ان کے خدا نہ دکھلاوے		گر کوئی دیکھے خاک کیا کھاوے
چار پیسے کا سیر بھر ٹھرا		پی کے رکھتے ہیں جی میں یہ غرا
آج دنیا میں ہیں جو کچھ ہم ہیں		مالکِ چار دانگ عالم ہیں
دیکھتا ہوں جوان کی میں صورت		یاد آتی ہے چین کی مورت
گال جبڑے سے یوں رہے ہیں لپٹ		لگ رہے ہوں کواڑ کے جوں پٹ
تس پہ چیچک نے یوں ہے ماری میخ		جوں جڑی ہوں کواڑ میں گل میخ

میں تو کرتا نہیں سخن چینی		ناک ہے جوں کواڑ کی بینی
آنکھ گر ہے تو گھر سے باہر ہے		حلقۂ چشم حلقۂ در ہے
کان ایسے پڑے ہیں دونوں طرف		جوں ڈفالی کا ہوئے پھوٹا دف
منہ ہے سنڈاس کی طرح بدبو		لوگ کرتے ہیں دیکھتے اخ تھو
ان کے دھارے کو دیکھ کر فی الحال		جن کے دیکھے نہ ہوویں کالے بال
دیکھ نقاش اس کی پیشانی		کھینچتا دل میں ہے پشیمانی
کھوپڑی سر سے ہے گی یوں اٹکی		جوں کہ چوطھے پہ اوندھی ہو مٹکی
توند لٹکے ہے پیٹ سے ایسی		پیٹ تے ہووے پیٹ سے جیسی
صاف کہتا ہوں میں بہ مجبوری		ناف ہے جا حضور کی موری
کیا کہوں اس کی اور بد حالی		منہ ہے چکنا تو پیٹ ہے خالی
دل لیکے زلف اس کی یوں حلقہ زن ہے مجھ پر	ولہ	بیٹھا چمن میں ہووے جوں سانپ من کے آگے
بتاں اٹھاتے نہیں ہاتھ میرے کینہ سے	ولہ	رہے ہے سنگ کتیں لاگ آبگینہ سے
ضرور کیا ہے کہ ہوتا ہے تو خجل ناصح		ہماری جیب کو ہے کیا لگائے رہنے سے
نہ اٹھ سکے گا مرے لب سے حرف بوسہ کا		مٹا سکے ہے کوئی نام کو نگینہ سے
امیں ضعیف میں اتنا ہوا بقول فغاں		اٹک کے آہ نکلتی ہے میرے سینے سے
کیا برا وقت تھا اس شوخ سے جب آنکھ لگی	ولہ	جب تلک جیتے رہے روز نہ شب آنکھ لگی
بزم رنداں میں اسے دیکھ کے چھپ جاتے ہیں		کیا مگر شیخ کی ہے بنت عنب آنکھ لگی
میں گدا یار کے ملنے سے جاؤں جس کا جی چاہے	ولہ	غرض اب شوق سے عاشق کہاؤں جس کا جی چاہے
حیاتِ جاوداں بخشے ہے تیغ آبدار اس کی		اگر بادر نہ آوے، جا کے کھاؤں جس کا جی چاہے
یار بھی اب گلہ لگا کرنے	ولہ	یہ بھی اپنے نصیب کی خوبی
ہاتھ میں اپنا سر لئے رہنا		عشق کی پہلی یہ سلامی ہے

دل گرفتار کیوں نہ ہو میرا — بریں جامہ ترے دو دامی ہے

زاہد کبھو تو گرد نہ پھریو شراب کے — ولہ — یہاں آگ ہے چھپی ہوئی پردے میں آب کے
کیا چشم منعماں سے رکھیں مفلسانِ دہر — دریا نے تو بھرے نہیں کاسے حباب کے
پھرتا ہے کیوں بھٹکتا اے شیخ ہر طرف تو — ولہ — کہتا ہے جس کو کعبہ وہ یار کی گلی ہے
کہا کرتے ہو مجھ کو قابل جور و جفا یہ ہے — ولہ — جو کوئی چاہے کسی کو اے میاں اُس کی سزا یہ ہے
برہمن دیر کو پوجے ہے اور کعبہ کے تئیں زاہد — پرستش ہم جسے کرتے ہیں، وہ نام خدا یہ ہے

رشک گلزار ہوا داغ سے سینہ میرا — ولہ — یار کے بھاویں تماشا ہے، تماشا یہ ہے
اس ماہ رو کے سامنے آتی ہے چاندنی — ولہ — اپنے تئیں اب آپ ہنساتی ہے چاندنی
مُنہ دیکھو تیرے سامنے آکر سفید ہو — ماٹی میں آبرو کو ملاتی ہے چاندنی
دو دن کی چاندنی ہے پھر آخر اندھیری رات — ساقی پلا شراب کہ جاتی ہے چاندنی
کر آمد آمد اس مہ تاباں کے تئیں امیں — کیوں چاندنی کا فرش بچھاتی ہے چاندنی
غیروں سے اختلاط ہماری بلا کرے — ولہ — گر آشنا کرے تو تجھی سے خدا کرے
دنیا میں کہنے کو سب ہی کہلاتے ہیں بھلے — پر ہے وہی بھلا، جو کسی کا بھلا کرے

۱۵۔ افسوس

افسوس تخلص، میر شیر علی نام، والد ماجد ان کے سیّد مظفر علی خاں، داروغۂ توپ خانۂ نواب میر قاسم خاں عالیجاہ کے تھے۔ سلسلۂ سیادت کا ان کی حضرت اسمٰعیل اعرج کو، کہ بڑے بیٹے حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام کے تھے، پہنچتا ہے۔ وطن بزرگوں کا خاف ایک مکان ہے علاقہ میں عرب کے۔ بزرگوں نے ان کے ہندوستان میں آکے نارنول میں سکونت اختیار کی۔ اس سبب سے وطن ان کا نارنول مشہور ہے۔ میر مذکور کے باپ اور چچا کو، کہ سیّد مظفر علی خاں اور سید غلام علی خاں نام رکھتے تھے، نواب عمدۃ الملک امیر خاں مرحوم

کی رفاقت میں سررشتۂ ملازمت کا نہایت اقتدار، اور عزو وقار کے ساتھ توپ خانے کی داروغگی کے ساتھ سرفراز تھے، اور رسالہ معقول سے حضور میں مختار تھے۔ بعد شہید ہونے نواب عمدۃ الملک کے سید غلام علی خاں کو نیابت صوبہ الہ آباد کی بالذات بھی تھوڑے دنوں رہی آخر فالج بیماری سے انہوں نے سیر روضۂ رضوان کی کی۔ ان کی وفات کے بعد سید مظفر علی خاں خانہ نشین ہوئے، اور بارہ برس بے روزگار بیٹھے رہے۔ آخر نواب خان عالم بقاء اللہ خاں مرحوم نے لکھنو میں انہیں بلوایا، اور سرکار وزیر الممالک نواب شجاع الدولہ مرحوم کے مشاہرہ میں تین سو روپے کا واسطے ان کے درماہہ ٹھہرایا۔ ان ایام میں میر شیر علی افسوس کا سن گیارہ برس کا یا کچھ کم زیادہ ہے، لیکن مولد ان کا دار الخلافۃ شاہ جہان آباد ہے۔ یہ بھی ہمراہ اپنے والد ماجد کے لکھنؤ میں آئے، اور طور بود و باش کا یہیں ٹھہرائے۔ بعد کئی برس کے حسب الامر نواب صادق علی خاں کے، کہ بڑے بیٹے نواب میر محمد جعفر خاں صوبہ دار بنگالہ کے تھے، سید مظفر علی خاں وارد مرشد آباد ہوئے، اور داروغگی توپ خانہ وغیرہ کے ساتھ موردِ عنایت و امداد ہوئے۔ آگے بیان ساتھ تفصیل کے بموجب طولِ کلام کا ہے۔ غرض جب وزیر الممالک نواب شجاع الدولہ بہادر معہ صوبہ دار بنگالہ صاحبان عالی شان سے معرکہ آرا ہیں، تو سید مظفر علی خاں بھی ہمراہ رکاب کے تھے۔ بعد میر محمد جعفر خاں کی وفات کے روزگار نواب سیف الدولہ کا انہوں نے نہیں کیا، بلکہ لکھنؤ چلے آئے، اور بعد کئی برس کے حیدر آباد کی طرف گئے، وہیں وصال انکا ہوا۔ اس ایام میں میر شیر علی افسوس کا سن اُنیس[19] برس کا تھا۔ شعر و سخن کے ساتھ موانست ان کو بہ شدت تھی، اور طبیعت کو مناسبت نہایت۔ چنانچہ صغر سن سے شعر کہتے ہیں، اور اکثر اس شغل میں رہتے ہیں۔ اصلاح کا اتفاق ان کو میر حیدر علی حیران تخلص سے ہوا ہے، اور علی ابراہیم خاں مرحوم نے شاگردان کو میر حسن حسن تخلص کا لکھا ہے۔ اس کی سند اپنے تئیں نہیں پہنچی، اور یہ خبر اپنے گوش زد نہیں ہوئی۔ ابتدا میں یہ سررشتہ روزگار کا نواب سالار جنگ مرحوم کے ملازموں میں رکھتے تھے۔ اور میرزا نوازش علی خاں، جو نواب مذکور کے بڑے بیٹے ہیں،

گیارہ برس ان کے متعینہ رہے۔ بعد برہم ہونے اس سررشتہ کے، صاحب عالم وعالمیان میرزا جواں بخت جہاں دار شاہ کی عنایت اور قدردانی از بسکہ حد سے زیادہ دیکھی، سعادت توسل کی انہوں نے ملازموں میں اس عالی جناب کے حاصل کی۔ جس ایام میں اس نیر اوج شہریاری کا خیمہ مغرب کی سمت نکلا، اور کوچ شاہ جہان آباد کو ہوا، تو میر مذکور بہ سبب بعضے بعضے عوارض کے رہ گئے، اور ساتھ نہ جا سکے۔ ایک مدت سے بتوکل و قناعت ہمراہی میں نواب سرفراز الدولہ بہادر کے دن زندگی کے بسر کر رہے تھے، کہ ایضاً والا مناقب عالی شان بارلو صاحب بنجے، مشورے سے عالی قدر سخن آفرین مسٹر گلکرسٹ صاحب، زبان دان ریختہ لکھنؤ سے طلب کیے۔ بڑے صاحب نے لکھنؤ کے، کہ نامی اس معدن رافت کا ہر صاحب سے، بہ عزت تمام ان کو بلوا کے، اور مشاہرہ دو سو روپے کا ٹھیرا کے، پانچ سو روپیا خرچ راہ دیا، اور کلکتے کی طرف روانہ کیا۔ چنانچہ جب مرشد آباد میں یہ آئے، تو فور محبت سے اسی دن غریب خانہ میں تشریف لائے، کس واسطے کہ ان کے نکلنے کی تقریب سے دو مہینے آگے راقم حقیر لکھنؤ سے نکلا تھا، اور وارد مرشد آباد کا تھا، دیدار سے اپنے انہوں نے نہایت خوش و خرم کیا۔ اور چلتے ہوئے وعدا کلکتے کی سیر کا اس عاصی سے لیا۔ غرض بالفعل کہ ۱۲۱۵ بارہ سو پندرہ ہجری میں، بلدہ کلکتے میں، صاحبان عالی شان کے ساتھ میر مذکور ملاقاتیں بہ عزت تمام رکھتے ہیں۔ اور گلستاں کے ترجمہ کا کمپنی کی سرکار سے کام رکھتے ہیں۔ راقم آثم سے ملاقات ایام شباب سے ہے۔ فی الحقیقت کہ ذات ان کی زمانے کے انتخاب سے ہے عجیب جوان خلیق اور اہل دل ہیں۔ فردتنی اور انکساری میں فرد کامل ہیں منطق و معانی کے بیان میں صاحب استعداد ہیں۔ کلیات اور معالجات فن طبابت کے بھی بخوبی یاد ہیں۔ شعر عاشقانہ بہت مزے سے کہتے ہیں۔ اقسام نظم ہیں ✦

کیوں نہ ہو گھمنڈ اس بت پر غرور کو	صبر کسی طرح نہیں اس دل ناصبور کو
اس بت بے حجاب کا دیوں ابھی اٹھا نقاب	دیکھ سکے گا پرا سے تاب اتنی طور کو
پاتی نہیں فقط نہیں ڈوبی ہے سب کی نیند	دیکھنا آج ہم نشیں آنسوؤں کے دور کو
سچ ہیں یہ خود نمائیاں، حق ہیں یہ لن ترانیاں	شعلۂ طور بجھ گیا دیکھ کے اس کے نور کو

ناز بھرا وہ مُنہ، اگر دیکھے جو اک نظر تو بھر — مُنہ پہ نہ لائے زاہدا بھولے سے ذکرِ حور کو
دو کسو نہ طعنہ زن مجھے ناکسوں کی خوشامد میں — میں نے ہی کی نہیں فقط، کرتے ہیں سب ضرور کو
تو نے افسوس کیا کیا، دشمنِ جاں کو دل دیا — یہ تیری عقل جل بجھے، آگ لگے شعور کو
سمند گرم جو یہاں اس سوار کا پہنچا — ولہ — غبار تا فلک اس خاکسار کا پہنچا
تو سچ بتا کہ تجھے اتنی کیوں ہے بے چینی — مگر پیام کسی بے قرار کا پہنچا
ملے ہے پانو سے اپنے وہ لالہ رو ہر دم — یہ مرتبہ تو دلِ داغ دار کا پہنچا
ہے یہاں تلک تو نزاکت گلوں کے گجرے سے — لچکنے لگتا ہے اس گلعذار کا پہنچا
قفس سے چھٹنے کی اُمید ہی نہیں افسوس — حصول کیا ہے جو مژدہ بہار کا پہنچا
جب تلک نہ عشق یارو، نہ دلِ ناکام تھا — ولہ — اپنے میں کیا چین تھا، اور دل کو کیا آرام تھا
بخشیو ہم کو تمے ٹوکا ہے ہم نے بھول کر — دردِ دل تیری بلا ہو، وہ ترا ہمنام تھا
اس کے اُٹھتے ہی جی پہ آن بنی — ولہ — دیکھئے آگے آگے کیا ہوگا
صبح نت کرتا ہے یہ دل اشکباری بیش تر — ولہ — ہو سحر کو خانۂ ماتم میں زاری بیش تر
دل کے تئیں بھی آشنائی کا نہیں کچھ اعتبار — بے وفاؤں سے رہی ہے تجھ کو یاری بیشتر
ہنسکر کسی سے میں نے نہ کی بات تجھ بغیر — ولہ — روتے ہی آہ کٹ گئی یہ رات تجھ بغیر
غیروں سے تو ملے تو ملا کر، ولے مجھے — کرنی نہیں کسی سے ملاقات تجھ بغیر
بزم میں اس کی نہ ہنستے ہیں نہ ادسکتے ہیں — ولہ — چپکے بیٹھے ہوئے ہر ایک کا مُنہ تکتے ہیں
کہا میرا مطلق نہیں مانتا ہے — ولہ — تو جیسا ستاتا ہے جی جانتا ہے
کوئی دل سے مرے پوچھے جیسا آہ اے ناصح — ولہ — تجھ کو نہ خوش آیا یہ، پر مجھ کو تو بھاتا ہے

۱۶- آشفتہ

آشفتہ تخلص، حکیم رضا قلی خاں نام، والد ماجد ان کے حکیم محمد شفیع محمد خاں مرحوم تھے،

متوطن اکبرآباد کے۔ بڑے بھائی ان کے میرزا ہجو صاحب، خدا مغفرت کرے، ذرہ تخلص کرتے تھے عجب دلولے اور ذوق شوق کے ساتھ کربلائے معلّٰے گئے، اور وہیں خاک ہوئے، روبرو ضریح مقدس کے دفن ہیں۔ حق سبحانہ تعالےٰ حشر بھی ان کا، اور جمیع مومنین کا، جناب سید الشہدا علیہ السّلام کے ساتھ کرے۔ دوسرے بھائی ان کے، میرزا رضی صاحب، وہ بھی ان سے بڑے ہیں، بالفعل لکھنؤ میں داد طبابت اور معالجے کی دے رہے ہیں سچ تو یہ ہے کہ جو جو اختراعات فن طبابت میں انہوں نے کئے، دیکھنے کا کیا دخل ہے، کسی نے نہیں سنے۔ حذاقت اور لیاقت ان کے خاندان کی نہیں ہے محتاج تشریح اور بیان کی۔ ہمیشہ بزرگ ان کے معالج سلاطین نامدار کے رہے ہیں، اور امیروں سے بلکہ وزیروں سے سدا نازو اعزاز کیا کئے ہیں۔ غرض حکیم رضا قلی خاں آشفتہ تخلص راقم آثم کے دوستانِ قدیم سے ہیں۔ جوان آزاد وضع، اور خوش اختلاط وارستہ مزاج، اور مایۂ ارتباط میں محبت، اور یکرنگی میں خلاصے، اور آشنائیوں کے بہت خاصے، حُسن پرستی میں خود لیلیٰ و شیریں کی تصویر، اور عشق بازی میں قیس و فرہاد کے پیر ہیں۔ مشورِ سخن کا انہوں نے میر سوز صاحب سے کیا ہے، لیکن شاگرد ہیں میں ان کے اتنا کوئی نہیں ہوا ہے۔ میر صاحب مذکور کے طرز ادائیہ میں انہوں نے رنگینی کچھ اور بھی زیادہ کی ہے، سچ تو یہ ہے کہ رنگین ادائی کی داد دی ہے۔ چندے انہوں نے رفاقت میرزا محمد تقی خاں کی کی، جو کہ پوتے میرزا یوسف کور کے تھے، اس سبب سے دو اڑھائی برس بود و باش ان کی فیض آباد میں ہوئی تھی، وگرنہ پرورش انہوں نے لکھنؤ میں پائی ہے، اور کیفیت زندگی کی وہیں اُٹھائی ہے۔ سنہ ۱۲۰۵ بارہ سو آٹھ ہجری میں لکھنؤ سے مرشد آباد میں آئے، نواب مبارک الدولہ ناظم صوبہ بنگالہ مرض الموت میں گرفتار تھے، اگرچہ معالجہ میں انہوں نے رنگ مسیحائی کے دکھائے، لیکن قضا و قدر سے لاچار تھے۔ بعد نواب مبارک الدولہ کی وفات کے، خلف الصدق سے ان کے، یعنی نواب عضدالدولہ ناصر الملک سید پیر علی خاں بہادر دلیر جنگ سے، نہایت موافقت آئی، اور صحبت نے بہ شدت یک رنگی پائی۔ چناں چہ سات برس کامل ان کی خدمت میں رہے،

اور قریب لاکھ روپے کے بنگالہ میں پیدا کئے، لیکن خرچ کرنے والے بھی ایسے ہی بلائے روزگار تھے، کہ جس دن مرشد آباد سے نکلے تو قرض دار تھے۔ غرہ ذی حجہ کو ۱۲۱۴ھ بارہ سو چودہ ہجری میں اپنے ہی مزاج نازک سے، ناحق روزگار چھوڑ کلکتے میں چلے آئے، اور زمانے کی بے رنگی کو مطلق خیال میں نہ لائے، بالفعل کہ ۱۲۱۵ھ بارہ سو پندرہ ہجری ہیں، بہ عزت تمام کلکتے میں اوقات بسر کرتے ہیں، اور اک رنگ کی صحبتوں میں دن رات بسر کرتے ہیں۔ طبیعت ان کی موسیقی کی طرف لڑکپن سے ہے، اور ایک مناسبت بھی بھلی چنگی ان کو اس فن سے ہے۔ اپنی آشفتہ مزاجی میں غزلوں کو انتظام نہیں دیا ہے، وگرنہ مدت سے ایک دیوان کا سرانجام ہو چکا ہے۔ یہ اشعار ان کے نتائج افکار سے ہیں ✦

جی تھا آنکھوں میں یار تھا دل میں — یہاں تلک انتظار تھا دل میں
آبلہ ہو کے دم میں پھوٹ بہا — یہ کہاں کا بخار تھا دل میں
مر گئے پر بھی ہم کو خاک نہ دی — آج تک یہ غبار تھا دل میں
کھینچنے ہی تلک اے کمان ابرو — تیر مژگاں دو سار تھا دل میں
دم آخر جو ہچکی آتی تھی — وہ فراموش گار تھا دل میں
دست و لب نزع میں جو ملتے تھے — شوق بوس و کنار تھا دل میں
دم شماری تلک بھی آشفتہ — قدموں کا شمار تھا دل میں

فقط نہ اپنی ہی تم آن دیکھتے جاؤ — ولہ — ادھر اُدھر بھی مری جان دیکھتے جاؤ
نہ پیچ و تاب کو بالوں کے طول دو اتنا — ہمارا دل ہے پریشان، دیکھتے جاؤ
بجائے اشک نکلتے ہیں پارہائے جگر — تمہارے جی میں تھا ارمان، دیکھتے جاؤ
دکھانے آئے تھے دامن کے چاک کی غربی — ہمارا چاک گریبان، دیکھتے جاؤ
کیا خرید زلیخا نے مصر میں یوسف — جناب عشق کی تم شان دیکھتے جاؤ
اگرچہ ہو دیں گی تصدیع لیکن آشفتہ — کوئی گھڑی کا مہمان، دیکھتے جاؤ

وصل اس کا خدا نصیب کرے — ولہ — دیکھیں، تب ہم سے کیا رقیب کرے
ہجر سے قتل، وصل سے احیاء — حب میں جو آوے، سو حبیب کرے
گل کا دیکھا چٹک کے چپ ہونا — شور کیوں کر نہ عندلیب کرے
مر گیا ایک صنم پر آشفتہ — موت ایسی خدا نصیب کرے!

یہ خرابی تو پڑی مجھ پہ ترے جانے سے — ولہ — چند بھی ڈرنے لگے اب مرے ویرانے سے
کس طرح قید کروں، یہ تو ٹھہرتا ہی نہیں — کون برآوے بھلا، اس دل دیوانے سے؟
میں سمجھتا ہوں کہ تم جا کے نہیں آنے کے — فائدہ کیا ہے بھلا جھوٹ قسم کھانے سے
شعلہ خو! آگے تو اتنا نہ جلاتا تھا مجھے — آج تو آگ ہوا غیروں کے بھڑکانے سے
دیکھتے ہی اُسے کل میرے یہ اوسان گئے — اپنے بیگانے وہاں جتنے تھے سب جان گئے
اپنے کے ہوتے بھلا غیر کو صدقے تو نہ کر — ہم بھی جی رکھتے ہیں پیارے، ترے قربان گئے
مجھ کو کہتا ہے صنم، تجھ کو بھی اب بھاگ لگے — ولہ — آنکھ سے آنکھ ملاتا ہے، تجھے آگ لگے
بوسہ کے واسطے چٹا، تو لگا کہنے مجھے — بس کہیں دور بھی ہو، مُنہ کو ترے آگ لگے

باب البا

۱۔ بیدل

بیدل تخلص، میرزا عبدالقادر نام، قوم چغتا، لیکن نشو و نما انہوں نے ہندوستان میں پائی ہے، جودتِ ذہنِ سلیم، اور ذکائے طبع مستقیم، کے باعث تصویر نازک خیالی کی بہت نکہ سکھ کی کھینچ کر باریک بینوں کو دکھائی ہے۔ بیشتر اختراعات انہوں نے زبان فارسی میں کئے ہیں، لیکن اہلِ محاورہ کے مقبول نہیں ہوئے ہیں۔ آسماں جاہ محمد اعظم شاہ کے ساتھ توسل رکھتے تھے، اور مورد الطاف و عنایت شاہزادۂ عالم و عالمیان کے رہتے تھے۔ قوت جسمانی اور طاقت بدنی قادر قوی نے اتنی انہیں عنایت فرمائی تھی، کہ اور ان کے معاصرین کے حصہ میں کم آئی تھی

چناں چہ اک روز رکاب میں شاہزادے کی عین سواری کے دوادوش میں ایک شیر نکل آیا، اور کئی بیچاروں اجل کے ماروں کو ذائقہ مرگ کا اس نے چکھایا۔ آخر میرزائے مذکور کے ہاتھ سے بکری کی طرح مارا گیا، اور اپنی جان سے بیچارہ گیا۔ دفعتاً ایسے ردی خلائق سے یہ بیزار ہوئے، کہ روزگار پاکشیدہ، اور دنیاداری سے دست بردار ہوئے۔ طریقہ فقر اور گوشہ نشینی کا اختیار کیا، دل کو فراغ یاس اور خونِ تمنا سے رشکِ گلزار کیا، لیکن دروازہ ان کا کثرت اعتقاد سے مسجودِ خاص و عام تھا، اور بوسہ گاہ امیرانِ عظام تھا۔ نواب نظام الملک صوبہ دار دکھن کا خط مکرر اور متواتر اس مرکزِ دائرہ قناعت کی تحریک میں آیا، لیکن قطب آسمانِ توکل نے حرکت کو قبول نہ فرمایا۔ ایک بیتِ فارسی نظام الملک کے جواب خط میں لکھی ہے، اس سے قناعت اور جواں مردی اس شیر بیشۂ استغنا کی معلوم ہوتی ہے +

اس بیت کو بہ سبب زبان فارسی کے حاشیہ[۵] پر لکھا ہے، اور ترجمہ اس کا اس طرح داخل کتاب کیا ہے +

کب عوض دنیا کے سرکوں، جا کے چھوڑوں ٹھاون کو باندھی ہے مہندی قناعت کی میں اپنے پانو کو

کلیات ان کا از روئے نظم اوزن شعر کے قریب لاکھ بیت کے مشہور ہے، لیکن اہل دنیا کی تعریف کہیں ایک مصرع میں نہیں مذکور ہے۔ بحر متدارک اور کامل وغیرہ پانچوں وزن، جن کے ناظم مخصوص شعرائے عرب ہیں، اور عجم ان سے احتیاط کرتے سب کے سب ہیں، اکثر میرزا نے غزل ان اوزان میں کہی ہے، اور داد نازک خیالی کی دی ہے۔ ازبس کہ مدار دنیائے دوروزہ کا فنا پر ہے، سنہ ۱۱۳۳ گیارہ سو تینتیس ہجری میں بلدہ شاہ جہان آباد کے اندر اس سرائے فانی سے عالم باقی کی طرف توجہ فرمائی۔ ان دو بیتوں نے، زبان ریختہ میں اس قادر سخن کے نام سے شہرت ہے پائی +

مت پوچھ دل کی باتیں، وہ دل کہاں ہے، ہم ہیں	اس تخم بے نشاں کا حاصل کہاں ہے، ہم ہیں
۵ دنیا اگر دہند، نہ جنبم زجائے خویش	من بستہ ام حنائے قناعت بپائے خویش

جب دل کے آستاں پر عشق آن کر پکارا	پردے سے یار بولا، بیدل کہاں ہے، ہم میں

۳- بیان

بیان تخلص، احسن اللہ خاں نام، شاگردوں میں سے میرزا مظہر جان جاناں کے تھا۔ سکونت دلی میں اختیار کی۔ لیکن متوطن اکبر آباد کا تھا۔ شاگردوں میں سے میرزائے مذکور کے عاشق مزاج اور شیریں زبان تھا۔ زبان ریختہ میں صاحب دیوان تھا۔ یہ اشعار منتخب دیوان اس سخنور خوش بیان کے ہیں ؛

وہ بھی کیا دن تھا کہ ہم آغوش ہم سے یار تھا		در کے باہر مدعی جوں صورتِ دیوار تھا
اس تجاہل پر پڑا میں یہ بجھتا ہوں گور میں		وہ کہ جن کی چشم کا میں عمر بھر بیمار تھا
دیکھ کر تابوت کو، بیماروں سے مرے		پوچھنے لاگا کہ اس مردے کو کیا آزار تھا
کوئی کسی کا بیان، آشنا نہیں دیکھا	دلہ	سوائے اس کے ان آنکھوں نے کیا کہیں دیکھا
اگر جوں ہی قاصد نے لیا نام کسی کا	دلہ	اس نام کے سنتے ہی ہوا کام کسی کا
کیوں آج سماتا نہیں اپنے میں خوشی سے		کیا تجھ کو بیاں پہنچا ہے پیغام کسی کا
عالم کو تاج و گوہر و تخت دلوا دیا	دلہ	اے آسمان بنا تو، مجھے تو نے کیا دیا
نے دین سے اطلاع ہے، نہ دنیا کی کچھ خبر		اس عشق نے غرض ہمیں سب کچھ بھلا دیا
ایسے ہی میرے بخت جو ماتے تھے نیند کے		خوابِ عدم سے کاہے کو مجھ کو جگا دیا
کب تلک اس کی شکایت ہو نہ لب سے آشنا	دلہ	ایک بیگانہ ہے مجھ سے، اور سب سے آشنا
غیر کے کہنے پہ مت بیگانہ ہو یکبارگی		دیکھ تو اے شوخ! میں تیرا ہوں کب سے آشنا
ہم دم نہ فکر کر، کہ مرا کام ہو چکا	دلہ	گر دل مرا یہی ہے، تو آرام ہو چکا
آتا ہے تجھ کو ننگ، مرے نام سے عبث		اے شوخ! اب تو شہر میں بدنام ہو چکا
اگر اک صبح دم آتا وہ اٹھ کر خواب شیریں سے	دلہ	ہمارا کیا گریباں، ناصحوں کا پیرہن پھٹتا

جگایا مجھ کو کس کم بخت نے ہائے!	ولہ	مری آنکھوں کے آگے وہ ابھی تھا	
تو تو ساقی جام ترسا کر پلاتا تھا مجھے	ولہ	یار کی آنکھوں نے مجھ کو کر دیا یکبارگی مست	
رو کر اس سے میں کہا، مرتا ہے یہ بیمار آج	ولہ	مسکرا کر وہ لگا کہنے، کہ اس کا کیا علاج	
یہ آرزو ہے کہ وہ نامہ بر سے لے کاغذ	ولہ	بلا سے پھاڑ کے پھر ہاتھ میں ملے کاغذ	
وہ کون دن ہے کہ غیروں کو خط نہیں لکھتا		قلم کے بن کو لگے آگ! اور جلے کاغذ	
عرش تک جاتی تھی، اب لب تک بھی آ سکتی نہیں	ولہ	رحم آتا ہے بیاں اب مجھ کو اپنی آہ پر	
اک بار فوج عشق پڑے مجھ پہ ٹوٹ کر۔	ولہ	لے کے قرار و دین و دل و ہوش لوٹ کر	
لینا اگر ہے دل کو، تو لے بھی اسے کہیں		سینہ میں اب تلک تو رکھا مار کوٹ کر	
ہم سرگذشت کیا کہیں اپنی، کہ مثلِ خار		پامال ہو گئے ترے دامن سے چھوٹ کر	
کیا ایسے سے دردِ دل کو کہئے	ولہ	ادھر تو سنا، اُدھر فراموش	
میں بس کہ خاک میں ترے کوچے کی مل گیا	ولہ	تس پر بھی تیرے دل میں ہے مجھ سے غبار حیف	
تمنا بادشاہی کی کسی سفلہ کو ہووے گی	ولہ	مرے دل میں خدائی کا بھی خطرہ ہو، تو کافر ہوں	
کافر ہو، جس کے دل میں کچھ اور آرزو ہو	ولہ	اک مختصر سی جا ہو، میں ہوں، اور تو ہو	
مت آئیو اے وعدہ فراموش تو اب بھی	ولہ	جس طرح کٹا روز، گذر جائے گی شب بھی	
آخر تو شکایت سے مجھے منع کرے ہے		سی دیجیو تک ہاتھ سے اپنے مرے لب بھی	
جہاں رووں تمنا میں تری اے شمع رو پیارے		اوگے اس کُل زمیں سے حشر تک جوں لالہ انگارے	
قمارِ عشق کی بازی بھی کچھ دنیا سے باہر ہے	ولہ	اُسے کہتے ہیں عاشق، جو کوئی یہاں نقد جاں ہارے	
آنسوؤں تک پوچھنے کی غیر کے تدبیر ہے	ولہ	مجھ سے اتنا بھی نہیں کہتا، کہ کیوں دل گیر ہے	
چرخ کی برہم زنی سے یہ تعجب ہے بیاں		لیلیٰ و مجنوں کی یک جا اب تلک تصویر ہے	
شب فراق کی دہشت سے جان جاتی ہے	ولہ	یہی ہے صبح سے دھڑکا، کہ رات آتی ہے	
جا کہو کوئے یار میں کوئی۔	ولہ	مر گیا انتظار میں کوئی	

وہ بھی کیا رات تھی کہ سوتا تھا		سر رکھے اس کنار میں کوئی
جادو تھا، کہ سحر تھی، بلا تھی،	ولہ	ظالم یہ تری نگاہ کیا تھی
کید ھر ہے، کہاں ہے، اخوشدلی تو		ہم سے کہو تو آشنا تھی
رسوا ابھی سے کرتی ہوای چشم تر مجھے	ولہ	آنا ہے اس کی بزم میں بارِ دگر مجھے
آیا ہوں اس گلی سے ابھی، دم نہیں لیا		پھرے چلا ہے یہ دل وحشی اُدھر مجھے
کُنج قفس سوا مری قسمت میں جا نہ تھی		تو کیوں دیئے فلک نے میاں بال و پر مجھے
جھگڑتے تجھ سے پیارے حجاب آتا ہے	ولہ	وگرنہ بات کا تیری جواب آتا ہے
پیو شراب جوانو! کہ موسم گل ہے		ہمیں بھی یاد وہ عہد شباب آتا ہے
اپنے دل سے بھی عداوت ہو گئی ہے اب مجھے		دشمن جانی ہو میرا، جو کوئی چاہے مجھے
کوئی مجنوں قیس نہ دیوانہ ہوا لیلی کا		میں ترے عہد میں دیکھوں ہوں جدھر مجنوں ہے
کیا زلف میں اُس شوخ کے تھی دیکی صبح	ولہ	یا شام سے پھولی تھی کسی شب کی صبح
ٹک زلف کو میں ہاتھ لگایا، کہ ادھر		ہمسایہ پکارا، کہ ہوئی کب کی صبح
جس وقت کہ بیدار وہ ہوتا ہیں گا	رباعی	عالم کی غضب سے جان کھوتا ہیں گا
غنچوں کو صبا کہیو، کہ آہستہ کھلیں		زانو پہ مرے وہ شوخ سوتا ہیں گا
مت کہیو بیاں جام اجل پیتا ہے	رباعی	یا اُس کے لئے کوئی کفن سیتا ہے
یار د جو مرے حال کو پوچھے وہ شوخ		اتنا کہیو، کہ اب تلک جیتا ہے
سو طرح سے یہ عشق لبھاتا ہے مجھے	رباعی	ہر چیز میں یک جلوہ دکھاتا ہے مجھے
کس ماہ کا یہ عکس پڑا ہے یارب!		ہر چاہ میں یوسف نظر آتا ہے مجھے
کہتا ہوں جناب حق میں ڈرتے ڈرتے	رباعی	مدت گذری دعا ہی کرتے کرتے
ہے اُس کو یہ قدرت کہ بیاں سا محروم		منہ یار کا دیکھ لیوے، مرتے مرتے

۳۔ بقا

بقا تخلص، محمد بقا نام، بیٹا حافظ لطف اللہ کا، شاگردوں میں سے میرزا فاخر مکین تخلص کے تھا۔ فی الحقیقت عزیز نکتہ سنج، و باریک بیں، و معنی بند، و سخن آفرین تھا میرزا رفیع سودا تخلص کے منہ اکثر چڑھا، اور اس نہنگ بحر معانی کے ہجو میں کچھ کچھ واہیات مکرر بکا، لیکن میرزا مرحوم نے مطلق اعتنا نہ کی، اور یہ بات کہی کہ میں نے جس کی ہجو کی، نام اس کا اسی تقریب سے تمام عالم میں ہوا مشہور ہے، سو تیری ہجو نہ کروں گا، کہ تیرا مشہور کرنا مجھے نہیں منظور ہے۔ غرض اس عزیز سے زمانے نے موافقت کبھی نہ کی، اور صورت روزگار کی بیچارے نے آئینے میں خیال کے بھی نہ دیکھی۔ افلاس سے تنگ آکر کسی کے کہے سے کچھ اعمال تسخیر کواکب کے شروع کئے تھے۔ خیال میں اس سودائے خام کے مجنون ہوے، اور جبتک جئے سودائی رہے سنہ ۱۲۰۶ بارہ سو چھ ہجری تھی، کہ حالت میں سودائی کے یہ بات سوجھی، کہ تحصیل دولت عقبیٰ کی کیجئے، اور خاک راہ سے کربلاء معلا اور نجف اشرف کے دیدۂ دل میں سرمۂ حق نما دیجئے۔ یہ عزم کرکے جہاز پر سوار ہوئے، اور منزل مقصود کی طرف قدم گذار ہوئے۔ اثنائے راہ میں اس دار فنا سے، موافق نام اپنے کے، سفر ملک بقا کا کیا۔ خوشا یہ حال کہ انجام توبہ خیر ہوا +

یہ چند شعر اس راہ رو جادۂ بقا کے گوشۂ خاطر میں تھے، سو لکھے جاتے ہیں +

یاد میں تڑپے ہے دل اس ابروے خمدار کی		آج کچھ ناخن بدل ہے آہ! اس بیمار کی
دیکھئے، ہیں منصب مجنوں پہ یہ لیلیٰ صفتاں	دلہ	خاک میں ہم کو ملا، کس کو سرفراز کریں
کیا خط لکھیں اُس کو حرکت ہاتھ سے گم ہے	دلہ	خامہ مرے اب ہاتھ میں انگشت ششم ہے
کس نے چمن میں رنجہ کیا عندلیب کو	دلہ	غنچے رہے ہیں دانتوں میں داب اپنی جیب کو
اس لب سے کچھ نہ چوسے قدح، اور قدح سے ہم	دلہ	تو کیوں ٹلے سبو سے قدح، اور قدح سے ہم
پاتے ہیں میکدے میں بقا روز فیض مے		خم سے سبو، سبو سے قدح، اور قدح سے ہم

۴۔ بیدار

بیدار تخلص میر محمدی نام، شاہجہان آبادی، دوستوں میں سے خواجہ میر درد تخلص کے تھے۔ نزاکت سے معنی کے بخوبی آشنا، اور زباندانان دلی سے ہمیشہ ہم نوا رہے ہیں کہتے ہیں کہ کلام اپنا انہوں نے اصلاح کی تقریب سے خواجہ میر درد کو دکھایا ہے۔ اور اُس نقادِ بازارِ معانی سے فایدہ بہت سا اُٹھایا ہے۔ زبان ریختہ میں صاحبِ دیوان ہیں۔ کچھ اشعار منتخب ان کے دیوان کے لکھے گئے یہاں ہیں ؎

تو نے جو مدّتوں میں اِدھر کو گذر کیا
نالے نے آج کچھ تو ہمارے اثر کیا

غیرت نہ آوے تجھ کو ستمگر نہار حیف
جس دل میں تو مقیم تھا وہاں غم نے گھر کیا

ہم غافلوں کی آہ نہ اودھر نظر گئی
اُس نے نہار اپنے تئیں جلوہ گر کیا

اس کھیل سے کہ اپنی مژہ کو کہ باز آئے
عالم کو نیزہ بازی سے زیر و زبر کیا

دیوانے کو پری سے پھراب کر دیا دوچار
اے آنکھوں کیا کیا مرے جی کا ضرر کیا

کیدھر ہے تو کہاں ہے اجابت کہ بارہا
میں نے بلند دست دعا ہو سحر کیا

بیدار ایسے رونے سے اماں باز آ
دامان و آستیں کو تو لوہو سے تر کیا

آنکھوں میں پھر رہا ہے ازبسکہ نور تیرا
ولہ
ہر گُل میں دیکھتا ہوں رنگِ ظہور تیرا

بیدار وہ تو ہر دم سو سو کرے ہے جلوہ
اُس کو جو تو نہ دیکھے ہیگا قصور تیرا

جب کہا میں نے کہ اے سروِ ریاضِ خوبی
ولہ
کس کا تو آفتِ جاں ہے تو کہا تجھ کو کیا

کہنے لاگا دلِ گم گشتہ ہے تیرا مجھ پاس
جب کہا میں نے کہاں ہے تو کہا تجھ کو کیا

یہ کون پئے شکار نکلا
ولہ
ہر دل ہوا میدوار نکلا

جینے کی نہیں ہے اُس مجھ کو
تیر اُس کا جگر کے پار نکلا

ہم خاک بھی ہو گئے پر ابتک
دل سے نہ ترے غبار نکلا

جب بام پہ بے نقاب ہو کر — وہ صبح کو ایک بار نکلا
اُس روز مقابل اُس کے خورشید — نکلا بھی تو شرمسار نکلا
نالہ ہر چند ہم نے کر دیکھا — ولہ — آہ اب تک نہ کچھ اثر دیکھا
آج کیا جی میں آگیا تیرے — مُتبسّم ہو جو اِدھر دیکھا

بہے بیدار کی آنکھوں سے ساقی اشک سُرخ ایسے — ولہ — مے گلگوں کا کوچہ میں گویا تیرے سبو ٹوٹا

سبزۂ خط ترے عارض پہ نمودار ہوا — ولہ — حیف اس آئینۂ صاف پہ زنگار ہوا
آج آتا ہے نظر دن مری آنکھوں میں سیاہ — رات اس زلف میں دل کیسا گرفتار ہوا
کھینچ کر زلف کی تصویر کو خط میں بھیجوں — ولہ — تاکہ معلوم کرے حالِ پریشان مرا
اے شانہ کھولیو گرہِ زلف سوچ کر — ولہ — دل سیکڑوں ہیں اس میں گرفتار دیکھنا
ہم چشم ابر دیدۂ تر گرچہ ہو سکا — ولہ — لیکن غبارِ غم مرے دل سے نہ دھو سکا
جو اب کے چھوڑے مجھ کو غم تری جدائی کا — ولہ — تمام عمر نہ لوں نام آشنائی کا
اُگے ہے پنجۂ مرجاں مزار سے اُس کے — شہید ہو جو کوئی اس کفِ حنائی کا
مرے قدم سے ہے سرسبز بوستان جنوں — ہر ایک آبلہ گل ہے برہنہ پائی کا

کہو تو کس سے میں پوچھوں نشان خانہ دوست — ولہ — کہ آشیانۂ عنقا ہے آستانۂ دوست

حال سُن سُن کے ہنس دیا میرا — ولہ — کچھ تو آیا ہے مہربانی پر
آج ساقی دیکھ تو کیا ہے عجب رنگیں ہوا — ولہ — سرخ مے کالی گھٹا اور سبز ہی مینا کا رنگ
اس سے دو چار ہو گئے ہم — ولہ — سو جی سے نثار ہو گئے ہم
فتراک میں باندھ خواہ مت باندھ — اب تیرے شکار ہو گئے ہم
آ تیری گلی میں مر گئے ہم — ولہ — جی تھا سو نثار ہو گئے ہم

خاکِ عاشق ہے جو ہوتی ہے نثارِ دامن — ولہ — اے سری جان تو مت جھاڑ غبارِ دامن
خلشِ خارِ رہِ عشق سے اب اے ناصح — نہ رہا ایک بھی ثابت مرا تارِ دامن

ہم ترے اس دلِ نازک سے خطر کرتے ہیں ولہ ورنہ یہ نالے تو پتھر میں اثر کرتے ہیں

شبِ ہجراں میں نہ پوچھو کہ میں کیا کرتا ہوں ولہ صبح تک شمع کی مانند جلا کرتا ہوں

صورت اس کی سما گئی دل میں ولہ آہ کیا آن بھا گئی دل میں

تم کو کہتے ہیں کہ عاشق کا فغاں سنتے ہیں ولہ یہ تو کہتے ہیں کہ باتیں ہیں کہاں سنتے ہیں

اُٹھ گیا ہم سے گو مکدر ہو ولہ خوش رہے وہ جہاں ہو جیدھر ہو
اس سے بیدار بات تو معلوم دیکھنا بھی کہیں میسر ہو
تعجب ہے کیا ناتوانی سے میری ولہ کہ فتاد و شرمندۂ نیشتر ہو
دل کو کرتا ہے نگاہوں میں شکار ولہ واہ وا ہے تری صیادی کو
دیکھ آکر مری آنکھوں کی بہار کر دیا باغ ہر اک وادی کو
تری مجلس میں اگر ہو گذرِ پروانہ ولہ نہ پڑے شمع پہ ہرگز نظرِ پروانہ
ہے زمانہ سے جدا روز و شبِ سوختگاں شام کہتے ہیں جسے ہے سحرِ پروانہ
بوسۂ شمع کو جلنے کے بہانے آیا دیکھو اے بزم نشینان ہنرِ پروانہ
قید سے شمع کی ممکن نہیں چھوٹے بیدار رشتۂ شمع سے باندھا ہے پرِ پروانہ
دیکھ تجھ کاکلِ مشکیں کی ادائیں شانہ ولہ دونوں ہاتھوں سیتی لیتا ہی بلائیں شانہ
اُس کے بھر آئے ترے مرہم کاکل سے زخم ہاتھ اُٹھا کیوں نہ کرے تجھ کو دعائیں شانہ
ایک دن گر نہ ملی تجھ سے تو آشفتہ ہوئی دیکھ لے کاکلِ مشکیں کی وفائیں شانہ

تھم گیا اشک شبِ ہجر میں روتے روتے ولہ سحرِ وصل کو مدت ہوئی ہوتے ہوتے
مردمِ چشم سے پوچھ اے مہ تاباں تجھ بن کون سی شب کہ نہ گذری مجھے روتے روتے
کیوں کر عاشق سے بھلا کوچۂ جاناں چھوٹے ولہ بلبل زار سے کیوں کر کہ گلستاں چھوٹے
کس کے آگے میں کروں چاک گریباں کہ تو جو ترے ہاتھ سے ناصح مرا داماں چھوٹے

عاشق کا اگر دیدۂ خونبار نہ ہووے ولہ تو رشکِ چمن کوچۂ دلدار نہ ہووے

بخشی ہے جسے تجھ نگہِ چشم نے مستی
وہ مست قیامت کہ کبھی ہشیار نہ ہووے

بیجا ہے شکایت ستم یار کی بیدارؔ
ممکن ہے کہ معشوق دل آزار نہ ہووے

نہ وفا ہے نہ مہر و اُلفت ہے — ولہ
اے ستمگر یہ کیا قیامت ہے

گلِ صد برگ دیکھو اس کے ہاتھ
دلِ صد چاک کی کنایت ہے

جس دن تم آ کے ہم سے ہم آغوش ہو گئے — ولہ
شکوے جو دل میں تھے سو فراموش ہو گئے

کہاں ہے تو کہ میں کھینچوں ہوں راہ میں تیری — ولہ
برنگِ نقشِ قدم انتظار آنکھوں سے

ابتک مرے احوال سے وہاں بیخبری ہے — ولہ
اے نالۂ جاں سوز یہ کیا بے اثری ہے

فولاد دلاں چھوڑ یو زنہار نہ مجھ کو — ولہ
چھاتی مری جوں سنگ شراروں سے بھری ہے

کس باغ سے آتی ہے بتا مجھ کو کہ یہ آج
کچھ اور ہی بو تجھ میں نسیمِ سحری ہے

لبِ رنگیں ہیں ترے رشکِ عقیقِ یمنی — ولہ
زیب دیتی ہے تجھے نامِ خدا کم سخنی

ہار پہرے تھے جو پھولوں کے نشاں ہے ابتک
ختم ہے گلبدنوں میں تری نازک بدنی

نشہ میں جی چاہتا ہے بوسہ بازی کیجئے — ولہ
اتنی رخصت دیجئے بندہ نوازی کیجئے

زاہد اس راہ نہ آمست ہیں میخوار کئی — ولہ
ابھی یہاں چھین لئے جُبّہ و دستار کئی

کف پا ہیں ترے صحرا کی نشانی بیدارؔ
مر گیا تو بھی پھپولوں میں رہے خار کئی

میرِ مجلس رنداں آج وہ شرابی ہے — ولہ
خون دل جس سے مرا بادۂ گلابی ہے

ترے اے پری پیکر سینہ پر نہیں پستاں
طاق حسن پہ گویا شیشۂ جبابی ہے

دوستو جانے دو اب ہاتھ اُٹھاؤ ہم سے — ولہ
یہ ہے وہ زخم کہ بہ ہو نہ کسی مرہم سے

مہرباں خیر تو ہے کس پہ یہ غصہ کیجے
آج آتے ہو نظر کچھ تو مجھے برہم سے

جو کچھ چاہئے آپ فرمایئے — ولہ
یہ غیروں کی باتیں نہ سنوایئے

ڈراتے ہو کیا قتل کرنے سے ہم کو
اگر یوں ہی جی میں ہے آجایئے

بیدارؔ رواں ہے اشک دریا دریا — رباعی
بتلا تو کہ ہے دیدۂ تر دریا دریا

رونے سے ترے تمام خانہ ہی خراب		حیراں ہوں میں اس میں ہو گھر یا دیا	

۵۔ بسمل

بسمل تخلص، سید جبار علی نام، متوطن جبار کھڑکی۔ چند مدت انہوں نے عظیم آباد میں گذر کئے ہیں، اور تھوڑے سے دن مہاراجہ جیت سنگھ، بنارس کے راجہ، کی وکالت میں اوقات بسر کی ہے۔ علی ابراہیم خاں مرحوم نے لکھا ہے کہ سنہ ۱۱۹۶ گیارہ سو چھیانوے ہجری میں میر مذکور سے بلدۂ محمد آباد بنارس میں مکرر اتفاق ملاقات کا ہوا ہے۔ جوان سلیم الطبع اور سخن فہم نظر پڑا، آزاد وضع اور وارستہ مزاج دکھائی دیا۔ یہ اشعار اس کے خلاصۂ افکار ہیں ؎

نالۂ درد والم میں نے جب آغاز کیا		جو ترے غم کے سوا تھا قلم انداز کیا	
اتنا بھی داغ عشق سے معمور ہو گیا	ولہ	سینہ تمام خانۂ زنبور ہو گیا	
یار تیری ہی زلف میں دیکھا	ولہ	ایک زنجیر لاکھ دیوانہ	
کیا خیال آوے بلاؤں سے اُسے پرہیز کا	ولہ	ہے جو بیمار اس تری چشم بلا انگیز کا	
آگ ہر ساعت برستی ہے نہ تنہا چشم سے		ہے تماشا استخوانوں میں مری گلریز کا	
جب غمزۂ چشم یار دیکھا	ولہ	سو تیر جگر کے پار دیکھا	
یاد آگئی مشتِ خاک اپنی		اُڑتے جو کہیں غبار دیکھا	
دل خس و خاشاک کی صورت اٹکتا ہی رہا	ولہ	گو سدا دامن کو اپنے وہ جھٹکتا ہی رہا	
جستجو میں یار کی گم کردہ راہوں کی طرح		میں کبھی ادھر کبھی اودھر بھٹکتا ہی رہا	
خط ترا نامِ خدا خط ہے ادا و ناز کا	ولہ	دیکھئے انجام کیا ہوتا ہے اس آغاز کا	
کیا اس کو جتا دیں ہم جو ہم نے کیا ہوگا	ولہ	کیا کیا نہ کیا ہوگا جب دل کو دیا ہوگا	
دل میں برنگِ موج تمہارے وصال کا	ولہ	بڑھ بڑھ کے اشتیاق کئی بار گھٹ گیا	
ہر دم مجھے نیاز اُسے ناز ہی رہا	ولہ	انجامِ کار عشق کا آغاز ہی رہا	

صیاد فائدہ ہے رہائی سے کیا مجھے
اُڑنے سے جب مرا پر پرواز ہی رہا

سدا نکلا ہی کرتا ہے پگھل کر آتشِ غم سے — ولہ — سرشک آنکھوں سے میری روغن بادام کی صورت

خدا ہرگز نہ دکھلاوے کسی کو غیر بسمل کے
تمہارے خنجرِ مژگانِ خون آشام کی صورت

تیرِ نگاہ بسکہ لگی چھوٹ چھوٹ کر — ولہ — چھاتی مشبکہ وار ہوئی پھوٹ پھوٹ کر

یہ داغ عشق مثل نئے نوازکے
نکلے ہے بند بند سے اب پھوٹ پھوٹ کر

پہلو میں رکھوں ہیں دل ناشاد کہاں تک — ولہ — اے درد کروں نالہ و فریاد کہاں تک

در آج قفس کا ہے کھلا کیجئے پرواز
اے ہم قفساں خاطرِ صیاد کہاں تک

زمانے سے نرالے ہیں جگر افگار کہتا ہوں — ولہ — کہ لوگ ابرو جسے کہتے ہیں میں تروار کہتا ہوں

جز یادِ حق نہ ہو ترے دل میں کبھو گرہ — ولہ — دے سجہ وار منہ پہ اگر اپنے تو گرہ

ہر دم نمود قبضہ شمشیر کی طرح
رہتی ہے ابروؤں میں ترے تند خو گرہ

دل کی طلب ہے اور تمنا ہے جان کی — ولہ — کیا مہربانیاں ہیں مرے مہربان کی

درد و الم سے منزلت دل ہے بس بلند
یعنی مکیں سے ہے گی بزرگی مکان کی

لے خانہ اس غلام ارشاد کیجئے — ولہ — گو کام کا نہ ہووے تو آزاد کیجئے

کوئے بتاں تلک تو رسائی محال ہے
جب تک یہ مشتِ خاک نہ برباد کیجئے

پیارے یہ وضع چشم مروت سے دور ہے — ولہ — دل لے کے اس طرح بھی نہ آنکھیں چرائیے

رو بر و تیرے ہی گر ظالم نہ یہ دل کیجئے — ولہ — پھر اس آئینہ کو جا کس کے مقابل کیجئے

اُٹھتا ہے وہ غبار ہمارے مزار سے — ولہ — ٹکر لیا کرے ہے جو نت کوہسار سے

آوارگی سے باز رکھوں آہ کس طرح
دل تو گزر چکا ہے مرے اختیار سے

گریہ افزا اس قدر اعضا مرے ہوئے — طلہ — ہر بُنِ موجوش سے آنسو کے فوارے ہوئے

پیش آئی ہمارے وہ جو کچھ کہ تھی پیش آنی — ولہ — اب یہ درد دولت ہے اور اپنی یہ پیشانی

عشق کی بازی میں بسمل دل جلے درکار ہے — ولہ — کس لئے تو اس قدر بیٹھا ہی جی ہارے ہوئے

تیری ہی یاد و ذکر ہی تیرا ہر آن ہے	ولہ	گویا کہ اس لئے مرے مُنہ میں زبان ہے
عہد و پیمان بتاں بسکہ بہ سالوسی ہے	ولہ	ایک اُمید تو سو باعثِ مایوسی ہے
داغ اتنے ہی دیئے عشق نے تیرے کہ تمام		مو بہ موتن پہ مرے جلوۂ طاؤسی ہے
آیئے جلد کہ یہ بسمل مجروح ہنوز		ہر لبِ زخم سے مشتاقِ قدم بوسی ہے
دُکھ درد کو کب تلک حکایت کیجے	رباعی	دوراں کی کہاں تلک شکایت کیجے
اس کشورِ دل پہ فوجِ غم کا ہے ہجوم		یا شاہِ نجف میری حمایت کیجے

بابُ الثّاء

۱۔ تاناشاہ

نام نامی اور اسمِ گرامی اس بادشاہ عشرت دوست کا ابوالحسن تاناشاہ ہے۔ سلاطینِ نامدار اور خواقین عالی مقدار دکھن سے تھا۔ اگرچہ شہر اعیش و نشاط کا اور آوازہ مسرت و انبساط کا اس عیش مجسم کے ماہ سے ماہی تک مشہور ہے، لیکن کچھ تھوڑا سا احوال اس سرآرائے بارگاہ عیش و کامرانی کا یہاں لکھنا ضرور ہے۔ جس ایام میں کہ عالمگیر خلد مکان نے عادل شاہی اور نظام شاہیوں کو زیر و زبر کیا، اور صوبہ دکھن کو بعد بہت سی خرابی کے لیا، تو ابوالحسن تاناشاہ بھی نظر بندی میں آئے، اور فلکِ نیرنگ باز نے بدلے اس عیش و عشرت کے اور ہی رنگ دکھا سامانِ عیش سب برہم ہوا، اور مجمعِ اربابِ نشاط حلقۂ ماتم ہوا۔ خلد مکان نے جس قدر تنگی ان کے اوقات میں چاہی، انہوں نے قبول کیا، لیکن حقّہ کے مقدمہ میں بہت سماجت کے ساتھ اتنی بات کہلا بھیجی کہ اس کا شوق مجھے نہایت ہے، جو رعایت کہ اس کے سامان میں ہو گی وہ عین عنایت ہے۔" ازبسکہ یہ بادشاہ عشرت دوست آٹھ پہر نشۂ عیش میں مخمور رہتا تھا، حقّہ ایک دم مُنہ سے نہیں چھٹتا تھا، اور یہ بھی معمول تھا کہ بعد ہر چلم کے ایک شیشہ سے گلاب کے حقّہ تازہ

ہووے، پھر ایک شیشہ میں بید مشک کے حقہ بردار نیچے کو بھگووے، شغل میں عیش و نشاط کے
ازبسکہ دن کو کم سوتے تھے، سیکڑوں شیشہ گلاب خاص اور عرق بید مشک کے دن رات میں
خرچ ہوتے تھے۔ یہ سب احوال مفصل خلد مکان کو معلوم تھا۔ علاوہ اس کے بادشاہ نے اس عجز
سے کہلا بھیجا۔ بارہ سولہ شیشہ گلاب کے اور آٹھ شیشہ بید مشک کے حکم فرمائے۔ سبحان اللہ!
یا تو حقہ آٹھ پہر منہ سے نہیں چھٹتا تھا، اور اُن کے دودِ مخمل کے رشک سے دھواں حسد کا حقہ
سر آسمان میں گھٹتا تھا، یا پیچ سے فلک حقہ باز کی آٹھ چلمیں دن رات میں یہ پیتے تھے، اور گھونٹ
گھونٹ کر عجب پیچ و تاب کے ساتھ جیتے تھے۔ اس میں بعد کئی دن کے حضرت خلد مکان نے فرمایا کہ
سولہ شیشہ گلاب اور بید مشک کے ہر روز حقہ کے مصرف میں آنے اسراف ہے، اور امورات
شرعی میں پاسِ خاطر بیجا بیجا، اور تکلفِ رسمی معاف ہے۔ آٹھ شیشہ ہر روز یہاں سے جایا کر
ایک شیشے سے بعد ہر چلم کے حقہ تازہ کر کے آٹھ چلمیں دن رات میں پئیں"۔ جب حضور سے ہر روز
آٹھ شیشہ آنے لگے، تو یہ دن رات میں لاچار چار چلموں سے دل [illegible] نے لگے۔ یہ ماجرا سُن کر
خلد مکان نے ضد کے مارے چار شیشوں کی اور تخفیف کی۔ انہوں نے اپنے حقہ بردار کو دو چلموں
کی پروانگی دی۔ بعد کئی دن کے جب دو شیشے اور کم ہوئے، تو ایک چلم دن رات میں یہ پیا کرتے
تھے۔ جس دن ان دونوں شیشوں کا بھی آنا موقوف ہوا، اُس دن انہوں نے عرض کیا۔ جہاں
پناہ کی دولت سے اتنا کچھ بعد خرچ کے جمع کیا ہے کہ دس چلمیں روز اسی خرچ کے ساتھ سالہا سال
پلا سکتا ہے، اُمید ہے کہ بھیڈی خانے کے خرچ کا غلام کو حکم ہووے کہ نہال نمک حلال کا زمین
میں سرخروئی کے بووے۔ ارشاد فرمایا کہ حضرت اعلیٰ کو امورات شرعی کا بہ شدت دھیان ہے،
اگرچہ مسجد کا کھودنا، خزانہ اُس کے نیچے گڑا سُن کر، نہایت آسان ہے، تو جو ہمارے مصرف
بیجا کا کفیل ہوتا ہے ابھی ایک دم میں جمع پونجی سر پلتھ دھر کے روتا ہے۔ غرض اُس دن سے پھر حقہ
نہ پیا، جبتک کہ ان کی نظر بندی میں رہے، اور اس سرائے فانی سے عالم باقی کو تشریف لے گئے
سبحان اللہ! چشم حقیقت بین سے اگر کوئی دیکھے تو دنیا جائے حسرت ہے، بلکہ خانۂ حسرت۔

کدھر ہیں خسرو جم لطف کیقباد و کدھر	کہاں سکندر و دارا کہاں ہے کیکاؤس
جو مست جاہ ہیں دیکھیں وہ چشم عبرت سے	کچھ ان کے ساتھ گیا غیر حسرت و افسوس

اگرچہ ملک گیری اور کشور ستانی کے معاملہ کو سمجھنا شاہانِ عالی تبار پر ختم ہوا ہے، گدائے گوشہ نشین کو دخل ان امورات میں کیا ہے، لیکن بعضے دانشمند کہتے ہیں کہ خلد مکان نے استیصال بادشاہانِ دکن کا جو اس محنت سے کیا، اور مکہ مسجد[1] کو کھدوا کے وہ کچھ مظلمہ اپنی گردن پر لیا، خدا جانے اس حرکت کا کیا مفاد ہے تحصیل حاصل سے بھی اس میں کچھ کیفیت زیادہ ہے کس واسطے کہ پیش از تسخیر دکن کے بھی خراج و باج اس طرف سے چلا آتا تھا، اور بادشاہان ہندوستان کا شہنشاہ کہاتا تھا۔ آل اس مشقت کا اجوبہ نظر آیا، کہ اس حسن تردد نے شاہنشاہ کو بادشاہ کر دکھایا۔

واقف رموز ملک سے ہیں شاہ و شہریار	ہے تو گدائے گوشہ نشیں لطف کچھ نہ بول[2]

غرض شاہ عالیجاہ ابو الحسن تانا شاہ کی طرف لوگ اس مطلع کو منسوب کرتے ہیں، اور باعتبار محاورۂ دکن کے، اور بندش قدیم کے، کہ اس مطلع میں ہے، ابراہیم خاں مرحوم بھی گفتگو پر لوگوں کی گوش دل کو دھرتے ہیں مطلع یہ ہے۔

کس سے کہوں، جاؤں کہاں، مجھ دل پہ بھل بھجن ہے	اک بات کے ہونگے سجن، یہاں جی ہی بارہ بات ہے

۲۔ تاباں

تاباں تخلص، میر عبد الحی نام، شاہ جہان آبادی۔ نہایت عزیز خوبصورت اور صاحب جمال تھا، ایسا کہ دلی سے شہر میں بے مثال تھا۔ ہندو مسلمان ہر گلی کوچہ میں ایک نگاہ پر اس کی لاکھ جان سے دین و دل نذر کرتے تھے، اور پرے کے پرے عاشقانِ جانباز کے یاد میں اس لب جاں بخش

[1] مکہ مسجد حیدر آباد میں اب تک موجود ہے۔ اس کا کھدوانا خلاف واقعہ ہے ۱۲

[2] مصنف نے حافظ کے اس شعر کا ترجمہ کیا ہے ؎

رموز مملکت خویش خسرواں دانند	گدائے گوشہ نشینی تو حافظا مفروش

مسیحا دم کے مرتے تھے۔ تکلف یہ ہے کہ اس رعنائی اور دل ربائی پر خود بدولت بھی دل کو کھو بیٹھے تھے، اور ہنستے ہنستے بے اختیار صبر اور اختیار کو رو بیٹھے تھے۔ اس بے دردی اور شیریں ادائی پر مانند فرہاد کے چاشنیٔ درد سے آگاہ، اس سرد مہری اور لیلیٰ صفتی پر مانند مجنون کے ہمیشہ سرگرم نالہ و آہ تھے، یعنی ایک سلیمان نام لڑکے کو چاہتے تھے، اور اُس کے دردِ محبت سے، باوجود وصل کے، آٹھ پہر کراہتے تھے۔ وہی سلیمان، کہ بالفعل شاہ سلیمان کر کے معروف تھا، اور ادا کرنے میں راہ و رسم درویشی کے بہ شدت مصروف، اس مورِ ضعیف نے عالمِ پیری اُس کا ۱۲۰۱ھ بارہ سو ایک ہجری میں، کہ بلدۂ لکھنؤ میں دیکھا۔ اگرچہ ریش سفید اور قد خمیدہ رکھتا تھا، لیکن اُسکے انداز سے یہ معلوم ہوتا تھا کہ اس نے کسی وقت میں بڑے بڑے گردن کش، سوئی کے ناکے سے نکالے ہوں گے ✦

غرض میر عبدالحی تاباں تخلص میرزا جان جاناں مظہر سے اور میرزا رفیع سودا سے ہمیشہ صحبت رکھتے تھے، بلکہ میرزا رفیع سودا بنا بر ادراک نظر توجہ کے، کہ اُن کے حال پر تھی، اکثر اشعار کو ان کے اصلاح کرتے تھے۔ عین شباب کے عالم اور جوبن کے عروج میں، کہ زمان فرمان فرمائے محمد شاہ فردوس آرام گاہ کا تھا، اس ماہِ تابانِ حُسن نے جامۂ زندگی کو مانند کتان کے چاک کیا ہے یہ منتخب ان کے دیوان کا ہے ✦

سرسبز خط سے دونا ہوا حسن یار کا		آخر خزاں نے کچھ نہ اُکھاڑا بہار کا	
اکثر جو اس زمین کو ہوتا ہے زلزلہ		شاید گرا ہے جسم کسی بے قرار کا	
کس کس طرح سے دل میں گذرتی ہیں حسرتیں		ہے وصل سے زیادہ مزا انتظار کا	
اخگر کو چھپا راکھ میں، میں دیکھ کے سمجھا	ولہ	تاباں تو تہ خاک بھی جلتا ہی رہیگا	
کوئی دوسرا مجھ سا تاباں نہ ہوگا	ولہ	کہ دل دے تجھے پھر پشیماں نہ ہوگا	
جفا سے اپنی پشیماں نہ ہو، ہوا سو ہوا	ولہ	تری بلا سے، مرے جی پہ جو ہوا سو ہوا	
نہ پائی خاک بھی تاباں کی ہم نے پھر ظالم		وہ ایک دم ہی ترے روبرو ہوا سو ہوا	

بیتابیوں کی عشق کے کرتا ہے کیا علاج — ولہ — تاباں یہی جو دل ہے تو آرام ہو چکا

آشنا ہو چکا ہوں میں سب کا — ولہ — جس کو دیکھا سو اپنے مطلب کا
ہیں بہت جامہ زیب، پر ہم نے — کوئی دیکھا نہیں یہ چپ ڈھب کا
یاں پلک بھی نہ ہم سکیں جھپکا — ایسا قاصد تو جائیو لپکا ۱۲

دیا ہے جی میں اپنا دیکھ کر سج جسکے جامہ کی — ولہ — اُسی کالے کے دامن کیجیو یارو کفن میرا
لیا تھا دوستی سے جن نے دل ہائے — ولہ — وہ اب دشمن ہوا ہے میرے جی کا
مجھے ترسا کے اس کافر نے مارا — نتیجہ کیا یہی تھا عاشقی کا
ہونٹوں پہ ترے ظالم مسی کی یہ دھڑی ہے — ولہ — یا اُن کے تئیں کسی نے مل مل کیا ہے نیلا
اکیلا صنم باغ میں کل گیا تھا — ولہ — اسے دیکھ کانٹوں پہ گل لوٹتا تھا
لیا چاہ سے کھینچ یوسف کو اپنے — ولہ — ترا عشق تاباں قیامت رسا تھا
فغاں نے مرا منہ پھر آکر کھُلایا[1] — ابھی روتے روتے ہی چپکا رہا تھا
مری لوح تربت پہ یارو کھُدانا — ولہ — نہ اس سنگ دل سے کوئی جی لگانا
ترے غم سے نسیاں ہے یاں تک تو مجھکو — اِدھر بات کہنا اُدھر بھول جانا
گلی میں اپنی روتا دیکھ مجھ کو وہ لگا کہنے — ولہ — کہ کچھ حاصل نہیں ہونیکا ساری عمر رو بیٹھا
صبا میرا پیغام اُن تک تو لے جا — ولہ — کہ تجھ بن رہیں ہم، کہاں یہ کلیجا!
کسی بات کا میں نہ شکوہ کروں گا — ترے جی میں آوے سو مجھ کو کہے جا

ایسے کے تئیں کوئی سر پر بھی چڑھاتا ہے؟ — ولہ — کھینچے ہے تری زلفیں، کیا شوخ ہے یہ شانہ
تمہارے ہجر میں رہتا ہے غم ہم کو میاں حنا — ولہ — خدا جانے جئیں گے یا مرینگے ہم میاں صاحب
مرا بس ہو تو ہرگز خط نہ آنے دوں ترے لیکن — ولہ — لکھا قسمت کا کوئی بھی مٹا سکتا ہی کیا قدرت

[1] یعنی کھلوایا ۱۲

غیر کے ہاتھ میں اُس شوخ کا دامان ہے آج ولہ میں ہوں اور ہاتھ ہی اور میرا گریبان ہے آج
لے میری خبر چشم مرے یار کی کیوں کر ولہ بیمار عیادت کرنے بیمار کی کیوں کر
کہتے ہیں اثر ہیگا گریہ میں ہیں یہ باتیں ولہ اک دن بھی نہ یار آیا روتے ہی کٹیں راتیں
سن فصل گل خوشی ہو گلشن میں آئیاں ہیں ولہ کیا بلبلوں نے دیکھو دھومیں مچائیاں ہیں
بیمار ہے زمیں سے اُٹھتی نہیں عصائیں نرگس کو تم نے شاید آنکھیں دکھائیاں ہیں
قسمت میں کیا ہی دیکھیں جیتے رہیں کہ مرجائیں قاتل سے اب تو ہم نے آنکھیں لڑائیاں ہیں
آشنا تو مجھ سے ایسا ہے کہ جیسا چاہیئے ولہ پر جو کچھ دل چاہتا ہے ہائے وہ ہوتا نہیں
شب کو پھرے وہ رشک ماہ خانہ بخانہ کو بکو ولہ دن کو پھروں میں داد خواہ خانہ بخانہ کو بہ کو
گئے نالہ ترے برباد جوں بانگ جرس چپ رہ ولہ اثر دیکھا تری فریاد میں دل ہم نے بس چپ رہ
سلیماں کیا ہوا گر تو نظر آتا نہیں مجھ کو ولہ مری آنکھوں کی پتلی میں تری تصویر پھرتی ہے
بتاں کے شہر ناپرساں میں کب کوئی داد کو پہنچے ولہ مگر یہاں اپنے بندوں کی خدا فریاد کو پہنچے
تو بھلی بات سے بھی میری خفا ہوتا ہے ولہ کیا بھلا چاہنا ایسا ہی برا ہوتا ہے
تیری ابرو سے مرا دل نہ چھٹے گا ہرگز گوشت ناخن سے کہوں کوئی جدا ہوتا ہے

ترے پاس عاشق کی عزت کہاں ہے ولہ تجھے بے مروت مروت کہاں ہے
میں شکوہ کروں جور ظالم سے لیکن مجھے آہ و نالہ سے فرصت کہاں ہے
بیاں کیا کروں ناتوانی میں اپنی مجھے بات کہنے کی طاقت کہاں ہے
جو اُس کی کمر میں نے دیکھی ہے تاباں رگ گل میں ایسی نزاکت کہاں ہے
جو کرتا ہوں فریاد میں اُس کے آگے ولہ تو کہتا ہے تاباں تو جاتا نہیں ہے
ابھی پست ہو[1] جا گا لاتوں کے مارے ترا شور کچھ مجھ کو بھاتا نہیں ہے

[1] ہو جا گا یعنی ہو جائے گا۔

ہوتا ہوں ترا جو اشتیاقی ساقی — رباعی — بیخود ہو پکارتا ہوں ساقی ساقی
ہے مجھ کو خمار شب کا لالا، صبح ہوئی — شیشے میں جو کچھ کہ مے ہو باقی ساقی

بیاں میں کیا کروں دیوانگی کا اپنی افسانہ — مخمس — نہ میرا گھر میں جی لگتا نہیں بھاتا ہی ویرانہ
خوش آتا ہی مجھے گلیوں میں سنگ کوہ کا کھانا — ارے ناصح عبث ہی یہ ترا بیہودہ سمجھانا

پریرو ہو جدا جس کا سو ہو کیونکر نہ دیوانہ

عبث مت بک نہیں میں مانتا کہنا ترا ناصح — مری آہ و فغاں کرنے سے تجھ کو کیا تلا ناصح
میں اپنے جی ہی سے بیزار ہوں مت تو ستا ناصح — بھلا چاہے تو اپنی آبرو کو لے کے جا ناصح

مجھے یہ طرح آتا ہی تری باتوں پہ جھنجلانا

تو کیوں بیہودہ بکتا ہے نصیحت کے سخن اکثر — سنوں کیونکر تری باتیں کہ میرا حال ہی ابتر
رہوں آرام سے بے یار اے ناصح بھلا کیونکر — کہ میری زندگی اور موت ہی موقوف اس جا پر

اگر آوے تو جی جانا وگرجاوے تو مر جانا

کبھی رو رو کے تئیں کرتا ہوں گھر میں نالہ و افغاں — کبھی پھرتا ہوں صحرا بیچ میں وحشت سے ہو عریاں
کبھو ہوتا ہی تا باں ساتھ میرے محنۂ طفلاں — مرے تئیں اس طرح سے دیکھ کر سب خوار و سرگرداں

کوئی کہتا ہی سودائی کوئی کہتا ہی دیوانا

باب الجیم

۱- جہاندار

جہاندار تخلص، میرزا جواں بخت جہاندار شاہ نام، خورشید آسمانِ بلند اختری اور سرفرازی کا ولی عہد شاہ عالم بادشاہ غازی کا، رونق دینے والا بارگاہ جہانداری اور جہانبانی کو، زینت بخشنے والا مسندِ ملک گیری اور کشورستانی کو، ہر خط جبینِ جہاں افروز کا اُس کے واسطے روشن کرنے عالم کے، مانند خطوط شعاعی آفتاب کے، دور کرنے والا تاریکی فلاکت کا تھا، اور دوست دریا نوال اُسکا

افراط جود و کرم سے مانند ید بیضا کے روشن کرنے والا خوش نامو سی امارت اور ایالت کا بخشش نے اُس کی، دشمنی آسمان کے دل سے فلک زدوں کی نکالی، اور ہمت نے اُس کی گرہ بدطالعی کی پیشانی سے بدبختوں کی کھول ڈالی جس ایام میں کہ ناموافقت سے اُمراء دولت کی۔ نشانِ کیوان شان اس فلک جناب کے دارالخلافہ دلّی سے بیچ حرکت کے آئے، تو سنہ ۱۱۹۵ گیارہ سو اٹھانوے ہجری تھے، کہ خود بدولت و اقبال لکھنؤ میں تشریف لائے۔ نواب آصف الدولہ مرحوم نے، جو مراتب آداب و خدمت گذاری کے تھے، سب ادا کئے، خواصی میں بیٹھنے کے سوائے گھڑیوں ہاتھ باندھے سامنے کھڑے رہے۔ باوصف اس ناز پروری کے کہ کبھی پیادہ چار قدم کاہے کو چلے تھے۔ پانچوں ہتیار باندھے ہوئے ایک الائچی اور گلوری کی بخشش پر دس دس مرتبہ حجرہ گاہ پر سے جا کر آداب بجا لاتے تھے۔ غرض اس شہزادۂ عالی تبار کی طبیعت شعر کی طرف اس قدر آئی تھی، کہ مہینے میں دو مرتبہ بنا مشاعرے کی اپنے دولت خانہ میں ٹھہرائی تھی۔ شعرائے باوقار کو اپنے چوبدار بھیج کر مشاعرے کے دن بلواتے، اور ہر ایک شخص سے نہایت الطاف اور عنایت کے ساتھ گرم جوشی فرماتے۔ چنانچہ راقم حقیر کو جب یاد فرمایا، تو اس ہیچمدان نے یہ عذر کہہ بھیجوایا کہ "کمترین نے مشاعرے کا جانا مدت سے موقوف کیا ہے، از بسکہ ان صحبتوں میں مناظرہ ہی کو یاران عالی حوصلہ نے رواج دیا ہے، اگر ارشاد ہو تو سوائے مشاعرے کے ایک دن بندگی میں حاضر ہوں، اور اس تخم ناکاشتنی بیمغز کو موافق ارشاد کے زمین عرض میں بوؤں۔" پذیرائی نہ ہوا، پھر چوبدار آیا، اور یہ ارشاد فرمایا کہ "تیرا حاضر ہونا مشاعرے میں نہایت ضرور ہے، مناظرے کا مطلق ہمارے ہاں نہیں دستور ہے۔" غرض ایما سے نواب آصف الدولہ مرحوم کے حاضر ہوا، اور شرف سعادت ملازمت کا حاصل کیا۔ مکرر عرض کیں اُس دن ازراہ تفضلات کے پڑھوائیں، اور ہر شعر پر کیا کہوں کہ کیا کیا عنائتیں فرمائیں۔ پھر اپنی طبع زاد سے بہت کچھ ارشاد فرمایا، اور سامعین کو مورد عنایت و امداد فرمایا۔ سنہ ۱۲۰۱ بارہ سو ایک ہجری میں بلدۂ بنارس کے اندر اس سریر آرائے بارگاہ شوکت و اجلال نے تخت نشینی ملک فنا کی چھوڑ کر اورنگ آرائی کشور بقا کی اختیار کی۔ یہ اشعار منتخب اُس سلطان عالی تبار کے ہیں ؎

نہ پوچھو دہر میں کیا کر چلے ہم — اسی ہی آرزو میں مر چلے ہم
رہے اک شب جو اس ماتم کدے میں — بسانِ شمع رو رو کر چلے ہم
اکیلے تھے ہم اب اک فوج غم ہے — ترے در سے مع لشکر چلے ہم
نہ تھے جوں گل کبھی اوراق دل جمع — کہ اس گلشن میں کر ابتر چلے ہم
رہے در پر بتاں کے تم جہاندار — خدا حافظ تمہارا گھر چلے ہم

جدا ہو تجھ سے صنم سخت بیقرار ہوں میں — وله — یہ دیکھ آئینہ ساں چشم انتظار ہوں میں
بسا ہے میرا سراپا جو عطر فتنہ سے — یہ کس کی نرگسِ فتاں سے دوچار ہوں میں
نہ جور سے فلکِ حیلہ گر سے گھبرا کر — مثالِ ابر بہاری کے اشکبار ہوں میں
نظر پڑا ہے وہ آویزۂ گہر جب سے — صدف سے چشم کی تب سے گہر نثار ہوں میں
ہے آفتاب کا سر پہ مرے جو پرتوِ مہر — بسانِ ماہ جہاندار آشکار ہوں میں
ہیں بسکہ جزو تن مرے طاؤس ارداغ — وله — رکھتا ہے ایک ایک عجب ہی بہار داغ
رعنائی تیری دیکھ کے اے سرو باغِ حسن — جوں لالہ دل پہ کھاتے ہیں سب گلعذار داغ
آتش پہ یہ کے دل کی جہاندار جوں سپند — چاہوں جو ٹھہرے، کر نہیں سکتا قرار داغ

۲- جرأت

جرأت تخلص، یحییٰ امان قلندر بخش نام، بیٹا حافظ امان کا۔ شاعر شیریں کلام ہے۔ ظاہر الفظ "امان" کا لان کے بزرگوں کے نام پر بطور خطاب کے زمان اکبری سے چلا آتا ہے، اور جرأت مذکور رشید شاگردوں میں میرزا جعفر علی حسرت تخلص کے گنا جاتا ہے۔ علم موسیقی میں مشغلہ بھلا چنگا رکھتا ہے، اور ستار کے بجانے میں نہایت دست رسا رکھتا ہے۔ نجوم میں بھی اس شخص کو دخل تمام ہے، ایسا کہ ایک عالم لکھنؤ کا اس کا منتظر احکام ہے۔ تمام عمر عزیز کی بیکاری میں بسر ہوئی ہے، اور بے روزگاری میں کٹی ہے۔ ابتدا میں نواب محبت خاں محبت تخلص اعانت اخراجات ضروری

کی کرتے تھے، بالفعل، کہ سنہ ۱۲۱۵ بارہ سو پندرہ ہجری ہیں، صاحب عالم وعالمیان میرزا سلیمان شکوہ کی سرکار سے کچھ امداد ہوتی ہے۔ اگرچہ بصارت چشم سے یہ عزیز معذور ہے، پر ملاقاتوں کو دوستوں کی پھرتا دور دور ہے گو کہ آنکھوں سے کچھ نہیں سوجھتا ہے، لیکن مضمون رنگیں سوجھتا ہے، زبان ریختہ میں صاحب دیوان عظیم الشان۔ یہ اُس کا منتخب دیوان ہے +

چین اس دل کو نہ اک آن ترے بن آیا	دلہ	دن گیا رات ہوئی، رات گئی دن آیا
دن بدن نخلیل تو جرأت ہوا جاتا ہے کیوں؟	دلہ	آہ! یہ بیٹھے بٹھائے تجھ کو کس کا غم لگا
دل کو اے عشق سوے زلف سیہ فام نہ بھیج	دلہ	رہزنوں میں تو مسافر کو سرِ شام نہ بھیج
روشن ہے اس طرح دلِ ویراں کا داغ، ایک	دلہ	اُجڑے نگر میں جیسے جلے ہے چراغ ایک
میرے ہونے سے تو کچھ گرمیٔ بازار نہیں	دلہ	ہوں میں وہ شے کہ کوئی جس کا خریدار نہیں
دل تو اُمڈے ہے پہ حیرت سے میں کیونکر روؤں		ابر تصویر کو گریہ سے سروکار نہیں
درد کیا جانئے کیا کیا یہ بیاں کرتا یار		دہنِ زخم کو گویا لبِ گفتار نہیں
تیرے بیمار سا بیمار نہ ہوگا کوئی		جس کو ظاہر میں جو دیکھو تو کچھ آزار نہیں
جس کے غم میں آہ ہم آرام سے واقف نہیں	دلہ	کیا غضب ہے وہ ہمارے نام سے واقف نہیں
رو کے میں پوچھا کہ مقصد جانتے ہو تم مرا		ہنس کے بولا میں کسی کے کام سے واقف نہیں
کیا قتلِ دو عالم تو نے جنبش سے اک ابرو کی	دلہ	اگر یہ جھوٹ ہو تو تیغ پر ہم ہاتھ دھرتے ہیں (یعنی قسم کھاتے ہیں)
برنگِ طائرِ تصویر ہیں ہم باغ حیرت میں		کب اپنے آشیاں سے صحن گلشن میں اُترتے ہیں
نالہ و آہ و فغاں بھی مرا دم بھرتے ہیں	دلہ	آپ کا جان کے سب مجھ پہ کرم کرتے ہیں
اے ستم ایجاد کب تک یہ ستم دیکھا کریں	دلہ	تو کرے غیروں سے باتیں اور ہم دیکھا کریں
کچھ تو نکلے آرزو دشنام دے تلوار کھینچ		چشم حسرت سے کہاں تک دم بہ دم دیکھا کریں
کہتے ہیں آپس میں ہمسایہ مری فریاد سے		مصلحت یہ ہے کہ اس کے پاس سے گھر چھوڑ دو
کیا کیا میں نے گناہ جو اپنے لوگوں سے یہ تم		کہتے ہو جا کر اُسے بستی کے باہر چھوڑ دو

آنے کی خبر ہے اُس کے لیکن ولہ آتا نہیں اعتبار دل کو
اُسکے آنے میں اب جو دیر ہے کچھ ولہ یہ بھی قسمت کا ہیر پھیر ہے گویا
جب نہ تب خوں مرا ہی پیتا ہے غم بہت اس کا مجھ پہ شے کچھ
تھا یہ جرأت ہی اُس کے کوچہ میں وہ جو اک خاک کا سا ڈھیر ہے کچھ

جاتے ہیں اُس کے در سے پہ جانا محال ہے ولہ جس جا قدم پڑے ہے اُٹھانا محال ہے
رونے میں اور آتش اُلفت بھڑک اُٹھی اب اس لگی کا دل سے بجھانا محال ہے
کیا قہر ہے کہ بزم میں اُس شوخ کی مجھے سب کہتے ہیں کہ تجھ کو بٹھانا محال ہے
جا بیٹھتے تھے در پہ جو اُس کے وہ دن گئے اُودھر کو اب تو آنکھ اُٹھانا محال ہے

کس کی سنوں بات میں اے مہرباں ولہ دھیان تو رہتا ہے تمہارا مجھے ۱۲
غم بہت دنیا میں ہے پر عشق کا غم اور ہے ولہ ہے اسی عالم میں لیکن اُس کا عالم اور ہے
گر کسی ڈھب سے کوئی مجھ کو ہنسا دیتا ہے ولہ غم فرقت وہیں کچھ یاد دلا دیتا ہے
شب کو ٹک خواب جو آتا ہی تو ٹک اُسکا خیال آنکھ لگنے نہیں پاتی کہ جگا دیتا ہے ۱۲
لخت دل کی مرے یہ اشک رواں ہیں ہے بہا برگ گُل جوں کوئی دریا میں بہا دیتا ہے
گھر سے وہ جاوے جہاں میں بھی وہیں ہوں موجود نہیں معلوم مجھے کون بتا دیتا ہے

سخت تجھ بن قلق اس دل کا ستاتا ہے مجھے ولہ گہ بٹھاتا ہے یہ اور گاہ اُٹھاتا ہے مجھے

دل بھڑکے ہے ٹک مصحف رو جان دکھا دے ولہ سرگرم ہے آتش اسے قرآن[۱] دکھا دے
رہنے کی جا جہاں میں ہم خوب پا گئے ولہ جوں درد اہل درد کے دل میں سما گئے
ہم گلشن جہاں میں جوں آتشیں انار اک دم کی زندگی کا تماشا دکھا گئے

جوش گل چاک قفس سے دمبدم دیکھا کئے ولہ سب نے یاں لوٹیں بہاریں اور ہم دیکھا کئے
شب بزم یار میں ہم بیٹھے تو تھے پر اُس کی ولہ چتون سے تھا یہ ظاہر یہ شخص یہاں سے نکلے

[۱] جب گھر میں آگ لگتی ہے تو قرآن دکھاتے ہیں کہ اس کی برکت سے بجھ جائے ۱۲

عزیز وصل میں بھی ہم جو رو رو کر نہ سوتے تھے	ولہ	سو اندیشہ تھا روز ہجر کا اُس دن کو روتے تھے
کچھ ہم تو نہ سمجھے کہ شب وصل کدھر تھی	ولہ	ٹک زلف سے جو رُخ پہ نظر کی تو سحر تھی
ترے بن بستر اندوہ پر کچھ یاد میں کر کے	ولہ	پڑا روتا ہوں پہروں یار منہ پر آستیں دھر کے

۳۔ جوشش

جوشش تخلص، شیخ محمد روشن نام، وطن ان کا عظیم آباد ہے، خوش لیاقتی ان کی جو کچھ کہئے اُس سے زیادہ ہے۔ طبیعت ان کی نظم ریختہ میں نہایت رسا ہے، اور معنی بیگانہ سے بہ شدت آشنا ہے۔ چاشنی درد کی کلام سے ان کے ظاہر، اور علم عروض سے یہ بخوبی ماہر ہیں۔ شیوہ اختیار انہوں نے میر درد کا کیا ہے، اور اس طور کو بہت خوبی کے ساتھ ادا کیا ہے۔ علی ابراہیم خاں مرحوم نے گلزار ابراہیم میں لکھا ہے کہ "جس ایام میں یہ تذکرہ لکھتا ہوں، تو شیخ مذکور نے اشعار اپنے مجھ کو بنارس بھجوائے، تاکہ نام اُس کا اس تذکرہ میں لکھا جائے۔ نہایت پسند آیا مجھ کو اسلوب ان کے بیان کا، چنانچہ اس طرح لکھا گیا انتخاب ان کے دیوان کا ؛

کس طرح سے اوصاف ہو خلاق جہاں کا		قدرت نہ قلم کی ہے نہ مقدور زباں کا
عاشق کو ہے کب جلوۂ معشوق کی طاقت		مہتاب کو دیکھے، نہیں مقدور کتاں کا
اس گلشن ہستی سے نکل راہ عدم لے		یہ رنگ نظر آوے ہے کچھ رنگ یہاں کا
عنقا کی طرح گو کہ نشاں وہ نہیں رکھتا		ملتا ہے پتا نام ہی سے اسکے نشاں کا
اس دل کو دکھاتا ہوں میں بازار محبت		خطرہ نہیں جوشش مجھے کچھ سود و زیاں کا
ہم چشم کیوں کہوں میں اسے شعلہ زار کا	ولہ	عالم ہے کچھ جدا ہی دل داغدار کا
سرکار بے خودی کا یہ مختار کار ہے		کیا اختیار ہے دل بے اختیار کا
پیتا ہے گر تو بادۂ عشرت سمجھ دے		جوشش بڑا ہے دردسر اسکے خمار کا
بزم میں یک شب بھی نہ مایا نہ دل گلگیر کا	ولہ	فائدہ اے شمع اشک و آہ بے تاثیر کا

وہمدم آلودہ رہنا خون سے عشاق کے
جوہر ذاتی ہے یہ جوہر تری شمشیر کا

دیکھ کر رنگ صنم تیری جفاکاری کا
ولہ
کوہکن ہو تو نہ دم مارے وفاداری کا

چشم پُرآب ہے لب خشک دماغ آشفتہ
زور عالم ہے غرض دل کی گرفتاری کا

مسکراتا ہے مجھے دیکھ رقیبوں کے حضور
یاد ہے اس کو عجب طور دل آزاری کا

جی سیر میں گلزار کی، تن کنج قفس میں
ولہ
یہ صید گرفتار ادھر کا نہ اُدھر کا ؛

گر کوئی کاٹ بھی لے سر ترے دیوانے کا
ولہ
پر یہ سودا تو کبھو سر سے نہیں جانے کا

کیوں نہ مضطر ہوں اُسے دیکھ کے دیکھو تو سہی
شمع کے سامنے کیا حال ہے پروانے کا

ہاتھ اُٹھاتا ہی نہیں یار جو سُلجھانے سے
دل تری زلف میں اُلجھا ہے مگر شانے کا

سر اُس کی تیغ سے جبتک جُدا نہ ہووے گا
ولہ
کسی طرح سے حق اس کا ادا نہ ہووے گا

کل اُن نے بیٹھ کے غیروں میں کی نگہ مجھ پر
یہ تیر کس کے جگر میں لگا نہ ہووے گا

دل و جگر پہ ہی آفت نہیں فقط جوشش
جو ہے یہی ترا رونا تو کیا نہ ہووے گا

غیروں پر تو ستم کرے گا
ولہ
ہم پر جو کبھی کرم کرے گا

ہم ساہی وہ ہو گا سادگی میں
باور جو تری قسم کرے گا

جوشش مت رو دل و جگر کو
کس کا کس کا تو غم کرے گا

دیکھ کر حُسن گلعذاروں کا
ولہ
خانہ ویران ہوا ہزاروں کا

دیکھیں گر اس کی چشم پُرفن کو
ہوش اُڑ جائے ہوشیاروں کا

اُس کی آنکھوں کو دیکھیں اے جوشش
منہ تو دیکھو شراب خواروں کا

ہو چشم حباب وار دیکھا
ولہ
ہستی کو نہ پائدار دیکھا

جوں شیشۂ ساعت اس جہاں میں
دو دل کو نہ بے غبار دیکھا

ہم مر ہی گئے پہ تو نہ آیا ؛
بس ہم نے ترا قرار دیکھا

اس ادا کا تری ہوں دیوانا
ولہ
دیکھنا مجھ کو اور چھپ جانا

آج ہے جاں بلب ترا جوشش — جی میں آوے ترے تو آجانا
یاں مدعی اپنا کسے اے یار نہ دیکھا — ولہ — ہے کوئی جسے تیرا طلب گار نہ دیکھا
سوتوں کو جگایا مرے نالے نے عدم کے — پر طالع خوابیدہ کو بیدار نہ دیکھا
کل بزم میں سب پر نگہ لطف و کرم تھی — اک میری طرف تو نے ستمگار نہ دیکھا
جز چشم بتاں میکدۂ دہر میں جوشش — ہم نے تو کسی مست کو ہشیار نہ دیکھا
کہتا ہے ایک عالم انصاف کر ہمارا — ولہ — سنتا نہیں کسی کی بیداد گر ہمارا
اوروں کی عیب جوئی اپنا ہنر نہیں ہے — اپنی ہی عیب جوئی ہے یہ ہنر ہمارا
سرگشتہ اس جہاں میں جوں گرد باد ہیں ہم — تھک کر جہاں کہ رہ گئے وہ ہے گھر ہمارا
اپنا تو کچھ گناہ نہ آیا ظہور میں — ولہ — کیا بات ہو گئی کہ وہ بیزار ہو گیا
جہاں میں بادۂ عشرت پیا پیا نہ پیا — ولہ — سلوک بخت نے ہم سے کیا کیا نہ کیا
نگاہ لطف سے دیکھا یہی غنیمت ہے — سلام اُن نے ہمارا لیا لیا نہ لیا
جب عشق میرا شہرۂ آفاق ہو گیا — ولہ — اک عالم اُسکے حسن کا مشتاق ہو گیا
کس سے ہوئی ہے دوستی ایسی کہ ان دنوں — آنا ہمارا دل پہ ترے شاق ہو گیا

ہوا ریگِ رواں کی طرح جس جاگہ گذرا اپنا — ولہ — بجز آواز کے کوئی نہ تھا واں ہم سفر اپنا
لگا دی دل میں آگ ہے آہ سوزاں کیا کیا تو نے — جلا دیتا ہے اپنے ہاتھ سے بھی کوئی گھر اپنا
شب فرقت ہے بیتابی دل ہے درد پہلو میں — نظر آتا نہیں ہم کو تو بچنا تا سحر اپنا
تعلقات جہاں سے خبر نہیں رکھتا — ولہ — ہزار شکر کہیں دردسر نہیں رکھتا
خفا ہوں جان سے دل کھول کر میں رو نا ہوں — تری گلی میں کسی کا میں ڈر نہیں رکھتا

تجھ سے ظالم کو اپنا یار کیا — ولہ — ہم نے کیا جبر اختیار کیا

اُٹھ اے طبیب جا مجھے آرام ہو چکا — ولہ — مرتا ہوں کوئی دم کو مرا کام ہو چکا
اب بھی کہیں اُٹھاویگا چہرے سے زلف کو — معمور تو شکار سے یہ دام ہو چکا

لینا تھا اُس کو دل سو لیا اُن نے نامہ بر		اب میرے اُسکے نامہ و پیغام ہو چکا
تنہا یہ عشق میں نہ دلِ ناتواں جلا	دلہ	مانند شمع ہر اک اُستخواں جلا
نہ دل رہا نہ چشم رہی نہ جگر رہا		اے اشک تیرے ہاتھ سے کیا کیا مکاں جلا
وہ کیا ہوا زمانہ رونے میں جو اثر تھا	دلہ	یہ چشم خوں فشاں تھی یہ دل ہی جگر تھا
غش آگیا وہ سامنے میرے جہاں ہوا	دلہ	مجھ کو وصال یار میسّر کہاں ہوا
بے طاقت اس قدر یہ دل ناتواں ہوا	دلہ	حرفِ تواں بھی اُس کی زباں پر گراں ہوا
سر پر کھڑا ہے کھینچے ہوئے تیغ کہکشاں		جلاّد میری جان کا یہ آسماں ہوا
ہزار پیار کرے گا ہزار چاہے گا	دلہ	مری طرح نہ کوئی تجھ کو یار چاہے گا
کوئی اس غم کدہ میں اپنی غمخواری نہیں کرتا	دلہ	دیا ہے ایک کو دل وہ بھی دلداری نہیں کرتا
جو ترے سامنے آئے ہیں سو کم ٹھہرے ہیں	دلہ	یہ ہمارا ہی کلیجا ہے کہ ہم ٹھہرے ہیں

ایک عالم کی جاں خراش ہے یہ	دلہ	آہ ہے یا قلم تراش ہے یہ
رو دیئے تا ہو سبز کشت اُمید		اب تردد ہے یہ تلاش ہے یہ
دیدۂ تر کو دوست رکھ جوشش		بہت تحفہ گلاب پاش ہے یہ
اپنی وہ بے ثبات ہستی ہے	دلہ	کہ سراپا نیستی کو ہستی ہے
نام سُنتے ہو جس کا ویرانہ		وہی سودائیوں کی بستی ہے

جی میں جس وقت کہ مضمون کر آتا ہے	دلہ	بسکہ نازک ہے مجھے باندھتے ڈر آتا ہے
چشم تر آہ بہ لب خستہ جگر ہوں جوشش		بے طرح حال مرا مجھ کو نظر آتا ہے
شبنم کی طرح سامنے اُس آفتاب کے	دلہ	ہونے کو تو ہوئے تھے ولیکن نہ ہو سکے

کچھ کام نہیں ہمیں وفا سے	رباعی	تو ہاتھ نہ کھینچیو جفا سے
کل سب سے گلے گلے ملے تم		تھے ہم بھی تو صورت آشنا سے
چشم سے غافل نہ ہوا چاہیئے	دلہ	اس کے مقابل نہ ہوا چاہیئے

دل کا ضرر جان کا نقصان ہے — اب کہیں مائل نہ ہوا چاہیئے
فرہاد یہ بے فائدہ خارا شکنی ہے — ولہ — گھر کیجیئے کس دل میں یہی کوہ کنی ہے
نہ کوئی دوست ہے، نہ کوئی مرا دشمن ہے — ولہ — ایک یہ دل ہے غرض دوست ہے، یا دشمن ہے
ایک دن کا ماجرا ہے میں اُٹھا تھا سیر کو — قطعہ — دیکھتا کیا ہوں یہ جھگڑا بر سر بازار ہے
برہمن کہتا ہے بت خانے میں ہے ذات خدا — شیخ کہتا ہے غلط کعبہ ہی میں وہ یار ہے
اس میں جوشش بول اُٹھا سنتے ہو شیخ و برہمن — جانے دو اپنی طرف دیکھو یہ کیا تکرار ہے
ممکن نہیں کہ دیکھیئے روئے شگفتگی — ولہ — جبتک برنگ غنچہ گریباں نہ پھاڑیئے

جاہ و حشم کی خواہش دولت کی آرزو ہے — ولہ — دو دن کی زندگانی تس پر یہ جستجو ہے
صورت پرست ہوں میں مانند آئینہ کے — جو کچھ ہے میرے دل میں سو میرے روبرو ہے
کہتا ہوں در دل تو وہ کہتا ہے کیا مجھے — ولہ — چپ رہیئے بس زیادہ نہ باتیں بنایئے
لاکھوں ہی کیئے قتل گنہگار مجھی سے — ولہ — رہتی ہے مُڑی اک تری تلوار مجھی سے
کوئی سوائے شانہ وہاں چھوٹتا نہیں — ولہ — دیکھو تو کوئے زلف میں کیا بند و بست ہے
کشورِ عشق میں رسوا سر بازار ہوئے — ولہ — اُس کے ہاتھ آپ بکے جس کے خریدار ہوئے
میں آ نہ سکوں اور صبا جا کے رہی ہے — ولہ — کوچہ میں ترے یار عجب بادیہی ہے
جی چاہے تو ملیئے جو نہ چاہے نہ ملیئے — ولہ — دل میں تو ہمارے نہ یہی ہے نہ وہی ہے
جوشش تو یہاں تک ہوا رسوائے خلائق — جو دیکھے ہے کہتا ہے یہ دیوانہ وہی ہے
دل میں بھری ہے آگ اور آنکھوں میں آب ہے — ولہ — مانند شمع حال ہمارا خراب ہے
دیکھا ہے جب سے زلف کو شانے کے ہاتھ میں — جوشش ہمارے دل کو عجب پیچ و تاب ہے
اے عشق مجھے خوار کیا کیا کیا تو نے — ولہ — رسوا سر بازار کیا کیا کیا تو نے

جس طرح دل کا داغ جلتا ہے — ولہ — اُس طرح کب چراغ جلتا ہے

اُس رخ صاف کے آگے جو کبھی آتا ہے — ولہ — آئینہ اپنا ہی مُنہ دیکھنے لگ جاتا ہے

ہوے صحرانشیں تشریف لاوے جس کا جی چاہے	ولہ	در و دربان نہیں رکھتے ہیں آوے جس کا جی چاہے
گرہ میں غنچوں نے نافے کے نافے باندھ لئے	ولہ	چمن میں کھل جو گئی زلف مشک بو تیری
مرنا تو بہتر ہے جو مر جایئے	ولہ	جی سے کسی کے نہ اُتر جایئے
سوئے حرم یا طرفِ بت کدہ		الغرض اے شیخ جدھر جایئے
نت نئے عذر ہیں نہ آنے کے	ولہ	ہم دیوانے ہیں اس بہانے کے
قطرے میرے آنسو کے ہیں اک لخت شرر سے	ولہ	کیا آگ برستی ہے مرے دیدۂ تر سے
آشنا جب سے ہوئے اُس بُتِ ہرجائی سے	ولہ	در بدر خاک بسر پھرتے ہیں سودائی سے
گر جان دے کوئی پر نہ اس کے ہونگے	رباعی	جی شوق سے لیں گے اس کا جس کے ہونگے
جو شش نہ رکھ ان بتوں سے ہرگز اُمید		یہ کس کے ہوئے ہیں اور کس کے ہونگے

باب الحاء

۱- حاتم

حاتم تخلص، شاہ جہان آبادی مشہور ریختہ گویوں میں سے دلی کے تھا۔ ہم عصر شاہ نجم الدین آبرو اور میر زا رفیع سودا کا، شاعر خوش بیان تھا، صاحب دو دیوان تھا، ایک دیوان میں نہایت خرچ ابہام کیا ہے، اور دوسرا بطور متاخرین کے سرانجام کیا ہے۔ جامع طور متاخرین اور طرز ابہام کا ۔

گلشن اُس گل بن مری نظروں میں ویراں ہو گیا		جھاڑ اور بوٹا بوٹا دشمنِ جاں ہو گیا
ایک نے پائی نہ اب تک نبض کی رفتار حیف		ہر تختۂ مشق طبیباں ہو گیا
اشک خوں آلودہ میرے اس قدر جاری ہیں آج		لعلوں سے ہندستاں بدخشاں ہو گیا
شور دریا تک ملاحت کا تری پہنچا ہے شور		بے نمک آگے ترے لب کے نمک داں ہو گیا
فیض صحبت کا تری حاتم تجھیاں ہے ہند میں		فضل مکتب تھا سو عالم بیچ تاباں ہو گیا
سجن نے یاد کرنا مہ لکھا اور ہم رہے غافل	ولہ	بجا ہے معذرت لکھنا ہمیں کاغذ خطائی پر

ہجر میں زندگی سے مرگ بھلی	ولہ	کہ کہیں سب جہاں وصال ہوا	
مثالِ بحر موجیں مارتا ہے	ولہ	لیا ہے میں نے اس جگ سے کنارا	
بالے پن سے مجھے سودا ہے تیرے گیسو کا	ولہ	بال باندھا میاں بنا ہوں تیرے گیسو کا	
مجھے درکار نہیں مشک و عبیر و صندل	ولہ	ہوں دیوانہ میں پری رو کے چونکے لو کا	
زور چپت ہے مرے دل کا کبوتر حاتم	بہت قائل	خیال ہیرت کرتا ہے جب اُڑتا ہے اُسی کے کو کا	
ہر اک سخن ہوا ہے ہمارا مثالِ قند	ولہ	شیریں لبوں کے جب سے بوسے لئے ہیں ہم	
ترے رُخسار و قد نے دھوم ڈالا ہے گلستاں میں	ولہ	اُدھر بلبل سسکتی ہے اِدھر قمری بلکتی ہے	
دو چار اب تجھ سے کیونکر ہوئے ہم چشمی کے دعوے	ولہ	کہ نرگس کی چمن میں دیکھ کر گردن ڈھلکتی ہے	
پری ہم جان کر اُس کو چھپائے شیشہ خالی میں		یہ تو بھی دخترِ رز پردۂ مینا سے تکتی ہے	
جب سے تمہاری آنکھیں عالم کو بھائیاں ہیں	ولہ	تب سے جہاں میں تم نے دھومیں مچائیاں ہیں	
زلفوں کا بل بتانا آنکھیں چُرا کے چلنا		کیا کج ادائیاں ہیں کیا کم نگاہیاں ہیں	
حاتم کے بن اشارے سچ کہہ یہ چشم و ابرو		کس سے لڑائیاں ہیں کس پر چڑھائیاں ہیں	
تمہارے غنچہ لب کے شوق میں گلشن کی سب کلیاں	ولہ	چمن میں سُن خبر آنے کی استقبال کو چلیاں	
لگن میں تجھ ستمگر کے عجب مجلس میں غم گذرا		شمع رو رو کے ساری رات سر تا پا کھڑی جلیاں	

۲۔ حزیں

حزیں تخلص، میر باقر نام، متوطن شاہ جہان آباد۔ شاگردوں میں میرزا جان جاناں مظہر کے تھے، دلّی سے جب جدائی انہوں نے لاچار کی، تو عظیم آباد میں بود و باش اختیار کی۔ رفیق تھے نواب بافرہنگ سعید احمد خاں صولت جنگ کے، زندگی بسر کی ہے انہوں نے ساتھ رعایت نام و ننگ کے۔ بہت فہمیدہ اور آشنائے درست، دوستیوں میں نہایت چالاک و چست۔ زبان ریختہ میں صاحب دیوان ہیں، خلاصہ اشعار ان کے دیوان کے لکھے گئے یہاں ہیں ٭

غم نے آباد کیا خانۂ ویراں میرا		ابر مژگاں سے ہوا سبز بیاباں میرا	
یہ کہہ کے باغ سے رخصت ہوئی بلبل کہ یا قسمت!	طہ	لکھا تھا یوں کہ فصل گل میں چھوڑیں آشیاں اپنا"	
گوارا ہو گیا دل پر ہمارے جو یار آخر	دلہ	ہمیں رنج و الم سے ہو گئے صحبت برار آخر	
غم نے لیا ہے گھیر مجھے یاں تلک کہ اب	دلہ	دیتا ہے ساتھ دینے سے مجھ کو جواب دل	
فصل گل آخر ہوئی، کیا دیکھ ہوں گے شاد ہم	دلہ	کچھ کر اے صیاد، اب ہوں گے نہیں آزاد ہم	
رحم آتا ہے مجھے اس مشت خاک اپنی پہ ہائے!		خوبرویوں کی ہوا میں ہو چکے برباد ہم	
اس بے وفا کے ہاتھ سے کچھ مجھ کو جس نہیں	دلہ	پاؤں تلک بھی ہائے مجھے دست رس نہیں	
ویراں ہوا خزاں سے چمن یاں تلک کہ اب		چاہیں کہ جل مریں، تو کہیں خار و خس نہیں	
کچھ کہا شاید اُن نے قاصد سے	دلہ	دل پہ میرے وہ اضطراب نہیں	
آوے نہ کیونکہ رشک مجھے برگِ پان سے	دلہ	لیتا ہے کیا مزہ وہ سجن کے لبان سے	
نہ وصل میں اُسے راحت، نہ ہجر میں آرام،	دلہ	کسی طرح سے حزیں دل کے تئیں قرار نہیں	
تو نہ ڈر ٹک اُٹھا نقاب کے تئیں	دلہ	میں سبھالوں گا اضطراب کے تئیں	
کیونکہ خاطر خواہ دل کے درد کی تقریر ہو	دلہ	کب یہ معنی لفظ میں آتے ہیں، کیا تحریر ہو	
کچھ گئی ہجر میں، کچھ وصل میں گھبرائی گئی	دلہ	کیا مری عمر کی اوقات پریشاں گذری	
خوباں کے درد و غم نے کیا ناتواں مجھے	دلہ	یاں تک کہ مو بھی تن پہ ہوئے ہیں گراں مجھے	
کیوں کر کروں جفا کی شکایت میں اُس ستی		کرتا ہے وہ وفا میں کبھو امتحاں مجھے	
وفا میری اگر جور و جفا تجھ کو نہ سکھلاتی	دلہ	تو کیا آرام سے یہ زندگانی ہائے کٹ جاتی	
حزیں میں درد دل کا کس طرح ظاہر کروں اُس سے	دلہ	مجھے کہتا ہے "تیری بات مجھ کو خوش نہیں آتی"	
مجھے کہتا ہے "تیرا دل کہاں ہے"	دلہ	قیامت شوخ ہے یہ بدگماں ہے	

لہ یہ لفظ تقطیع میں نہیں آسکتا۔ غالباً "سنبھالوں" ہوگا۔

۳۔ حسرت

حسرت تخلص، میرزا جعفر علی نام، متوطن شاہ جہان آباد کے، بیٹا میرزا ابو الخیر کا تھا۔ صاحب قصاید و دیوان ہے، اور سر حلقۂ موزونان خوش بیان ہے۔ اکثر نو مشق لکھنؤ کے مع جرأت دم شاگردی کا مارتے ہیں، اور یا اُستاد کہہ کے پکارتے ہیں۔ نخاس کے اندر دُکان عطاری کی یہ عزیز رکھتا تھا، اور اوقات اسی وجہ حلال سے بسر کرتا تھا۔ سنہ ۱۲۱۰ بارہ سو دس ہجری میں تختہ بند کرکے دُکان وجود کو سیر بازار عدم کی ہے، خدا بخشے اس عاقبت محمود کو +

اتنا سودا یہ دل زار ہوا، کچھ نہ ہوا — کچھ بھی یہ عشق سے بیزار ہوا، کچھ نہ ہوا
کاشکے عشق جتاتا نہیں اُس کو حسرت — میری صورت سے وہ بیزار ہوا، کچھ نہ ہوا

بجا تجھ کو مریضِ عشق سے ملتے حذر آیا۔ — وہ کہ آئینے میں شکل اپنی جو دیکھی مجھ کو ڈر آیا
رقیبوں کے حوالے کرکے خط کو نامہ بر آیا — وہ عزیز کیا کہوں قاصد تو میرا کام کر آیا!
نہیں غنچوں پہ شبنم، اس دہن کے وصف نے اُن کو — یہ نعمت دی کہ پانی مُنہ میں ہر غنچہ کے بھر آیا
اسی جہان میں رکھتے ہیں ہم جہان جُدا — جہاں وہ ہے اپنا بھی آسمان جُدا
تری فرقت میں ہے شام و سحر مجھ کو عجب مشکل — جو شب کاٹی تو دن مشکل، جو دن کاٹا تو شب مشکل
کرم سے کھول جو عقدے پڑے ہیں کام میں میرے — ترے آگے ہیں سب آساں، مرے آگے ہیں سب مشکل
ہوئے ہم بُت کے بندے، برہمن سے راہ کرتے ہیں — حرم کے رہنے والو تم سے عشق اللہ کرتے ہیں
جلے جوں شمع، اب نزدیک ہے خاموش[1] ہو جاویں — یہ افسانہ سنا کر قصہ ہم کوتاہ کرتے ہیں
تصور نے ترے ظالم یہاں تک تفرقہ ڈالا — کہ ملنا ہو گیا دشوار اب مژگاں سے مژگاں کو
برنگ آبلے وائے یہ کیا زندگانی ہے — کہ جس کے پاؤں پڑتے ہیں اُسی کو سر کرانی ہے

[1] اصل مسودہ میں اسی طرح املا لکھا ہے ۱۲

کس کا ہے جگر جس پہ یہ بیداد کرو گے تا راج کیا صبر و دل و جاں پھر اب آگے	ولہ	لو دل تمہیں ہم دیتے ہیں کیا یاد کرو گے کیا خاک بچی ہے جسے برباد کرو گے
ترے بن کس طرح پیارے مری اوقات گذریگی	ولہ	ابھی سے دل کو بیتابی ہے کیونکر رات گذریگی
کیا راہ میں غیروں سے ملاقات لگائی اُلٹا جو زمانہ ہے تو اس صید نے دل کے	ولہ	جو صبح سے یاں آنے تلک رات لگائی صیاد کے ملنے کے لئے گھات لگائی
اس زلف میں جا دفعات پائی	ولہ	اس دل نے عجب ہی رات پائی
ہمارے کام پہ ہر چند آسمان پھرے چلا تھا لشکرِ غم چڑھ کے گھر پہ مجنوں کے دل دردمنداں سے آہ کیونکر نہ کرے وہ شکل ہے جیسی دشمنوں میں گھایل	ولہ رباعی	تجھے قسم ہے جو تو اس طرف کو آن پھرے مجھے جو دیکھا تو وہیں ادھر نشان پھرے پر آہ تو تب کرے جو اس سے نہ ڈرے دم لیوے تو سر کٹے، نہ دم لے تو مرے

۴۷ حیراں

حیراں تخلص، میر حیدر علی نام، ساکن شاہجہان آباد کے۔ شاگرد رائے سرپرشاد دیوانہ تخلص اُستاد کے علمِ شعر سے تو بخوبی آگاہ نہیں ہیں، لیکن اشعار ان کے سب کے سب دلچسپ اور شیریں ہیں۔ بندش شعر کی ان کے اُستادانہ ہے، استاد جانتا ان کو ایک زمانہ ہے۔ نواب امیر الدولہ حیدر بیگ خاں مرحوم کی امارت میں، اگرچہ نوکر وزیر الممالک نواب آصف الدولہ مغفور کے تھے، لیکن رائے میکو لعل سے کہ مالک و اصلباقی کا تھا، توسل رکھتے تھے۔ بعد رائے مذکور کے مرنے کے ایک آدھ برس تو تنخواہ کی طرف سے اوقیت اُٹھائی، پھر تو ایک مرتبہ نواب آصف الدولہ مرحوم سے کچھ ایسی موافقت آئی کہ پچاس کے سو روپے اضافہ کیا، اور سو سوار کا رسالہ۔ بالفعل

لہ یہ مصرعہ جرأت کی طرف بھی [illegible] ہے ۱۲ سہ اس فقرہ میں قافیہ کی پابندی سے سخت تعقید پیدا ہو گئی ہے مطلب یہ ہے کہ سرپرشاد جن کا تخلص دیوانہ [illegible] جو اُستاد فن ہیں، حیراں ان کے شاگرد ہیں ۱۲

کہ سنہ ۱۲۱۵ بارہ سو پندرہ ہجری ہیں، مع رسالہ تنخواہ لکھنؤ میں لیتے ہیں، اور داد عیش کی دیتے ہیں۔ یہ اشعار اس ستودہ اطوار کے ہیں ؎

گرہی وضع ہے، اور ہیں یہی ہیہات نصیب!		تو ہمیں ہو چکی بس اس سے ملاقات نصیب!
ہم اب گویہ ہوئے غوں بہ جگر اس غم سے		کرنی اس غنچہ دہن سے نہ ہوئی بات نصیب!
صبح ہر روز اسی غم میں ہمیں ہوتی ہے شام		آہ جانینگے مرے کون سی اب رات نصیب!
کچھ ہمیں شکوہ نہیں جور سے تیرے ہرگز		ہم ہمیشہ سہی ہیں اے جان کچھ اوقات نصیب!
مسجدوں میں پھرے نت سبحہ پھراتے حیراں		شیخ جی پر نہ ہوئی تم کو کرامات نصیب!
ہوا نہ ہم کو کبھی سیر باغ و گشت نصیب	دلہ	کریں گے زیست کا کیا یاد ہمیں رشت نصیب
دل ستم زدہ کا آج پوچھتے ہو حال		غم فراق سے کب کا ہوا بہشت نصیب
اپنے جانے کا وہاں دن کو ہی نہ رات کو ڈھب	دلہ	دیکھئے کیسے بنے آن پڑی بات کڈھب
درد دل غیر کے ہونے سے نہ کہنے پایا		کل میسر ہوئی حیران کو ملاقات کڈھب

دکھ اس سے کون کہے، تاب التماس کہاں	دلہ	کسے ہے ہوش بجا، دل کدھر، حواس کہاں!
ہوا ہے اب تو تنے دو سو تن سے ربط ترے		تمہیں اب آنے کی فرصت ہمارے پاس کہاں
کلیجا بھن گیا، کب تک کروگے ہائے بیدادی	دلہ	اٹھوں میں ہی یہاں سے، یا کہ یہ اٹھ جائے بیدادی

کل کہا میں نے "میرے گھر چلئے	دلہ	اس میں کچھ کم نہ ہوگی محبوبی"
سن کے تیوری بدل لگا کہنے		"رسم و راہ ادب تو سب ڈوبی
مجھ کو کہتا ہے میرے گھر چلئے		دیکھیو اخت لاط کی خوبی"

۵۔ حسرت

حسرت تخلص، حبیب قلی خاں لقب، ساکن عظیم آباد کے۔ شاگرد میرزا جان بہ بان ہنر کے تھے۔ چند روز انہوں نے رفاقت نواب شوکت جنگ کی، کہ خلف نواب صولت جنگ

ناظم پرگنہ کے تھے، کی ہے۔ اور کچھ دنوں ان کو خدمت عرض و معروض کی نواب سراج الدولہ ناظم بنگالہ کے حضور میں رہی ہے۔ سنہ ۱۱۹۵ گیارہ سو پچانوے ہجری کے اندر نواب مبارک الدولہ میر مبارک علی خاں بہادر صوبہ بنگ کی رفاقت میں نہایت غربت اور پریشانی کے ساتھ اوقات بسر کرتے تھے۔ سنہ ۱۲۱۲ بارہ سو دس ہجری میں اس سرائے فانی سے سفر کر گئے۔ بڑے ہی لطیفہ گو اور حاضر جواب تھے، بذلہ گوئی اور علم مجلس میں انتخاب تھے۔ قریب دو ہزار بیت کے دیوان اس عالی دودمان کا ہے۔ یہ انتخاب ان کے دیوان کا ہے +

رات کا سچ ہوا یہ خواب مرا		مل گیا صبح آفتاب مرا	
تیرے کوچہ سے باز نہیں آتا		یہ دلِ خانماں خراب مرا	
نہ جانوں کرے کیا حنا کا لگانا	ولہ	لہو پانی کرتا ہے یہ پان کھانا	
عجب طرح کا عشق حسرت نے ٹھانا	ولہ	کبھی اُس کے کوچہ نہ آنا نہ جانا	
بسکہ دُکھ دیتا ہے میرے دل کو وہ بدخو مرا	ولہ	کل نہیں پاتا ہے مارے درد کے پہلو مرا	
دل ہوا غم میں آب کی سی طرح	ولہ	پر جلے ہم شراب کی سی طرح	
ہاتھ میں جام لے ملا مجھ سے		صبح کو آفتاب کی سی طرح	
چھپاؤں اشکِ گلگوں کس طرح ہائے!	ولہ	گریباں ہو رہا ہے جا بجا سُرخ	
اشک پر اشک چلا متصل آوے باہر	ولہ	یہاں تلک روئے آنکھوں سے دل آوے باہر	
بعد مرنے کے ہماری خاک کو برباد کر	ولہ	وے بگولے کو کہ لے مجنوں کا گھر آباد کر	
ترے جمال جہاں گیر سے بنے کیوں کر	ولہ	میں ایک تیرا دیوانہ ترا ہزار میں دل	
زلف و رخِ یار دیکھتا ہوں	ولہ	کیا لیل و نہار دیکھتا ہوں	
پھر یار سے ان دنوں میں بارے		صحبت کو برآر دیکھتا ہوں	

سنہ اس لفظ کو قدما کے لہجے کے موافق بہ وزن نہ پڑھنا چاہئے ورنہ مصرع ناموزون ہوگا ۱۲

آپ ہی اپنے یار تھے، جانا نہیں	ولہ	غیر میں بھولے تھے، پہچانا نہیں	
ہم نہ ہوں، تو ہو، تو سب چرچا کریں	ولہ	شمع ہے محفل میں، پروانہ نہیں"	
کعبہ بھی ہم گئے، نہ گیا ان بتوں کا عشق	ولہ	اس درد کی خدا کے بھی گھر میں دوا نہیں	
مر گئے انتظار کے ہاتھوں،	ولہ	کیا کہیں! اپنے یار کے ہاتھوں	
پھر مسیحا دمی کرے تو اُٹھیں		سو کہاں روزگار کے ہاتھوں	
فرہاد سے ہمسری کرے کون	رباعی	سرکس کا پھرا ہے یوں مری کون	
چل کشمکشِ جہاں سے حسرت		ہوتا رہے نت درے پرے کون	
سدا بارش ہی میں رہتی ہیں میری چشم ترسا دن	ولہ	تو ایک دو دن برس کر ہم سے آسکتا ہے برسا دن	
اُڑا دے اے دوانے! شورشِ سودا سے سب ڈر کو	ولہ	بہار آئی، تو کیدھر دیکھتا ہے، پھونک دے گھر کو	
مجھے افراطِ رقت میں بجا نہیں بات کہ آئی	ولہ	کہ کر سکتا نہیں ڈوبا ہوا تقریر پانی میں	
سُنا ہے آج میخانہ میں جامِ مے پہ مستوں نے	ولہ	لٹایا دین و دنیا دونوں ہمت اس کو کہتے ہیں	
ہم دوانوں کے نہیں عشق میں گھر جلتے ہیں	ولہ	اس محبت میں پرندوں کے بھی پر جلتے ہیں	
دیکھ اس لب کو ترے، آگ ہیں لعل و یاقوت		تیرے ان دانتوں کی جھلکی سے گہر جلتے ہیں	
ان پتنگوں کی میں جرأت پہ سوا جاتا ہوں		بے [illegible] یہ کمبخت، قہر جلتے ہیں	
تو جو ل گرمیاں کرتا ہیگا مجھ سے ہر دم		دیکھنے والوں [illegible] حسرت سے جگر جلتے ہیں	
نہ جی لگائیو اُس سے جو دردمند نہ ہو	ولہ	کسی کا دل کسی ظالم کے پاے بند نہ ہو	
گو دل بروں کے ماہ سے رخ پر نقاب ہو	ولہ	پوشیدہ ہو سکے ہے جو کوئی آفتاب ہو	
لبِ بام آکے یہ تیرا کھڑے رہنا تو آفت ہے	ولہ	سوا نیزے پہ کیا آفتاب آیا، قیامت ہے	
داغ دل بھی ہے تازگی پہ ہوئے	ولہ	اب شگوفہ بہار کرتا ہے	
ترا غرور مرے عجز کے مقابل ہی	ولہ	اُدھر بہار، اِدھر ایک شیشۂ دل ہے	
پلا شراب، ہوائے شراب آتی ہی	ولہ	گھٹا بھی اپنا جھکاؤ اکھڑی دکھاتی ہی	

لے اُڑا کام اپنا پروانہ جیسے بھٹکے پھرا کئے حسرت	ولہ	ہائے ہم بال و پر نہ رکھتے تھے یار کے دل میں گھر نہ رکھتے تھے	
قفس ہی میں ہمیں رہنے دے صیاد تجھے کچھ بھی ہے حسرت فکر دل کی	ولہ	کہاں اب اُڑ سکیں جب بال و پر گئے کہاں کھویا اُسے تو ہائے گھر گئے!	
ناصح عبث ستامت ہیں مبتلا کسو کے یہ گل ہزار اپنے جامے میں پھول بیٹھے	ولہ	کچھ دل بھی گیا پھرے ہی، پھیرے سے کیا کسو کے ویسے کھلے نہ دیکھے بندِ قبا کسو کے	
جدائی کی ہوا دہکا گئی اب آگ سینے کی ناشاد کا میرے حال جیسے نہ گیا	ولہ رباعی	لگے اُڑنے بھبوکے آہ کے، کیا طرح جینے کی جی تک میں دیا، ملال جی سے نہ گیا	
یہ لوح مزار پر ہماری لکھنا زاہد جو نہیں ہے میرے دل سے آگاہ	رباعی	"ہم گئے، پہ ترا خیال جی سے نہ گیا" کہتا ہے کہ کافر ہے تو اے روئے سیاہ"	
ہوں جس کی پرستش میں کہوں کیا یارو کب شہر کو چھوڑے، جو سیانا ہوگا	رباعی	آتا ہے وہ بت، دیکھو اللہ! اللہ! صحرا دیکھے گا، جو دوانا ہوگا	
ہم دونوں میں سیر کر کے دیکھا حسرت میخانہ میں کیا پھرے ہے مٹکی مٹکی	رباعی	رہنا تو وہاں، جہاں کہ جانا ہوگا زاہد واعظ سے دور، بھٹکی بھٹکی	
قاضی سے ڈرے نہ محتسب سے ہرگز		یہ دختر رز ہے جس سے اٹکی اٹکی	

۶۔ حسن

حسن تخلص، خواجہ حسن نام، متوطن شاہ جہان آباد کے، بیٹے خواجہ ابراہیم بن غیاث الدین بن محمد شریف بن ابراہیم کے ہیں۔ جو کہ مشہور خواجہ کہمار کر کے تھے۔ چشتی اور ساکن پہاڑ گنج ہیں۔ بڑے ہی لطیفہ گو اور بذلہ سنج ہیں۔ علم موسیقی ہندی سے بخوبی ماہر، اور استعداد اس علم کی ان کی تصانیف سے ظاہر۔ علم نجوم میں بھی دخل بھلا چنگا رکھتے ہیں۔ اور فقر و درویشی میں

تو آدھا لکھنؤ معتقد اپنا رکھتے ہیں۔ علوم متداولہ سے بھی خوب آگاہ ہیں، خصوص علم تصوف کے بادشاہ ہیں۔ توسل امورات دنیا میں ان کو نواب سرفراز الدولہ میرزا حسن رضا خان سے ہے، اور یوں ملاقات تو ایک جہان سے ہے، بخشی نام ایک رنڈی ارباب نشاط سے ہے، اس پر مرتے ہیں، اور اکثر نام اس کا مقطع میں غزل کے داخل کرتے ہیں۔ زبان ریختہ میں صاحب دیوان ہیں۔ کچھ اشعار منتخب ان کے لکھے گئے یہاں ہیں ✦

حال دل اپنا میں ہر ایک سے کہوا دیکھا
وہاں کسی ڈھب سے پہ ہوتے نہ پذیرا دیکھا

وقت نظارہ نہ رو، کہتے تھے اے چشم تجھے
شدت گریہ سے، لے خاک نہ سوجھا، دیکھا

گھورتے ہو مجھے کیا قہر کی آنکھوں سے تم
ایک عالم نے آپ کو گھورا دیکھا

دیکھنے سے مرے کا ہے کو غضب ہوتے ہو
کیا غضب ہو گیا گر میں نے بھی دیکھا دیکھا

تب اس حیلہ گر کو نہ کچھ کام ہوگا (دلہ)
کہ جب میرا یہاں کام اتمام ہوگا

یہی شورش عشق ہے تو الٰہی!
اس آغاز کا کیوں کہ انجام ہوگا

رہی بے قراری اسیروں کی یونہیں
تو صیاد! ٹکڑے ترا دام ہوگا

موئے ہم تو، پر بے قراری وہی ہے
خدا جانے کب دل کو آرام ہوگا

اگر نزع سے جان بخشی حسن کو
تو اس میں تمہارا بڑا نام ہوگا

جو بندہ خانے میں آئیے گا، فقیر تم کو دعا کریگا (دلہ)
کسی کے دل کو جو خوش کروگے، خدا تمہارا بھلا کریگا

عالم اس حور کی جو جلوہ گری کا دیکھا (دلہ)
پھر یہ جلوہ نہ کسی حور و پری کا دیکھا

پہنچے وہاں کچھ جب تئیں پیغام ہمارا (دلہ)
یہاں تب تئیں آخر ہی ہوا کام ہمارا

دل داسوں سے کرے ہے آہ و زاری بیشتر (دلہ)
خانۂ ماتم میں ہو پرسے سے زاری بیشتر

بھلا میں دوانہ سہی، پر یہ ناصح (دلہ)
مرے ساتھ بکتا ہے، عاقل کو دیکھو

یہاں تھک کے بیٹھے ہو کیا راہ میں تم
چلو راہ رو، اپنی منزل کو دیکھو

ٹک جلا دے ہمیں گویا ہوتا (دلہ)
اے لب یار مسیحا ہوتا

میں تو سب طرح سے تیرا ہوں میاں — پر جو تو بھی کہیں میرا ہوتا
مانوں تب وعدۂ فردا اے یار — جب ترے وعدے کو فردا ہوتا
اے مرے اشک سرِ مژگاں پر — قطرہ کیا ہووے ہے دریا ہوتا
تو جو ڈھونڈھے ہے حسن خلوت کو — عین خلوت میں اکیلا ہوتا
سر گریباں میں جھکا دل میں بیٹھ — موندے آنکھ کو تنہا ہوتا
چلنے سے کب اشک ہارتا ہے — ولہ — دریا ہے کہ جوش مارتا ہے
آ کربلا سے قتل ہی کر جایئے مجھے — ولہ — صورت اسی بہانہ سے دکھلایئے مجھے
غم نے ایذا جو اے صنم بخشی — ولہ — یہ بھی سرکار کی کرم بخشی

حقیقت کہیں کیا ہم اس انجمن کی — ولہ — نہ تھی وہاں خبر اپنے ہی تن بدن کی
اگر جاں کنی میں وہ جاں بخش آوے — تو ہو نزع سے جان بخشی حسن کی
یہ تو نے مجھ سے نالۂ شبگیر کچھ نہ کی — ولہ — یہاں دل جلایا، اور وہاں تاثیر کچھ نہ کی
کیوں تم خفا ہو، کب میں کسی بات پر میاں — موجب تمہارے قول کے تقریر کچھ نہ کی
کچھ اور تو ہوا نہیں ہی ساری عمر میں — تقصیر یہ ہوئی، کہ میں تقصیر کچھ نہ کی
مرتا ہی جاں کنی میں حسن حیف! تمنے رات — اب اس کی جان بخشی کی تدبیر کچھ نہ کی
ٹک اپنا یہ رونے پہ اگر دھیان لگاوے — ولہ — ساون کی جھڑی دیدۂ گریان لگاوے
شمشیر نگہ تیز ہے آگے ہی، جو چاہے — اور سنگ سی سر مہ کے ذرا سان لگاوے
دن رات مری تجھ سے دعا ہے یہی یارب! — اُس بت کا مجھے آٹھ پہر دھیان لگاوے

کب میں کہتا ہوں کہ میری جان جانے سے رہے — ولہ — پر ٹک ایسا ہو کہ یہ دل تلملانے سے رہے
ہم نے ایسی بھی تو کچھ چوری نہ کی تھی آپ کی — بے سبب اب آپ جو ادھر کے آنے سے رہے
آہ کس کس بے وفائی کا میاں کیجے شمار — اور تو سب یکطرف، منہ بھی دکھانے سے رہے
اُس نے کس کس طرح ٹالا ہم کو اپنے در سے پر — دیکھ تو ہم بھی حسن کس کس بہانے سے رہے

۷۔ حسن

حسن تخلص، میر غلام حسن نام۔ شاہ جہان آبادی۔ بیٹا میر غلام حسین ضاحک تخلص کا، اولاد ہے میر امامی ہروی کے۔ دلی کے پرانے شہر میں بود و باش رکھتے تھے۔ صغر سن سے وارد لکھنؤ میں ہوئے نواب سالار جنگ اور خلف اُن کے میر نوازش علی خاں سردار جنگ کی رفاقت میں اوقات انہوں نے ساتھ عزت اور غربت کے بسر کی ہے، اور اصلاح سخن کی میر ضیاء الدین ضیا تخلص سے لی ہے۔ اقسام علم سے توجیح علوم میں انہیں اقرار ہیچ مدانی ہے، ہاں مگر اشعار میں ان کے البتہ ایک صفائی اور روانی ہے، قریب آٹھ ہزار بیت کے انواعِ نظم میں دیوان ان کا ہے، اور ایک تذکرہ بھی ہندی گویوں کا زبان ریختہ میں لکھا ہے۔ بے نظیر اور بدر منیر کے احوالی میں کیا خوب مثنوی لکھی ہے، اور سنہ ۱۲ بارہ سو پانچ ہجری میں سیر روضۂ رضوان کی کی ہے۔ یہ اشعار منتخب دیوان ان نکو کردار کے ہیں +

گر کیجیے رقم کچھ تری وحدت کے بیاں کا		تو چاہیے خامہ بھی اُسے ایک زباں کا
چھوٹا نہ وہاں تغافل اس اپنے مہرباں کا	ولہ	اور کام کر چکا یہاں یہ اضطراب جانکا
نہ رہتی تھیں آہیں، نہ تھمتے تھے آنسو	ولہ	حسن تجھ کو کیا رات غم تھا کسی کا
ایسی ہی آہ! باتیں اس بیوفا نے چھیڑیں	ولہ	روئے ہی روتے جس میں رہے وصل کے مزے
کچھ تو صدا ہے آہ! نہ خاک بھی، کہ جو	ولہ	اُدھر کو لگ رہا ہے حسن گوشِ نقش پا

اس شوخ کے جانے سے عجب حال ہے میرا	ولہ	جیسے کوئی بھولا ہوا پھرتا ہے کچھ اپنا
چھوڑ دے کوئی کسی کیلئے جس طرح سے کچھ	ولہ	ہم نے منت میں تری کون و مکاں چھوڑ دیا
اپنی جاگہ نہ ملے اور کہیں مجھ کو کیا	ولہ	تیری خاطر سے میں آتا ہوں نہیں مجھ کو کیا
وہ ملک دل کہ اپنا آباد تھا کبھو کا	ولہ	سو ہو گیا ہے تجھ بن اب وہ مقام ہو کا
دامن صحرا سے اُٹھنے کا حسن کا جی نہیں	ولہ	پانوں دیوانے نے پھیلایا بیاباں دیکھکر

اب جو چھوٹے بھی ہم قفس سے، تو کیا — ولہ — ہو چکی وہاں بہار ہی آخر

اُس شوخ نے پھینکا ہے مگر تیر ہوا پر — ولہ — جاتا ہی جو دل کا مرے نخچیر ہوا پر
دیکھا جو وہاں اُس کو، گماں سو طرف گیا — ولہ — آئے نہ ہوئے کاش کہ ہم کو مزار تک

آن کر عمکدۂ دہر میں جو بیٹھے ہم — ولہ — شمع ساں اپنے تئیں آپ ہی رو بیٹھے ہم
اس کی جب بزم سے ہم ہو کے بہ تنگ آتے ہیں — ولہ — اپنے ساتھ آپ ہی کرتے ہوئے جنگ آتے ہیں
حُسن میں جب تئیں گرمی نہ ہو، جی دیوے کون — شمع تصویر کے کب گرد پتنگ آتے ہیں
اپنے دل سے تو کبھی ہم ترا شکوہ نہ کریں — ولہ — ہو گر آزردہ تم ایسے ہی تو بولا نہ کریں
ترے بن باغ میں جس وقت غنچہ دل کے کھلتے ہیں — ولہ — خراش ناخن غم سے جگر کے زخم چھلتے ہیں
نہ لیٹ اس طرح منہ پر زلف کو بکھرا کے اے ظالم! — ذرا اُٹھ بیٹھ تو اس دم کہ دو نو وقت ملتے ہیں
ہے سنا دل کی جو زلفوں کے گیا پھرے میں — ولہ — شب کو کیوں نکلا اکیلا، جو پھنسا پھرے میں
کہتا ہی تو کہ "تجھ سے میں ہی نباہتا ہوں" — ولہ — تو بھی کہیں ہو سچا ہیں یوں ہی چاہتا ہوں
مجھ پر ہی تیرا یہ ستم و جور کچھ نہیں، — ولہ — لیکن ترا ہر ایک سے یہ طور کچھ نہیں
روٹھا کرے وہ کیوں نہ کسی اور سے حسن — یہ سب بگاڑ چاہ کا ہے، اور کچھ نہیں
صیاد کی مرضی ہی یہ اب گل کی ہوس میں — ولہ — نالے نہ کریں مرغ گرفتار قفس میں
وہ اور زمانہ تھا کہ خوباں میں تھی اُلفت — ایسا نظر آتا نہیں اب ایک بھی دس میں
دم رُکتا ہوا آتا ہی لب تک ترے غم سے — عقدے پڑے ہیں بسکہ مرے تار نفس میں
دل اپنا اسی باتوں سے اُٹھ جاتا ہی تجھ سے — جا بیٹھے ہی تو تول کے جوہر ناکس و کس میں
تیرے ہمنام کو جب کوئی پکارے ہی کہیں — ولہ — جی ڈھڑک جاتا ہی میرا کہ کہیں تو ہی نہ ہو

غیر کو تم نہ آنکھ بھر دیکھو — ولہ — کیا غضب کرتے ہو اِدھر دیکھو
دیکھنا زلف و رخ تمہیں ہر وقت — شام دیکھو نہ تم سحر دیکھو

کہنے کی ہیں یہ باتیں کس بن نہیں گذرتی — ولہ — پر ایک جان تو ہی جس بن نہیں گذرتی

جان و دل ہیں اُداس سے میرے	ولہ	اُٹھ گیا کون پاس سے میرے
ساتھ دیکھوں ہوں کسی کے جو کسی دلبر کو	ولہ	میں بھی جی رکھتا ہوں مجھ کو بھی ہوس آتی ہے
کیا چھپے سے پوچھے ہے کہ "گھر تیرا نہیں ہے؟"	ولہ	کہنے کو تو گھر یہاں ہے، پہ جی اپنا وہیں ہے
سیر ہے تجھ سے مری جان جدھر کو چلیئے	ولہ	تو ہی جب ساتھ نہ ہووے تو کدھر کو چلیئے
جب میں چلتا ہوں ترے کوچہ سے گھبرا کے کبھی		دل مجھے پھیر کے کہتا ہے "اودھر کو چلیئے"
نغمۂ عشق سے ہیں سبحۂ و زنّار ملے	ولہ	ایک آواز پہ دو ساز کے ہیں تار ملے
دن توقع ہی توقع میں کہاں تک گذرے		مر گئے ہجر میں، بس اب تو کہیں یار ملے
جی تو ایسا ہی خفا تھا کہ نہ ملیئے گا کبھو		پر ترے ہنس کے لپٹ جانے میں ناچار ملے
گر بخت اپنے جاگیں تو اک کام کیجیئے	ولہ	سایہ میں اُس کی زلف کے آرام کیجیئے
اب میں بھی بے قراری پر اپنی لیا قرار		بس خیر! آپ شوق سے آرام کیجیئے
بھولے سے نام لے کے مرا ہٹ بتا گیا	ولہ	پیاری لگی یہ مجھ کو تری بات آج کی
کئی دن تیرے چپ رہنے میں اشک آنکھوں سے برسائے	ولہ	نخل خورشید رو گھر سے کہ عالم خوب ترسائے
ترا ہر چند دل تجھ سے بھی کچھ سخت ترسا ہے	ولہ	ولیکن سخت اگر کہیئے، تو کب میرے جگر سا ہے
گریباں چاک اور خاموش مجھ کو دیکھ کہتا ہے		"کروں کیا بات اس سے، یہ تو کچھ دیوار در سا ہے"
رہنے نہ دے گا اُس بن یہ دل تو ایک دم بھی	ولہ	کیوں روٹھ کر ہم اپنا کھوئیں عبث بھرم بھی
دریا میں ڈوب جائے، کہ یا چاہ میں پڑے	ولہ	اے عشق پر نہ کوئی تری راہ میں پڑے
آ جا کہیں شتاب! کہ مانندِ نقشِ پا		تکتے ہیں راہ تیری سرِ راہ میں پڑے
یوں غیر کچھ نہیں، تو بلا کو بُری لگے	ولہ	تو کچھ نہ کہہ، کہ ہم غُربا کو بُری لگے
کیا ہنسے اب کوئی اور کیا رو سکے	ولہ	دل ٹھکانے ہو تو سب کچھ ہو سکے
رہے جس میں خطرہ سدا نیستی کا	ولہ	بس اے زندگی! ایسی ہستی سے گذرے
آنکھوں کو اُس کی دیکھا تو ہستی نظر پڑی	ولہ	پھر ساتھ اُس کے بادہ پرستی نظر پڑی

سارا جہان خراب تھا آنکھوں میں تجھ بغیر — ولہ — بارے وہ آج آیا تو بستی نظر پڑی
جو چاہے آپ کو تو اُسے کیا نہ چاہیئے — ولہ — انصاف کر تو، چاہیئے یہ یا نہ چاہیئے؛
مجھ سے نے تجھ کو چاہا تو چاہا عجب نہیں — تجھسا جو مجھ کو چاہے، تو پھر کیا نہ چاہیئے
مژگاں سے جھاڑتے ہیں جو اُس گلی کے تنکے — ولہ — رہتے ہیں ہم دوانے روز ازل سے تنکے (یعنی ان کے)

دنیا داری میں اور نہ دیں داری میں — رباعی — چاہت میں کسی کی ہیں، نہ بیزاری میں
حیرت کدۂ دہر میں تصویر کی طرح — سویا کرتے ہیں عین بیداری میں
ہر آن میں آپ کو دکھا جاتے تھے — رباعی — ہر لحظہ نیا شوق دلا جاتے تھے
کیوں دیر لگی ہے، کس نے روکا تم کو؟ — اب تک تو کئی بار تم آجاتے تھے

مثنوی در ہجو لکھنؤ و تعریف فیض آباد۔

نہیں یہ لکھنؤ، ہے یہ زمانا — زمانے پر عبث رکھنا بہانا
زبس یہ ملک ہے پتھر پہ بستا — کہیں اونچا، کہیں نیچا ہے رستا
کسی کا آسماں پر گھر ہوا ہیں — کسی کا جھونپڑا تحت الثریٰ ہیں
زبس گنجان ہے یہ شہر باہم — سما سکتا نہیں ہے غیر کا دم
سیہ گل سے گلی یوں تر رہے ہے — بغل جس طرح زنگی کی بہے ہے
فراغت سے یہاں کس کا مکاں ہے — ہر اک گھر بخس کا سا دل یہاں ہے
کنواں بھی یوں ہے پھر اس تنگ گھر میں — پڑے پتلی کا تل جیسے نظر میں
کنواں کہنا اسے ہے عقل سے دور — کہ ہے اس گھر کی چھاتی کا وہ ناسور
کہوں کیا میں قیامت اس مکاں کی — پڑی بنیاد بعد اس کے جہاں کی
ہزاروں راہ اس میں پیچ در پیچ — ولیکن مثل زلف زشت رو ہیچ
جو اس کے زیر سایہ آن نکلے — رُکے دم، اور اُس کی جان نکلے
جو کوئی رات کو بھولے یہاں گھر — پھرے گلیوں میں ٹکراتا وہ در در

نہیں امکاں جو گھر اپنا وہ پاوے — بلا خورشید کو جب تک نہ لاوے
زبس کوفے سے یہ شہر ہم حدد ہے — اگر شیعہ کہے نیک اس کو بد ہے
چڑھے ہے گو متی جب گرد آکر — حباب آسا ہے پھرتے ہیں سب گھر
رکھے ہے پار ہو سکنا تب امکاں — چڑھے جب آدمی پر آدمی یہاں
سوائے قندیاں دیکھا نہ کچھ اور — سو ہے روپوش وہ بھی دیکھ یہ طور
چلا میں یہاں سے دل اپنا اٹھا کر — کہ کیجے سیر فیض آباد جا کر
عجب معمورۂ آباد پایا — مثالِ گل ہر اک دل شاد پایا
کھلا بازار اور رستہ کشادہ — بیاضِ جبہ ولی جیسے ہو سادہ
دو رستہ راستے میں اتنا رستا — کسی نے آج تک دیکھا ہی بستا
وہ جی ہے شہر کا تر پولیا یوں — کہ جیسے تین رُوحیں جسم میں ہوں
ادھر کو جوہری، اُدھر کو بزّاز — ادھر صرّاف، اور اُدھر طلاساز
روپے اور اشرفی دیکھے برستے — دیئے تختوں پہ جوں زرگر کے دستے
یفنی فرنی اور فالودے کا عالم — کہے تو چاند اور تارے ہیں باہم
ملا شربت میں جو اُس کو بتاوے — شبِ مہ کا سما پانی میں پاوے
ملائی دودھ کی دیکھو تو گویا — اُسی میں مال حلوائی نے کھویا
بلندی پر ہے حلوائی کی دُکّاں — ستارے گرد ہیں جیسے چراغاں
دھری ہیں گولیاں اور یوں اندر سے — کہ گویا چاند اور تارے ہیں برسے
مٹھائی کی کروں تعریف تا چند — قلم کی ہو گئی اب تو زباں بند
ہزاروں خانگی اور کسبی آکر — کریں ہیں سیر لالہ دل لگا کر
چمک دامن کی دکھلایوں چلے ہے — کہ بجلی اپنے ہاتھوں کو ملے ہے
وہ سبزہ کان میں زیبِ بنا گوش — کہ جس کو دیکھ طوطی کے اُڑیں ہوش

شعاع اس کی یہ اور منہ کا پسینا ہے گویا پھول پر شبنم کا مینا
کوئی کرتی پہن جالی کی سادہ گریباں کر کے چھاتی تک کشادہ
کیا اس دام میں تکمہ کو یوں صید سحر کے جوں گریباں میں ہو خورشید
مسافر اس طرف جو آن نکلے نہ نکلے وہاں سے غیر از جان نکلے

باب الخاء

۱۔ خاکسار

خاکسار تخلص، محمد یار نام، شاہ جہان آبادی۔ قدم شریف کے خادموں میں سے تھا، بڑا ہی مشاق زبان ریختہ کا۔ ہمیشہ محمد تقی میر تخلص سے نوک جھوک کرتا رہا ہے، اور ان کے اشعار میں مشاعروں کے اندر اکثر تصرف کیا گیا ہے۔ صاحب دیوان اور شاعر خوش بیان تھا۔ علی ابراہیم خاں مرحوم نے لکھا ہے کہ "شعر اس عزیز کے میرے ہاتھ نہیں لگے ہیں، اس جہت سے اشعار اس کے داخل اس تذکرے کے کمتر ہوئے ہیں"۔ یہ اشعار طبعزاد اس کہن استاد کے ہیں +

تھا زلیخا کو جو جاں سے مہ کنعاں عزیز ہم نے بھی تجھ سے تو بے مہر نہ کی جان عزیز
کل مجھے قتل کر اس دشمن دیں کافر نے بولا لوگوں سے یہ تھا مرد مسلمان عزیز
کیوں نہ وہ مصحف روجاں سے بھی ہووے زیاد کس مسلماں کو نہیں دین اور ایمان عزیز
خاکسار عرش[1] سے بھی دیکھا پرے تیرا مزاج آپ میں آ ذرا، اپنے تئیں پہچان عزیز

دل شیفتہ کر کے کیا لیا تو ولہ اے خانہ خراب! کیا کیا تو
تیری زلف سیہ سے اے پیارے ولہ مجھ کو یک سر ہزار سودا ہے
قیامت بھی ہو گی تو میری بلا سے ولہ مجھے داد خواہی کی طاقت کہاں ہے

[1] تقطیع میں عین گرتا ہے ۱۲

رونے سے خاکسار کے سوتا نہیں کوئی	دلہ	اس خانماں خراب کو چپکا خدا کرے!
کیا ہے حاصل تجھے ناصح مرے سمجھانے سے	دلہ	آہ! جوں شمع ہے راحت مجھے جل جانے سی

بابُ الدّال

۱- درد

درد تخلص، خواجہ میر نام۔ متوطن شاہ جہان آباد کے، خلف الصدق حضرت ناصر دہلوی کے۔ ثابت قدمی میں اس قطبِ آسمانِ استقلال کی، اور زاویہ گزینی میں اس مرکزِ دائرۂ فضل و کمال کی یہ نقل مشہور ہے، اور زباں زدِ جمہور ہے، کہ جس ایام میں معمورہ شاہ جہان آباد کا، اور ہر ایک کوچہ اُس خجستہ بنیاد کا، مجمع اہل کمال سے اور کثرت منتخبان عدیم المثال سے، رشک ہفت اقلیم اور غیرتِ جنت النعیم تھا، تو معموری پر شہر کی عرصہ ربع مسکوں کا تنگ، اور وہ خراب آباد تشبیہ سے ہفت اقلیم کی تنگ تھا۔ جبکہ متواتر نزولِ آفات کے باعث، اور مکرر ورودِ بلیات کے سبب خراب ہوا، اور مصدر عقوبت و عذاب ہوا، تو ہر ایک درویش گوشہ نشین نے، اور ہر ایک صابر زاویہ گزین نے، اور ہر تونگر مالدار نے، اور ہر امیر عالی مقدار نے، فرار کو غنیمت جانا، اور بھاگے اُدھر کو جدھر پایا ٹھکانا۔ مگر وہ سید والا تبار، کہ نام نامی اُس کا خواجہ میر تھا، اُس قطبِ آسمان استقلال نے خیال بھی جگہ سے سرکنے کا نہ کیا، متحمل بلاؤں کے اور حامل جفاؤں کے ہوئے، اور شاہ جہان آباد کو چھوڑ کر ایک قدم اپنے کنج عزلت سے نہ گئے۔ اگر شیخ فرید شکر گنج اُس کوہ تحمل کو دیکھتا، تو چاشنیٔ فقر اُس کی حیران ہو کر مانند نیشکر کے انگشت تحیر کو کاٹتا۔ اور اگر سید حسین خنگ سوار بیچ اس عرصہ کے ہوتا، تو زین پوش خدمت کا اُس کے کاندھے پر ڈال کے دوڑتا +

غرض اس مجمع فضل و کمال کی التفاتِ طبیعت طرف نظم کے نہ واسطے شہرت اور نام کے بلکہ واسطے گرمانے افسردہ دلانِ خام کے ہے۔ اُس شہسوار معرکۂ سخنوری کے توسنِ تند خرام قلم نے بیچ قلمرو معنی آفرینی کے ایک گام بے راہی نہیں کی، اور اُس یکہ تاز عرصۂ مضمون

تراشی کے ست رنگ آسمان سیر خامہ سے بیچ میدان بلند مقامی کے ایک قدم کوتاہی نہیں کی تعجب نہیں ہے اگر اُس عندلیب گلشن معنی کے کلام معجز نظام کی تحریر سے صفحہ کاغذ کا ہمرنگ برنگ گل ہو، اور نغمہ زبان قلم کا ہم آہنگ صفیر بلبل ہو۔ اگرچہ دیوان ان کا بہت مختصر ہے، لیکن سراپا درد و اثر ہے۔ زبان فارسی میں بھی اکثر غزلیں کہیں ہیں۔ سچ تو یہ ہے کہ وہ بھی خالی کیفیت سے نہیں ہیں۔ رباعیوں کی طرف مسایل تصوف میں بیشتر طبیعت آئی ہے، اور شرح بھی اُس کے مشکل مقاموں کی آپ ہی فرمائی ہے۔ طریقہ فقر میں بہت بڑے کاسب اور شاغل تھے، اور راہ طریقت کے طالبوں کے واسطے رہنمائے کامل تھے بسنہ ۱۲۰۲ بارہ سو دو ہجری میں اُس بلبل گلشن آزاد نے دام ہستی سے نکل کر شاخسار کو چمن عدم کے آباد کیا ہے۔ یہ منتخب ان کے دیوان کا ہے

مقدور کسے ہے ترے وصفوں کے رقم کا
حق کہ خداوند ہے تو لوح و قلم کا

بستے ہیں ترے سایہ میں سب شیخ و برہمن
آباد تجھی سے تو ہے گھر دیر و حرم کا

مانند حباب آنکھ تو اے درد کھلی تھی
کھینچا نہ پر اس بحر میں عرصہ کوئی دم کا

اہل زمانہ آگے بھی تھے، اور زمانہ تھا
ولہ
پر اب جو کچھ ہے، یہ تو کسی نے سنا نہ تھا

باور نہیں ابھی تجھے غافل پہ عنقریب
معلوم ہووے گا کہ یہ عالم فسانہ تھا

یک بیک نام لے اُٹھا میرا
ولہ
جی میں کیا اُس کے آگیا ہوگا

گل و گلزار خوش نہیں آتا
ولہ
باغ بے یار خوش نہیں آتا

جاں پہ کھیلا ہوں میں، میرا جگر دیکھنا
ولہ
جی نہ رہے یا رہے، مجھ کو اُدھر دیکھنا

ذکر وفا کیجئے اُس سے کہ واقف نہ ہو
کہتے ہو کس سے یہ تم "ٹک تو ادھر دیکھنا"

باہر نہ آسکی تو قید خودی سے اپنی
ولہ
اے عقل بے حقیقت! دیکھا شعور تیرا

جھکتا نہیں ہمارا دل تو کسی طرف یہاں
جی میں سما رہا ہے ازبس غرور تیرا

ہم نے چاہا بھی، پر اُس کوچہ سے آیا نہ گیا
ولہ
وہاں سے جو نقش قدم دل کو اُٹھایا نہ گیا

چمن میں صبح یہ کہتی تھی ہو کر چشم تر شبنم
ولہ
"بہار باغ گو یوں بھی رہے لیکن کدھر شبنم"

تیری خون آشامیاں مشہور ہیں اے تیغ یار		ایک قطرہ چھوڑے تو پیوے ہمارا ہی لہو	
اس ہستیِ خراب سے کیا کام تھا ہمیں	دلہ	اے نشۂ غرور! یہ تیری ترنگ ہے	
نہ ہاتھ اُٹھائے فلک گو ہمارے کینے سے	دلہ	کسے دماغ کہ ہو دو بدو کمینے سے	
مجھے یہ ڈر ہے دلِ زندہ تو نہ مر جاوے		کہ زندگانی عبارت ہی تیرے جینے کی	
جو ملتا ہے دل، پھر کہاں زندگانی	دلہ	کہاں میں، کہاں تو، کہاں نوجوانی	
عجب خواب درپیش ہے پھر تو سب کو		سنا لوٹک اب اپنی اپنی کہانی	

۲۔ دردمند

دردمند تخلص، فقیر صاحب نام۔ دکن ان کے بزرگوں کا وطن ہے، بلکہ ان کا بھی مولد دکن ہے، لیکن تربیت انہوں نے شاہ جہان آباد میں پائی ہے، اور خدمت سے میرزا جان جانان مظہر کی کیفیت آدابِ فقر کی اُٹھائی ہے۔ مرید بھی مرزائے مذکور کے تھے۔ چند مدت عظیم آباد میں بود و باش کی ہے، اور رفاقت میں نواب غلام حسین خاں اور نواب اعظم خاں کے بیٹے کی گذرانِ معاش کی ہے۔ بعد اس کے پھر دلی گئے، اور چند مدت وہاں رہے پھر نواب نوازش محمد خاں شہامت جنگ بھتیجے نواب وردی خاں مہابت جنگ کے بُلائے ہوئے شاہ جہان آباد سے مرشد آباد میں آئے، اور طور بود باش کے وہیں ٹھہرائے۔ رفاقت میں نواب مذکور کی البتہ ایک رفاہِ احوال ہوا۔ آخر سنہ ۱۱۷۶ گیارہ سو چھہتر ہجری میں بلدۂ مرشد آباد کے اندر انتقال ہوا۔ سلیقۂ سخن رسی میں اُستاد تھے، اور طریقۂ مصاحبت و اختلاط کے ماہر حد سے زیادہ تھے۔ فارسی دیوان ان کا صاحب نظروں کا منظور ہے، اور ہندی میں تو یہی ساقی نامہ مشہور ہے +

پڑی اُس کی خوبی کی ازبسکہ دھوم		لیا ہاتھ قدرت کا صانع نے چوم	
ارے ساقی! اے جانِ فصلِ بہار!		یہی تھا ہمارا و تیرا قرار	
ہمارے بسرنے کی یہ فصل تھی؟		فراموش کرنے کی یہ فصل تھی؟	

لہ اس مضمون کو شیخ ابراہیم ذوق نے اس طرح ادا کیا ہے ؎ کہے ہو اس سے رم ذبح یہ کچھ میرا کی وجہ سے کرے تو پیٹے لو میرا۔ لیکن ذوق کی بندش کو نہیں پہنچتا ۱۲

تری جان کی سوں غنیمت ہوں میں
سلیقوں میں ظالم قیامت ہوں میں

مری عقل میں کون اعجاز ہے
ارسطو مرا اک دوا ساز ہے

فلک چرخ مارے گا گر صد ہزار
نہ لاوے گا مجھ سا کوئی روبکار

نظر تو کروٹک چمن کی طرف
شگوفہ کو آیا ہے مستی سے کف

چمن میں بھرا ہے نشہ یاں تلک
کہ جاتی ہے نرگس کی گردن ڈھلک

تجھے جان گل کے لہو کی قسم
تجھے باغ کے رنگ و بو کی قسم

تجھے جام کے چشم تر کی قسم
تجھے اپنی پنہاں نظر کی قسم

ادا سے لہکنے کی تجھ کو قسم
نشہ سے بہکنے کی تجھ کو قسم

تجھے جام صہبا کے سر کی قسم
تجھے اپنے مینا کے سر کی قسم

تجھے ناز مستی کی اپنے قسم
تجھے خود پرستی کی اپنے قسم

قسم ہی تجھے بے سبب جنگ کی
قسم ہی مرے نام کے ننگ کی

ارے بے وفا بے مروت صنم
میں دیتا ہوں تجھ کو قسم پر قسم

تجھے دختر رز کی حسرت کی سوں
تجھے مغبچوں کی شرافت کی سوں

تجھے وعدہ کر بھول جانے کی سوں
تجھے اپنی سوگند کھانے کی سوں

تجھے ناتوانوں کی طاقت کی سوں
تجھے بیقراروں کی فرصت کی سوں

شب عید کے تجھ کو چاؤں کی سوں
تجھے اپنی مہندی کی پاؤں کی سوں

جو تو نے کیا مے کو مجھ پر حرام
تو اتنا کر اے ظالموں کے امام

کہ تو سرکشی سے نہ کر پائمال
مرے خون کو اپنے اوپر حلال

تجھے رحم مجھ پر کچھ آتا نہیں
مگر جینا میرا بھاتا نہیں

نہ توڑ آئینہ اپنے خریدار کا
زیاں خوب نیں اپنی سرکار کا

یقیں جانیو گر نہ ہو ایک آن
تری مہربانی کا مجھ کو گماں

تو صورت نہ پکڑے ہماری حیات		نکل جائے جی نا اُمیدی کے ساتھ	
ہے غم سے رقیبوں کے مرا دل ناشاد	رباعی	اس دھڑکے سے جاتے ہیں سبھی عیش بباد	
پرویز کے شیشہ خانہ عشرت پر		سنگ آیا و لیک سخت آیا فرہاد	

۳- دل

دل تخلص، شیخ محمد عابد نام۔ متوطن بلدہ عظیم آباد کے بے مثل، اور بے نظیر عالم محبت و وداد کے شیخ محمد روشن جوشش تخلص بڑے بھائی ہیں، جن کی خوبیاں باب الجیم کے اندر بیان میں آئی ہیں۔ غرض دونوں بھائی سنجیدہ اطوار اور حمیدہ خصال ہیں، طریقہ یک رنگی میں بے مثال ہیں یہ ابیات دل خراش اُس اہل دل کی تلاش سے ہیں[1] ؛

تیری زلفوں میں پھنسا دل یہی تقصیر ہوئی		نقد جاں لیجئے حاضر ہے گنہگار دل	
نالے ہی سدا بھر دن عمر کے بھرتے ہیں		ہیں نزع میں ہم تجھ بن جیتے ہیں نہ مرتے ہیں	
جوں آئینہ یہ ستم رسیدہ		رہتا ہے مدام آب دیدہ	
تمہارے در پہ جو دربان نے آنے نہیں پکڑی		برنگ نقش قدم ہم نے بھی زمیں پکڑی	

۴- دیوانہ

دیوانہ تخلص، رائے سُرب سُکھ نام، رشتہ دار راجہ مہانرائن کا تھا۔ نہایت پُرگو۔ اور وضع مغلیت پر مرتا تھا۔ دو دیوان زبان فارسی میں اس نے لکھے ہیں، اور اکثر ریختہ گو۔ لکھنؤ کے، مرزا جعفر علی حسرت، اور میر حیدر علی حیراں، اس کے شاگردوں میں سے ہیں سنہ ۱۲۰۰ بارہ سو

[1] اصل کتاب میں نمونہ کلام نہیں تھا معلوم نہیں مصنف ہی کو نہیں ملا یا جس نسخہ سے ہم نے نقل کیا ہے اس کے کاتب نے چھوڑ دیا ہے یہ مندرجہ بالا چار شعر ہم نے سخن شعرا، مصنفہ عبد الغفور خاں نساخ سے نقل کئے ہیں۔

چار ہجری میں لاچار گرم روی راہ عدم میں کی، اور آتشِ فنا پیکرِ وجود کو دی۔ فارسی منظوم اس کا دس ہزار بیت سے زیادہ ہے۔ یہ ہندی اس کا طبعزاد ہے ✦

جب نہ تب سنئے تو کرتا ہے وہ اقرار بغیر		گفتگو ہم سے اُسے پر نہیں انکار بغیر
بزم میں رات بہت سادہ و پرفن تھے ولے		گرمیِ بزم کہاں اُس بت عیار بغیر
دیکھ بیمار کو تیرے یہ طبیبوں نے کہا		ہو چکی اس کو شفا شربتِ دیدار بغیر
جان پر آبنی، ہمدم مری خاموشی سے		بات کچھ بن نہیں آتی ہے اب اظہار بغیر
جس کی خاطر کے لئے یار سب اغیار ہوئے		کیونکہ دیوانہ بھلا رہئے اب اُس یار بغیر
دل ہے کہ تیری تیغ کے آگے سے ٹل نہ جائے	ولہ	رستم کا کیا جگر ہے جو زہرا اُچھل نہ جائے
وے یار کہاں کہ یار باشی کیجے	رباعی	وے وقت کہاں کہ خوش معاشی کیجے
اک گوشہ میں بیٹھ کر دیوانہ تنہا		اب ناخنِ غم سے دل خراشی کیجے

بابُ السّین

۱- سَوْدَا

نامِ نامی اور اسمِ گرامی اُس شاہ بازِ عرش پرواز معنی کا مرزا رفیع ہے بمتوطن دار الخلافہ شاہ جہان آباد کے۔ بیشک مقام اُن کی طبیعتِ فلک فرسا کا موافق اُن کے نام کے نہایت رفیع اور منیع ہے۔ روز تولد سے ساٹھ برس کی عمر تک دِلّی میں ساتھ کمال عز و وقار کے رہے، اور طبع رسا کی مربی گری سے انیس و جلیس سلاطینِ نامدار اور وزرائے عالی تبار کے رہے۔ اگرچہ

لہ مصنف نے جس خاص استعاروں میں رشتے سرب شکھ دیوانہ کو انتقال کو بیان کیا ہے، اُن میں ایک خاص جھلک پائی جاتی ہے، جو مصنف کی فراغلی پر شعر ہیں ✦

ذات اُس یگانۂ روزگار کی کثرتِ اشتہار کے باعث مستغنی ہے تکلیف سے خامۂ مدائح نگار کی، لیکن انصاف کہتا ہے کہ کچھ تھوڑا سا احوال اس مستغنی الصفات کا لکھا چاہیئے، اور تذکرے سے اُس شاہ بیتِ کلیات معانی کے، بیان کو ان اوراق پریشان کے، زیب وزینت دیا چاہیئے۔ سچ تو یہ ہے کہ میرزاے مذکور سرحلقۂ سخنوران اور سرآمدِ معنی گستران تھے۔ آشناے معنی بیگانہ اور مضمون تازہ کے پیدا کرنے میں یگانہ تھے۔ اقسامِ نظم سے دیوان اس مطلع دیوان سحر بیان کا بھرا ہے، اور انواعِ نظم کو کیا کیا زور وشور کے ساتھ بیان کیا ہے۔ خصوصاً طرز قصیدہ کو کس صفائی اور تکلف سے ادا کرکے اس طاقِ بلند پر رکھا کہ دستِ وہم نازک خیالان ہندستان کا اس کے خیال تک نہ جا سکا۔ آگ کو یاد میں اُس آتش زبان کے ہجوم شرار سے جوشِ قطراتِ عرقِ انفعال ہے، اور پانی کو خجالت سے اس طبع روان کی خاک میں چھپنے کا خیال زبان ہندی شرفِ ہمزبانی سے اُس کی سرفراز، اور نظم ریختہ کو طبع معنی آفرین پر اُس کے گھمنڈ اور ناز۔ جب کہ بعد خراب اور ویران ہونے شاہ جہان آباد کے نقل وحرکت کا اتفاق میرزاے مذکور کو اس شہر سے ہوا، تو اور شہروں کی سیر کرتے ہوئے آخر بلدۂ لکھنؤ میں طور سکونت کا کیا۔ نواب آصف الدولہ مرحوم نے بہت قدر ومنزلت کی، اور چھ ہزار روپے سالیانہ کی جاگیر مقرر کردی۔ چنانچہ بیشتر قصیدے نواب آصف الدولہ مرحوم کی تعریف میں کہے ہیں، اور کیا کیا تروتازگی کے ساتھ مضامینِ عالی باندھے ہیں۔ جب کہ سنِ شریف اس خضرِ راہِ سخن دانی کا ستر برس کو پہنچا، تو داعیِ اجل کو لبیک اجابت کہہ کے سرائے وجود سے پیامِ منزلِ عدم کا ہوا۔ تاریخ وفات اُس رفیع قدر محفل نکتہ دانی کی ہر ایک سخن سنج نے کہی ہے، لیکن یہ تاریخ اُس فرہاد بے ستون مضمون تراشی کے سنگ مزار پر کندہ کی ہوئی ہے ؎

خلد کو جب حضرتِ سودا گئے	فکر میں تاریخ کے ماہر ہوا
بولے منصف دور کر پائے عناد	شاعران ہند کا سرور گیا

۱۱۹۵ھ

آغا باقر کا امام باڑہ اس محبِ امام علیہ السلام کا مدفن ہے، سایۂ قدومِ امام کے باعث

بیشک رنج مکافات کے واسطے مامن ہے - یہ اشعار یادگار جریدۂ روزگار کے لکھے جاتے ہیں، اور یہ اوراق پریشان اس سے زینت پاتے ہیں +

ہوا جب کفر ثابت ہے وہ تمغائے مسلمانی
نہ ٹوٹے شیخ سے زنار تسبیح سلیمانی

ہنر پیدا کر اوّل، ترک کیجو تب لباس اپنا
کہ ہو جو تیغ بے جوہر اُسے ہے ننگِ عریانی

خوش آمد کب کریں عالی طبیعت اہل دولت کی
نہ جھاڑے آستینِ کہکشاں شاہوں کی پیشانی

کرے ہے کلفت ایّام ضائع قدر مردوں کی
ہوئی جب تیغ زنگ آلود کب جاتی ہے پہچانی

یہ روشن ہے برنگِ شمع ربطِ باد و آتش سے
موافق گر نہ ہووے دوست، ہے وہ دشمن جانی

ولہ

ہے پروش سخن کی مجھے اپنی جاں تلک
جوں شمع زندگانی مری ہے زباں تلک

بے ماتم اس چمن میں نہیں خندۂ طرب
ہے کسوتِ کبود گلِ زعفراں تلک

لاف سپہ گری نہ بکے مردِ راست باز
پاوے نہ راہِ حرف زبانِ سناں تلک

سختی سے گذری اہل سعادت کی یہاں معاش
ہے منحصر غذائے ہما اُستخواں تلک

مطلع ثانی

جس کی بہار پہنچی نہ آخر خزاں تلک
آیا نہ ایک گل کبھی اس بوستاں تلک

وہ مرغِ ناتواں ہوں کہ صحنِ چمن سے میں
بے نردباں پہنچ نہ سکوں آشیاں تلک

روضہ مین جن کے حلقۂ چشمِ ملک سوا
پہنچا نہ پائے شمع کبھو شمعداں تلک

ہنگام طوف بسکہ ملائک ہمیشہ وہاں
لیتے ہیں خاک آن کے اُس آستاں تلک

خادم کہے ہیں وہاں کے یہ آپس مین دیکھ کر
پہنچے ہے کوئی دن کو زمیں آسماں تلک

رہنے کو جگ میں صورت افسوس کے تئیں
احکام خورمی نے کیا منع یہاں تلک

انگشت چوسنے کے لئے طفلِ شیرخوار
ممکن نہیں کہ لاسکے اپنے وہاں تلک

اس چرخ دوں پرست تلے بہرِ مشتِ جَو
مانند آسیا کے پھروں ہیں کہاں تلک

قصیدہ

ہے سخن سنج اِک جوانِ متین — فخرِ صائب جو وہ کرے تحسیں
رات جا کر میں اُس کی خدمت میں — اُسے دیکھا تو تھا نپٹ غمگیں
میں جو پوچھا؟ کہا سبب مت پوچھ — خبث کرنا کسی کا خوب نہیں
لیکن اے یار تجھ سے کہتا ہوں — مل کے گو مجھ پہ سب کریں نفریں
داغ ہوں اُن سے اب زمانے میں — بزمِ شعرا سے ہیں جو صدر نشیں
یعنی سودا و میر و قائم و درد — لے ہدایت سے تا کلیم و یقیں
کیا غرور و دماغ و کیا نخوت — کون سا کبر ہے جو اُن میں نہیں
مثلِ شیرازۂ کتاب اللہ — سمجھے ہر ایک اپنی چین جبیں
ننگ جانیں جو بزم کا اُن کی — بوعلی ہو صفِ نعال نشیں
اور جو احمق اُن کے سامع ہیں — دم بہ دم اُن کی کیا کریں تحسیں
جیسے سُبحانَ مَن یَرانی پر — لڑکے مکتب کے کہتے ہیں آمین
شعر و تقطیع اُن کے دیواں کی — جمع ہووے تو جیسے نقشِ نگیں
اُس میں جو دیکھئے تو آخر کار — یا تو ارد ہوا ہے یا تضمیں
اتنی کچھ شاعری پہ کرتے ہیں — میخ در کوانِ آسمان و زمیں
غرض اس خبث کے تئیں سُنکر — ہو کے بے اختیار میں دو ہیں
کہا سودا کو اُن بزرگوں میں — مت گنہ اُس کا ہی یہ کب آئیں
اور جو ہووے بھی تو لایق ہے — فخر کرنا پھبے ہے اُسکے تئیں
ہے وہ مداح ایک ایسے کا — مسندِ جا جس کی عرش بریں
یعنی نواب سیف دولہ سدا — جس کی شمشیر و فرق دشمن بیں

رفعتِ دستِ جود سے جس کے
دامنِ خلق کا ہے یہ آئیں

پنجۂ آفتاب کی سی طرح
بہرہ ور ہے ہمیشہ روئے زمیں

غنچہ کی بھی گرہ میں بند کیا
تیری بخشش نے مشتِ زر کتنیں

دست و پا اپنے گم کرے ہی عدو
یاد کر تیری تیغ و خنجر کیں

پوچھتا ہے ہر ایک سے سچ کہہ
سر مرا ٹنگڑیوں میں ہی کہ نہیں

فکر میں قہر کے ترے ہر شب
حالت نزع سے زبس ہی قریں

بیند اُس کو نہ آوے تا نہ پڑھیں
جاے افسانہ سورۂ یٰسیں

احکام پر ترے نہ کرے کیونکہ کام تیر
ہے یہ کمان حلقہ بگوش و غلام تیر

اُتنا ہی چست بیٹھے ہے جتنی کماں ہو چست
خوبی کا حق کرے ہے ادا یہ ان تمام تیر

ہمسر ہے کس کا تیر ترے تیر سے کہ یہ
انگشت ہے قضا کی کہیں ہیں بنام تیر

شہر آشوب

اب سامنے میرے جو کوئی پیر و جواں ہی
دعویٰ نہ کرے یہ کہ مرے منہ میں زباں ہی

کیا کیا میں بتاؤں کہ زمانے میں کئی شکل
ہے وجہ معاش اپنی سو جس کا یہ بیاں ہے

گھوڑا ہے اگر نوکری کرتے ہیں کسو کی
تنخواہ کا پھر عالمِ بالا پہ مکاں ہے

ثابت ہے جو ڈگلا تو نہیں موزوں میں کچھ جان
تیروں میں ہی پر گیری تو بے چلہ کماں ہے

کہتا ہے نفر غرہ کو صراف سے جا کر
بی بی نے تو کھایا ہے یہ فاقہ سی میاں ہے

یہ سن کے دیا کچھ تو ہوئی عید وگرنہ
شوال بھی پھر ماہ مبارک رمضاں ہے

اس رنج سے جب چڑھ گئے چھتیس مہینے
تنخواہ کے پھر ملنے کی یہ شکل کہاں ہے

لیتے ہیں بایں روسیہی دہ تو دو ماہہ
ٹک دھوس دھڑکے کی جنہیں تاب و تواں ہے

قاضی کی جو مسجد ہی گرہ ملا بندھ کے اُس میں
بیٹھا ہوا اس شکل سے ہر پیر و جواں ہے

مُلّا جو اذاں دیوے تو منہ موند کر اُس کا
کہتے ہیں کہ خاموش مسلمانی کہاں ہے

بولا جو خطیب اس میں تو مارے اُسی اک ہول
ہاتھ آگیا واعظ تو تھپیڑا یہ وہاں ہے

رینگے ہے گدھا آٹھ پہر گھر میں خدا کے
نہ ذکر نہ صلوٰۃ نہ سجدہ نہ اذاں ہے

اور وہ جو ہیں کمر سو وہاں آن کے بیٹھے
رستے کے جو آگے کو یہ ہر ایک دُکاں ہے

اُٹھ اُٹھ کے دکھاتے ہیں انہیں حال وہ اپنا
دربار رُو اس عہد میں جو خورد و کلاں ہے

یورپ بھی نہ ملا کچھ تو ہر اک پال کے آگے
اس سج سے رسالہ کا رسالہ ہی رواں ہے

کوئی سر پہ کئے خاک گریباں کسی کا چاک
کوئی روئے ہے مُنہ پیٹ کوئی نعرہ زناں ہے

ہندو و مسلماں کو پھر اُس پال کے اوپر
ارتھی کا تو ہم ہے جنازے کا گماں ہے

یہ مسخرگی دیکھ کے وہ صاحب ارتھی
کرتا ہے جو وہاں عرض تو نہ یہاں ہے نہ وہاں ہے

گو ہو بھئے جا کر کسی عہدے کے صاحب
اُس کی تو اذیت بڑی ہی آفتِ جاں ہے

وہ جاگے جو راتوں کو تو بیٹھے ہیں دو زانو
کیسا ہی اگر اپنے تئیں خوابِ گراں ہے

خمیازہ پہ خمیازہ ہے اور چرت اوپر چرت
مُنھ صورتِ سوفار کمر شکلِ کماں ہے

صیغہ پہ طبابت کے بھلا آدمی نوکر
سو دو سو روپے کا جو کسی عمدہ کے ہاں ہے

صحبت ہے یہ اُس سے اگر آقا کے تئیں چھینک
آوے تو وہ اُس کو بہ خشونت نگراں ہے

دیتے ہیں سنگا تیر و کماں ہاتھ میں اُس کے
ٹھنڈی ہوا آنے کا گر اس وقت گماں ہے

سوداگری کیجے تو ہے اُس میں یہ مشقت
دکھن میں بکے وہ جو خریدے صفہاں ہے

قیمت جو چکاتے ہیں سو اس طرح کہ ثالث
سمجھے ہے فروشندہ پہ دزدی کا گماں ہے

گر خان و خوانیں کی کرے کوئی وکالت
اس کا تو بیاں کیا کروں تجھ سے کہاں ہے

ہر گھر میں وہ چاہے کہ میں فوارہ سا چھوٹوں
ہر کوچہ میں جوں آب چکاں اور رواں ہے

شاعر جو بنے جاتے ہیں مستغنی الاحوال
دیکھے جو کوئی فکر و تردد تو یہاں ہے

گر عید کا مسجد میں پڑھیں جا کے دگانا
نیت قطعۂ تہنیتِ خان زماں ہے

تاریخ تولد کی رہے آٹھ پہر فکر — گر رحم میں بیگم کے سنے نطفۂ خاں ہے
اسقاطِ حمل ہو تو کہیں مرثیہ اُس کا — پھر کوئی نہ پوچھے میاں مسکین کہاں ہے
مُلّانی اگر کیجے تو مُلّا کی ہے یہ قدر — ہوں دو روپے اُس کے جو کوئی مثنوی خواں ہے
دن کو تو وہ بیچارہ پڑھایا کرے لڑکے — سب خرچ لکھے گھر کا اگر ہند سہ داں ہے
تس پر یہ ستم ہے کہ نہالی تلے اُس کے — لڑکوں کی شرارت سے سدا خار نہاں ہے
چاہے جو کوئی شیخ بنے بہرِ فراغت — چھٹتے ہی تو شعر کے وہ مطعون زباں ہے
دیتا ہے دُمِ خرس سی کوئی پگڑی کو نسبت — گنبد سے کوئی پگڑی کو تشبیہ کناں ہے
پوچھے ہے مریدوں سے یہ ہر صبح کو اُٹھ کر — ہے آج کدھر عرش کی شب روز کہاں ہے
تحقیق ہوا عرس تو کر ڈاڑھی کو کنگھی — لے خیل مریداں گئے وہ بزم جہاں ہے

در ہجو اسپ بخیل

ہے چرخ جب سے ابلق ایام پر سوار — رکھتا نہیں ہے دست عناں کا یہ یک قرار
جن کے طویلے بیچ کئی دن کی بات ہے — ہرگز عراقی و عربی کا نہ تھا شمار
اب دیکھتا ہوں میں کہ زمانے کے ہاتھ سے — موچی سے کفش پا کو ٹکاتے ہیں وہ اُدھار
تنہا ولے نہ دہر سے عالم خراب ہے — خستے نے اکثروں میں اُٹھایا ہے ننگ و عار
ہیں گے چنانچہ ایک ہمارے بھی مہرباں — پا دے سزا جو ان کا کوئی نام لے نہار
نوکر ہیں سو روپے کے دیانت کی راہ سے — گھوڑا رکھیں ہیں ایک سو ایسا خراب و خوار
نے دانہ و نہ کاہ نہ تیمار نے سئیس — رکھتا ہو جیسے اسپ گلی طفل شیر خوار
مانند نقش نعل زمین سے بجز فنا — ہرگز نہ اُٹھ سکے وہ اگر بیٹھے ایک بار
تا طاقتی سے اُس کی کہاں تک بیاں کروں — فاقوں کا اُس کے ہائے کہاں تک کروں شمار
اُس مرتبہ کو بھوک سی پہنچا ہے اُس کا حال — کرتا ہے راکب اُس کا جو بازار میں گذار

قصاب پوچھتا ہے مجھے کب کروگے یاد — اُمیدوار ہم بھی ہیں کہتے ہیں یوں چار
جس دن سے اُس قصائی کے کھونٹے بندھا ہوں — گذری ہے اس نمط اُسے ہر لیل و ہر نہار
ہر رات اخروں کے تئیں دانہ دوجھ کر — دیکھے ہے آسماں کی طرف ہو کے بے قرار
خط شعاع کو سمجھے ہے وہ دستۂ گیاہ — ہر دم زمیں پہ آپ کو پٹکے ہے بار بار
تنکا اگر پڑا کہیں دیکھے ہے گھانس کا — چوکے کو آنکھیں موند کے دیتا ہے وہ پسار
دیکھے ہے جب وہ توبرۂ ٹھاں کی طرف — کھاتا ہے دانہ گھاس کی جاگہ سدا بچار
فاقوں سے ہنہنانے کی طاقت نہیں رہی — گھوڑے کو دیکھتا ہے تو بادی ہے بار بار
نے استخواں نہ گوشت نہ کچھ اُس کے پیٹ میں — دھونکے ہے اپنی دُم کو کہ جوں کھال کو لہار
پیدا ہوئی ہے تس پہ اگن پاؤں اس قدر — ہرگز دروغ اس کو تو مت جان زینہار
گذرے وہ جس طرف سے کبھو اُس طرف سمی — باد سموم ہووے صبا گر کرے گذار
سمجھا نہ جائے یہ کہ وہ ابلق ہے یا سُرنگ — خارشت سے زبسکہ ہے مجروح بے شمار
ہر زخم پر زبسکہ بھنکتی ہیں مکھیاں — کہتے ہیں اُس کے رنگ کو گمسی بس اعتبار
یہ حال اُس کا دیکھ غرض یوں کہے ہے خلق — چنگل سے موذی کی تو چھٹا اُس کو کردگار
یا مر رہے یا چور لے جاوے یا ہووے گم — اس تین بات سے کوئی بھی ہووے آشکار
تنہا نہ اُس کے غم سے ہے دلتنگ تنگ زیں — خوگیر کا بھی سینہ جو دیکھا تو ہے فگار
القصہ ایک دن مجھے کچھ کام تھا ضرور — آیا یہ دل میں جائیے گھوڑے پہ ہو سوار
رہتے تھے گھر کے پاس قضارا وہ آشنا — مشہور تھا جنہوں کنے وہ اسپ نابکار
خدمت میں اُن کے میں نے کیا جا کے التماس — گھوڑا مجھے سواری کو اپنا دو مستعار
فرمایا تب اُنہوں نے کہ اے میری جان من — ایسے ہزار گھوڑے کروں تم اوپر نثار
لیکن کسی کو چڑھنے کے لائق نہیں یہ اسپ — یہ واقعی ہے اس کو نہ جانوگے انکسار
صورت کا جس کی دیکھنا ہیگا گدھے کو ننگ — سیرت سے جس کی نت ہے سگِ خشمگیں کو عار

بدرنگ جیسے لید ہو بدرنگ جوں پشاب
بدتر میں اس قدر کہ کرے اصطبل کو اجاڑ

مانند میخ چوکی لکدزن ہے تھان پر
لاجنب دے جگہ نہیں جوں میخ استوار

حشری ہے اس قدر کہ قیامت کو اس اوپر
دجال منہ کو اپنے سیہ کرکے ہو سوار

اتنا ہی سرنگوں ہے کہ سب اڑ گئی ہیں دانت
جبڑے پہ بسکہ ٹھوکروں کی پڑ رہی ہے مار

ہے پیر اس قدر کہ جو بتلا دے اسکا سن
پہلے وہ لے کے ریگِ بیاباں کرے شمار

لیکن مجھ زروئے تواریخ یاد ہے
شیطاں اسی پہ نکلا تھا جنت سے ہو سوار

کم رو ہے اس قدر کہ اگر اس کی نعل کا
لوہا منگا کے تیغ بناوے کبھی لہار

ہے دل کو یہ یقین کہ وہ تیغ روزِ جنگ
رستم کے ہاتھ سے نہ چلے وقتِ کارزار

مانند اسپ خانۂ شطرنج اپنے پاؤں
جز دست غیر کے نہیں چلتا وہ زینہار

مٹھا تو اس قدر ہے کہ جو کچھ کہ تم سنا
لیکن اب ایک دن کی حقیقت کہوں میں یار

دلّی میں آن پہنچے تھا جس دن کہ مرہٹہ
مجھ سے کہا نقیب نے آکر ہے وقتِ کار

مدت سے کوڑیوں کو اڑاتے ہو گھر میں بیٹھ
ہو کر سوار اب کرو میداں میں کارزار

ناچار ہو کے تب تو بندھایا میں اس پہ زین
ہتیار باندھ کر میں ہوا اس اوپر سوار

جس شکل سے سوار تھا اس دن میں اس اوپر
دشمن کو بھی خدا نہ کرے یوں ذلیل و خوار

چابک تھی دونوں ہاتھوں میں پکڑی تھا مٹھیوں میں بھینچ
ٹخ ٹخ کے پاشنوں سے مرے پاؤں تھے فگار

آگے سے تو برا اسے دکھلائے تھا نفر
پیچھے نقیب ہانکے تھا لاٹھی سے مار مار

ہرگز وہ اس طرح بھی نہ لاتا تھا رو براہ
ہلتا نہ تھا جگہ سے تھی جوں میخ استوار

اس مضحکہ کو دیکھ ہوئے جمع خاص و عام
اکثر مدبران میں سے کہتے تھے یوں پکار

چاہیے اسے لگاؤ کہ تا ہووے یہ رواں
یا بادبان باندھ پونکے دو اختیار

کہتا تھا کوئی ہے بر کو ہی نہیں یہ چپ
کہتا تھا کوئی ہیگا ولایت کا یہ حمار

پوچھے تھا کوئی تجھ سے ہوا تجھ سے کیا گناہ
کوتوال نے گدھے پہ کیا کیوں تجھے سوار

کہنے لگا یہ آکے اُس اجماع میں ایک شخص
گھوڑا نہ یہ گدھا نہ یہ راکب گناہ گار

بھولوں ہوں میں تو یہ کہ سپاہی کی بھیس میں
ڈاین چلے ہے سیر کو ہو چرخ پر سوار

اس مخمصے میں تھا ہی کہ ناگاہ ایک اور
فتنے کو آسماں نے کیا مجھ سے وہاں دوچار

دھوبی کمار کی گدھی اُس دن ہوئی تھی گم
اس باجری کو سن کیا دونوں نے وہاں گذار

ہر اک نے اُس کو اپنی گدھی کا خیال کر
پکڑے تھا دھوبی کان تو کھینچے تھا دُم کمار

دریائے کشمکش ہوا اُس آن موج زن
تھا عنقریب ڈوبے خفت سے یک کنار

بدلشی اُس کی دیکھ کے کر خرس کا خیال
لڑکے بھی وہاں تھے جمع تماشے کو بیشمار

کہتا تھا کوئی مجھ سے کہ تو مجھ کو بھی چڑھا
دوں گا ٹکا میں تجھ کو بھی نوچندہ اتوار

رکھتا کوئی تھا لاکے سپاری کو مُنہ کی بیچ
لیتا تھا کوئی دوڑ کے موتن مستی اُتار

کتے بھی بھونکتے تھے کھڑے اُس کے گرد و پیش
سانڈھ اُس سمند خرس نما کے ہو چشم چار

جھگڑوں میں دھوبیوں سے کہ لڑکوں کو دوں جواب
کتوں کو ماروں یا کہ مروں اپنا پیٹ مار

پہلی ہی گولی چھوٹتے اُس گھوڑی کو لگی
ایسا لگے نہ تیر کہ ہووے نہ تن سے پار

بارے دعا مری ہوئی اُس وقت مستجاب
وہاں سے بہر نمط کیا خنگاہ تک گذار

یہ کہ کے حق ستی میں ہوا مستعد بہ جنگ
اتنے میں مرہٹہ نی ہوا مجھ سے بھی دوچار

گھوڑا تھا بسکہ لاغر و پست و ضعیف و خشک
کرتا تھا یوں خفیف مجھے وقت کارزار

جاتا تھا جب ڈپٹ کے میں اُس کو حریف پر
دوڑوں تھا اپنے پاؤں سے جوں طفل تے سوار

جب میں نے دیکھا جنگ کی یہاں تو بندھی ہے شگل
لے جوتیوں کو ہاتھ میں گھوڑا بغل میں مار

✤

مقدور نہیں اُس کی تجلی کے بیاں کا
جوں شمع سراپا ہو اگر صرف زباں کا

پردے کو تعین کے دردل سے اُٹھا دے
کھلتا ہے ابھی پل میں طلسمات جہاں کا

ٹک دیکھ صنم خانۂ عشق آن کے اے شیخ
جوں شمع حرم رنگ جھمکتا ہے بتاں کا

اس گلشن ہستی کی عجب دید ہے لیکن		جب آنکھ کھلی گل کی تو موسم ہے خزاں کا
سودا جو کبھو گوش سے ہمت کے سنے تو		مضمون یہی ہے جرسِ دل کی فغاں کا
جگہ تھی دل کو ترے دل میں اک زمانہ تھا	ولہ	مرے بھی شیشہ کو اس سنگ میں ٹھکانا تھا
جی مرا مجھ سے یہ کہتا ہے کہ نکل جاؤں گا	ولہ	ہاتھ سے دل کے تری اب میں نکل جاؤں گا
لطف اے اشک کہ جوں شمع گلا جاتا ہوں		رحم اے آہ شرر بار کہ جل جاؤں گا
چھیڑ مت باد بہاری کہ میں جوں نکہت گل		پھاڑ کر کپڑے ابھی گھر سے نکل جاؤں گا

۲۔ سوز

سوز تخلص، سید میر نام، ساکن قراول پورہ شاہ جہان آباد۔ سید عالی نسب، اور فن سخنوری میں اُستاد، طرز ادا بندی کے بادشاہ، اور صورتِ مضمون درد و آہ تھے۔ کلام ان کا سر سے پاؤں تک سوز و ساز ہے، اور پاؤں سے سر تک ناز و نیاز۔ شعر کے پڑھنے میں صاحب طرز خاص تھے، اور آئین محبت میں پایۂ مؤدت و اخلاص۔ علم تیر اندازی اور کماں داری میں بہ شدت دل آشنا رکھتے تھے، اور حسنِ شفیعہ نویسی میں نہایت دست رسا۔ ابتدائے جوانی میں انہوں نے ساتھ کام دل کے ایام زندگانی کو صرفِ نشہ بے خمار کیا، اور سنہ اٹھارھویں میں جلوس شاہ عالم بادشاہ غازی کے وارستہ مزاجی کی تکلیف سے لباسِ فقر اختیار کیا۔ لکھنؤ میں تشریف رکھتے تھے، اور اوقات ساتھ توکل و قناعت کے بسر کرتے تھے +

سنہ ۱۲۱۲ بارہ سو بارہ ہجری میں مرشد آباد تک تشریف لائے، لیکن اطوار سکونت کے وہاں کچھ نظر نہ آئے۔ اُسی سال پھر لکھنؤ تشریف لے گئے، اور اس دارِ فنا سے راہی ملک بقا کے ہوئے +

علی ابراہیم خاں مرحوم نے گلزار ابراہیم میں لکھا ہے کہ "جس سال یہ تذکرہ میں لکھتا ہوں، تو میر مذکور نے کچھ اشعار اپنے مع چند فقرۂ نثر لکھ کر مجھے بھیجے تاکہ داخل تذکرہ کروں"۔ چنانچہ ایک

آدہ فقرہ میر مذکور کی نثر کا بھی خانِ مذکور نے تذکرے میں لکھا ہے۔ ترجمہ اُس کا زبانِ ریختہ میں راقم حقیر نے اس طرح کیا ہے" کہ جو شے حق سبحانہ تعالیٰ نے خلق کیا ہے، بلکہ جتنے خار و خس ہیں، کتنے ہی کام آتے ہیں، اور بندگانِ خدا اُن سے فائدہ اُٹھاتے ہیں۔ مگر یہ سوز وہ شخص ہے کہ کسی کو اس سے حلاوت حاصل نہیں ہوتی ہے، سواء سکوت اور کراہیت کے۔ سبحان اللہ! یہ بھی قدرتِ الٰہی کا اظہارِ کمال ہے، کہ ایسی شے خلق کی جاوے۔ جس سے کوئی فائدہ نہ اُٹھاوے پس اگر کوئی منکر سوال کرے کہ ناکارہ محض تو نہیں ہے؟ خیر تو اس لائق ہے کہ نام اُس کا قابل جلانے کے ہے"۔ غرض میر مذکور صاحب دیوان ہیں۔ اشعار منتخب ان کے لکھے جاتے یہاں ہیں ✦

اہلِ ایماں سوز کو کہتے ہیں کافر ہو گیا — وہ — آہ یارب! راز دل ان پر بھی ظاہر ہو گیا
درد سے محروم ہوں درماں سے مجھ کو کام کیا — یارِ خاطر تھا سو میرا یار شاطر ہو گیا
میں نے جانا تھا صحیفہ عشق کا ہی تیرے نام — واہ یہ دیوان بھی نقلِ دفاتر ہو گیا
کیا مسیحائی ہے تیرے لعل لب میں اے صنم — بات کے کہتے ہی دیکھو سوز شاعر ہو گیا
دیکھ دل کو چھیڑ مت ظالم کہیں دُکھ جائیگا — وہ — ہاں بغیر از قطرۂ خوں اور تو کیا پائے گا
قتل کی نیت تو کر آیا ہے تو کیا دیر ہے — پر مجھے تو مار کر ظالم بہت پچھتائے گا
پھر بھی کہتا ہوں تجھے "آسوز کو یوں مت ستا" — مت ستا ظالم! کہیں تو بھی ستایا جائیگا
مُندی گر چشم ظاہر دیدۂ بیدار ہو پیدا — وہ — در و دیوار سے شکلِ جمالِ یار ہو پیدا
تڑپتی کیوں ہے اے بلبل کمال اتنا تو پیدا کر — کہ تیرا اشک جس جا گر پڑے گلزار ہو پیدا
یہاں تک کفر پورا چاہئے گر خاک گلشن ہو — بجائے ہر رگِ گل رشتۂ زنار ہو پیدا
قتیلِ خنجرِ مژگاں ہوں، کیا یہ بھی تعجب ہے — کہ میری خاک سے سبزے کی جا گہ خار ہو پیدا
مسیحائی ہے تیری تیغ میں کیا سوز کو ڈر ہے — جو لاکھوں بار ہووے قتل لاکھوں بار ہو پیدا

جی تاک میں آیا بُتِ گلفام نہ آیا — وہ — جینا تو الٰہی مرے کچھ کام نہ آیا
دنیا میں یہی دوستی ہوتی ہے مری جاں — جبتک نہ لیا دل تجھے آرام نہ آیا

عالم کی تمنا میں تری جاں لب آیا — رحمت سے خدا کی تو لب بام نہ آیا
قاصد سے تو پوچھا تھا کہ قاصد ہے تو کس کا — دہشت سے اُسے یاد مرا نام نہ آیا
تھا نزع کی حالت میں یہی سوز کہ لب پر — جی ناک میں آیا، بُتِ گل فام نہ آیا
کھڑے رہنے والو مگر سوز ہے یہ — ولہ — بھلا اس کے دل کا تو ارمان نکلا
مرا کشتہ ایسا تو ہے جس کی خاطر — یہ خورشید پھاڑے گریبان نکلا

قتل سے یہ بے گنہ رضی ہے اپنے اس لئے — ولہ — ہاتھ میں اک روز تو دامان قاتل ہوے گا
ابر کے قطرہ سے ہو جاتے ہیں موتی ناصحا — کیا ہمیں رونے سے اپنے کچھ نہ حاصل ہوے گا
درگذر اس خوں سے آخر پھر تجھے آویگا رحم — سوز کا دل جس گھڑی خنجر سے بسمل ہوے گا
کعبہ ہی کا اب قصد یہ گمراہ کرے گا — ولہ — جو تم سے بتاں ہو گا سو اللہ کرے گا
زلفوں سے بڑا طول میں اب عشق کا جھگڑا — خط آن کے یہ مجملہ کوتاہ کرے گا

اپنے رونے سے گر اثر ہوتا — ولہ — قطرۂ اشک بھی گہر ہوتا
جن کے نامے پہنچتے ہیں تجھ تک — کاش میں اُن کا نامہ بر ہوتا
پھر نہ کرتا ستم کسی پہ اگر — حال میرے سے باخبر ہوتا
خونِ عشاق کرتے کیوں ناحق — گر بتوں کو خدا کا ڈر ہوتا
سوز کو شوق کعبہ جانیکا — ہے بہت پر زیادہ تر ہوتا

اگر میں جانتا ہے عشق میں دھڑکا جدائی کا — ولہ — تو محشر تک نہ لیتا نام ہرگز آشنائی کا
نہ پہنچے آہ و نالہ گوش تک اُس کے کبھو اپنا — بیاں ہم کیا کریں طالع کی اپنے نارسائی کا
خدایا کس کے ہم بندے کہاویں سخت مشکل ہے — رکھے ہے ہر صنم اس دہر میں دعویٰ خدائی کا
خدا کی بندگی کا سوز ہے دعویٰ تو خلقت کو — ولے دیکھا جسے بندہ ہے اپنی خودنمائی کا

قاضی ہزار طرح کے قصوں میں آسکا — ولہ — لیکن نہ حسن و عشق کا جھگڑا چکا سکا
قاصد ہو طفل اشک گئے بارہا و لے — دل کی خبر کوئی نہ تری کو سے لاسکا

کیا فائدہ ہی رونے سے اے چشمِ زار بس
کب اشک دل کی آگ لگی کو بجھا سکا

رستم نے گو پہاڑ اُٹھایا تو کیا ہوا
اُس کو سرائیے جو ترا ناز اُٹھا سکا

اے سوز عزم کوچۂ قاتل نہ کر عبث
تو ایک بھی بتا دے کہ واں جا کے آسکا

خطرہ نہیں ہی مجھ کو اے عشق اپنے جی کا
ولہ
تو نے خطاب بخشا جب سے بہادری کا

ہر صبح مُنہ چڑھے ہی اُس تند خو کے اُٹھ کر
کیا آہنی کلیجہ دیکھو ہے آرسی کا

کہتا نہ تھا میں اے دل اس کام سے تو باز آ
دیکھا مزا نہ تو نے نادان عاشقی کا

عارض کو تیرے پہنچے کب اُس کی ڈھٹائی ہٹ
پیارے ہزار ہو تو ہے گل کا رنگ پھیکا

رستم تو آج تو ہے میدان کے سخن کا
اے سوز کس کو دعویٰ ہی تجھ سے ہمسری کا

تجھ پہ قربان مری جان دل و دیں میرا
ولہ
ایک باری تو سُن افسانۂ رنگیں میرا

بوئے گل شاخ ہوا میں سے بھی لیتا ہی پہن
کس قدر شوخ ہے اللہ یہ گلچیں میرا

زلفوں کا اگر مجھ کو سروکار نہ ہوتا
ولہ
یہاں تک تو پریشان یہ دلِ زار نہ ہوتا

خوگر جو مداوے سے طبیب اپنے کو پایا
تو زیست سے مایوس یہ بیمار نہ ہوتا

گر آنکھ اٹکتی نہ کسی شوخ سے جا کر
تو دل بھی کہیں سوز گرفتار نہ ہوتا

ایک دن اک شخص نے اُس سے کہا
ولہ
تو نے تو یہ ذکر سُنا ہوئے گا

یعنی کہ عاشق ہے ترا جی سے سوز
مُتبسّم یہ کہا ہوئے گا

بلبل نے جس کا جلوہ جا کر چمن میں دیکھا
ولہ
دو آنکھ موند ہم نے وہ من ہی من میں دیکھا

خورشید آوے جیسے ابر تنک کے اندر
عاشق کو تیرے جن نے یوں پیرہن میں دیکھا

یوں دیکھنے سے میرے کیا فائدہ کسی کو
دیکھا اُنہیں نے مجھ کو جن نے سخن میں دیکھا

اس سوا کچھ نہ پایا ترے دیوانے کا
ولہ
قطرۂ خوں ہے مگر خار بیاباں میں لگا

کسی طرح ترے دل سے حجاب نکلے گا
ولہ
مرے سوال کا منہ سے جواب نکلے گا

نکلنے کا نہیں سینے سے دل جو ڈھونڈے گا
جو نکلے گا تو جلا سا کباب نکلے گا

ہے جیتے جی تو مجھے کوئے یار میں رونا — رہے گا مر کے بعد از مزار میں رونا
جو چھپ کے رات کو شبنم چمن میں روئے تو کیا — مجھے تو ایک سے لے تا ہزار میں رونا
نہ غم خزاں کا مجھے نے بہار کی شادی — خزاں میں خاک ہے سر پر بہار میں رونا
تو روز وصل تو اے سوز اپنے آنسو پونچھ — ابھی بہت ہے تجھے ہجر یار میں رونا

بتوں کے عشق سے واللہ کچھ حاصل نہیں ہوتا — اُنہوں سے بات کرنے کو بھی اب تو دل نہیں ہوتا

جس نے آدم کے تئیں دم بخشا — اُس نے مجھ کو دلِ پر غم بخشا
ساغر عیش دیا اوروں کو — سوز کو دیدۂ پُر نم بخشا
جس نے ہر درد کو درماں بخشا — مجھ سے کافر کو بھی ایماں بخشا
بے نیازی تو میاں کی دیکھو — گل کو بھی چاک گریباں بخشا
چشم معشوق کو دی عیاری — سوز کو دیدۂ گریاں بخشا

غم تو کہتا ہے کہ میں تجھ کو ستا جاؤں گا — پر مری جان ترے غم کو میں کھا جاؤں گا
ہم غریبوں کے گھر آنے کا کہاں تم کو دماغ — مت کرو وعدہ عبث ہم سے کہ آجاؤں گا
اس طرح جی دوں کہ تو رحم سے بولی صد حیف — رسم عشاق کشی جان اُٹھا جاؤں گا
باغباں فکر نہ کر تو مرے ویرانے کا — آشیاں آتشِ گل سے میں جلا جاؤں گا
لے چکا دل کو خط اب جان جو مانگے ہے خال — سوز کہتا ہے یہ گولی تو بچا جاؤں گا

گل ہی نہیں غلام تبسم کی آن کا — غنچہ بھی زر خرید ہے تیرے دہان کا
زاہد جو کھینچ کھینچ کے چلّے ہوا ہے خم — بہتر ہے ایسے چلّوں سے چلّہ کمان کا
سینہ میں دل کہاں ہے غم رفتگاں سے سوز — اخگر یہ رہ گیا ہے نشاں کاروان کا

جو دل کہ تھا الٰہی اُس دلربا کے گھر سا — خالی پڑا ہے اب یوں اُجڑا ہوا نگر سا
ترسا نے ترس کھایا احوال سُن کے میرا — بے ترس ڈر خدا سے اتنا نہ مجھ کو ترسا
شاید کہ اپنے گھر کی دی اُس نے خاک روبی — خورشید کی کُلہ پہ کچھ تو دھرا ہے پرسا

جاتا ہی سوز جس دن کہتا ہی ہمنشیں سے		آنے نہ دیجو اس کو لگتا ہے بد نظر سا
مروت و شرم و غفلت پنہاں ہا صرفت العمر فی ھو ولعب	ولہ	اِدھر ٹک دیکھ لیجو مڑ کے آہا فاہا ثم آہا ثم آہا
یوں دیکھ لے ہی وہ کہ ادا کو نہ ہو خبر		چھینے دل اس طرح کہ دغا کو نہ ہو خبر
عشاق تیری تیغ تلے او ستم پناہ		سر اس طرح سے دیں کہ قضا کو نہ ہو خبر
رخصت جو دی تو مجھ کو تو میں تیرے پاؤں کا		بوسہ لوں اس طرح کہ حنا کو نہ ہو خبر
ناصح تو چاک جیب کا مانع ہی اس قدر		دل چاک یوں کروں کہ قبا کو نہ ہو خبر
اب ضرر کرنے لگا دل کو بتاں کا اختلاط	ولہ	سچ تو ہے ان بے وفاؤں سے کہاں کا اختلاط
اب کوئی دم کو مچاوے گی خزاں یاں آ کر دھم		عندلیبو چھوڑ دو تم گلستاں کا اختلاط
یہ سب باتیں ہیں قاصد یار میرے گھر نہیں آتا	ولہ	نہ دیکھوں جبتلک آنکھوں سے کچھ باور نہیں آتا
پرائے دل کو لے کر اپنے تو دل کے تئیں ملنا		ارے سُن تو تجھے ہرگز خدا کا ڈر نہیں آتا
کسی کے دل میں ہوگا سوز مرجاوے تو بہتر ہے		الٰہی میں مروں کیوں کر مجھے تو مر نہیں آتا
کیا دید کروں میں اس جہاں کا	ولہ	وابستہ ہوں چشم خوں چکاں کا
ہرگز نہ ملا تری گلی سے		ممنون ہوں جسم ناتواں کا
سوز آگے ذرا سنبھل کے جانا		بیٹھا ہے لگائے گھات بانکا
جگر سے آہ دل سے نالہ سینہ سے فغاں نکلا	ولہ	سرے تن سے کیا حسرت زدوں کا کارواں نکلا
جو دل تھا میرے پہلو میں سو اوج عرش اعظم ہی		خدا کے واسطے دیکھو کہاں سے جا کہاں نکلا
الٰہی محبت کو لگ جائے لوکا	ولہ	کہ اُٹھتا ہے ہر دم جگر سے بھبوکا
فریب محبت نے مجھ کو پھنسایا		میں بھولا میں بھولا میں چوکا میں چوکا
جہاں روز پریوں کا رہتا اکھاڑا		وہاں اب پڑا ہے گا میدان ہوکا
مرا قتل کیا دل ربا نے نہ چاہا	ولہ	وہ کب چوکتا تھا خدا نے نہ چاہا

چشم غفلت کھول کر ٹک دیکھ تو ای مستِ خواب
دہر نے کن کن ملوکوں کا کیا خانہ خراب

مسندِ فرعونیت پر بیٹھتے تھے جو بہ ناز
اہلِ استحقاق کا منہ سے نہ دیتے تھے جواب

خاک میں پنہاں ہوئے ایسے کہ کچھ پیدا نہیں
کون سا ان میں ہے رستم کون سا افراسیاب

بارہ ساعت کے لئے افلاک پر ہیں جو دماغ
واہ واہ اُن کو بھی کہہ لو آفتاب اور ماہتاب

پوچھیو تو باندھ کر کس پر چلا ہے تو کمر
میں پڑا کھاتا رہوں گا تا قیامت پیچ و تاب

ان دنوں میں سوز کو دیکھا ہے یارو واہ وا
ایک دنیا دار سے مل کر بنے عالی جناب

اشک کب ہوں تیرے مستانے کی خشک
کوچے کب ہوتے ہیں میخانے کی خشک

چوری چوری مُنہ ترے شاید لگا
ہونٹ کچھ بے ڈھب ہیں پیمانے کی خشک

زلف کی پلٹوں میں کیا جا کر پھنسا
یا الٰہی ہاتھ ہوں شانے کی خشک

ٹکرائیں سنگ سے سر ہو ہمکنار ہم تم
روئیں گلے سے لگ کر اے آبشار ہم تم

میرا ہی سر و مجھ سے سرکش ہوا ہے قمری
نالے کریں نہ یک جا ہیں سوگوار ہم تم

دیکھیں تو داغ سینہ کس کے ہیں اب زیادہ
اے لالہ داغ دل کے کر لیں شمار ہم تم

تو میری دل کو دیکھ اور میں تیری دل کو دیکھوں
دل چاک چاک کر کر دیکھیں بہار ہم تم

تم تو چلے گئے پر یہ سوز ہے اکیلا
اے میرؔ درد صاحب تھے یادگار ہم تم

۳۔ سجّاد

سجّاد تخلص، میر سجاد نام، اکبر آبادی۔ وطن بزرگوں کا اِنکے آذربائیجان ہے، لیکن تربیت انہوں نے شاہ جہان آباد میں پائی ہے۔ اور شاگردوں میں شاہ نجم الدین آبرو کے کیفیت طرز ابہام شاہ صاحب مذکور سے زیادہ ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ اپنی وضع کا یہ غریب بھی اُستاد ہے میر محمد اکرم خاں داد اان کے دار الانشائے بادشاہی میں نواب یحییٰ خاں میر منشی کے ہمراہ تھے، بہت مرد سنجیدہ اور حقیقت آگاہ تھے۔ غرض میر مذکور صاحب دیوان پُر بیان ہیں۔ یہ غزلیں ان کی منتخب دیوان ہیں۔

ساقی بغیر جام کے جی کا بچاؤ نہیں
جوں فیل مست آوے ہی ابر سیہ پلا

کافر بتوں سے داد نہ چاہو کہ یہاں کوئی ولہ
مرجا ستم سے اُن کے تو کہتے ہیں حق ہوا

گر تیرے گل کے آنے نے کھوئی نہیں حواس
سجّاد کیوں پھرے ہی بجن آج فق ہوا

یعقوب کے جب عشق پڑا سر پہ ٹوٹ کر ولہ
آنکھوں نے اُس کی رو دیا آخر کو پھوٹ کر

عشق میں جائے گا بے طرح مارا
بے طرح دل ہوا ہے آوارا

خط کترواکے آج قینچی سے
ہم سے ملنے میں جائے ہی کترا

غم نہیں گر گم ہوا بالوں میں تیری جا کر دل
پیچ پر تجھ زلف کے گویا کہ اُس کو بل دیا

تجھ کو اے سجّاد غیر از خنجر بیداد کے
اور بھی کچھ ظالموں کی دوستی نے پھل دیا

بتان تو چاہتے سجّاد تجھ کو۔
کریں کیا پر خدا نے جو نچا ہا

مقبول اس جہاں کا ہرگز غنی نہ دیکھا
راجہ وہی ہی جو کوئی یہاں سے گیا ہی راجہ

اشتابی پلا لے کہ جاتا ہے ابر ولہ
جو کچھ باقی ساقی رہی ہو شراب

دور میں رخسار کے تیری کہیں انصاف نہیں ولہ
خط چُرا لے جاوے دل کو اور باندھی جاوے زلف

جس خوبرو کے دل میں نہ عاشق سے ہو نفاق ولہ
کہتے ہیں سارے اُس کے تئیں حُسن اتفاق

ایک دل رکھتا ہوں جو چاہی سو لیجا دی اُسے ولہ
خواہ زلفیں خواہ مژگاں خواہ ابرو خواہ چشم

جب ہم آغوش یار ہوتے ہیں ولہ
سب مزے درکنار ہوتے ہیں

بتوں کے تئیں کس قدر مانتا ہے ولہ
یہ کافر مرا دل خدا جانتا ہے

اے صنم زنّار پہنی تجھ وفا کے واسطے
ورنہ کوئی کافر بھی ہوتا ہی خدا کیواسطے

کوئی جا کے قاتل کو سمجھائیے گا ولہ
کہ عاشق کا جی کھو کے کیا پائیے گا

کہا دل نے بولو یہ خوبوں کے تئیں
یہ دیکھو گے اپنا کیا پائیے گا

میرے تمام حال کی تقریر ہے یہ زلف ولہ
روز سیاہ و نالۂ شبگیر ہے یہ زلف

رہو آہ دل سوز میرے سے فرق ولہ
کہ ہے خوشہ چیں اُس کے خرمن کی برق

دل کو کبھی پیار دلا کر کے اے سجن — لاگا نہیں گلے سے مرے آج لگ
لخت جگر ہمارا پاؤں کے ساتھ کھا کر — ولہ — کرتے ہو ہم سے باتیں اب تم چبا چبا کر

باب الشین

۱- شورش

شورش تخلص، میر غلام حسین نام، متوطن عظیم آباد کے مشہور میر پنہا کر کے تھے۔ بھانجے تھے ملا میر وحید کے۔ اور مشورہ سخن کا کیا تھا میر باقر حزیں تخلص سے۔ علی ابراہیم خاں مرحوم نے گلزار ابراہیم میں لکھا ہے کہ میر سے آشنا تھے، اور بیماری میں غرور کی مبتلا تھے۔ فقط اپنے خیال فاسد سے انہوں نے اپنے کلام کی قباحتوں پر التفات نہیں کیا ہے، اس سبب سے سخن ان کا ہمیشہ مورد اعتراض سخن گیروں کا رہا ہے"۔ ایک تذکرہ شعرائے ہند کا زبان ریختہ میں انہوں نے لکھا ہے، لیکن وہ بھی بسبب ان کی خود پسندی کے خالی خلل اور زلل سے نہ تھا۔ سنہ ۱۱۹۵ گیارہ سو پچانوے ہجری میں اس سرائے فنا سے جادہ نوردِ منزل بقا کے ہوئے۔ دیوان ان کا زبان ریختہ میں مترتب ہے۔ یہ ان کے کلام کا منتخب ہے۔

ہمارے پاس بھی آیا نہ آیا — بھروسہ کیا ہے جی آیا نہ آیا

کسی کو خم سے غرض ہے کسی کو جام سے کام — ولہ — قسم مغاں کی ہے ساقی کو مجھ کو نام سے کام
اٹھی یہ الفتِ گل کے سبب سے سب ایذا — وگرنہ کیا تھا ہمیں ہم صفیر و دام سے کام
ہماری صبح رخِ یار شام زلف نگار — نہ مہر و ماہ کے ہے ہم کو صبح شام سے کام
ہر ایک دم میں ہمیں وصل ہجر میں موجود — غرض نہ نام سے رکھتے ہیں نے پیام سے کام
رقیب گرچہ بہت برخلاف ہے شورش — ہوا کرے ہمیں ہے یار اپنے کام سے کام

باب الصّاد

۱- صابغ

صابغ تخلص۔ نظام الدین احمد نام۔ ساکن بلگرام۔ علی ابراہیم خاں مرحوم نے لکھا ہے کہ مجھ سے قدیم سے میرزا محمد رفیع سودا کے، اور دوستانِ صمیم سے اس خاکسار کے تھے۔ بڑے صاحب درد و تاثیر، اور طبیعت کی گدازی میں بے نظیر۔ اچھا شعر جب کسی سے سُنتے، تو گھڑیوں روتے، اور بے چین رہتے۔ عالم اخلاص اور دوستی میں زمانہ کے افتخار، استقامت طبع اور رسائی ذہن میں مستغنی روزگار رہتے تھے۔ سنہ بائیسویں تک جلوس شاہ عالم بادشاہ غازی کے ہمیشہ مرشد آباد اور کلکتے میں ایام زندگی کے بسر کرتے تھے۔ آخر سنہ[1] ہجری میں ملکِ وجود سے رخت سفر کا باندھ کے راہی کشور عدم کے ہوئے۔ فارسی دیوان مترتب ہے ان کا۔ اور ریختہ کا شوق کمتر تھا۔ یہ اشعار اس نکو کردار کے ہیں ؎

سجن کی اُس محبت پر دیا تھا جان و دل صابغ		نہ تھا معلوم ہو جاوے گا وہ نامہرباں اپنا
جلے بھُنے ترے جس وقت آہ کرتے ہیں	ولہ	تو دود دل سے جہاں کو سیاہ کرتے ہیں
قسم ہے تیری ہی، کہلانے میں یار تیرنگاہ		جگر تلک نہیں دل کے تباہ کرتے ہیں
وہی ہوئے ہیں تب و تاب جاں ستی آگاہ		جو کوئی دل سے گذر گاہ گاہ کرتے ہیں
خدا بچاوے غم و درد بحر عشق میں آہ		ڈبا کے زورقِ دل کو تباہ کرتے ہیں
نہ کوہ کن سے ہوئی بے ستوں میں صابغ راہ		بڑے دو مرد ہیں جو دل میں راہ کرتے ہیں
ہوا ہے شوق مو مہن کو دھڑی ہونٹوں جمانے کا	ولہ	نہ جانوں کیا سبب یاقوت کے نیلم بنانے کا

[1] قلمی نسخہ میں سن وفات نہیں لکھا

یہ بلبل شاخ گل پر بیٹھ کر کیا شور کرتی ہے	صبا کا آج وعدہ ہے مگر کلیاں کھلانے کا

باب الضاد

۱- ضیا

ضیا تخلص، میر ضیاء الدین نام، متوطن شاہجہان آباد کے، میرزا محمد رفیع سودا کے ہم عصر تھے نظم ریختہ میں مالک تھے طبع بلند کے، اور صاحب ذہن اجمند کے۔ دلی سے جب کہ لکھنؤ میں آئے، تو طور رسکونت کا وہیں ٹھہرائے۔ ایک مدت اوقات اُسی شہر میں بسر کی، اور داد شعر و شاعری کی دی اکثر سخنوروں کو اس دیار کے نسبت شاگردی کی اُس شاعر شیریں کام کے ساتھ ہے، اقسام نظم میں ان سے بیشتر ہوئی فکر غزلیات ہے۔ قصیدے سے تو ان کو کچھ انکار سا رہا ہے، اور مثنوی کا خیال بھی کم ترکیا ہے۔ آخر عمر بلدۂ عظیم آباد میں استقامت اختیار کی تھی اور طبیعت اکثر ساتھ عزلت و گوشہ نشینی کے بار کی تھی۔ آشنا پرست اور دردمند رنج و راحت میں ہمیشہ خورسند تھے۔ از بسکہ مدار دنیائے فانی کا فنا پر ہے راہ گذار جادۂ بقا کے ہوئے۔ مالک دیوان رنگین و متین کے ہیں۔ یہ شعر اس شاعر ذکی و ذہین کے ہیں ✦

باؤ بھی کھائی نہ تھی دل نے کہ مرجھانے لگا		آہ یہ غنچہ تو کچھ کھلتے ہی کملانے لگا
کل کی رسوائی تجھے کیا بس نہ تھی اے ننگ خلق		اُس کے کوچے میں ضیا پھر آج تو جانے لگا
پلا دے آب خنجر ہم کو ظالم تشنہ جاتے ہیں	ولہ	جو کوئی مرتا ہے اُس کے حلق میں پانی چواتے ہیں
ہے ماتم کس دوانے کا الٰہی آج صحرا میں		کہ سلیں روتی پھرتی ہیں بگولے خاک اُڑاتے ہیں
ضیا رکھ ہاتھ سینے پر خبر دل کی بھی لے ظالم		کہ آج آنسو تری آنکھوں سے کچھ لوہو سے آتے ہیں
گریباں خاک اُڑاتا جوں ابر و جوں بگولا	ولہ	صحرا میں تو نے مجنوں وحشی ضیا کو دیکھا
اے آفتاب کل نہ کہیں دل تھلک پڑے		یہ جام بھر رہا ہے مبادا چھلک پڑے

تیرے ضیا کا حال میں پوچھا تھا شمع سے	اک آہ اُس نے کھینچی اور آنسو ڈھلک پڑے

باب العین

۱۔ غزلت

غزلت تخلص، سید عبدالولی نام۔ خلف شاہ سعید اللہ سورتی کے۔ وہ شاہ سعید اللہ کہ سرور فضلان اور سرحلقہ صاحبدلان تھے۔ اور بادشاہ عالمگیر کے تئیں اس مرجع خلائق سے اعتقاد صادق تھا۔ اصل وطن شاہ صاحب مذکور کا کوئی قصبہ ہے قصبات لکھنؤ سے، لیکن ازبسکہ استقامت سورت میں اختیار کی تھی سورتی مشہور ہوئے۔ غرض جب غزلت مذکور اپنے والد کی وفات کے بعد دلی میں گئے، تو شاہ جہان آباد کے سخنوروں کی ہم صحبتی سے فکر میں ریختہ کے پڑے۔ تلاش پر نظم کی دل دیا، اور حوصلہ شعر و شاعری کا حاصل کیا۔ علی ابراہیم خاں مرحوم نے لکھا ہے کہ "باوصف تمکنت و فضیلت کے اوضاع و اطوار اس عزیز کے خالی سبکی اور بے مغزی سے نہ تھے۔ نواب علی وردی خاں مہابت جنگ مغفور کے عہد دولت میں وارد مرشد آباد کے ہوئے، اور مورد عنایت و امداد کے ہوئے۔ حرکات ان سے خلاف ان کے منصب کے عمل میں آتے تھے اور آنکھوں میں ارباب تمیز کی کیفیت کو اعتبار کی گھٹاتے تھے۔ نواب مرقوم الصدر کی وفات کے بعد سرزمین دکن نور جمال سے اپنے منور کی، اور بقایائے عمر اسی مملکت میں بسر کی"۔ دیوان ان کا مدت سے پاچکا انتظام ہے، یہ ان کا منتخب کلام ہے۔

فقیروں سے نہ ہو نیرنگ لالن فضل ہولی میں		ترا جامہ گلابی ہے تو میرا خرقہ بھگواں ہے
بہار آئی چمن میں غل ہے بلبل کی صفیروں کا	ولہ	جدا ہے ہر گلی میں شور زنجیر اسیروں کا
عبث توڑا مرا دل ناز سکھلانے کے کام آتا		یہ آئینہ تھا، اُس خودبیں کے اترانے کی کام آتا
جلایا صحفِ دل تو نے کیوں برقِ تغافل سے		جو سچ بولوں تجھے جھوٹی قسم کھانے کے کام آتا

بتوں کا جور دیوانہ دوا کرنا نہیں گا — ولہ — کہ پتھروں کو وہ صندل دروسر کا جانتا ہیں گا
بگولا بن کے راہ دشتوں میں کوہ کن اب لگ — نسیم گلگلوں کی مانی ہاتھ مل مل چھانتا ہیں گا
سیہ روزی میں میری قدر کو احباب کیا جانیں — اندھیری رات ہیں کس کو کوئی پہچانتا ہیں گا
مجھے چاہے کہ پتھر مارے جب وشام سکیں گا — غلیل ابرو کے غزلت کس مزہ سے تانتا ہیں گا
ہوا ہے داغ اُس کا مغز نازک آتش گل سے — ولہ — چمن زادوں میں اک مزا منش لالہ ہوا پیدا

جدھر نکلے وہ ہولی بازبا نکا — ولہ — گلابی ہے غبار راہ وہاں کا
نخل اُمید بیوفایوں سے — ولہ — دل سلامت رہے تو پھل پانا
اول ہمیں عشق اپنے سے بیہوش کیا — ولہ — یاد اپنی دی پھر ہم کو فراموش کیا
ہم نے بھی جرس وار اے یار سفری — دل کو نالاں لبوں کو خاموش کیا

ہماری گرد سے دامن جھٹک گیا دلدار — ولہ — کلال سا پڑا جلتا ہے اب تلک یہ غبار
یاروں کی خاطروں کی کیا دل مرا خبر لے — ہیں پر غبار سب دل کیا خاک جا خبر لے
جوں شب کہ صبح ہو جائے تب آفتاب آوے — ہم جل کے ہو گئے راکھ جب لگ وہ آ خبر لے
ہم ہیں مفلس یار کی قیمت گراں کیا کیجئے — ہم زمین اور اُس کا رتبہ آسماں کیا کیجئے
بچا دل زلف کے عقرب سے تو کیا — ولہ — کہ چوٹی ناگنی پیچھے پڑی ہے
تری زلف کی شب کا بیدار میں ہوں — ولہ — تجھ آنکھوں کے ساغر کا میخوار میں ہوں
کدھر بہتا پھرتا ہے اے گریۂ غم — کہ آنکھوں سے تیرا خریدار میں ہوں
پیر ہو یا شیخ ہو ہے دیکھو طفلاں کا مرید — ولہ — مردہ بولا ہے کفن پھاڑ قیامت آئی
دل میں رندوں کے بھپولا ہوا عمامۂ شیخ — ولہ — یارب اس بزم سے یہ زہر کا ٹکڑا جاوے
کھلا کے دل جسے پالا سو ہے مرا والی — ولہ — جناب پاک جنوں مدظلہ العالی
شانہ اُس زلف میں پھرتے یہ سخن کہتا تھا — ولہ — بات کہتے ہی شب وصل چلی جاتی ہے
شکستہ گر ہوا دل اب نظر نہ کر مجھ پر — یہ ٹوٹے آئینے میں منھ تری بلا دیکھے

۲۔ عشق

عشق تخلص، شاہ رکن الدین نام۔ شاہ گھسیٹا کر کے مشہور تھے۔ شاہ جہاں آبادی۔ نواسے شاہ فرہاد کے عمدہ مشایخوں میں سے ولی کے۔ جہاں بیان ہوتی۔ شاہ فرہاد کی حالت سکر و مستی ہے، تو کہتے ہیں کہ اس عالم میں تعظیم بادشاہ کی نہیں کی ہے۔ غرض عشق مذکور ایام شباب میں شاہ جہان آباد سے مرشد آباد میں آئے، اور خواجہ محمدی خاں مرحوم کے ساتھ لباس دنیا داری میں ایک مدت ایام حیات بعزت تمام بسر لائے۔ اگرچہ نہ کچھ خدمت نہ کام رکھتے تھے، لیکن آنکھوں میں امرایاں مرشد آباد کے نہایت احترام رکھتے تھے۔ بعد ایک عرصہ کے اپنے بزرگوں کے طور پر مزاج فقر و درویشی کی طرف آیا، اور تکیہ فضل ایزدی پر کر کے طور استقامت کا عظیم آباد میں ٹھہرایا۔ پھر تو نہایت زور و شور کے ساتھ مشیخت پناہی کی، اور معتقدوں کے ہجوم سے عالم درویشی میں شاہی کی۔ طالبان راہ عشق کو ہدایت مطلب سے خالی نہیں چھوڑا۔ بقول علی ابراہیم خاں مرحوم سنہ ۱۱۹۵ گیارہ سو پچانوے ہجری تک داد حال و قال کی دی۔ آخر بلدہ عظیم آباد میں مرشد حقیقی قضا کے ارشاد دعوت پر لبیک اجابت بآواز بلند کہی۔ دیوان اس مشیخت دستگاہ کا زبان ریختہ میں مترتب ہے، یہ اس کا منتخب ہے۔

کہنے کو ادھر اُدھر گئے ہم تا جاں نہ ہوئی عدول حکمی		تھے تیری طرف جدھر گئے ہم تو نے کہا مر، تو مر گئے ہم
بات کہنے کی نہیں طاقت شکایت کیا کروں	ولہ	عشق رخصت دے تو شور حشر اب برپا کروں
نے درد دل ہے باقی نے آہ و نے فغاں ہے	ولہ	اے سوز عشق سچ کہ تو ان دنوں کہاں ہے
دیکھے بن اُس کے یک دم چین یہ رہتا نہیں	ولہ	اس دل کافر کے ہاتھوں سخت گھبرائے ہیں ہم
جوں آفتاب تاباں گو نام کو یہاں ہوں	ولہ	یہ پرتو ہے تیرا مک دیکھ میں کہاں ہوں
گو نام اور نشاں ہے ظاہر میں میرا یارو		جو دیکھو فی الحقیقت ہوں ہم یا گماں ہوں
باتیں نہ سُن تو میری جل جائے گا دیوانے		میں برق آسماں ہوں یا عشق کی زباں ہوں

عرش تا فرش سیر کر دیکھا — ولہ — تو ہی آیا نظر جدھر دیکھا
چشم تحقیق سے جہاں ڈھونڈا — کافر ہوں تجھ سوا اگر دیکھا
تیرے نام پر تڑپتا ہوں — اس طرح کا کہیں جگر دیکھا
آبلہ آبلہ ہوئے سب عضو — نخل الفت میں یہ ثمر دیکھا
سحر میں سامری کے کیا قدرت — تیری نظروں میں جو اثر دیکھا
اپنے ہم چشم سے لگا کہنے — نالہ و آہ گھر بہ گھر دیکھا
تک اک انصاف سے اگر دیکھو — عشق سا کوئی چشم تر دیکھا
دیدۂ دل جو کر کے وا دیکھا — ولہ — حرم و دیر میں خدا دیکھا
ہنس کے کہنے لگا ملامت کر — عشق میں تو نے کیا مزا دیکھا
اس کی لذت کو دل سمجھتا ہے — اس کو میں کیا کہوں کہ کیا دیکھا
وحشت تجھ کو قسم ہے مجنوں کی — عشق سا کوئی برہنہ پا دیکھا
از عدم تا وجود آ دیکھا — ولہ — جان دیکھا سو بے وفا دیکھا
اپنی آنکھوں سے دیکھ اے خوش چشم — مجھ سے کیا پوچھتا ہے کیا دیکھا
تجھ سے کوئی آشنا نہ ہو یا ہو — پر تجھے سب سے آشنا دیکھا
اس کے دامن تلک نہ پہنچے ہم — خاک میں آپ کو ملا دیکھا
ظالم اپنی جفا میں کہہ تو کبھو — لب مرا شکوہ میں بہا دیکھا
کبھو غم سے جدا نہ دیکھا میں — عشق کو جا کے بارہا دیکھا

میں کافر ہوں اگر منظور ہوے لطف مرہم کا — ولہ — کہ یہ داغ جگر ہے یادگار اس یار ہمدم کا
ترا یہ وعدۂ فردا تو دل کو روز فردا ہے — کہاں فرصت ہے اے ناداں بھروسا ہی کہاں دم کا
رلانے میں مرے کچھ تجھ کو ہیگا فائدہ کہ تو — مگر اتنا کہ گھر اپنا ڈبویا اور مردم کا
کفایت ہے بروز حشر مجھ کو شفقت حیدر — کہ جس کے نام سے زہرا ہوا پانی جہنم کا

چاکِ دل تا بہ گریباں نہ ہوا تھا سو ہوا	ولہ	لختِ دل زینت داماں نہ ہوا تھا سو ہوا
بے وفائی تری دل دیکھ کے اے وعدہ خلاف		عشق بازی میں پشیماں نہ ہوا تھا سو ہوا

۳۔ عیش

عیش تخلص، میرزا عسکری نام، بیٹے مرزا علی لفتی کے۔ وہ مرزا علی لفتی جن کو نواب حسین قلی خاں کی طرف سے امینی جہانگیر کی ایک مدت رہی، اور زندگی اُنہوں نے اس خدمت میں نہایت تشخیص وحکومت کے ساتھ بسر کی ہے۔ غرض میرزا عسکری مذکور جوان مودب و باشعور اور تہذیب اخلاق سے معمور ہیں۔ علی ابراہیم خاں مرحوم نے لکھا ہے کہ "میرے آشنا ہیں، بہت ہی باشرم و باحیا ہیں۔ وطن تو ان کا شاہ جہان آباد ہے، لیکن ایک مدّت سے مرشد آباد میں آکر رہے تھے، اور بعضے خدمتوں کے ساتھ سرکار میں ناظم بنگالہ کے اوقات بسر کرتے تھے۔ دیوان ان کا مورد اشتہار ہے، یہ اُن کا خلاصۂ افکار ہے +

وہ اگر آوے سرِ بام کہیں		میں بھی کرلوں اُسے سلام کہیں
کیا ہے یہ قطرہ قطرہ، دے ساقی		ایک باری تو بھر کے جام کہیں
اس شبِ وصل کی سحر اے چرخ		لیجو مت مجھ سے انتقام کہیں
یہ غزل عیش ہے تصدق سوز		مجھ سے ہوتی تھی انصرام کہیں

بابُ الفاء

۱۔ فقیر

فقیر تخلص، میر شمس الدین نام، متوطن شاہ جہان آباد کے۔ اُستادوں میں سے شعرائے ہندوستان کے تھے۔ اہل ہند میں مجال کسی کی نہ ہوئی کہ سخن گستری میں مقام پر فیضی کے، اور خوش بیانی میں جگہ پر ان کے تکیہ کرسکے۔ دارالخلافہ شاہ جہان آباد میں ہر روز زندگانی کا انہوں نے

نہایت غربت اور استغنا کے ساتھ بسر کیا ہے، اور اس عرصہ میں دکن کا بھی سفر کیا ہے۔ چنانچہ بیشتر دکن بطور سیاحت کے دیکھے، اور اکثر مقاموں میں سیر کی وضع پر پھرے۔ اقسام نظم میں کوئی قسم نہیں رہی کہ ان کے خامۂ سحر آفرین نے اُس میں جادو کاری نہیں کی، اور انواع شعر میں کوئی نوع نہیں چھوٹی کہ ان کے کلک گوہر سلک سے اُس میں دُر و باری نہیں ہوئی۔ اکثر علوم میں کتابیں انکی تصانیف سے ہیں۔ خصوصاً عروض و قوافی میں کیا خوب رسالے تالیف کئے ہیں۔ سنہ ۱۱۱۷ گیارہ سو سترہ ہجری میں واسطے حج و زیارت کے تشریف لے گئے، اور بعد حصول سعادتِ زیارت کے جب کہ پھرے تو کشتیِ حیات اُس آشنائے بحر معنی کے گرداب ممات میں تباہی ہو کر ڈوبی یعنی اس ناخدائے جہاز سخندانی کے جہاز کو باد مخالف نے صدمۂ طوفان دیا، اور دریائے سقط میں غریق بحر رحمت کیا۔ اگرچہ کہنا ریختہ کا اُس اہل کمال کا دوں مرتبہ کمال تھا، لیکن اکثر واسطے تفنن طبیعت کے اس کا بھی اشتغال تھا۔ یہ گوہر آبدار اس بحر سخن سنجی کے آویزۂ گوش روزگار ہیں

دردمندوں سے نہ پوچھو کہ کدھر بیٹھ گئے	تیری مجلس میں فضیحت ہے جدھر بیٹھ گئے
ہے غرض دید سے یاں کام تکلف سے نہیں	خواہ اودھر بیٹھ گئے خواہ اُدھر بیٹھ گئے
دیکھا ہو دے گا مرے اشک کا طوفاں تم نے	لاکھ دیوار گرے سیکڑوں گھر بیٹھ گئے
کس نظر نازنے اُس باز کو بخشی پرواز	سیکڑوں مرغ ہوا پھاندھ[1] کے پر بیٹھ گئے
کم ہے آواز ترے کوچہ کے باشندوں کی	نالہ کرتے سے گلے اُن کے مگر بیٹھ گئے
مفت اُٹھنے کے نہیں یار کے کوچہ سے فقیر	جب کہ بستر کو جا کھول کمر بیٹھ گئے
آہ تو نے تو کئی بار ہلایا ہے فلک	زیادہ گستاخ نہ ہو عرش کو پہنچے گی دھمک
کل ہی کی شب کا ہے مذکور کہ جبریل آئے	خوب معلوم نہیں آپ تھا یا اور ملک

[1] آج کل باندھ بولتے ہیں۔

۲۔ فغاں

فغاں تخلص، اشرف علی خاں نام تھا۔ شاہ جہان آبادی۔ خلف میرزا علی خاں نکتہ کے۔ آٹھ پہر ان کو خوش طبعی اور خوش اختلاطی سے کام تھا۔ کوکے تھے احمد شاہ بادشاہ کے، اور مربی گری سے ظرافت کی ندیم تھے جہاں پناہ کے۔ چنانچہ ظریف الملک کوکے خاں بہادر حضور سے بادشاہ کے خطاب پایا تھا۔ اور مرتبہ کو شوخی کے ساتھ لطیفہ سنجی کے بہت دور پہنچایا تھا۔ دلی سے مرشد آباد میں اپنے چچا کے پاس، کہ محمد ایرج خاں کر کے مشہور تھے، وارد ہوئے۔ لیکن نہ رہے۔ اور تھوڑے ہی دنوں میں پھر شاہ جہان آباد چلے گئے۔ بعد کئی برس کے عظیم آباد میں آئے، اور طور بود و باش کے وہاں ٹھیرائے رفاقت میں مہاراجہ شتاب رائے کے چند مدت اوقات کاٹے، اور لطیفہ گوئی اور بذلہ سنجی ہی میں دن رات کاٹے۔ اتفاق اصلاح سخن ان کو شیخ علی قلی ندیم تخلص سے ہوا ہے۔ نظم ریختہ میں طبیعت ان کی رسا ہے۔ سنہ ۱۱۸۶ گیارہ سو چھیاسی ہجری میں اس حباب کو دریائے فنا کے نزاکھٹا سمجھ کر آشنا بحر بے کنار بقا کے ہوئے۔ بلدۂ عظیم آباد اس شیریں کلام کا مدفن ہے، اور تلخی روز حشر تک اب وہیں مسکن ہے۔ زبان ریختہ میں صاحب دیوان ہیں، غزلیں منتخب ان کے دیوان کی لکھی گئی یہاں ہیں +

شکوہ کرے ہے تو جو مرے اشک سرخ کا — تیری کب آستیں مری لہو سے بھر گئی

ہستی کے خواب نظر آتے جو عدم میں — ولہ — ہرگز کوئی اس خواب سے بیدار نہ ہوتا

اے شیخ اگر کفر سے اسلام جدا ہے — پس چاہیے تسبیح میں زنار نہ ہوتا

مجھے تو تعزیہ دار اپنا کر گئے اپنے — ولہ — کہ جو شفیق تھے وہ دوست مر گئے اپنے

عبث تو تڑپے ہی کنج قفس میں مرغ چمن — اسی تڑپ میں تو یہ بال و پر گئے اپنے

مرا مقام ہے اس سرزمیں پہ عاریتاً — اُدھر کو جانا ہے آخر جدھر گئے اپنے

کسے تو ڈھونڈھتا پھرتا ہے اے فغاں تنہا — کہ اس کے مسافر تو گھر گئے اپنے

شب فراق نہ تنہا مجھے رُلاتی ہے — ولہ — یہ صبح وصل بھی آنسو سے منہ دُھلاتی ہے

اگر میری زباں پر بار دیگر انتظار آوے	ولہ	ابھی رونے پہ ظالم دل مرا بے اختیار آوے
دل زلف میں اُلجھا مجھے آرام یہی ہے	ولہ	میں صید بلاکش ہوں مرا دام یہی ہے
تار کی طرح کہیں زلف بتاں سے ٹوٹے	ولہ	یا الٰہی دل بیمار بلا سے چھوٹے
ضعیف ہے دل بیمار اس قرینے سے	ولہ	اٹک کے آہ نکلتی ہے میرے سینے سے

عشاق تیری گرمی بازار کر گئے	ولہ	اس جنس کو گراں یہ خریدار کر گئے
اُٹھ چکا دل مرا زمانے سے	ولہ	اُڑ گیا مرغ آشیانے سے
دیکھ کر دل کو مڑ گئی مژگاں		تیر خالی پڑا نشانے سے
ہم نے پایا تو یہ ستم پایا		اس خدائی کے کارخانے سے

غیر از دوئی کے مانع دیدار کون ہے	ولہ	وہ یار ہو گیا تو پھر اغیار کون ہے
بیم غضب رکھے ہے مجھے مغفرت سے دور		گر وہ کریم ہے تو گنہگار کون ہے
جاگا نہ کوئی خواب عدم سے کہ پوچھتے		آسودگان خاک میں بیدار کون ہے
میں مر گیا پہ آہ نہ پوچھا فغان مجھے		درد جگر کسے ہے یہ بیمار کون ہے

۳۔ فرحت

فرحت تخلص شیخ فرحت اللہ نام۔ بیٹا شیخ اسد اللہ کا۔ اولاد سے قاضی مظہر کے، وہ قاضی مظہر کہ جانشین مرزا شاہ بدیع الدین مدار کے تھے۔ وطن بزرگوں کا ان کے ماوراء النہر ہے لیکن فرحت مذکور نے دِلّی میں پرورش پائی ہے، اور عاشق مزاجی و دل بستگی ہی میں عمر گنوائی ہے۔ ہمیشہ بند عشق میں مسلسل ہویوں کے گرفتار، اور سدا درد عشق سے بیگانہ خویوں کے یار۔ شاعر کہن مشق و ہم صحبت شعراء نامدار شاہ جہان آباد علی ابراہیم خاں مرحوم نے لکھا ہے کہ "یہ عزیز میرا اخلاص مند تھا، اور عسرت کا مورد گزند تھا۔ جب کہ دِلّی سے مرشد آباد میں آیا، اور طور سکونت کا وہاں ٹھیرایا، جو مجھ سے ہو سکتا تھا خبر گیران حال گاہ گاہ ہوتا تھا۔ غرض بہت تنگی معیشت کے ساتھ عزیز

کا نباہ ہوتا تھا۔ آخر الامر ۱۱۹۱ھ گیارہ سو اکانوے ہجری میں اُسی بلدے کے اندر انتقال کیا، اور اس دارِ محن سے، خلاف اپنے تخلص کے بہت مغموم گیا۔ زبان ریختہ میں اُس نے بہت کچھ کہا ہے، یہ منتخب اُس کے دیوان کا ہے ؎

گذرے اگر چمن میں وہ گلعذار اپنا	دلہ	دیں چھوڑ بے کلی سے گل شاخسار اپنا
تاثیر آہ میں نے نالے میں ہے اثر کچھ		ہووے وہ آہ یارب کس طرح یار اپنا
جاوی کہیں بھڑک مت آتش سے دل کی میرے		رکھ دور مجھ سے دامن اے کوہسار اپنا
اُس شوخ نے یہ پوچھا فرحت سے کل کہ تو نے		اس طرح کیوں گنوایا صبر و قرار اپنا
آنکھوں میں اشک بھر کر بولا نہ پوچھ ظالم		ہرگز نہیں ہے دل پر کچھ اختیار اپنا

۴۔ فدوی

فدوی تخلص، میرزا محمد علی نام، معروف میرزا بھچو، متوطن تھے اُس اُجڑے نگر کے جو کہ مشہور شاہ جہان آباد، کر کے۔ نظم ریختہ میں اُستاد ہے۔ تلاشِ معنی میں فکر رسا رکھتے تھے، اور بیان حسن میں دل درد آشنا۔ علم موسیقی ہندی میں مناسبت بہت درست، اور تان کی مستی اور چستی کے جاننے میں نہایت چالاک و چست۔ چند روز انہوں نے اوقات مرشد آباد میں بسر کی ہے، لیکن اس سیر و تماشے کے ساتھ جو کہ وضع اہل نظر کی ہے۔ آخر شہر عظیم آباد میں سکونت کا اتفاق ہوا تو وضیع و شریف اس شہر کا ان کا مشتاق ہوا۔ فدویت میں معارف آگاہ شاہ گھسیٹا کے حاضر رہتے تھے، اور فیض صحبت سے اُس عرفان پناہ کے کسب علوم ظاہری اور باطنی کا کرتے تھے چنانچہ اُسی شہر میں اس کہن رباط مسافر کش ہستی سے دل اُٹھایا، اور ایوانِ مہمان دوست عدم میں اسباب سکونت کا بھجوایا۔ زبان ریختہ میں شاعر شیریں بیان ہے، یہ اُس کا منتخب دیوان ہے ؎

گر خاک پہ میری کبھی اے یار گذرنا		مت بھول کے ہرگز مع اغیار گذرنا
ایسا نہ ہو رندوں کی کرک ہو کہیں مندیل		میخانہ سے اے شیخ خبردار گذرنا

ضد دیکھیو خوباں کی کہ اک آن کی خاطر		مرجائے جو عاشق تو نہ زنہار گذرنا
اُس بو کے تصدق ہیں کہ اُس گل کی گلی سے		ہے بادِ صبا کے تئیں سو بار گذرنا
کل یار کے کوچہ کی طرف گذریگا فدوی		مت آج سے تو اُس طرف اغیار گذرنا
ہم کو تو وفا سے نہیں اے یار گذرنا	ولہ	پر تو بھی جفا سے نہ ستمگار گذرنا
تجھ کو انہیں آنکھوں کی قسم تیز نگہ ہے		ٹک دل کو بچا سینے کے تو پار گذرنا
جب یار کے آگے سے چلے قافلہ دل کا		اے اشک تو ہو قافلہ سالار گذرنا
گر نیک و بد ہم نہیں جانتے تو نہ جاؤ		ہے مجھ کو تو اس کوچہ سے لاچار گذرنا
شاید نظر آجائے کبھو در پہ تو سو بار		فدوی کے تئیں ہو پسِ دیوار گذرنا

وہ کافر ہماری شب تار ہے	ولہ	جسے دیکھنا مہر کا عار ہے

بابُ القاف

۱- قایم

قایم تخلص، شیخ محمد قایم نام متوطن چاندپور بندنہ کے۔ نظم ریختہ میں اُستاد مسلم الثبوت تھے۔ ساتھ طبعِ بلند اور ذہنِ رسا کے موصوف، مضمون تراشی اور معنی بندی میں معروف۔ کہتے ہیں کہ ابتدائے مشق میں مشورہ سخن کا انہوں نے خواجہ میر درد تخلص سے کیا ہے، اور آخر سخن سنجی میں اتفاق اصلاح کا ان کو میرزا محمد رفیع سودا سے ہوا ہے سچ تو یہ ہے کہ بعد سودا اور میر کے کسی ریختہ گو کی نظم کا نہیں یہ اسلوب ہے، راقم آثم کو تو طور گویائی کا اس سخن آفرین کے نہایت مرغوب ہے۔ طوطی کو اقرار تلخ گفتاری کا سامنے اُس شیریں مقال کے، اور خامۂ مانی کو اظہار فرسودہ زبانی کا روبرو اُس نازک خیال کے۔ صفائے بندش سے اُس کی آئینہ کو طلب صفائی دام، اور خجالت سے اُس کلام رنگین کے گل کو شکستہ رنگی سے کام۔ آبداری اُس نظم صفا پرور کی رشک افزا آب گوہر کی، اور موجزنی اُس طبع معنی خیز کی حسد انگیز چشمۂ کوثر کی۔ افسوس ہے ایسے شخص کا

اس جہان فانی سے اُٹھ جانا، اور داغِ حسرت سے دلوں کو ارباب فہم کے جلانا۔ اُس عندلیبِ شاخسارِ سحر بیانی نے شاید سنہ ۱۲۱۱ بارہ سو دس ہجری میں، اُدھر ہی نواح وطن میں اپنے، اس دار فانی سے سیر عالم باقی کی کی، اور عجب طرح کی ایذا جان کو اہل معنی کے دی۔ اگرچہ اقسام نظم میں کوئی قسم اُس شیریں کلام سے نہیں رہی ہے، لیکن رغبتِ طبیعت کے ساتھ غزل اور مثنوی بیشتر کہی ہے۔ دیوان ان کا بھرا ہوا اشعار آبدار سے ہے، یہ ان کے منتخب افکار سے ہے ؎

دریا ہی پھر تو نام ہے ہر اک حباب کا — اُٹھ جائے گر یہ بیچ سے پردہ حجاب کا

دردِ دل کچھ کہا نہیں جاتا — وله — آہ چپ بھی رہا نہیں جاتا
ہر دم آنے سے میں بھی ہوں نادم — کیا کروں پر رہا نہیں جاتا
یہ کہیو تو قاصد کہ ہے پیغام اسی کا — وله — پر دیکھیو لینا نہ کہیں نام کسی کا
خوباں کی طرف دیکھنے کا بندہ ہوں میں قائم — ملتے ہیں کہیں نام ہے بدنام کسی کا

بنی بھوؤں سے ڈرا چاہیے کہ کہتے ہیں — وله — کرے ہے کاٹ سروہی سے بیشتر اونا
جب تک کہ ہے تو ہم ہیں ترے ساتھ ہمیشہ — وله — جوں موج کہ نت لازمہ ہے آب رواں کا
عہدہ سے اُس صنم کے برآیا نہ جائے گا — وله — یہ ناز ہے تو ہم سے اُٹھایا نہ جائے گا
کعبہ اگر جو ٹوٹا تو کیا جائے غم ہے شیخ — کچھ قصر دل نہیں کہ بنایا نہ جائے گا
ہم نے ہر طرح ترے ہجر میں دل شاد کیا — وله — ہچکی گر آئے تو سمجھے کہ ہمیں یاد کیا
کہاں ہے شیشۂ مے محتسب خدا سے ڈر — وله — مری بغل میں جھلکتا ہے آبلہ دل کا
دل پا کے اُس کی زلف میں آرام رہ گیا — وله — درویش جس جگہ کہ ہوئی شام رہ گیا
میں اس چمن سے اور یہ مجھ سے چمن گیا — وله — لے دل میں اپنے حسرت سرو چمن گیا
شیریں تو ساتھ خسرو کی کر ذوق سے معاش — پتھر تھا تیشہ تیری چھاتی پہ سو کوہکن گیا
ظالم تو میری سادہ دلی پر تو رحم کر — روٹھا تھا تجھ سے آپ ہی میں اور آپ ہی من گیا
روؤں گا زیر سایہ دیوار بیٹھ کر — جس دن تری گلی میں کوئی داؤ دن گیا

زلف دیکھی تھی کس کی خواب میں رات — ولہ — ہم سحر تک تھے پیچ و تاب میں رات
خوب نکلے ہم اُس کے کوچہ سے — ورنہ آئے تھے اک عذاب میں رات
لیک خالی سی کچھ لگے ہے بغل — دل گرا شاید اضطراب میں رات
بھلا اے ابر مژگاں اب تو بس کر — ولہ — ابھی تو کھل گیا تھا تو برس کر
بے شغل نہ زندگی بسر کر — ولہ — گر اشک نہیں تو آہ سرد کر
کچھ طرفہ مرض ہے زندگی بھی — اس سے جو کوئی جیا سو مر کر
کیوں کیا مجھ کو تو صیاد گرفتار قفس — ولہ — میں نہ شائستۂ بسمل نہ سزاوار قفس
جب موج پر اپنی آگئی چشم — ولہ — دریا دریا بہا گئی چشم
اب کے جو یہاں سے جائینگے ہم — ولہ — پھر تجھ کو نہ مُنہ دکھائیں گے ہم
ہاں کیوں نہ ملیں گے تجھ سے ظالم — جب گالیاں نت کی کھائینگے ہم
آزردہ ہو غیر سے لڑو یہاں — اس عہدے سے کب برآئیں گے ہم
ایسا ہی جو دل نہ رہ سکے گا — ٹک دور سے دیکھ جائیں گے ہم
جوں چاہیئے چاہ کا شستہ — قایم ہیں تو کر دکھائیں گے ہم

نہ دل میں آب ہے نہ نم رہا ہے آنکھوں میں — ولہ — کبھی روئے تھے سو خوں جم رہا ہے آنکھوں میں
میں مر چکا ہوں پہ تیرے ہی دیکھنے کے لئے — حباب وار دزادم رہا ہے آنکھوں میں

میں کہا عہد کیا کیا تھا رات — ولہ — ہنس کے کہنے لگا کہ یاد نہیں

نگاہوں سے نگاہیں سامنے ہوتے ہی جب لڑیاں — ولہ — یکایک کھل گئیں دونوں طرف سے دل کی پھر کلیاں
جب اُسے غیر سے ہو نین کھلانے کا شوق — ولہ — سرمہ کے واسطے بھیجے ہے صفہان مجھ کو
راہ کے بیچ جو رکھتا ہوں اُسے گھیر کبھو — ولہ — ہنس کے کہتا ہے کہ اب چھوڑ مجھے پیر کبھو
اتنی اے دیدۂ و دل مجھ پہ نہ بیداد کرو — ولہ — دیکھیں کیا ہووے خدا کو تو ٹک اک یاد کرو
کبھی دکھا کے کمر اور کبھی وہاں مجھ کو — ولہ — نپٹ تبنگ کیا تو نے اے میاں مجھ کو

تو اپنے واسطے اے باغباں نہ کاوش کر — نپٹ ہے سایۂ دیوار گلستاں مجھ کو
جو کہ چھلیں تھیں سو ہانے گئیں وہ یار کے ساتھ — سر پٹکنا ہی پڑا اب ورنہ دیوار کے ساتھ
ایک ہم خار تھے آنکھوں میں سبھی کے سو چلے — بلبلو خوش رہو تم اب گل و گلزار کے ساتھ
میں ہوں دیوانہ سدا کا نہ مجھے قید کرو — جی نکل جائے گا زنجیر کی جھنکار کے ساتھ
تھی شرط مجھے اُس سے تو اک رات بسے کی — کیا ہے کہ دل اُس زلف سے ہرگز نہ بھر آیا

تیغ چڑھ اُس کی سان پر آئی — دیکھیں کس کس کی جان پر آئی
دہن کو تیرے پایا بات کہتے — ہماری جز رسی میں کیا سخن ہے

دل ڈھونڈھتا سینہ میں مرے ہو العجبی ہے — یاں راکھ کا اک ڈھیر اور اک آگ دبی ہے

میں جاتا ہوں کعبہ سے اب دیر کو — بھلا یہ بھی دیکھوں خدا کیا کرے

مُردنِ دشوار میں یہ حال بے تقصیر ہے — حسرتِ دل سو طرف سے اُس کی دامنگیر ہے
قتل کرنے سے مرے تو بھی ہوا کچھ منفعل — غرق آبِ شرم میں اب تک دمِ شمشیر ہے
مر جائیے کسی سے پہ اُلفت نہ کیجئے — جی دیجئے تو دیجئے پر دل نہ دیجئے

مرا کوئی احوال کیا جانتا ہے — جو گذرے ہے مجھ پر خدا جانتا ہے

یاس میں تجھ غم کے میں اپنی بھی غم خواری نہ کی — دل دیا تجھ کو تو میں نے کچھ گنہگاری نہ کی
دم بدم اس رنجش بیجا کو کیا کہتے ہیں شوخ — دل دیا تجھ کو تو میں نے کچھ گنہگاری نہ کی
بعد خط آنے کے اُس سے تھا وفا کا احتمال — لیک وہاں تک عمر نے اپنی وفاداری نہ کی

دل مرا دیکھ دیکھ جلتا ہے — شمع کا کس پہ دل پگھلتا ہے
گندمی رنگ جو ہے دنیا میں — میری چھاتی پہ مونگ دلتا ہے
ہم نشیں ذکر یار کر کچھ آج — اس حکایت سے جی بہلتا ہے

گو ہم سے تم ملے نہ تو کچھ ہم نہ مر گئے — کہنے کو بات رہ گئی اور دن گذر گئے
زاہد درِ مسجد پہ خرابات کی تو نے — جی بھی یہی چاہے تھا کرامات کی تو نے

ایدھر تو میں نالاں ہوں اُدھر غیر نہ جانیں		اب کس سے مری جان ملاقات کی تو نے	
مرا جی تجھ کو کیا پیارا نہیں ہے	ولہ	پر اتنا بھی تو ناکارہ نہیں ہے	
بتوں کی دید کو جاتا ہوں دیر میں قایم	ولہ	مجھے کچھ اور ارادہ نہیں خدا نہ کرے۔	
کیا ہی مکھڑا ہے یہ کہ جس کے حضور	ولہ	آئینہ کی قلعی اُدھڑتی ہے	
قایم آیا ہے پھر وہ بن ٹھن کر		دیکھیں کس کس کی یاں بگڑتی ہے	
کیا پشم ہے دنیا کہ یہ ارباب نعیم	رباعی	بے قرب کریں ہم کو دکھا کر زر و سیم	
مسجد میں خدا کو بھی نہ کیجے سجدہ		محراب جو خم نہ ہو برائے تعظیم	

مثنوی بردیہ

سردی اب کے برس ہے اتنی شدید		صبح نکلے ہے کانپتا خورشید	
ان دنوں چرخ پر نہیں ہے مہر		گود میں کانگڑی رکھے ہے سپہر	
پانی پر جس جگہ کہ کائی ہے		سبزہ وہ شال کی رضائی ہے	
دن کی کٹتی ہے دھوپ میں اوقات		کالی کمل میں رات کاٹے ہے رات	
چرخ کی اطلسی قبا ہے ہمیش		نہیں یہ کہکشاں ہے دانائیش	
ندی پر آ کے بیٹھے جو بگلا		پروں سے اپنے اوڑھے ہے دگلا	
برف کوچوں میں یوں پڑی ہے صاف		جوں کہ اڑتا ہے پنبۂ نداف	
کہرے کو دیکھ کہتے تھے سب یار		ٹھنڈ سی ہے فلک کے جی میں غبار	
پر جو دیکھا ہے غور کر میں آپ		نکلے ہے منھ سے آسماں کی بھاپ	
باد چلتی ہے بسکہ تند اور سخت		روز شب کانپتے رہے ہیں درخت	
گرچہ سرما سے خاص و عام ہیں شل		پر کہوں کیا میں حال اہل دول	
لپٹے رہتے ہیں روئی میں مجبور		جس طرح ناشپاتی و انگور	

جا کے حلوائی کو جو دیکھو کہیں
برفی چھٹ کچھ دکاں میں اُس کے نہیں
قایم اب سردی کا ہے یہ مذکور
شعر ہو گر خنک تو رکھ معذور

مخمس

شیخ تو نابود ہو وے یا ترا پندار نیست
بتکدہ ویراں ہوں یا ہوں برہمن یکبار نیست
کام کیا ہے مجھ کو گو ہوں راہب و دیندار نیست
کافرِ عشقم مسلمانی مرا در کار نیست
ہر رگِ من تار گشتہ حاجتِ زنار نیست

عاشقوں کی روتے کی کچھ اور ہی ہوتی ہے دھن
دیکھ ہم روتے ہیں لختِ دل جو جی چاہے تو چن
ہم نہ کہتے تھے تجھے ظالم کہ آ یہ بات سُن
ابر را با دیدۂ گریانِ من نسبت مکن
نسبتِ باریدگی دارد ولے خونبار نیست

دیکھ حال مرا اُٹھا کے سو سو حیلے
ساتھی بھاگے ہر اک طرف کو جی لے
کہتی تھی جو کفش میں نہ چھوڑوں گی قدم
سو اُس کے بھی ہو چکے ہیں کنے ڈھیلے

رباعی

۲۔ قدرت

قدرت تخلص، شاہ قدرت اللہ نام۔ ساکن شاہ جہان آباد کے۔ مشہور سخنوروں میں سے تھے۔ رشتہ دار تھے میر شمس الدین فقیر کے۔ صاحب مذاق تھے چاشنیِ درد و تاثیر کے نظم ریختہ میں ذہن رسا رکھتے تھے۔ خاطر سخن گستر اور طبع معنی آشنا رکھتے تھے۔ طرز مضمون آفرینی سے ماہر، اور اک شکستگی و پختگی کلام سے اُن کے ظاہر۔ اکثر فکر اشعار فارسی کی بھی کرتے تھے، لیکن نظم ریختہ پر مرتے تھے۔ تازہ کرنے میں مضمون کے اپنے ہم عصروں میں ممتاز، اور صفائی میں بندش کی نازک خیالوں سے ہند کے دمساز تھے۔ وارستہ مزاجی کے یار، اور آزادہ حالی سے سروکار۔ ایک مدت سے دلی کو چھوڑا تھا، اور وارد مرشد آباد تھے، اکابر اور اعزہ اُس شہر کے سب ان سے بر سرِ عنایت و امداد تھے۔ علی ابراہیم

خاں مرحوم نے لکھا ہے کہ "مجھ سے ان کو اخلاص اور اتحاد تھا۔ واقعی عزیز اپنے طور کا اُستاد تھا۔ شاید ۱۲۰۵ھ بارہ سو پانچ ہجری میں اُسی بلدے کے اندر انتقال کیا۔ اور طبع کو صاحب طبعوں کے حد سے زیادہ پر ملال کیا" دیوان میں اُس صاحب قدرت کے ہر قسم کے اشعار ہیں۔ یہ غزلیں انکی منتخب افکار ہیں ؎

ہنگامۂ پرہیز و ورع اب بسر آیا
اے بادہ کشاں مژدہ کہ پھر ابر تر آیا

کچھ دیر ہوئی اشک نہیں آنکھوں سے گرتے
شاید تہِ مژگاں کوئی لختِ جگر آیا

غفلت میں کٹی شام جوانی تری صد حیف
پیری میں تو ٹک چونک کہ وقت سحر آیا

ترے حضور میں جب قصد عرضِ حال کیا
ہجوم گریہ نے میری زباں کو لال کیا

میں داغ تازہ ہیں توڑے یہاں تلک ناخن
کہ ایک بدر کا کاسہ پر از ہلال کیا

ہوا ہے اُس کے گلو میں گرہ دمِ اعجاز
ترے لبوں نے مسیحا سے کیا سوال کیا

ٹوٹی کمند بخت کا وہ زور رہ گیا
جب بام دوست ہاتھ سے کچھ دور رہ گیا

اوپر سے زخم گرچہ ہرے ہو چلے ولے
ناسور تھا جگر میں سو ناسور رہ گیا

مدتوں سے زخمۂ دل یہاں جو نت مسدود تھا
یک ذرا کھولا تو دیکھا خانۂ پُر دود تھا

کبریائی کا جو دیکھا میں نے جس جا زور طور
اپنی اپنی حد میں جو پشتہ تھا اک نمرود تھا

حالِ قدرت پوچھتا ہے کچھ تو ظالم مجھ سے سن
اُس کے بالیں پر دعا کو آج ہی موجود تھا

آہ جو اُٹھتی تھی درد دل سے تھی لپٹی ہوئی
اشک جو گرتا تھا سو لختِ جگر آلود تھا

بیتابیوں سے یہ دلِ بیتاب رہ گیا
اپنی طپش میں جل کے یہ سیماب رہ گیا

آنسو تھمے ہیں پر نہیں سوکھی ہے چشم تر
دریا اُتر گیا ہے پہ گرداب رہ گیا

ہم پہ ایامِ مصیبت آج پھر آنے لگا
یار گھر جانے لگا ہے وائے گھر جانے لگا

جب مسیحا دشمنِ جاں ہوں تو کب ہو زندگی
کون رہ بتلا سکے جب خضر بہکانے لگا

مجھ کو غفلت نے خبر ایام فرصت کی نہ دی
آہ جب جاتے رہے دن تب مجھے پچھتانے لگا

کب تلک اے نالہ زیرِ لب رہیں گا تو گرہ
حوصلہ باقی نہیں بس جی تو گھبرانے لگا

دل سدا سینہ میں جلتا ہی رہا — ولہ
لختِ دل آنکھوں سے ڈھلتا ہی رہا
تو نے گو مجھ کو دلاسے میں رکھا
جی مرا تو بھی تو گھلتا ہی رہا
دل ہوا اسیرِ زلفِ سیہ فام رہ گیا — ولہ
صیدِ ضعیف مرکے تہِ دام رہ گیا
جب دیکھتا ہی مجھ کو تو دیتا ہی گالیاں
اپنے نصیب کا یہ اک انعام رہ گیا
آگے نہ چل سکا ترے کوچے کو چھوڑ کر
خورشید جا کے تا بہ لبِ بام رہ گیا
قدرت کس آسرے پہ کٹے گی یہ زندگی
آنے سے اب تو نام و پیغام رہ گیا

آتش فروزِ دل ہی تا حسن شعلہ رو کا — ولہ
ہر اشک ہی شرارہ ہر آہ ہے بھبوکا
ڈھونڈھے ہی پاس اب کیا سینہ میں غمزدوں کے
مدت سے لٹ چکا یہاں سامان آرزو کا
کشتہ ہوں جان و دل تیرے خدنگ کا میں
بحرِ بکاں میں ہیگا پیاسا مرے لہو کا
تشنہ لب مرتا ہی نت موجِ دمِ شمشیر کا — ولہ
اے غرورِ ناز کچھ بھی فکر اس نخچیر کا
خوابِ غفلت لگ گئی تھی ان دنوں دل کو ابھی
آہ پھر کس نے یہ چھیڑا سلسلہ زنجیر کا
رنگِ خونِ تشنگاں جس جا سے اڑ سکتا نہیں — ولہ
ہوں اسیرِ ناتواں اس خاکِ دامنگیر کا
گھر سے جس وقت وہ غارت گرِ ایماں نکلا — ولہ
کفر سے گبر گیا دیں سے مسلماں نکلا
وہ دل جمع کر اٹھا جو بغل سے اپنی
تو بزیرِ شکنِ زلفِ پریشاں نکلا

اس چشم سے ہو کے آب نکلا — ولہ
سینہ سے دلِ خراب نکلا
جو نالہ جگر سے پار نکلا
لے تیغ پر اک کباب نکلا
خط آیا وے ہمارے خط کا
منہ سے نہ ترے جواب نکلا

بیت الحزن میں شب کہ ترا انتظار تھا — ولہ
کھٹکا ہر ایک دل کا مرے جی کے پار تھا
ادھر بھی ایک بار جفا کی عناں کو پھیر
دل ہی خدنگ دوست جگر ہی نشاں طلب
دست برظلم سے تیرے ہیں جتنے ہم خراب — ولہ
اس قدر بھی ہووے گا عالم میں کوئی کم خراب

زخم سے دل کے ابھی اے چارہ گر بہتا ہے خوں — مت ڈبو بے فائدہ پھائے نہ کر مرہم خراب

کھڑے رونا کھڑے سر کو پٹکنا — دلہ — خوشا ایام اوقاتِ محبت

ہرزہ گردی سے رہائی کے چھڑا — دلہ — پھر مجھے زنداں میں اے زنجیر کھینچ
جان ہے وابستہ اُس پیکاں کے ساتھ — میرے پہلو سے نہ اپنا تیر کھینچ

ذرا قفس سے قفس تو ملا کے رکھ صیاد — دلہ — کہ تا اسیر کریں مل کے ایک جا فریاد

جہاں نظر پڑے پاؤں تلے ملے کاغذ — دلہ — سمجھ کے نامہ مرا ہاتھ میں نہ لے کاغذ
میں کیونکر اُس کو لکھوں خط جب اشک و آہ سے یہاں — اِدھر چلے قدم اور اُس طرف گلے کاغذ

کسے جز خونِ دل میخانہ میں منظور ہے ساغر — دلہ — مری آنکھوں میں تجھ بن دیدۂ ناسور ہے ساغر

آہ روئے پاک تیرا کس طرح آوے نظر — دلہ — لختِ دل جب چھا رہا ہو دیدۂ نمناک پر
یہ دلِ شوریدہ جیسے سا تھ ہے زیرِ زمیں — شورِ محشر ہی رہا قدرت کی مشت خاک پر

تجلی جلوہ چاہے تو صفائی سینہ پیدا کر — دلہ — اگر دیدار کا طالب ہے تو آئینہ پیدا کر

ہے نالۂ شام، آتش و آہ سحر آتش — دلہ — کیا زیست ہو اپنی اِدھر آتش اُدھر آتش
جز داغ تدارک نہیں اس داغ جگر کا — آتش کے جلے کو نہ کرے یہ جگر آتش
پھاہے کو اگر داغ سے چھاتی کے چھڑا دوں — خاشاک کے پہلو میں چھپے آن کر آتش

چل بسے دنیا سے بن دیکھے ترا دیدار حیف — دلہ — لے چلے حسرت بھرا یہاں سے دلِ افگار حیف
جرم پر تیری محبت کے ہمیں کرتے ہیں قتل — حفظ جاں کے واسطے گر کیجئے انکار حیف

مرگ پہلی ہی جب تلک آئے فراق — دلہ — ورنہ کیا جانوں کہ مہ پر کیا بلا لائے فراق

زخم پہلو نے نہ پائی آہ دل ناکام تک — دلہ — حیف پہنچا ہے نہ اپنا کار شوق انجام تک
صبح کے ہوتے ہی ہووے جس کی یہ حالت تباہ — آہ وہ بیچارہ پھر جیوے گا کیونکر شام تک
کر چکا ہے کام اپنا یہاں تو درد انتظار — جب تلک پہنچے ہے قاصد اُس بتِ خود کام تک
ہم نہ کہتے تھے کہ قدرت مت چمن کی راہ چل — لے گئی آخر ہوائے گل شکنج دام تک

رنگ کچھ اور ہی بدلتا ہے مرا بیتاب دل — ولہ — ہے گھڑی آتش کا پرکالہ گھڑی سیماب دل
گرے تھے آکے اس در پر سمجھ کر اپنا مامن ہم — ولہ — اگر تو ہے نہیں راضی تو جا دیں آہ کس کن ہم
ہوا یوں پھر گئی اس بزم کی اپنے نصیبوں سے — گنے جاتے ہیں اور سب دوست تیرے ایک دشمن ہم
شب ہجراں کو قدرت اس طرح ہم روز کرتے ہیں — کبھی سر کو پٹکتے ہیں کبھی کرتے ہیں شیون ہم
جوں نقشِ قدم ہیں ترے وے خاک نشیں ہم — ولہ — تا مٹ نہ چکیں آپ سے چھوڑیں نہ زمیں ہم
نسبت ہے ہماری تری جوں سایۂ خورشید — جس جا نہیں تو ہم ہیں جہاں تو ہی نہیں ہم
گئے وہ دن کہ پلک مارتے یاں دریا بہے — ولہ — اب بصد خون جگر چشم کو تر کرتے ہیں
تیرے جاں سوختہ خورشید قیامت کے تئیں — ہر سحر پنبۂ ناسور جگر کرتے ہیں
بھیج مت مرہم کافور تو قدرت کے حضور — یہ علاج اور ہی زخموں پہ اثر کرتے ہیں
ابرو ترے کہتے ہیں کہ میں تیغ دو سر ہوں — ولہ — عاشق کا یہ دعویٰ ہے کہ میں سینہ سپر ہوں
شایستۂ دنیا نہ سزاوار ہوں دیں کا — اے وائے میں قدرت نہ ادھر ہوں نہ اُدھر ہوں
دل سے کہا ساں نے کہ سینہ میں یاں رہوں — ولہ — ناوک یہ پوچھتی ہے بھلا میں کہاں رہوں
قدرت بزیر خاک بھی آرام کب ملے — یہ درد و داغ ساتھ ہے میرے جہاں رہوں
آگ اُس داغ کو لگیو کہ نمک سود نہیں — ولہ — پھوٹے وہ آنکھ جو لخت جگر آلود نہیں
مرحبا آتش دوری کہ جلایا ایسا — جل بجھے سر سے لے پاؤں تلک اور دود نہیں
زخم پر زخم لگے تب ہو تسلی دل کی — حوصلے پر مرے اک زخم کچھ افزود نہیں
شام کو دھوتا ہوں سو خون جگر سے آستیں — ولہ — صبح خون آلودہ ہے پھر چشم تر سے آستیں
تو بھی کم ابر بہاری سے نہیں اے چشم تر — کر دے اب رشکِ چمن خونِ جگر سے آستیں
لختِ دل اور اشک ہرگز خاک پر گرنے نہ دے — بھر لے اے قدرت تو اس لعل و گہر سے آستیں
جنوں تیرے ناخن مگر گھس گئے ہیں — ولہ — کہ عقدہ پڑا ہے بکارِ گریباں
پٹکنے لگے اشک گلگوں مژہ سے — پھر آئی ہے فصل بکارِ گریباں

قافلے کے قافلے اس رہ میں جوں نقشِ قدم — ولہ — ہو گئے پامال تیرے حسرت پا بوس میں
بہ نہ کر مرہم سے داغِ سینۂ پر نور کو — ولہ — کوئی بجھاتا ہے ارے ظالم چراغِ طور کو
داغ نے دل کو مرے تنہا نہ چھوڑا ایک دم — زخمِ سینہ سے سدا اُلفت رہی ناسور کو
تب مزا دیوے گا قدرت زخمِ سینہ پر نمک — دے سرِ ناخن سے پہلے آشتی انگور کو
نہ جا اس بزم سے ہرگز جھٹک مت طرف داماں کو — ولہ — نہ دے برباد اے ظالم غبارِ خاکساراں کو
ہوا دستِ جنوں سے تار تار از بسکہ پیراہن — گریباں ڈھونڈھے ہے دامن کو اور دامن گریباں کو

تم نے تو منہ چھپایا اُس زلفِ عنبریں میں — ولہ — یہ شامِ غم ہماری اب کس طرح سحر ہو
میں رکھا ہے ابروکماں کے نشاں کو — ولہ — ہما چھیڑیو مت مرے استخواں کو
گلو گیر سے رہیاں تلک ناتوانی — کہ سینہ سے لب تک نہیں رہ فغاں کو
اُڑائی زبس خاک ماتم میں دل کے — کیا ہم نے آخر زمیں آسماں کو
نوحِ کشتی سے خبردار کہ یاں چھاتی تہی — مرہمِ تازۂ ناسورِ کہن چھوٹے ہے
کس کی نیرنگی یہ برقِ خاطرِ مایوس ہے — ولہ — جو شررِ دل سے اُٹھا سو جلوۂ طاؤس ہے
صبر و طاقت تو کبھی کے کوچ یہاں سے کر گئے — اب وداعِ ننگ ہے اور رخصتِ ناموس ہے
کل ہوس اس طرح سے ترغیب دیتی تھی مجھے — قطعہ — کیا ہے ملکِ دم و کیا ہے سرزمینِ روس ہے
سنتے ہی عبرت یہ بولی اک تماشا میں تجھے — چل دکھاؤں تو کہ قیدِ آز کا محبوس ہے
لے گئی یکبارگی گورِ غریباں کی طرف — جس جگہ جانِ تمنا سو طرح مایوس ہے
مرقدیں دو تین دکھلا کر لگی کہنے مجھے — یہ سکندر ہے یہ دارا ہے یہ کیکاؤس ہے
پوچھ تو ان سے کہ جاہ و مکنتِ دنیا سے آج — کچھ بھی ان کے ساتھ غیر از حسرت و افسوس ہے
کل تو قدرت پائے خم رکھتے تھے تسبیح ریا — آج رہنِ جام ہے پھر خرقۂ سالوس ہے
سینہ اُس کا ہے دل اُس کا ہے جگر اُس کا ہے — ولہ — تیرِ بیداد جدھر رُخ کرے گھر اُس کا ہے
اس گلی سے جو کوئی گذرے سو جی سے گذرے — دیکھ اُس راہ نہ چل راہ گذر اُس کا ہے

سختِ دل نوک مژہ پر نہ سمجھ اے ہمدم		تخمِ غم دل میں جو بویا تھا ثمر اُس کا ہے
نہ تھی تابِ نگہ جب لگ گیا وہ دور آنکھوں سے	ولہ	نہ ہونا چشم کا بہتر تھا ایسی کور آنکھوں سے
جہاں جاوے وہ نورِ دیدہ آنکھوں کے مقابل ہی		جدا ہوتے نہیں جاوے نگہ کو دور آنکھوں سے
زباں قدرت کی ضعفِ ہجر سے ازبس ہی لکنت میں		اشارت بات کی کرتا ہے جوں رنجور آنکھوں سے
کرا قلیمِ قناعت کا سفر تا تجھ پہ روشن ہو	ولہ	کہ چشمِ مور سے بھی تنگ تر ملکِ سلیماں ہے
لبِ قدرت سے جز فریاد کچھ ریزش نہیں ہوتا		یہ کچھ شاعر نہیں ہے اپنے دل کا مرثیہ خواں ہے
نہ واقف کارواں سے ہوں نہ کچھ آگاہ منزل سے	ولہ	کیا میں وادیٔ اُلفت کو طے اک جنبش دل سے
گئے وہ دن کہ بہتے تھے پڑے نالے ان آنکھوں سے		سرشکِ گاں تلک اک اشک اب آتا ہی مشکل سے
کرے تو ذبح جب تک اور کو یہ مفت مرتا ہے		نہ ہو غافل ارے صیاد صیدِ نیم بسمل سے
غنیمت بوجھ ملنے کو کہ یہ عالم اک افسوں ہی	ولہ	کدھر فرہاد شیریں ہے کدھر لیلیٰ و مجنوں ہے
تو کیا سامان پوچھے ہی کہ تجھ بن کیونکہ گذری ہے		یہ سر ہے اور زانو آستیں اور چشمِ پُرخوں ہے
آساں نہ کٹے گی یہ جدائی کی جو شب ہے	ولہ	مشکل ہے قیامت ہے مصیبت ہے غضب ہے
دل پُرخوں ہے اور حسرت پا بوسی ہے	ولہ	دستِ اُمید ہے اور دامنِ مایوسی ہے
دل گم گشتہ خبردار کہ یاں سینہ میں		تیر بیداد سدا در پئے جاسوسی ہے
دمِ جاں بخش کی اُس کے جو پڑی ہے یہ دھوم		لبِ عیسےٰ نے مگر تیری زباں چوسی ہے
جس جگہ جلوہ ترا مایۂ مدہوشی ہے	ولہ	یا وہیں اپنے اگر ہے تو فراموشی ہے
آہ یہ کون سی منزل ہے کہ رکھتے ہی قدم		نقشِ پا سے مرے سجدہ کو ہم آغوشی ہے

سرگشتہ ترے لئے جہاں ہے	ولہ	اے خانہ خراب تو کہاں ہے
جو زخم کہ ہو چکے نہ ناسور		وہ زخم نہیں وبالِ جاں ہے
قدرت تُک کھول چشمِ عبرت		گر فکرِ سراغِ رفتگاں ہے
جو نقشِ قدم ہے اس زمیں پر		آئینہ حالِ رہرواں ہے

اشک اب آنے سے کچھ تھم رہے	ولہ	لختِ دل مژگاں پہ شاید جم رہے
ابتو اس منزل سے نہیں اُٹھتے قدم		ہمرہاں آگے چلو تم ہم رہے
ہر آن اک ستم ہے ہر لحظہ اک جفا ہے	ولہ	کوچہ ترا ہے ظالم یا دشتِ کربلا ہے
ملتا نہیں کسی سے اس پر ہے کیا مصیبت		یارب یہ دل ہمارا کس سے جدا ہوا ہے
ہو گرد باد جیدھر ہم کو اُدھر ہے جانا	ولہ	صحرا میں گمرہوں کا یہ خضر رہنما ہے

باب الکاف

۱۔ کلیم

کلیم تخلص، شیخ محمد حسین نام۔ شاہ جہان آبادی۔ مشہور سخنور ہے دلی کا، اور قرابتیوں میں میر تقی میر تخلص کے تھا۔ ایک رسالہ عروض و قافیہ کا اس نے زبان ریختہ میں لکھا ہے، اور خصوص الحکم کا ترجمہ بھی زبان ہندی میں کیا ہے۔ ایک نثر اور بھی رنگین زبان ریختہ میں ریختۂ قلم معنی رقم رکھتا ہے۔ لیکن باوصف اس خوش گوئی کے کلام مشہور بہت کم رکھتا ہے۔ عہد دولت میں احمد شاہ بن فرخ سیر آرامگاہ کے ایام اس کے شعر و شاعری کا تھا، اور زمزمہ پردازانِ شاہ جہان آباد کے ساتھ ہم صفیر و ہم نوا تھا۔ چنانچہ دلی ہی میں اس خرابۂ دارِ فانی سے گذرا، اور مقیم بیت المعمور کاشانۂ باقی کا ہوا۔ صاحب دیوان اور شاعرِ شیریں بیان تھا۔ یہ اُس کلیم طور سخندانی کے کلام سے ہے ؎

گو روضۂ رضواں کو میں اک آن میں دیکھا	ولہ	جب گل کی طرح جھانک گریباں میں دیکھا
لگتی ہے اب تو قلقلِ مینا سی دل کو ٹھیس	ولہ	دے دن گئے کلیم کہ یہ شیشہ سنگ تھا
قبر میں بھی لئے ہمراہ گیا اپنے کلیم	ولہ	آہ کیوں دردِ دل اپنا نہ کسی کو سونپا
رکھتا ہے زلف یار کا کوچہ عجب پیچ	ولہ	اے دل سمجھ کے جائیو ہے راہ پر پیچ
ہو چکا حشر گئی دوزخ و جنت کو خلق	ولہ	رہ گیا میں ترے کوچے میں گرفتار ہنوز

پوچھ مت غم کی داستاں اے دل	ولہ	کہ پڑا ٹوٹ آسماں اے دل	
پیری کی بھی سیر کر گئے ہم	ولہ	اس پل سے بھی بس گذر گئے ہم	
واں غصہ ہوئے رقیب پر تم		یاں مارے ادب کے مر گئے ہم	
بات اُس کی زبان پر آئی	ولہ	پھر خرابی جہان پر آئی	
غرورِ حسن ممکن کیا کسی کی داد کو پہنچے	ولہ	غرض ہم سُن چکے احوال ہم فریاد کو پہنچے	
اُس کے ابرو کی اگر تصویر کھینچا چاہئے	ولہ	اوّل اپنے قتل پر شمشیر کھینچا چاہئے	
عرق ہی منہ پہ ترے یا گلاب ٹپکے ہی	ولہ	عجب ہے مجھ کو کہ شعلے سے آب ٹپکے ہی	
تجھے میں آنکھوں میں کیونکر رکھوں کہ ہی برسات		پھر ایسا گھر کہ یہ خانہ خراب ٹپکے ہے	
گلرو تو چمن میں اچپلی سے نہ گیا	رباعی	یہ دل بھی کلی سے بے کلی سے نہ گیا	
جو کوئی گیا دل کو گیا چھوڑ یہاں		دل سے تو کوئی تیری گلی سے نہ گیا	
دنیا کے ہاتھ سے جو دل ریش ہیں ہم	رباعی	اس واسطے یاں عاقبت اندیش ہیں ہم	
دنیا داری و نوکری محنت و کسب		جب کچھ نہ بنا کہا کہ درویش ہیں ہم	

بابُ اللّام

۱۔ لُطف

لطف تخلص امیر زا علی نام۔ راقم ہے اس چند اوراق پریشان کا، کہ مانند نامۂ اعمال اپنے کے سیاہ کئے۔ اور اسمِ گرامی والد بزرگوار کا اس خاکسار کے کاظم بیگ خاں ہے۔ بتوطن اسطرآباد شجاعت بنیاد کے ہیں۔ سنہ ۱۱۵۴ گیارہ سو چون ہجری میں نادر شاہ کے ساتھ شاہ جہان آباد میں تشریف لائے اور ابوالمنصور خاں صفدر جنگ کی وساطت سے، کہ آپس میں معرفت ولایت کی تھی، مصدر عنایات بادشاہی ہوئے۔ آگے بیان امورات دنیوی باعث ہی طول کلام کا، اور وہ معاملہ دیکھا ہوا ہے خاص

وحام کا۔ بہرحال غزل فارسی کے کہنے میں حضرت کو ید طولیٰ تھا، اور ہجری تخلص آپ کا تھا۔ اس تذکرہ میں اشعار ہندی کا التزام ہے، اس سبب سے یہاں لکھا نہیں گیا آپ کا کلام ہے۔ اصلاح فارسی کی اس بیچارہ ان کو آپ ہی کی جناب سے ہے، اور مشورہ ریختہ کا فقط اپنی ہی طبع ناصواب سے۔ یہ خذف ریزے کتنی ایک کہ سراب گاہ طبع ناقص کے فراہم ہوئے تھے، عرضِ خدمت ارباب معنی کے کئے جاتے ہیں ؎

پاس ناموسِ محبت فرض ہے پروانہ وار
شمع ساں سوزِ شبِ ہجراں زباں پر لائیں کیا

بلبل و گل میں وہ جوشش سرو قمری میں یہ ربط
گلستانِ دہر میں پھر دل کو تئیں اُبھائیں کیا

خیر لبِ برشکایت ہے مری جانب سے آج
سُن کے میرے قدرداں اب دیکھئے فرمائیں کیا

چمن کو گل جو تری مے کشی کا دھیان آیا
ہر ایک پات کے کھڑکے پہ گل کا گان رہا

رہا جو زندہ شبِ تیرہ فراق میں قیس
سیاہ خیمہ لیلیٰ کا اُس کو دھیان رہا

جو عمرِ خضر ہو شاید تو وصل ہووے نصیب
یہ زندگی جو تمی اس میں تو امتحان رہا

نہ آنکھ بھر کے کبھو ڈر سے ہم تو دیکھ سکے
وہ سامنے بھی اگر اپنے ایک آن رہا

نہ کر اے بلبلِ دل سوختہ صیاد کا شکوا
کہ جاں بازوں کو دیں میں کفر ہے جلاد شکوا

نہیں شیریں پہ کچھ موقوف یہ قسمت کی خوبی ہے
زبانِ تیشہ سے کوئی سُنے فرہاد کا شکوا

میں اپنے سرو قامت سے ہی کیا شاکی تھا گلشن میں
تسلی ہو گئی قمری سے سُن شمشاد کا شکوا

نہ تنہا میں ہی اپنی خانہ ویرانی کا شاکی ہوں
کرے ہے اک جہاں اُس خانماں آباد کا شکوا

ترے کانوں تلک بھی لُطف کچھ آواز آتا ہے
ہے اک عالم کو تیرے نالہ و فریاد کا شکوا

ایک دن حال دلِ زار نہ دیکھا نہ سُنا
ولہ
سچ تو یہ تجھ سا بھی دلدار نہ دیکھا نہ سُنا

دیکھ کل نبض مری رو کے لگا کہنے طبیب
کبھی میں نے تو یہ آزار نہ دیکھا نہ سنا

وہ مجھے تم نے دکھایا ہے کہ یعقوب نے جو
کبھی اے دیدۂ خونبار نہ دیکھا نہ سُنا

سخت دل کرتا ہے کیا کیا صفِ مژگاں پہ نمود
اس جواں سا بھی نمودار نہ دیکھا نہ سُنا

چشم اور گوش زمانہ ہیں مقرّاس کی لطف — ثانی حیدر کرار نہ دیکھا نہ سُنا

ہے اُس شدت سے رنگینیٔ کوئے یار کا چرچا — وله — کہ بھولا عندلیبوں کو گل گلزار کا چرچا

ڈھکا رہ جائے اسرار محبت تو غنیمت ہے — ہوا ہے اب حکیموں میں مری آزار کا چرچا

برنگِ پیکرِ تصویر رہتا ہوں سدا ساکت — ہے اِس پر اُس کی محفل میں مری گفتار کا چرچا

ہمیں ہے یار کی چرچے سے یہ فرصت کہاں ہمدم — کہ اب دن رات بیٹھے کیجئے اغیار کا چرچا

بیانِ دردِ دل کس لطف سے کرتے ہنر افسوس — جو ہوتا بزم میں اُس کی کبھی اشعار کا چرچا

زہے غفلت کہ ہم دنیا کو بزمِ عیش سمجھے تھے — کھلی چشم حقیقت میں تو کام اڑدہا نکلا

نہ کر اے لطف ناحق رہروانِ شہر سے حجت — یہی رستہ تو کھا کر پھیر سے کعبہ کو جا نکلا

از بس نہ ہوا ہم سے سرانجام محبت — وله — شرماتا ہے دل لیتے ہوئے نام محبت

فرہاد سا نہ رنگ نہ مجنوں سا کیا حال — کس منہ سے اُسے بھیجئے پیغام محبت

کیونکر نہ بھلا ہمدم ہو زندگی اب مشکل — وله — ہیں دل میں تو سو باتیں اور جنبش لب مشکل

اک آہ کے کرنے کو سو چاہئیں تمہیدیں — کس سے کہیں حالِ دل ہے آہ عجب مشکل

دو لاکھ بہانے ہوں نت روئے دو آنسو — دو دن کا ہوا جینا ہم کو تو غضب مشکل

یاروں نے یہ تو کہئے کیا کیا بجھائیاں ہیں — وله — بے وجہ کچھ نہیں یہ ہم سے رکھائیاں ہیں

میں کیا ہوں باختہ رنگ اُس شعلہ رو کے آگے — مہتاب کے بھی منہ پر چھٹتی ہوائیاں ہیں

اک جوئے شیر بدلے اے آفریں ہے فرہاد — کیا بے ستوں میں خوں کی نہریں بہائیاں ہیں

کب غنچۂ دل اپنا داشد صبا ہو تجھ سے — گو سیکڑوں گلوں کی عقدہ کشائیاں ہیں

طاقت جہاں یہاں اک نظارہ کی ملی ہے — ان فرصتوں پہ ظالم یہ خود نمائیاں ہیں

کعبہ سے ہم نہ واقف نہ بتکدہ سے آگاہ — یہاں آستانِ دل ہے اور جبہ سائیاں ہیں

اُس قد کا سرو سے ذکر چھوٹا منہ اور بڑی بات — غنچہ کی دل میں بے ڈھب باتیں سمائیاں ہیں

اے لطف اس غزل پر کہنا بقول سودا — یہ عاشقی نہیں ہے زور آزمائیاں ہیں

او میاں تیغ والے اور اک زخم — کب سے ہم ایڑیاں رگڑتے ہیں
برگِ گل جس نمط خزاں میں جھڑیں — لخت دل یوں مژہ سے جھڑتے ہیں
بس غمِ یار اب نبڑ جلدی — ورنہ اب یار ہی نبڑتے ہیں

تم ہو بزمِ عیش سے وہاں اور صحبت داریاں — دلہ — ہم ہیں کنجِ غم میں یہاں اور جان سے بیزاریاں
تم کو سیرِ باغ و گلگشتِ چمن کا وہاں ہے شوق — یاں بدن پر ہے ہجومِ داغ سے گلکاریاں
دھیان ہے آرائشِ زلفِ پریشاں کا تمہیں — یاد ہیں حالِ پریشاں کی مرے کچھ خواریاں
تم صفاءِ ساعد و بازو دکھاتے ہو وہاں — ہم یہاں موئے بدن کرتے ہیں نشتر زاریاں
تم نے دکھلائی وہاں پیٹ اور چوٹی کی پھبن — یاں مری چھاتی پہ ہیں کالے نے لہریں یاریاں
نیک و بد دونوں سے یہاں ہم نے تو آنکھیں موند لیں — تم وہاں چتون کی دکھلاتے ہو جادوگاریاں
یہاں بزنگِ پیکرِ تصویر ہم خاموش ہیں — گفتگو کی تم دکھاتے ہو وہاں طرّاریاں
قہقہے تم مارتے ہو وہاں با آوازِ بلند — دشمنوں سے یہاں چھپا کر ہم ہیں کرتے زاریاں
ہر مریضِ غم کی جاں بخشی کا ہے تم کو دھیان — کھنچ گئیں یاں طول شدت سے مری بیماریاں
اضطرابِ دل سے بے پردہ ہوا یہاں رازِ عشق — سوجھتی ہیں وہاں تمہیں ہر بات میں تہ داریاں
کیا کسی سے بات کیجے بھولتے اک دم نہیں — اُن بھلاوؤں سے وہ باتوں میں تری عیاریاں

نہیں یہ شیشہ مت اے محتسب مجھ دھو میں — دلہ — دھرا ہے آبلۂ دل ہمارے پہلو میں
کب اپنی چشم میں طوفانِ نوح کو ہو قدر — نہاں ہے یہاں وہی عالم ہر ایک آنسو میں
اگرچہ فرق زمیں آسماں کا ہے تاہم — ملے ہے وضع فلک کی بہت تری خو میں
غبارِ بیکسی سے کیا ضرر پاکیزہ جوہر کو — دلہ — کہ بخشے ہے جلا گردِ یتیمی آبِ گوہر کو
گذر جا سر سے مانندِ قلم گر ہے سرِ شاہی — نہ آساں سمجھیو پانا سیہ بختیِ افسر کو
کبھی تو خاکساروں کا بھی غم خانہ کرو روشن — نہیں گو کچھ بھی نقشِ بوریا تو ہوگا بستر کو
چھلکتا عمر کا اک دم میں پیمانہ ہے اے ساقی — وفا دشمن شتابی کر ذرا لبریز ساغر کو

پھر مجنوں کا دل سنگِ ملامت سے نہ مرنے تک
بڑی چاہیے بحر جنوں میں بار لنگر کو

کیا ہم نے تو ترک مدعا کو مدعا اپنا
خدا توفیق بخشے نیک چرخ سفلہ پرور کو

نہیں معلوم کیا اس سینۂ سوزاں میں پنہاں ہے — ولہ
کہ ہر تارِ نفس جوں رشتۂ شمع آج سوزاں ہے

نہ میں فرہاد ہوں اے عشق نہ مجنونِ دل خستہ
مرا پھر منتظر تبلا تو کیوں کوہ و بیاباں ہے

تری طرز سخن پہنچی کہیں اے لطف گلشن میں
نئے انداز سے بلبل چمن میں اب غزل خواں ہے

جس دن سے ہم جنوں کے ہیں داماں لگے ہوئے — ولہ
دامن کی جا یہاں ہیں گریباں لگے ہوئے

اللہ رے قید خانۂ ہستی کہ دم کے ساتھ
ہر اک قدم پہ لاکھوں ہیں زنداں لگے ہوئے

رو دیا میں دیکھ مرقد مجنوں کو دھاڑ مار
تھے جائے گل درخت مغیلاں لگے ہوئے

بارے چھٹے اسیرِ بلا اس گلی میں آج
ہیں تو وہ ہائے گنج شہیداں لگے ہوئے

بیمار کا ترے تو کھلا حال بعد مرگ
سینہ میں زخم تھے کئی پنہاں لگے ہوئے

یارانِ پیش رو ذرا ٹھیرو کہ جوں جرس
ہم پیچھے پیچھے آتے ہیں نالاں لگے ہوئے

رکھ سوچ کر قدم مرے وادی میں گرد باد
پاؤں سے اپنے ہیں یہ بیاباں لگے ہوئے

کوئی تو میرے ناصح دانا سے یہ کہو
دل چھوٹتے ہیں باتوں میں ناداں لگے ہوئے

کیا دن تھے وہ بھی لطف کہ رہتے تھے مثل زلف
کانوں سے اس کی ہم سے پریشاں لگے ہوئے

خورشید کی بھی آنکھ فلک پر جھپک گئی — ولہ
ٹک جو گرہ نقاب کی اس کے سرک گئی

سب کنارہ گیر اپنے اور بیگانے ہوئے — ولہ
اب کی فصلِ گل میں ہم بے طرح دیوانے ہوئے

شہر میں پایا نہ تیرے جورتے شہرا کہ اب
گھر بہ گھر ظالم مرے مذکور افسانے ہوئے

بزم میں آیا جو شب وہ گل رخِ خوں شمع سے
بلبلوں کی طرح جی دینے کو پروانے ہوئے

سنتے ہیں کی محتسب نے بیعتِ دستِ سبو
مژدہ اے نوشاں کہ پھر آباد میخانے ہوئے

تو تو کس کا آشنا ہے ہاں مگر کہنے کو ہم
آشنا ہو تجھ سے اک عالم سے بیگانے ہوئے

روشن ضمیر کیونکہ نہ ہوں دل کی داغ سے — ولہ
خورشید کو ہے کسبِ ضیا اس چراغ سے

وہ خود فروش آگیا بارے چمن میں کل
بوئے خودی نکل گئی گل کے دماغ سے

ہووے فضائے ہستیِ موہوم کا بُرا
کنجِ عدم میں کاٹتے تھے کس فراغ سے

اُس گلبدن بغیر ہمیں سیرِ باغ میں
صوتِ ہزار کم نہیں فریادِ زاغ سے

جس دل زدے کو نغمۂ بلبل ہو بانگِ زاغ
کیا خاک وہ شگفتہ ہو گلگشتِ باغ سے

دیکھنا جن صورتوں کا شکل تھی آرام کی — ولہ
اُن سے ہیں مسدود راہیں نامہ و پیغام کی

رخصت اے اہلِ وطن اب ہم ہیں اور آوارگی
حق رکھے بنیاد قایم گردشِ ایام کی

یاد نے اُن تنگ کوچوں کی فضا صحرا کی دیکھ
ہر قدم پر جان ماری ہے دلِ ناکام کی

گردشِ چشمِ بتاں کے بسکہ ساغر نوش تھے
گردشِ گردوں کو ہم کہتے تھے گردش جام کی

جب سے کھینچا لطف رنجِ فرقتِ یار و دیار
اب ہوئی معلوم محنت گردشِ ایام کی

کیوں دل پہ مرے جادو اُن آنکھوں کا نہ ٹھن جائے
جس پر کہ پڑے آنکھ سو دیوانہ سا بن جائے

پلکیں وہ نکیلیں کہ نظر جب پڑے اُن پر
سینہ میں یہ عالم ہو کلیجہ کا چھن جائے

بے چین بہت لطف کی ہے کل سے طبیعت
اللہ کرے آج وہ روٹھا ہوا من جائے

کیا سبب بتلائیں ہنستے ہنستے باہم رُک گئے — ولہ
خود بخود کچھ وہ کھچے اودھر اِدھر ہم رُک گئے

دیر تک ضبطِ سخن کل اُس میں اور ہم میں رہا
بول اُٹھے گھبرا کے جب آخر کے تئیں دم رُک گئے

اِدھر سے جتنی یگانگت کی اُدھر سے اُتنی ہوئی جدائی — ولہ
بڑھائی تھوڑی سی جب اُدھر سے بہت سی تم نے اُدھر گھٹائی

نہ ہم سے بگڑو نباہ دو جی نہیں ہے کچھ تم کو دھیان اس کا
کہے گی خلقت کہ ہو چکی بس وہ دیکھو دو دن کی آشنائی

جنت سے کہے بزم مری بو دیکھو — رباعی
یوں جام کہے جم سے کہ مجھ کو دیکھو
ہر آئینہ آئینہ محل کا تیرے
کہتا ہے سکندر سے کہ منہ تو دیکھو

منہ رکھتے ہیں کیا صاحبِ تاج و دیہیم — رباعی
جو خاک نشینوں کے تئیں جانے یقیم
ہم آنکھ اُٹھا دیکھیں نہ گردوں کی طرف
گر خم نہ ہو ماہ نو برائے تعظیم

باب المیم

امیر

میر تخلص، نام نامی اُس نگینِ خاتمِ سخن آفرینی کا میر محمد تقی ہے۔ متوطن اکبر آباد کے سراج الدین علی خاں آرزو تخلص آپ کے کچھ رشتہ داروں میں دور کے تھے۔ ابتدائے سنِ شعور سے پرورش انہوں نے دار الخلافہ شاہ جہان آباد میں پائی ہے، اور خان مذکور کے فیضِ صحبت سے نظمِ ریختہ کی کیفیت باریکیوں کے ساتھ اُٹھائی ہے۔ تازگی مضمون کی اور علوِّ معانی کا بیان سے ان کے ظاہر ہے، فی الحقیقت کہ شاعر مذکور لطافتوں سے ریختہ کی بخوبی ماہر ہے۔ جو شخص کہ نظارہ گاہِ سخن میں چشم خوردہ بیں رکھتا ہے، اور چاشنی خرد سے امتیاز ذائقہ تلخ و شیریں رکھتا ہے۔ تو وہ اس بات کو جانتا ہے، اور اس رمز کو پہچانتا ہے، کہ میر شیریں مقال ہیں، اور ریختہ گویان سابق و حال میں، نسبت خورشید و ماہ ہے، اور فرق سفید و سیاہ ہے، بلکہ حجاب اگر مانع نہ ہو بیان کا، تو تفاوت ہے زمین اور آسمان کا۔ غرض اس تردد سے زبان قلم کی، اور اس خراش سے عارض رقم کی، مراد یہ ہے کہ ناقدر دانی سے اغنیا کی، اور ناسمجھی سے اہلِ دنیا کی، اب بازارِ سخن سازی اس درجہ کاسد ہے، اور ہواء شہرستانِ معنی طرازی اس مرتبہ فاسد، کہ میر سا شاعر جو کہ سحر کاریِ سخن میں طلسم ساز ہے خیال کا، اور جادو طرازی بیان میں معانی پرداز ہے مقال کا، وہ نانِ شبینہ کا محتاج ہے، اور بات کوئی نہیں اس کی پوچھتا آج ہے۔ جس ایام میں کہ درخواست صاحبان عالی شان کی زبان دانانِ ریختہ کے مقدمہ میں کلکتے سے لکھنؤ گوگئی، تو پہلے کرنیل اسکاٹ صاحب کے روبرو تقریب میر کی ہوئی، لیکن علت پیری سے یہ بیچارے مجہول کے مجہول ہوئے، اور جوانان نو مشق مربی گری سے قوت بدنی کے مقبول ہوئے +

زمانہ خوش طبیعتوں سے کبھی نہیں خالی ہے، اکثر اہل لکھنؤ پکارتے تھے کہ کلکتے میں شاعری کی جادو خواہست حمالی ہے، کس واسطے کہ یہ جانتے سب اہل تمیز ہیں، کہ آج بھی بوڑھے کے سامنے

نوجوان غور کے میں مو پڑ ہیں۔ اب بھی جو بوجہ تمکنتِ معنی کا جرِ ثقیل طبع سے ترازو کر کے وہ دکھلاتا ہے، جوان اگر کوہ بو قبیس ہے تو تحمل سے اُس کے کمر چُراتا ہے۔ بہر تقدیر غرض جب میر زا محمد رفیع سودا بلدۂ لکھنؤ میں اس دارِ فانی سے عالم باقی کو سدھارے، تو میر مذکور شاہ جہان آباد میں تھے ۱۱۹۷ھ گیارہ سو ستانوے ہجری میں رایات عزم اس صاحبِ لشکرِ مضامینِ تازہ کے حرکت میں آئے، اور خود بدولت لکھنؤ میں تشریف لائے۔ نواب آصف الدولہ مرحوم نے روز ملازمت خلعتِ فاخرہ دیا، اور تین سو روپے مشاہرہ مقرر کر کے تحسین علی خاں ناظر کے سپرد کیا۔ اگرچہ گرفتہ مزاجی سے ان کی روز بروز صحبت نواب مرحوم سے بگڑتی گئی، لیکن تنخواہ میں کبھی نہ قصور ہوا۔ اور نواب سعادت علی خاں بہادر کے عہد وزارت میں آج کے دن تک، کہ ۱۲۱۵ھ بارہ سو پندرہ ہجری ہیں، وہی حال ہے، جو اوپر مذکور ہوا۔ اقسام نظم میں یہ صدر نشین بارگاہِ سخندانی ہر قسم چکیدۂ خامۂ معجز نما رکھتا ہے، لیکن سچ تو یہ ہے کہ نظمِ غزل میں ید بیضا رکھتا ہے۔ قصیدہ تو ختم میر زا محمد رفیع سودا پر ہوا، ہاں طرزِ مثنوی کی بھی ان کی بہت خوب ہے، خصوصاً دریائے عشق، جو ان کی مثنوی ہے، اک جہان کے مرغوب ہے۔ یہ رہنما قوم سخن سرمایہ گان کا مالک چار کتاب پر دلیل و برہان ہے یعنی صاحبِ چار دیوان، خوش بندش خوش بیان ہے مثنویاں بھی متعدد ان سے ثبتِ جریدۂ روزگار ہیں۔ یہ غزلیں ان کی منتخب افکار ہیں +

اس دور میں الٰہی محبت کو کیا ہوا		چھوڑا وفا کو اُن نے مروت کو کیا ہوا
اُمیدوارِ وعدۂ دیدار مر چلے		آتے ہی آتے یارو قیامت کو کیا ہوا
چمن میں گل نے جو کل دعوئے جمال کیا	ولہ	جمالِ یار نے منہ اُس کا خوب لال کیا
بہارِ رفتہ پھر آئی ترے تماشے کو		چمن کو یُمنِ قدم نے ترے نہال کیا
لگا نہ دل کو کہیں کیا سُنا نہیں تو نے		جو کچھ کہ میر کا اس عاشقی نے حال کیا
بیتاب جی کو دیکھا دل کو کباب دیکھا	ولہ	جیتے رہے تھے کیوں ہم جو یہ عذاب دیکھا
دل کا نہیں ٹھکانا حالت جگر کی گم ہے		تیرے بلا کشوں کا ہم نے حساب دیکھا

لیتے ہی نام اُس کا سوتے سے چونک اُٹھے — ہے خیر میر صاحب کچھ تم نے خواب دیکھا
ہمارے آگے ترا جب کسی نے نام لیا — ولہ — دلِ ستم زدہ کو ہم نے تھام تھام لیا
خراب رہتے تھے مسجد کے آگے بُت خانے — نگاہِ مست نے ساقی کے انتقام لیا
وہ کج روش نہ ملا راستے میں ہم سے کبھو — نہ سیدھی طرح سے اُن نے مرا سلام لیا
پیغام غم جگر کا گلزار تک نہ پہنچا — نالہ مرا چمن کی دیوار تک نہ پہنچا
اُس آئینہ کے مانند زنگار جس کو کھا جائے — کام اپنا اُس کے غم میں دیوار تک نہ پہنچا
لبریز شکوہ تھے ہم لیکن حضور اُس کے — کارِ شکایت اپنا گفتار تک نہ پہنچا
مستوری خوبروئی دونوں نہ جمع ہو دیں — خوبی کا کام کس کے اظہار تک نہ پہنچا
یوسف سے لے کے تا گل اور گل سے لے کے تا شمع — یہ حُسن کس کو لے کے بازار تک نہ پہنچا

گل کو محبوب میں قیاس کیا — ولہ — فرق نکلا بہت جو پاس کیا
صبح تک شمع سر کو دھنتی رہی — کیا پتنگے نے التماس کیا

ہم خاک میں ملے تو ملے لیکن اے سپہر — ولہ — اُس شوخ کو بھی راہ پہ لانا ضرور تھا
کل پاؤں ایک کاسۂ سر پر پڑا جو میر — یک سر وہ استخوان شکستوں سے چور تھا
کہنے لگا کہ دیکھ کے چل راہ بے خبر — میں بھی کبھی کسی کا سرِ پُر غرور تھا
دل سے شوقِ رخِ نکو نہ گیا — ولہ — جھانکنا تاکنا کبھو نہ گیا
گذرا بنائے چرخ سے نالہ پگاہ کا — خانہ خراب ہو جیو اس دل کی چاہ کا
آنکھوں میں جی مرا ہے اِدھر دیکھنا نہیں — مرتا ہوں میں تو ہائے رے صرفہ نگاہ کا
یک قطرہ خوں ہو کے مژہ سے ٹپک پڑا — قصہ یہ کچھ ہوا دلِ غفراں پناہ کا
سر سے باندھا ہے کفن عشق میں تیرے یعنی — ولہ — جمع ہم نے بھی کیا ہے سر و ساماں یکجا
دل پہنچا ہلاکت کو بہت کھینچ کسالا — ولہ — لے یار مرے سلمہ اللہ تعالیٰ
گذری ہے لہو واں سرِ ہر خار سے اب تک — جس دشت میں پھوٹا ہے مری پاؤں کا چھالا

دل کے جانے کا نہایت غم رہا — غم رہا جب تک کہ دم میں دم رہا
میرے رونے کی حقیقت جس میں تھی — ایک مدت تک وہ کاغذ نم رہا
تجھ کو میرے حال سے تھی آگہی — نالۂ شب سب کو خبر کر گیا

یاد اُس کی اتنی خوب نہیں میر باز آ — نادان پھر وہ جی سے بھولا یا نہ جائے گا
کاہے سرکشاں جہان میں کھینچا تھا ہم نے سیر — پایانِ کار مور کا خاک قدم ہوا
دل وداغ ہے اب کس کو زندگانی کا — جو کچھ کہ یہاں ہے سو افسوس ہی جوانی کا

اشک آنکھوں میں کب نہیں آتا — لہو آتا ہے جب نہیں آتا
دل سے رخصت ہوئی کہ خواہش — گریہ کچھ بے سبب نہیں آتا
عشق کو حوصلہ ہے شرط ورنہ — بات کا کس کو ڈھب نہیں آتا
جو یہ دل ہے تو کیا سرانجام ہوگا — تہِ خاک بھی خاک آرام ہوگا
سخت کافر تھا جس نے پہلے میر — مذہبِ عشق اختیار کیا
دل عشق کا ہمیشہ حریف نبرد تھا — اب جس جگہ کہ داغ ہے وہ آگ درد تھا
عاشق ہیں ہم تو میر کبھی ضبطِ عشق کر — دل جل گیا تھا اور نفس لب تک سرد تھا

خوبی کو اُس کے چہرے کی کب پہنچے آفتاب — ہے اس میں اُس میں فرق زمین آسمان کا

کام پل میں مرا تمام کیا — غرض اُس شوخ نے بھی کام کیا
تیرے کوچے کے رہنے والوں نے — یہیں سے کعبہ کو سلام کیا
وصفِ خط و خال میں خوباں کی میر — نامہ اعمال سیہ کر گیا

جو اس شور سے میر روتا رہے گا — تو ہمسایہ کاہے کو سوتا رہے گا
میں وہ رونے والا جہاں سے چلا ہوں — جسے ابر ہر سال روتا رہے گا
تو اب گالیاں غیر کو شوق سے دے — ہمیں کچھ کہے گا تو ہوتا رہے گا
مجھے کام ہر دم ہے رونے سے ناصح — مرے منہ کو کب تک تو دھوتا رہے گا

مرا خوں تجھ پہ خوں ثابت کرے گا ولہ کنارے بیٹھ کر ہاتھوں کو دھونا
وصیت میر نے مجھ کو بھی کی تھی کہ سب کچھ ہونا اک عاشق نہ ہونا
کیا بعد مرگ یاد کروں گا وفا تجھے ولہ سہتا رہا جفا ہی میں جب تک جیا کیا
مغاں مجھ مست بن پھر قلقل مینا نہ ہووے گا مے گلگوں کا شیشہ ہچکیاں لیتے کرووے گا
آرام عدم میں نہ تھا ہستی میں نہیں چین ولہ معلوم نہیں میرا ارادہ ہے کہاں کا
اکتی ہو گئیں سب تدبیریں کچھ نہ دوا نے کام کیا ولہ دیکھا اس بیماری دل نے آخر کام تمام کیا
عہد جوانی رو رو کاٹا پیری میں لیں آنکھیں موند یعنی رات بہت تھی جاگے صبح ہوئی آرام کیا
ناحق ہم مجبوروں پر یہ تہمت ہے مختاری کی چاہتے ہیں جو آپ کریں ہم کو عبث بدنام کیا
کس کا کعبہ کس کا قبلہ کون حرم ہے کیا احرام کوچے کے تیرے باشندوں نے سب کو نہیں سے سلام کیا
شیخ جو ہے مسجد میں بیٹھا رات کو تھا مے خانے میں جبہ خرقہ کرتا ٹوپی مستی میں انعام کیا
کاش اب برقع منہ سے اٹھا دے ورنہ پھر کیا حاصل ہے آنکھ مونڈے پر اپنی ان نے گو دیدار کو عام کیا
یہاں کے سفید و سیہ میں دخل جو ہے سو اتنا ہے رات کو رو رو صبح کیا اور دن کو جوں توں شام کیا

زندگانی بھی ایک وقفہ ہے یعنی آگے چلیں گے دم لے کر
ضعف یہاں تک کھنچا کہ صورت گر رہ گیا ہاتھ میں قلم لے کر

کام آنے کا نہیں ایک بھی یار آخر کار ولہ ہاتھ سے جائے گا سر رشتۂ کار آخر کار
مشت خاک اپنی جو پامال ہے یہاں اس پہ نہ جا سر کو کھینچے گا فلک تک یہ غبار آخر کار
میر گم کردہ چمن زمزمہ پرداز ہے ایک ولہ جس کی لے دام سے تا گوش گل آواز ہے ایک
ناتوانی سے نہیں مال فشانی کا دماغ ورنہ تا باغ قفس سے مری پرواز ہے ایک
گوش کو ہوش سے تک کھول کے سن شور جہاں سب کی آواز کے پردے میں سخن ساز ہے ایک
گل کی جفا بھی دیکھی دیکھی وفائے بلبل ولہ اک مشت پر پڑے تھے گلشن میں جائے بلبل

سیر کر عندلیب کا احوال ولہ ہیں پریشاں چمن میں کچھ پر و بال

دن نہیں رات نہیں صبح نہیں شام نہیں
وقت ملنے کا مگر داخلِ ایام نہیں

ولہ

بے قراری جو کوئی دیکھے ہے کہتا ہے یہی
کچھ تو ہے میر کہ اک دم تجھے آرام نہیں

چلا نہ اُٹھ کے وہیں پھر تو چپکے چپکے میر
ابھی میں اُس کی گلی سے پکار لایا ہوں

ملنے لگے ہو دیر دیر دیکھئے کیا ہو کیا نہیں
تم تو کرو ہو صاحبی بندے میں کچھ رہا نہیں

ولہ

نازِ بتاں اُٹھا چکا دیر کو میر ترک کر
کعبہ میں جا کے بیٹھ میاں تیرا گر خدا نہیں

گردش فلک کی کیا ہے جو دورِ قدح میں ہیں
دیتا رہوں گا چرخ مدام آسماں کو میں

عاشق ہے یا مریض ہے پوچھو تو میر سے
پاتا ہوں زرد روز بروز اس جواں کو میں

صد تمنا سے یار رکھتے ہیں
تو بھی ہم دل کو مار رکھتے ہیں

ولہ

پھیر کرتے ہیں میر صاحب عشق
ہیں جواں اختیار رکھتے ہیں

دن گذرتا ہے مجھے فکر ہی میں تا کیا ہو
رات جاتی ہے اسی غم میں کہ فردا کیا ہو

خاک میں لوٹوں کہ لوہو میں نہاؤں میں میر
یار مستغنی ہے اُس کو مری پروا کیا ہو

عشق کو نفع نہ بینائی کرے ہے نہ شکیب
کرے تدبیر جو یہ درد وہ دوا رکھتا ہو

ہائے اے زخمی شمشیرِ محبت کا جگر
درد کو اپنے جو ناچار چھپا رکھتا ہو

فقیرانہ آئے صدا کر چلے
میاں خوش رہو ہم دعا کر چلے

یارب کوئی ہو عشق کا بیمار نہ ہووے
مر جائے ولے اُس کو یہ آزار نہ ہووے

زنداں میں پھنسے طوق پڑے قید میں مر جائے
پروا مِ محبت میں گرفتار نہ ہووے

اس واسطے کانپوں ہوں کہ ہے آہ نپٹ سرد
یہ باؤ کلیجے کے کہیں پار نہ ہووے

مانگے ہے دعا دیکھ مجھے خلق یہ ظالم
یارب کسی کو اس سے سروکار نہ ہووے

صحرائے محبت ہے قدم دیکھ کے رکھ میر
یہ سیرِ سرِ کوچہ و بازار نہ ہووے

جووے آرام ٹک آوارگی میر
تو شامِ غربت اک صبح وطن ہے

ولہ

عشق میں بے خوف و خطر چاہیے
جان کے دینے کو جگر چاہیے

باقلِ آغوشِ ستم دیدگاں
اشک سا پاکیزہ گہر چاہیے

شرطِ سلیقہ ہے ہر اک امر میں
عیب بھی کرنے کو ہنر چاہیے

نہیں وسواس جی گنوانے کا — ولہ — ہائے رے ذوق دل لگانے کا
دم آخر ہی کیا نہ آنا تھا
اور بھی وقت تھا بہانے کا

اب جو اک حسرتِ جوانی ہے — ولہ — عمر رفتہ کی یہ نشانی ہے
اُس کی شمشیر تیز ہے ہمدم
مر رہیں گے جو زندگانی ہے

یاں ہوئے میر ہم برابر خاک
واں وہی نازِ سرگرانی ہے

ادا کھینچ سکتا ہے بہزاد اُس کی — ولہ — دے تصویر کھینچے گا یہ ہم نے مانی

گرم ہیں شور سے تجھ حسن کے بازار کئی — ولہ — رشک سے جلتے ہیں یوسف کے خریدار کئی
کیا حال بیاں کریئے عجب طرح پڑی ہے — ولہ — وہ طرح تو نازک ہے کہانی یہ بڑی ہے
کیا فکر کروں میں کہ ٹلے آگے سے گردوں
یہ گاڑی مری راہ میں بے طرح اڑی ہے

ہے چشمکِ انجم طرف اُس مہ کے اشارے
دیکھو تو مری آنکھ کہاں جا کے لڑی ہے

وہ دن گئے جو پہروں لگی رہتی تھیں آنکھیں
اب یہاں ہمیں مہلت کوئی پل کوئی گھڑی ہے

ایسا نہ ہوا ہوگا کوئی واقعہ آگے
اک خواہش دل ساتھ مرے جی کے کھڑی ہے

جاتے ہیں چلے متصل آنسو جو ہمارے
ہر تارِ نگہ آنکھوں میں موتی کی لڑی ہے

اب عشق میں میر پاؤں دھرتا ہے گا — رباعی — سب زیست منغص اپنی کرتا ہے گا
یارو چلو سب چل کے اُسے سمجھاویں
افسوس کہ نوجوان مرتا ہے گا

خونبا بہ کشی مدام کی ہے ہم نے — دیگر — ہر صبح غموں میں شام کی ہے ہم نے
یہ مہلتِ کم کہ جس کو کہتے ہیں عمر
مر مر کے غرض تمام کی ہے ہم نے

اب وقتِ عزیز کو جو یوں کھوؤ گے — دیگر — پھر سوچ کے غفلت کے تئیں رؤ گے
کیا خوابِ گراں پہ روز و شب مائل ہو
جاگو ٹک میر پھر بہت سوؤ گے

دل غم سے ہوا گداز سارا اللہ	دیگر	غیرت نے ہمیں عشق کی مارا اللہ	
ہو نسبتِ خاص تجھ سے ہر ایک تئیں		کہتے ہیں چنانچہ سب ہمارا اللہ	
تسبیح کو مدتوں سنبھالا ہم نے	دیگر	خرقہ برسوں گلے میں ڈالا ہم نے	
اب آخرِ عمر میر جی کی خاطر		سجادہ گرد رکھنے نکالا ہم نے	

۲۔ مظہر

مظہر تخلص، میرزا مظہر جانِ جاناں کر کے مشہور تھے۔ مشہور سخنوروں میں دلی کے نظم و نثر ریختہ میں نہایت خوش بیان، اور اندازِ گفتگو میں نادر زبان تھے۔ اصل وطن ان کا اکبر آباد ہے، اور دلی ان کے نشو و نما کی بنیاد ہے۔ قناعت اور استغنائے طبیعت کے ساتھ مشہور، اور علم و عمل سے فقہ کے معمور تھے۔ حسن پرستی و دل بستگی سے رغبت تمام رکھتے تھے، اور عشق حقیقی و مجازی سے کام۔ انعام اللہ خاں یقین اور فقیہ صاحب درد مند ان کے شاگردانِ رشید سے کہلاتے ہیں، اور میر عبدالحی تاباں تخلص بھی علیٰ ہذا القیاس اسی طرح سے گنے جاتے ہیں +

کہتے ہیں کہ ہفتم روز عاشورہ کو لب بام یہ اپنے گھر میں سر راہ بیٹھے تھے، اور کوئی سردار روہیلوں کا بھی آیا ہوا تھا واسطے ان کی ملاقات کے، کہ ناگاہ گذر شدوں کا ان کے زیر بام سے ہوا، اس روہیلے نے کھڑے ہو کر سینہ زنی بھی کی، اور مواقف سلام سے ہوا، اور میرزا مذکور جس طرح بیٹھے تھے اسی طرح بیٹھے رہے، بلکہ متبسم ہو کے فرمانے لگے کہ "بارہ سو برس جس مقدمے کو ہو چکے ہوں ہر سال اُسے زیادہ کرنا کیا بدعت ہے، اور لکڑیوں کو سلام و تسلیم کرنا نہایت عقل کی خفت ہے"۔ یہ گفتگو بجنسہ وہ لوگ جو کہ علم اور شدوں کے ساتھ تھے اُنہوں نے سُنی، اور تعصب کی مرزا مذکور کے امام باڑہ میں اور محفلوں میں دو تین شب گفتگو رہی۔ آخر شب شہادت کو، کہ عبادت شب دہم عاشورہ سے ہے کوئی شخص ان کے دروازے پر آیا، اور ان کو باہر بلوایا جب باہر آئے تو بے گفتگو ایک چوٹ پٹنچے کی نذر کی، اور کام ان کا پورا کر کے نلوہ راہ اپنے گھر کی لی۔ سن بھی ان کا قریب سو برس کے تھا، اور

ایسا زخم کاری کھایا، لیکن استقلال طبیعت سے پھر اپنے تئیں کوٹھے کے اوپر پہنچایا۔ ۱۱۹۴ھ گیارہ سو چورانوے ہجری تھے کہ اُس روشن ساز مسائل صدیقی نے، اور اُس معضلہ پرواز احکام فاروقی نے اس آئینہ زنگار آلود دنیا سے منہ پھیر لیا، اور سفر خلفائے راشدین کے منازل کے طریقت پر کیا۔ یہ اشعار اُن کے نتایج افکار سے ہیں ؎

گرچہ الطاف کے قابل یہ دلِ زار نہ تھا	ولہ	اس قدر جور و جفا کا بھی سزاوار نہ تھا	
نہیں کچھ غم کہ یوں ملتا نہیں ہیہاں گسل میرا	ولہ	کہ میں روتا ہوں دل کی بیکسی پر ہائے دل میرا	
ہم نے کی ہے توبہ اور دھومیں مچاتی ہے بہار	ولہ	ہائے کچھ چلتا نہیں کیا مفت جاتی ہے بہار	
ہم گرفتاروں کو کیا ہے کام گلشن سے ولیک		جی نکل جاتا ہے جب سنتے ہیں کہ آتی ہے بہار	
مرتا ہوں میرزائے گل ہر سحر	ولہ	سورج کے ہاتھ جو مری دلمسا صبا کے ہاتھ	
مظہر چھپا کے رکھ دلِ نازک کے تئیں مرے		یہ شیشہ بیچتا ہے کسی میرزا کے ہاتھ	
خدا کے واسطے اُن کو نہ ٹوکو	ولہ	یہی اک شہر میں قاتل رہا ہے	
رسوا اگر نہ کرنا تھا عالم میں یوں مجھے		ایسی نگاہِ ناز سے دیکھا تھا کیوں مجھے	

۳ مضمون

مضمون تخلص، شیخ شرف الدین نام متوطن باج موہ کے تھے۔ باج موہ ایک قصبہ ہے قصبوں میں سے اکبرآباد کے۔ جس ایام میں کہ وطن سے اپنے یہ وارد شاہ جہان آباد میں ہوئے تھے، تو زینت المساجد میں آن کر اُترے تھے۔ طور ان کی بود و باش کا پھر وہیں رہا ہے۔ اور اتفاق اصلح کا سراج الدین علی خاں آرزو سے ہوا ہے۔ ازبسکہ شیخ مذکور علت سے نزلہ کے منہ میں ایک دانت

لہ کسی نے کیا بے مثل تاریخ آپ کی وفات کی کہی ہے۔ عاش حمیدا مات شہیدا
لطف یہ ہے کہ یہ الفاظ حدیث نبوی کے ہیں ۱۲

نہیں دھرتے تھے، تو خان آرزو انہیں شاعر بیدانہ کہا کرتے تھے۔ دلی میں نظم وجود کو انہوں نے ناموزون بوجھا ہے، اور مضمون عالی انہیں سیر وجود کا وہیں سوجھا ہے۔ بیشتر حسن ان کے کلام میں ابہام کا ہے۔ یہ منتخب ان کے کلام کا ہے ؛

افسوس مار جھٹ پٹ دل کو رکھے ہیں اٹکا — کس ساحروں سے سیکھا زلفوں نے تیری لٹکا
خوبوں کو جانتا تھا گرمی کریں گے مجھ سے — دل سرد ہو گیا ہے جب سے پڑا ہے پالا
نہیں ہے زاہدوں کو مے ستی کام — لکھا ہے اُن کی پیشانی میں سرکا
ہم نے کیا کیا نہ ترے غم میں اے محبوب کیا — صبر ایوب کیا گریۂ یعقوب کیا
کوچے میں بیوفا کے مارے گئے ہیں عاشق — نکلا ہے ایک مضموں بھاگوں سے اپنے جینا

ترا مکھ ہے سرچشمۂ آفتاب — نہ لاوے تری حسن کی ماہتاب

جس طرح سے رہے ہے مال کی اوپر کالا — یوں رہے زلف تری مُنہ کے اوپر مار کے پیچ

گر یہی دار ہے کامل کو سر تاج — ہوا منصور سے یہ نکتہ حل آج

ایک تو تھا ہی وہ مہ رو خود پسند — ہو گیا آرسی کے تئیں دیکھ دو چند
تجھ بن زبس کہ پانی جاری کیے ہیں رو کر — چشموں سے میں اب اپنے بیٹھا ہوں ہاتھ دھو کر

تیر مژگاں برستے ہیں مجھ پر — آب پیکاں کا اس طرف سے ڈھال
کیفی ہو کر جو مجھ سے رہتا ہے وہ شوخ — جو پوچھتا ہوں بات تو کہتا ہے چل بچل
احوال پیش دلبر کچھ مت کہو ہمارا — آتا ہے نام میرا سُن کر اُسے پسینا
شرم سے پانی ہو جاویں سب رقیب — جو مرا یوسف لے آچاہ سے

وہی دلدار خوش آتا ہے جو ہو وے بانکا — خوب لگتی نہیں وہ تیغ جو خمدار نہیں

کیا ہوا جو خط مرا پڑھتا نہیں — جانتا ہے خوب وہ مضمون کو
اُس دہاں پیچ سخن رکھتا ہوں — مجھ پہ اس بات کو اثبات کرو
جب سے چاہا ہے ترا چاہ ذقن — آب چشموں سے مرے جاری ہے

نظر آتا نہیں وہ ماہ رو کیوں	دلہ	گذرتا ہے مجھے یہ چاند خالی
چلا کشتی میں جب آگے سے وہ محبوب جاتا ہے	دلہ	کبھو آنکھیں بھر آتی ہیں کبھی دل ڈوب جاتا ہے
یہ اشک آنکھوں میں قاصد کس طرح یک دم نہیں تھمتا		دلِ بیتاب کا شاید لئے مکتوب جاتا ہے
مرے آئینۂ دل سے ترا نقش	دلہ	جو دیکھا تو کسی صورت نہ جاوے
مضمون تو شکر کر کہ ترا نام سُن رقیب	دلہ	غصّے سے بت سا ہو گیا لیکن جلا تو ہے

۴۴ مخلص

مخلص تخلص، مخلص علی خاں نام، بھانجے نواب نوازش محمد خاں شہامت جنگ کے، ساکن مرشد آباد۔ میر باقر گر کے مشہور تھے۔ جوان خندہ رو اور کشادہ پیشانی، ہمیشہ خوش وقت اور خوش زندگانی بنگالے میں بہت کیفیت کے ساتھ انہوں نے گذر کی ہے، اوقات بیشتر عیش و کامرانی میں بسر کی ہے، شب و روز عیش و عشرت سے کام تھا، اور رات دن وقفِ احباب گردنِ صراحی اور لبِ جام تھا۔ زبان ریختہ میں انہوں نے بہت کچھ کہا ہے۔ چنانچہ دیوان بطور اساتذہ ترتیب بھی دیا ہے لیکن کثرتِ عیش سے از بسکہ وھیان رہا کہیں کا کہیں ہے، کلام ان کا خالی نغزش سے نہیں ہے۔ شاید ۱۲۰۷ھ بارہ سو سات ہجری میں بلدۂ مذکور کے اندر دامِ ہستی کی کشاکش سے رہائی پائی ہے، اور سیر چمنستانِ عدم کی عینِ تعیش میں فرمائی ہے۔ یہ اشعار اس ستودہ کردار کے ہیں ؎

مد بسم اللہ ابرو ہے رخِ عنوان کا		حُسنِ معنی کیوں نہ مفتوں ہو مرے دیوان کا
اب تک تو اُس کو آ کے جفا کار دیکھنا	دلہ	مرتا ہے کوئی دم میں گرفتار دیکھنا
ہمارے قتل کرنے سے تجھے آرام کیا ہوگا	دلہ	میاں اس ظلم کا تو ہی سمجھ انجام کیا ہوگا
بدی میں یاں تلک مشہورِ دنیا ہے مرا مخلص		پھر اُس بدنام سے آگے کوئی بدنام کیا ہوگا
ہاتھ ملتا ہے کہ میرے دل کے ہوتے حیف ہے	دلہ	کیوں کف پا ہیں ترے رنگِ حنا سے آشنا

یہ پوچھو خضر اسمٰعیل سے گرم تم نہیں واقف ولہ حیاتِ جاوداں بہتر ہے یا سر کو فدا کرنا

ترکِ اُلفت یہ بتوں کی مجھے مقدور نہ تھا ولہ ورنہ کعبہ مرے بت خانہ سے کچھ دور نہ تھا

مخلص کیا دریافت یہیں سنگ محک سے ولہ جو عیب کسی کا کہے منہ اُس کا ہو کالا

آخر یہ دل ہمارا کچھ داد کو نہ پہنچا ولہ جز نالہ کوئی اُس کی فریاد کو نہ پہنچا

ہو گئے داغ نمک داں مرے اے کان نمک ولہ جب ہستی لب کا ترے شور پڑا کان میں آ

اگر یاد کرے لب کو ترے ولہ نہ ہو مست کو یہ خمار شراب

زخم دل سینے کو کہتا ہے مرے کام آتا ولہ باقی رہتا جو کوئی تار گریبان کے بیچ

گئے یہ بال و پر بر باد صیاد ولہ قفس سے اب نہ کر آزاد صیاد

دیکھیو گل نہیں پھولی یہ باغ و دشت میں ولہ دور سے آنکھیں خزاں کی کیئں دکھاتی ہے بہار

دل خستہ و سودا زدہ تدبیر ہے نازک ولہ دیوانہ زبردست اور زنجیر ہے نازک

محبت میں تری جا کر پھنسا دل ولہ دریغا ہائے دل واحسرتا دل

تھی یہ خوشی کہ ہو گا مرے دل کا غم تمام ولہ وہ تو ہوا نہ کم پہ ہوئے ہائے ہم تمام

کیوں عبث میں علاج داغ کروں ولہ خانۂ دل کو بے چراغ کروں

کیوں نہ ہر دم مری آنکھوں سے چوے ہائے لہو ولہ داغ ایسا نہیں کوئی دل میں کہ ناسور نہیں

منظور بندگی مری ہو تجھ کو گو نہیں ولہ میں دست کش ہوں تجھ سے یہ ہوتا ہی سو نہیں

ملی جب خواب سے اُٹھ آنکھ تو نے صحنِ گلشن میں ولہ شگفتہ ہو گئیں گلزار میں نرگس کی سب کلیاں

کیوں کیا جھاڑ کے نو میت غبار دامن ولہ کچھ نہ اتنا تھا میاں وہ ترا بار دامن

نہ لی آخر خبر اس نیم بسمل کی کبھو تو نے ولہ تجھے صد آفریں صیاد یوں ہی صید کرتے ہیں

جن کو دولت ہے شہادت کی تمنا مخلص ولہ تیغ بیداد کو وہ بال ہما کہتے ہیں

گرم جوشی ہستی مخلص سے ملے ہی جب یار ولہ رشک سے اُس کے رقیبوں کے جگر جلتے ہیں

ستم سے ترے آشنا کم رہے ہیں ولہ ہمیں ہیں کہ اب تک کہ یہاں تم رہے ہیں

کہتے تو ہو ملنے کی آتی ہیں ہمیں گھاتیں	ولہ	جھوٹے ہو میاں تم تو کہنے کی ہیں یہ باتیں
روتے روتے جو کبھی ہوش میں آجاتا ہوں	ولہ	شرم سے اپنے میں جیسے کہ مٹا جاتا ہوں
اُس کے یہ ظلم و ستم کچھ نہ کہے جاتے ہیں	ولہ	نہ ہمیں چھوڑے بنے ہے نہ سہی جاتے ہیں
کہتا ہے تو جو ہر دم شمشیر ہے اور میں ہوں	ولہ	یہ طرفہ ہے اور سر ہی تقصیر ہے اور میں ہوں
مخلص ترے کے یار بہت ہیں گے مشتری	ولہ	تم بھی اگر ہو اُس کے خریدار کچھ کہو
آئینہ رو کے دل میں کوئی راہ کیا کرے	ولہ	دم مارنے کی بات نہیں آہ کیا کرے
عاشق سوائے رونے کے اور کام کیا کرے	ولہ	جس کا جلا ہو دل سو وہ آرام کیا کرے
قاصد کو دیکھ دور سے دیتا ہے گالیاں	ولہ	ایسی پری کو پھر کوئی پیغام کیا کرے
مرے دل میں اتنا بسا آکے تو ہے	ولہ	کہ مجھ کو پڑی اپنی اب جستجو ہے
ڈرتا ہوں محبت مری اظہار نہ ہووے	ولہ	مجھ سے کہیں آزردہ وہ دلدار نہ ہووے
دل کو مرے ہرگز کبھی آرام نہ ہووے		آغوش میں میرے جو دل آرام نہ ہووے
یہ مشت خاک اُڑ جاتی ہے جب ملنے کو مجنوں سے	ولہ	بگولے آگے آتے ہیں اُسے لینے کو ہاموں سے
کیوں کہ ہووے گی زندگی اب آہ	ولہ	دل کی نوبت تو جان پر آئی
نہیں یک دل سلامت اس میں پایا	ولہ	شکن اُس زلف کی کیا دل شکن ہے
چمن میں قد نے ترے طرح جلوہ جب ڈالی	ولہ	نہال و گل نے کہا نظارۃ العالی
ڈرتے ہو دامن آہ کے شعلہ سے جل نہ جائے	ولہ	عاشق کی خاک پر نہیں آتے میاں کبھی
کوئی اپنے اسیروں سے تغافل یوں بھی کرتا ہے	ولہ	قفس میں مر گئے ہم یہ خبر صیاد کو پہنچے
سحر روتے لہو اور کرتے شام آہ رسا گذری	ولہ	کبھی تو نے نہ پوچھا آہ مخلص پہ کیا گذری
مخلص سا وفادار کوئی ہم نے نہ دیکھا	ولہ	اس طور کا بندہ نہیں ہوتا ہے خدا دے
رہتا ہے غضب مجھ پہ تو ہر شام و پگاہ	رباعی	کرتا ہے تو ثابت مری گردن پہ گناہ
تمہید نہیں اتنی بھی ظالم درکار		مطلوب اگر سر ہے مرا بسم اللہ

ناصح میں عجب دیکھی مروت تیری		عاشق کے ستانے میں ہے رغبت تیری	
دل غم سے نہیں بھرا ہے اتنا میرا	باجی	جو اس میں سماوے یہ نصیحت تیری	

۵- مجذوب

مجذوب تخلص، میر غلام حیدر نام۔ شاہ جہان آبادی۔ بیٹا سرتاج شعرائے بلند مقام میر رفیع سودا شاعر شیریں کلام کا ہے۔ آشنا پرستی اور یک رنگی کے ساتھ موصوف، درد دل اور گداز طبیعت میں مشہور و معروف۔ نظم ریختہ میں صاحب دیوان ہیں، اور حسن ترکیب میں ناظم رنگیں بیان۔ تلاش سے معنی تازہ کے حتی الامکان نہیں گذرتے ہیں، اور باندھنے سے مضامین مشہور کے حتی المقدور کنارہ کرتے ہیں دو دیوان جواب میں میر تقی میر کے انہوں نے کہے، اور مقدور بھر سرانجام جواب سے غافل نہیں رہے غرض بالفعل، کہ سنہ ۱۲۱۵ بارہ سو پندرہ ہجری ہیں، ساتھ عسرت معاش کے لکھنؤ میں جیتے ہیں مصرع لخت دل کھاتے ہیں اور خون جگر پیتے ہیں ✦ یہ منتخب افکار اس ستودہ اطوار کا ہے ✦

خوباں سے جو دل ملا کرے گا		دھڑکا ہے یہی کہ کیا کرے گا	
عداوت سے تمہاری کچھ اگر ہووے تو میں جانوں	دلہ	بھلا تم زہر دے دیکھو اثر ہووے تو میں جانوں	
نہ اندیشہ کرو پیارے کہ شب وصل کی تھوڑی		تم اپنی زلف کو کھولو سحر ہووے تو میں جانوں	
آوے ہے مسیحا مری بالیں پہ تو کیا ہو	دلہ	بیمار یہ ایسا تو نہیں جس کو شفا ہو	
اشک آنکھ میں ہو عشق سے تا دل میں غم رہے	دلہ	یہ گھر ہے وہ خراب کہ آتش میں نم رہے	
چھوٹے اگر قفس سے تو خاموش ہم صفیر		صیاد نے سنا یہ ترانا تو ہم رہے	

۶- مصحفی

مصحفی تخلص، غلام ہمدانی نام، ساکن امروہے کا۔ اپنی قوم کا اشراف ہے، سچ تو یہ ہے کہ گفتگو اس کی بہت صاف صاف ہے۔ بندش نظم میں اس کے ایک صفائی اور شیرینی ہے، اور معنی

بندش میں اس کے بلندی اور رنگینی۔ ایک مدت شاہ عالم بادشاہ غازی کے عہد سلطنت میں مقیم شاہ جہان آباد کا رہا ہے۔ بالفعل کہ ۱۲۱۵ھ بارہ سو پندرہ ہجری ہیں، ایک چودہ برس سے اوقات لکھنؤ میں بسر کرتا ہے ضیقِ معاش تو وہاں ایک مدت سے نصیبِ اہلِ کمال ہے، اسی طور پر درہم برہم اُس غریب کا بھی احوال ہے۔ دیوان اس عزیز کا بھرا ہوا نظم کے جمیع اقسام سے ہے۔ یہ اس کے منتخب کلام سے ہے ؎

پیری میں اور بھی ہوئے غافل ہزار حیف — بے اختیار لے گئی ہم کو یہ خواب صبح
ہوئی ہے بسکہ یہ فصلِ بہار دامن گیر — ولہ — چلیں چمن سے تو ہوتا ہے خار دامنگیر
سمجھ کے رکھیو قدم دل جلوں کی تربت پر — مبادا ہو کوئی تیرِ اشرار دامنگیر
آگیا خط پہ سرِ مو نہ گیا ناز ہنوز — ولہ — ہے اسی ڈھب پہ نگاہِ غلط انداز ہنوز
ایک دن رو کو نکالی تھی وہاں کلفتِ دل — ولہ — اب تلک دامنِ صحرا ہے غبار آلودہ

زلیں آئینہ رو ہے طفلِ حجام — ولہ — نہیں بن دیکھے اُس کے دل کو آرام
جو دیکھیں انگلیاں وہ گوری گوری — ولہ — بنا خورشید پانی کی کٹوری
وہ جس کے روبرو ناگاہ آیا — اُسے حیرت نے آئینہ دکھایا
ملا جب آئینہ کو ایسا نائی — بنائی چار ابرو کی صفائی
نہ کھینچے نامۂ مو اُس کی تمثال — کہ وہ ہے عاشقوں کی ناک کا بال
سنے ہی مصحفی اب تو بھی فی الحال — منڈا کر سر کو ہو جا فارغ البال

۷۔ محبّت

محبت تخلص، نواب محبت خاں نام۔ خلف ارشد نواب حافظ الملک حافظ رحمت خاں کے ہیں، حسب و نسب کی طرف سے کثرت شہرت کے باعث نہیں محتاج بیان کے ہیں۔ جوان خوش ظاہر خوش رو ہیں، اور خوش اختلاط و خوش خو، حُسن خلق سے معمور، اور مروت و جوانمردی کے ساتھ

مشہور۔ فقط خوش مزاجی خلقی کے باعث انہوں نے شیوہ سخنوری کا اختیار کیا، اور خوش استعدادی طبعی کے سبب طبع بیگانہ خو کے تئیں لطافت معنی سے یار کیا۔ جمیع اقسام نظم میں انہوں نے طبع آزمائی کی ہے، اور اصلاح سخن کی میرزا جعفر علی حسرت تخلص سے لی ہے۔ معاصرین اپنے میں مشہور ہیں ساتھ خوش بیانی کے، اور روشن طبیعتوں میں شہرت رکھتے ہیں ساتھ روشن زبانی کے۔ قصہ سسی پنو کا فرمانے سے ممتاز الدولہ مسٹر جانسین بہادر کے انہوں نے نظم کیا ہے، اور نام اس مثنوی کا اسرار محبت رکھا ہے۔ بعد نواب حافظ رحمت خاں کی شکست کے، جو لکھنؤ میں آئے، تو اسی ایام سے بس طور بود و باش کی وہیں ٹھہرائے۔ نواب آصف الدولہ مرحوم نے بہت اعزاز و اکرام کیا تھا، اور مشاہرہ بھی معقول کر دیا تھا۔ بالفعل، کہ سنہ ۱۲۱۵ بارہ سو پندرہ ہجری ہیں، اسی شہر میں بود و باش رکھتے ہیں، اور مضامین تازہ کی ہمیشہ تلاش رکھتے ہیں۔ دیوان میں ان کے نظم کے سب اقسام ہیں۔ یہ غزلیں ان کی منتخب کلام ہیں ✦

جب تلک وہ بت خود کام نہیں آنے کا
دل بیتاب کو آرام کو نہیں آنے کا

مجھ کو خطرہ ہے خدا یہ نہ کرے جو اس کا
دیوے قاصد کہیں پیغام نہیں آنے کا

کیا خوشی کیجئے یارو کہ وہ خورشید لقا
صبح آوے گا تو پھر شام نہیں آنے کا

کوئی ڈھب بھی تجھے آتا ہے وفاداری کا ولہ
یا کہ سیکھا ہے یہی شیوہ ستم گاری کا

دیکھا اک جھڑکی میں اے یار کوئی بھی ٹھہرا
کیا ہی اغیار کو دعویٰ تھا تری یاری کا

قید ہو بیٹھے ہوا دونوں جہاں سے آزاد ولہ
میں تو بندہ ہوں محبت کی گرفتاری کا

دشمن کی آنکھ میں بھی پہنچے نہ اے صبا تک ولہ
میرا غبار کیجو برباد اس طرح کا

مذکور جو محفل میں ہوا دوش کسی کا ولہ
سنتے ہی ٹھکانا نہ رہا ہوش کسی کا

شب کہ مجلس بیچ وہ غارت گر ہر خانہ تھا ولہ
تھے جو باہم آشنا ایک ایک سے بیگانہ تھا

جس گھڑی گلدستے تو جلوہ فرمانے لگا ولہ
غنچۂ تصویر بھی خجلت سے مرجھانے لگا

یہ بڑھا دیوانہ پن اپنا کہ ناصح دل ہوا
تھا مرا ہمدرد لیکن مجھ کو سمجھانے لگا

عاشقوں میں مجھے لکھا تو نے — ولہ — آج چہرا مرا بحال ہوا

تیری گلی سے دل افگار جو گیا سو گیا — ولہ — عدم کے کوچہ سے اے یار جو گیا سو گیا

تو اُس کے گھر کو تو ہنستا ہوا چلا اے دل — یہ ہے وہ قہقہۂ دیوار جو گیا سو گیا

دل جو جاتا ہے چلا جائے کہیں مجھ کو کیا — ولہ — اُس کی رسوائی کو کہتا ہوں نہیں مجھ کو کیا

چشم حیراں سے کہاں دل کو ملے لذت دید — مری آنکھیں جو تجھے دیکھ رہیں مجھ کو کیا

منزل اوّل ہے ابھی عشق کی اے تاب و تواں — چھوڑ جاتے ہو تم افسوس نہیں مجھ کو کیا

دل دیں گے رونمائی دستور ہے ہمارا — ولہ — کیا کیجئے یہی کچھ مقدور ہے ہمارا

اللہ رے تکبر سنتا نہیں سخن بھی — یہاں تک وہ بت غیور و مغرور ہے ہمارا

جاتے ہیں جلد پھینکے تو سن کو عمر کے ہم — کیا کیجئے محبت گھر دور ہے ہمارا

غیر کو یاد تو زنہار نہ رکھ اے پیارے — ولہ — بھول جا مجھ کو بھی لیکن یہ مری بات نہ بھول

دیدۂ مانند اشک ہیں ہم چشم خانہ میں — ولہ — اُڑتا ہے اپنا مرغ نگہ آشیانے میں

دل خشک سے کہاں سرشک چشم تر — فوارہ تب چھٹے جو ہو پانی خزانے میں

نزع میں دم ترے پاس آنے کا ہم رکھتے ہیں — ولہ — دم میں دم جبتلک اپنے ہے یہ دم رکھتے ہیں

آپ کچھ غیروں کو چھپ چھپ کے رقم کرتے ہیں — یہ جو جھوٹ ہو دی تو ہم بات قلم کرتے ہیں

سرخیِ اشک کبھی اور کبھی زردیئے رو — ولہ — تو نے اے عشق عجب رنگ دکھایا مجھ کو

بیٹھنے دیوے نہ وہ بزم میں اپنے جو مجھے — ولہ — تو اُٹھا لیجیو اے بار خدایا مجھ کو

سانی گھٹا میں جو برستی نظر پڑی — ولہ — یاد آئی مے وہیں وہیں مستی نظر پڑی

یوسف کی بھی عوض نہ خریدی یہ جنس ہائے — اُس کو متاعِ دل مری سستی نظر پڑی

یا تھا فلک پر اُس کا دماغ اب ہے خاک پر — دل کی عجب بلندی و پستی نظر پڑی

تمنا یار سے جو مہمات کہنے میں نہیں آتی — ولہ — غرض یہ کیا کہوں کچھ بات کہنے میں نہیں آتی

مخمّس

کون سے روز میں سر سنگ سے مارا نہ کیا
پر مرض کا مرے تو نے کبھی چارا نہ کیا
ہجر میں تیرے میں کب جیب کو پارا نہ کیا
درد دل سے تو میں کس رات پکارا نہ کیا
نہ کیا میری طرف تو نے گذارا نہ کیا

یوں ہی آنکلے تھے محفل میں تمہارے ہم تو
مر گئے ہائے اسی رشک کے مارے ہم تو
آپ کے دیکھ چکے سب سے اشارے ہم تو
آ لگے گور کے اس غم سے کنارے ہم تو
تو بھی غیروں سے میاں تم نے کنارا نہ کیا

ساری شب رہتی ہے مجھ میں اور دل میں خوشی
لیک حرف ناز اس کا سن نہیں رہی جی میں جی
وہ گہ اسے میں جام بھر بھر دوں ہوں وہ مجھ کو کبھی
چھیڑتا ہوں جب میں اس کو تب یہ کہتا ہوں بھی
پاس سے ہم تیرے ان باتوں سے اب اٹھ جائینگے

مثنوی

کہی القصہ پھر بندے سے یہ بات
اگر ضائع نہ ہووے اس میں اوقات
تو مضموں کر کے اس قصہ کا معلوم
یہ ہی منشور کر تو اس کو منظوم
یہ بات اتنے لئے تجھ سے کہی ہے
کہ مشق اس کی بہت تجھ کو رہی ہے
تجھے اس عشق کے ہیں کار معلوم
محبت کے ہیں سب اسرار معلوم
پیا ہے تو نے بھی جام محبت
سراپا تو ہے ہم نام محبت
ترے اشعار سن کر سب سخنداں
محبت کا اسے کہتے ہیں دیواں
سراپا کیا لکھوں اس شمع رو کا
کہ تھی وہ حسن کا شعلہ سراپا
عیاں یوں ہوئے سر تھے عنبر آلود
کہ جیسے شمع کے شعلہ پہ ہو دود

دوپٹا چاند تاری کا زری باف — جو اوڑھے تھی کرا پنی پٹیاں صاف
سما ہوتا تھا یوں جیسے فلک پر — شبِ دیجور میں چمکے ہیں اختر
گندھی چوٹی نظر اس شکل آوے — کہ جوں مارِ سیہ لہریں دکھاوے
بہت سے تھا دلوں کا اُس میں مسکن — اچنبا ہے کہ اک سانپ اور کئی من
نگہ بدرِ فلک کی اُس جبیں پر — اک ابرِ سیہ جیسے ہو مُنہ پر
دو دندان آب دار اُس سیم بر کے — کہ سورخ اُن سے ہیں دل میں گہر کے
کروں کیا خوبیِ لب کی میں تقریر — قیامت اُس پہ تھی مسی کی تحریر
تبسم میں نظر اس رنگ وہ آئی — کہ غنچہ جیسے نافرماں کا کھل جائے
زباں کھولوں اگر وصفِ دہاں پر — سخن ہو جائے گم میری زباں پر
کوئے کیا کیا جھکا دے عشق اُس آہ — جیسے چاہِ زنخ کی اُس کے ہو چاہ
نہیں گردن کی کچھ تعریف ہوتی — وہ ہے گویا صراحی دار ہوتی
حنا سے سرخ تھا یوں پنجۂ ماہ — کہ جوں خوش خط لکھیں سُرخی سے اللہ
بھلا دوں کس سے نسبت ان کچوں کو — جو میداں حسن کے سے لے گئی گو
عیاں وہ گلشنِ خوبی میں ہیں یوں — کہ جیسے دو انار اک شاخ میں ہوں
اگر دیکھے اُنہیں نامرد ذاتی — عجب کیا وہ بھی اپنی کوٹے چھاتی
جو وصف اُس ساق سیمیں کا سنے ہو — بہ حسرت شمع رو رو سر دُھنے ہے
قدِ موزوں وہ جب اپنا دکھا جائے — اور اُس کے فندق پا تک نظر آئے
تو حیرت سے ہوں یہ سب کو پر یکھے — بنِ شمشاد میں غنچے نہ دیکھے
جھنک خلخال کی تھی کیا قیامت — کہ ہر سو جس سے برپا تھی قیامت
جو ہو تک فرش گل برگرمِ رفتار — رگِ گل پشتِ پا سے ہو نمودار

۸۔ منّت

منّت تخلص، میر قمرالدین نام۔ شاہ جہان آبادی۔ سلسلہ ان کے نسب کا ماں کی طرف سے سیّد جلال بخاری کو پہنچتا ہے۔ وہ سیّد جلال جن بیٹے تھے سیّد عضد یزدی کے جن کا احوال مفصل تذکرہ کاشی میں لکھا ہے۔ قرابتوں کی تقریب اور پیوندوں کے سبب سے تربیت منّت مذکور نے شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کے گھرانے میں پائی ہے، اور کیفیت راہ طریقت و معرفت کی فخر العارفین مولوی فخرالدین قدس سرہٗ کی خدمت سے اُٹھائی ہے۔ عقدے فن شعر و شاعری کے میر شمس الدین فقیر تخلص کی فیض صحبت سے ان پر کھلے، اور میر نورالدین نوید تخلص کی برکت مجالست سے دقیقے مستی و چستی نظم کے طے ہوئے۔ صفائی بندش و حسن بیان میں فی الحقیقت اُستاد، اور موشگافی معنی میں قلم اس کا رشک خامۂ بہزاد۔ زبان فارسی میں کلک عنبر سلک نے ان کے بہت کچھ لکھا ہے۔ نظم و نثر ملا کے قریب لاکھ بیت کے کلیات ان کا ہے۔ مثنویاں متعدد انہوں نے کہیں، اور کتابیں بیشتر تالیف کیں۔ چنانچہ شکرستاں کر کے ایک نسخہ اس شیریں مقال کا بطور گلستاں کے مشہور ہے، اور جواب اگر گلستاں کا کہیں تو کیا مقدور ہے۔ سنہ ۱۱۹۱ گیارہ سو اکانوے ہجری میں ویرانی شاہ جہان آباد کے باعث لکھنؤ میں ان کا آنا ہوا، اور میر محمد حسین فرنگی لقب کی بارفروشی کے سبب مشتاق ان کا وہاں ایک زمانہ ہوا۔ بعد چندے مربی گری سے میر مذکور کے ممتاز الدولہ مسٹر جانسین بہادر کی سرکار میں توسل انہوں نے حاصل کیا، اور رفاقت میں صاحب مذکور کی کلکتے آکر عماد الدولہ گورنر مسٹر ہشٹن جلادت جنگ بہادر کی اعانت کے باعث پیشگاہ نظامت سے صوبہ بنگ کے خطاب ملک الشعرا کا لیا۔ بعد ایک مدت کے رفیق یہ مہاراجہ ٹیکیٹ رائے کے ہوئے، اور چند ایام زندگی کے اپنے طور پر بسر کئے۔ سنہ ۱۲۰۶ بارہ سو چھ ہجری میں نواب سرفراز الدولہ میرزا حسن رضا خاں بہادر اور مہاراجہ ٹیکیٹ رائے واسطے کچھ سوال و جواب معاملات کے لکھنؤ سے کلکتے جو تشریف لائے، تو میر قمرالدین منّت بھی ساتھ آئے۔ ایک تین چار روز تپ محرق ان کو عارض ہوئی، اور بغیر جان کے لئے وہ تپ نہ گئی۔ چنانچہ کلکتہ اس سیّد غریب الدیار کا مدفن ہوا۔

اور تا رستخیز قیامت وہی مسکن ہوا۔ یہ خلاصۂ افکار اُس منتخبِ روزگار کا ہے ؎

خشک نالے ہو گئے بہنے سے دریا تھم رہا
چشم میں اپنے نہیں اک عمر سے کچھ نم رہا

مے کدہ سے ٹل گئے اہلِ ہوس پی پی کے جام
انگبیں وہ ہوں کہ اس پیرِ مغاں میں جم رہا

کوتہی اُس کی زلف سے دستِ صبا ہنوز — ولہ
عقدہ ہوا یہ دل کا ہمارے نہ وا ہنوز

گل نکلتے ہیں زمیں سیتی برنگِ شعلہ — ولہ
کون دل سوختہ جلتا ہے تہ خاک ہنوز

گر نقش دوئی مٹائیں گے ہم — ولہ
سچ کہیو کہ کیا کہائیں گے ہم

مصری سے وہ ہونٹ نک دکھاوے
کچھ گھول کے پی نہ جائیں گے ہم

اس آنے کا کچھ بھی لطف پیارے
ہر دم جو کہو کہ جائیں گے ہم

آئینۂ دل جو تھا وہ ٹوٹا
کیا اب تمہیں منہ دکھائیں گے ہم

سو کوہِ آتشیں کو چھاتی سے پیلتے ہیں — ولہ
کچھ عاشقی نہیں ہے ہم جی پہ کھیلتے ہیں

دل ہم ستم زدوں کا ہے واجب الترحم
اس نیم قطرہ خوں پر سو زخم جھیلتے ہیں

خوانِ کرم پہ تیرے ہے سیر ایک عالم
ہم بے نصیب اب تک پاپڑ ہی بیلتے ہیں

منت ایسے کو دل دیا تو نے — ولہ
اے مری جان کیا کیا تو نے

مدعی اس سے سخن ساز بہ سالوسی ہے — ولہ
پھر تمنا کو یہاں مژدۂ پابوسی ہے

ہے مری طرح جگر خون ترا مدت سے
اے حنا کس کی تجھے خواہشِ پابوسی ہے

تہمتِ عشق عبث کرتے ہیں مجھ پر منت
ہاں یہ سچ ملنے کی خوباں سے تو اک خوسی ہے

کوئی اس بدمزاجی پر تمہارے پاس کیا بیٹھے — ولہ
اودھر تک ہم نے دم مارا اُدھر تم منہ بنا بیٹھے

یہیں سے ہمرہانِ قافلہ اپنی تو رخصت ہے
کہ اس وادی میں ہم تو ضعف سے جوں نقش پا بیٹھے

کھڑے رہیے جو اُس کی بزم میں تو یوں لگے کہنے — قطعہ
دُکھاتا ہے یہ اپنے پاؤں کیوں ناحق کھڑا بیٹھے

جو اتنی بات سُن کر بیٹھ جاویں تو لگے کہنے
ہنسی سے کہتے ہی اک بات کے بس آپ آ بیٹھے

نہ آوے باز یہ بندہ تو منت بد کہانے سے
تکلف برطرف گر ساتھ اُس بت کے خدا بیٹھے

کہاں ہم کو غرض غم دل رو ہے — ولہ — گرہ زیر لب غنچۂ آرزو ہے
قدم رکھ گیا کون سینہ پر اپنے — گل داغ میں آج مہندی کی بو ہے
سنا تا تھا میں حال دل اس کو منت — کہا چل بے یہاں سے یہ کیا گفتگو ہے

آہو سے تری چشم کی کب چھوڑیں یہ تشبیہ — جب تک کسی ساغر کو تو آنکھیں نہ دکھاوے
اٹھ جائے کسی کے جو دل صاف سے پردا — پھر آئینہ دنیا میں کبھو منہ نہ دکھاوے
بندے کو خدا کے نہیں جز دل شکنی کام — ولہ — کیا سنگ ہے دل شیخ کا اللہ سے پاوے

منت یک بار عشق سے توبہ کر — رباعی — چار و نا چار عشق سے توبہ کر
اب تک مردود دین و دنیا رہنا — آجانے دے یار عشق سے توبہ کر
منت جوں شمع دل جلا جاتا ہے — دیگر — رو کا کب غم کا ولولا جاتا ہے
کیا جانئے کیا خلش ہے سینہ میں آج — ہر سانس کے ساتھ جی چلا جاتا ہے
منت اے جان ان بتوں کو مت پوج — دیگر — مت کھو ایمان ان بتوں کو مت پوج
ان باتوں پر پتھر پڑیں تیری ظالم — اللہ کو مان ان بتوں کو مت پوج

باب النون

۱۔ ناجی

ناجی تخلص، نام اس کا محمد شاکر تھا۔ شاہ جہان آبادی۔ شاہ نجم الدین آبرو تخلص کا معاصر تھا مجمع شعرا فردوس آرام گاہ کے وقت میں اس نے شہرت پائی ہے، اور بطور قدما کے طرز ابہام میں کرتا طبع آزمائی ہے۔ خوش طبعی اور ظرافت سے بیشتر سروکار رکھتا تھا، اور عالم کی ہجو کرنا شعار رکھتا تھا۔ شیوۂ قدیم میں صاحب دیوان ہے، اور وضع سابق میں شاعر خوش بیان ہے لیکن از بسکہ غیر مروج طرز ابہام ہے، کلام ان کا نامقبول طبائع خاص و عام ہے۔ یہ منتخب اوراق اس کہنہ مشاق کا ہے۔

قوس قزح سے چرچا کرتا ہے تجھ بھوان کا — شاید کہ پھر ہرا ہے اب پھر کر آسمان کا

نہ پوچھو خود بخود عارض خورشید کی خوبی — ولہ — لیا ہے داد حسن ماہ رویوں سے کر چندہ
مجھ کو باتوں میں لگا معلوم نہیں کیا کیا کیا — ولہ — لے چلا جی کے تئیں منہ دیکھتا میں رہ گیا
تری نگاہ کی کثرت سے اے گماں ابرو — ولہ — ہمارے سینہ میں تو دا ہوا ہے تیروں کا

مت کر آزاد دام زلف سے دل — ولہ — بال باندھا غلام ہے تیرا
سخن سن اس بت کافر ادا کا — ولہ — جیا ہوگا کوئی بندہ خدا کا

رنگ تیرا گندمی دیکھا اور بدن مخمل سا صاف — ولہ — ہوش کھو کر آدمی بھولے ہیں اپنی خورد و خواب

دی ہے دریا اور پر مجھے مچھی — ولہ — لا اتارا ہے میں اسے کس گھات
محبت سوں علیؑ کی دیکھ ناجی — ولہ — ہوا ہے دل مرا اب حیدر آباد

کیا رجوع بغل میں لوں اس سرو قد کے تئیں — ولہ — بالا بتاؤں خضر کی عمر ابد کے تئیں
عاشق کو روتے دیکھ چڑھا مت بھوں کے تئیں — ولہ — برسات میں اتار رکھے ہو کماں کے تئیں

زلف کیوں کھولتے ہو دن کو صنم — ولہ — گھر دکھایا ہے تو مت رات کرو

ہو غرض ملنے میں نہ الفت کچھ اس بے درد کو — ولہ — پوچھتا ہے کان زر عاشق کے رنگ زرد کو
غم نہیں گر دل ہی دل کو لے جاتا ہے وہ — ولہ — پاس میرے تب تو آتا ہو جو دل پاتا ہو وہ
ان بتوں کو ہم فقیروں سے کہو کیا کام ہو — ولہ — یہ تو طالب زر کے ہیں اور یہاں خدا کا نام ہے
وظیفہ راگنی کے سر میں زاہد کف سے مت پڑھ — ولہ — نہیں تسبیح تیرے ہاتھ میں یہ راگ مالا ہو
ہوا جب آئینہ میں جلوہ گر میں تب لیا بوسا — ولہ — جو آیا اپنے قابو میں تو پھر منہ دیکھنا کیا ہو
انا الحق بولنے لگتا ہو اس کے زخم کا بسمل — ولہ — کٹاری آبدار اس شوخ کی منصور خانی ہو

اس کے رخسار دیکھ جیتا ہوں — ولہ — عارضی میری زندگانی ہے
تصور سی ترے رخ کے گئی ہو نیند آنکھوں سے — ولہ — مقابل جس کے ہو خورشید کیونکر اس کو خواب آوے

۲- نعیم

نعیم تخلص، نعیم اللہ نام، بہ وطن شاہ جہان آباد کا معاصر محمد حاتم حاتم تخلص کا تھا۔ چنانچہ اکثر شاعروں میں گفتگوئیں طنز و ایما کی ان کے درمیان آئیں ہیں، اور مکرر غزلیں انہوں نے باہم لڑائیں ہیں۔ ایک دن محمد حاتم نے مشاعرے میں یہ غزل پڑھی، اور مطلع میں غزل کے طنز محمد نعیم پر کی ؎

جس دن سے کوئے یار کا حاتم مقیم ہے	بدتر اسے خزاں سے بہار نعیم ہے

جب دورہ پڑھنے کا محمد نعیم تک پہنچا تو انہوں نے بھی مطلع غزل یہ پڑھا ؎

طلب نہ ہو تو سلیماں کی کچھ بھی خاتم ہے	لب سوال نہ ہووے تو ہیچ حاتم ہے

غرض نعیم مذکور نے مرتے دم تک دلی نہ چھوڑی، اور شاہ جہان آباد ہی میں سیر جنت النعیم کی کی۔ ایک دیوان مختصر زبان ریختہ میں اُس کہن اُستاد سے ہے۔ یہ اُس کے طبع زاد سے ہے ؎

اس وقت تک اے یار دو گفتار نہ کیجے گا		اُس فتنۂ عالم کو بیدار نہ کیجے گا
احوال سِرا سُن کے کہنے لگا وہ ظالم		اب جائیے بس زیادہ تکرار نہ کیجے گا
خیال کر کے ترے مو کمر کو روتا ہوں	دلہ	وہ کیوں نہ رووے پڑی جسکے بال آنکھوں میں
دیکھ آئینہ خانے میں گر تجھ کو نہیں باور	دلہ	تجھ سے تو جہان میں بھی دلدار بہت ہوں گے

باب الواو

۱- ولی

ولی تخلص، شاہ ولی اللہ نام، دکھنی۔ وطن بزرگوں کا اس کے گجرات ہے۔ شاعر بلند مقام تھا۔ اول زبان ہندی میں دیوان اس عزیز نے جمع کیا ہے۔ اور نظم ریختہ کو سرزمین دکھن میں رواج اس نے دیا ہے۔ شعراء دکن میں مشہور و ممتاز ہے، اور اپنے معاصروں میں سربلند اور سرفراز۔ عالمگیر بادشاہ کی سلطنت میں ہندوستان کی طرف آیا، اور میاں گلشن کے فیض خدمت سے فائدہ انواع

واقسام کا اُٹھایا۔ خوب خوب داد تلاش معنی کی دی، آخر اس بیت بے معنی وجود سے راہ کاشانۂ عدم کی لی۔ یہ اشعار اُس سربلند افکار کے ثبتِ جریدۂ روزگار ہیں ✦

پھر میری خبر لینے کو صیاد نہ آیا — شاید کہ اُسے حال مرا یاد نہ آیا
بلبل و پروانہ کرنا دل کے تئیں — ولہ — کام ہے تجھ چہرۂ گل نار کا
آرزوئے چشمۂ کوثر نہیں — تشنہ لب ہوں شربتِ دیدار کا
گذر ہے تجھ طرف ہر بوالہوس کا — ولہ — ہوا دھاوا اٹھائی پر یکس کا
صحن گلشن میں جب خرام کیا — ولہ — سروِ آزاد کو غلام کیا
پھرتے ہیں سیہ مست ہو شمشیر نظر لے — ولہ — بن بندان انکوں کو پکڑ کون سکے گا
ہے نقش کناری کا ترے جامہ کے اوپر — دامن کو ترے ہاتھ لگا کون سکے گا

جب تجھ عرق کے وصف میں جاری قلم ہوا — ولہ — عالم میں اُس کا ناؤ جواہر رقم ہوا
نقطہ پہ تیرے خال کے باندھا ہی جس نے دل — وہ دائرے میں عشق کے ثابت قدم ہوا
خدائے مُنہ پہ ترے بابِ حُسن باز کیا — ولہ — قدِ بلند کو تیرے تمام ناز کیا
تخت جس بے خانماں کا دشت ویرانی ہوا — ولہ — سر اوپر اُس کے بگولا تاجِ سلطانی ہوا
حُسن تھا پردہ تجرید میں سب سے آزاد — ولہ — طالبِ عشق ہوا صورت انسان میں آ
حاکمِ وقت ہے تجھ گھر میں رقیب بدخو — دیو مختار ہوا ملکِ سلیمان میں آ
بسکہ مجھ حال سوں ہمسر ہے پریشانی میں — درد کہتی ہے مرا زلف ترے کان میں آ

شغل بہتر ہے عشق بازی کا — ولہ — کیا حقیقی و کیا مجازی کا
ہر زباں پر ہے مثل شانہ مدام — ذکر تجھ زلف کی درازی کا
دل صد پارہ تجھ پلک سوں بندھا — ولہ — خرقہ دوزی ہے کام سوزن کا
آیا ہے نقل لینے ترے منہ کی تاب کی — ولہ — تا رخطوط سیتی بنا مسطر آفتاب کی
بجا ہے گر شہیدِ سرو قد کو — ولہ — بناویں چوب سے طوبےٰ کی تابوت

نکلا ہے بے حجاب ہو بازار کی طرف ولہ ہر بوالہوس کی گرم ہوئی ہے دکان آج
کیا ہے وفا مرے دردِ سر کو رونے نے ولہ ہوا ہے حق میں مرے خون دیدہ صندلِ سرخ

رحم بے جا ستم برابر ہے ولہ تو رقیباں اوپر کرم مست کر
جو آیا مست ساقی جام لے کر ولہ گیا یکبارگی آرام لے کر
میں اُس کو جوں نگیں کرتا ہوں سجدہ جو کوئی آتا ہے تیرا نام لے کر
میں نہ جانا تھا کہ تو نادان ہے ولہ دل دیا تھا تجھ کو دانا بوجھ کر
ہوں گرچہ خاکسار ولے از رہِ ادب ولہ دامن کو تیرے ہاتھ لگایا نہیں ہنوز
لبِ دلبر پہ جلوہ گر ہے خال ولہ حوض کوثر پہ جوں کھڑا ہو بلال
صنم کے لعلِ لب وقتِ تکلم ولہ رگِ یاقوت ہے موج تبسم
نہ جا آنکھوں میں۔ آ مجھ دل میں اے شوخ ولہ کہ ہے خلوت میں اُس کی خوفِ مردم
ملک ولی کو صنم گلے سے لگا ولہ تجھ کو ہے بندہ پروری کی قسم
اُس کی دہنِ تنگ کی تعریف کو میں نے ولہ صنعت ہے ولی دیدۂ عنقا پہ لکھا ہوں

خوبیِ اعجازِ حسنِ یار گر انشا کروں ولہ بے تکلف صفحۂ کاغذ بیضا کروں
کیا کہوں تجھ قد کی خوبی سرو عریاں کے حضور خود بخود رسوا ہے اُس کو اور کیا رسوا کروں
سر کروں جب وصف تیرے جامۂ گل رنگ کا جامہ زیبوں کو بہ رنگِ جامۂ دیبا کروں
رات کو آؤں اگر تیری گلی میں اے حبیب زیورِ لب ذکر سُبْحَانَ الَّذِیْ اَسْرٰی کروں
آرزو دل میں یہی ہے وقت مرنے کے ولی سروِ قد کو دیکھ سیرِ عالمِ بالا کروں
یک بار اگر بات مری گوش کرے تو ولہ ملنے کو رقیبوں کے فراموش کرے تو
غیرت سے کرے چاکِ گریباں دلِ پُرخوں گر گل کی حمائل کو ہم آغوش کرے تو
اے جانِ ولی وعدۂ دیدار کو اپنے ڈرتا ہوں مبادا کہ فراموش کرے تو
ایسے نصیب میرے کہاں ہیں ولی کہ آج ولہ اُس گل بدن کو اپنے گلے ہار کر رکھوں

خوش قداں دل کو بند کرتے ہیں ۔ ولہ ۔ نام اپنا بلند کرتے ہیں

اے سامری تو دیکھ مری ساحری کے تئیں ۔ ولہ ۔ شیشہ میں دل کو بند کیا ہوں پری کے تئیں

صحبت غیر میں جایا نہ کرو ۔ ولہ ۔ دردمندوں کو کڑھایا نہ کرو

اِک دل نہیں آرزو سے خالی ۔ ولہ ۔ برجا ہے محال اگر خلا ہے

کیونکہ کپڑے رنگوں میں تجھ غم سے ۔ ولہ ۔ عاشقی میں لباس ہوتا ہے

رہیں گے خاک ہو تیری گلی میں ۔ ولہ ۔ وفاداری ہماری اس قدر ہے

دیکھنا تجھ قد کا اے نازک بدن ۔ ولہ ۔ باعثِ خمیازۂ آغوش ہے

اب خلاصی عشق سے ممکن نہیں ۔ دامِ دل زلفِ دوتا می پوش ہے

نشہ بخش عاشقاں وہ ساقیِ گلفام ہے ۔ ولہ ۔ جس کی آنکھوں کا تصور بیخودی کا جام ہے

مفلسی سب بہار کھوتی ہے ۔ ولہ ۔ عشق کا اعتبار کھوتی ہے

ترا منہ مشرقِ حسن انوری جلوہ جمالی ہے ۔ ولہ ۔ لبیں جامی جبیں فردوسی و ابرو ہلالی ہے

مت تصور کرو مجھ دل کو کہ ہرجائی ہے ۔ ولہ ۔ چمن حسنِ پریرو کا تماشائی ہے

گُل رخاں کیوں نہ کہیں تجھ کو سکندر طالع ۔ جلوہ گر بر میں ترے جامۂ دارائی ہے

شیخ مت گھر سوں نکل آج تو خوباں کے حضور ۔ گول دستار ترا باعثِ رسوائی ہے

اے ولی رہنے کو دنیا میں مقامِ عاشق ۔ کوچۂ یار ہے یا گوشۂ تنہائی ہے

دل چھوڑ کے یار کیونکہ جاوے ۔ ولہ ۔ زخمی ہو شکار کیونکہ جاوے

چھوڑا اے شوخ طرزِ خودکامی ۔ ولہ ۔ مست ہو ہر دیدہ باز کا دامی

جب تک نہ ملے شرابِ دیدار ۔ ولہ ۔ آنکھوں کا خمار کیونکہ جاوے

تجھ لب و زلف کے تماشے کو ۔ ولہ ۔ چل۔ کہ آئے ہیں مصری و شامی

۲-ولی

ولی تخلص، میرزا محمد ولی نام، متوطن شاہجہان آباد کے تھے، پیر شاہ اسرار اللہ صاحب ارشاد کے۔ علی ابراہیم خاں مرحوم نے گلزار ابراہیم میں لکھا ہے احوال اُس خجستہ کردار کا کہ "جوانِ آزادِ حال اور دوست ہے اس خاکسار کا۔ سنہ ۱۱۹۴ھ گیارہ سو چورانوے ہجری میں بلدۂ مرشد آباد کے اندر جائے قرار رکھتے تھے، اور بیشتر شغل اشعار، زبان ریختہ میں انہوں نے بہت کچھ کہا ہے، اور دیوان بھی ان کا منتظم ہوا ہے"۔ یہ منتخب افکار اُس ستودۂ اطوار کا ہے ✦

نشۂ مے سے مرا پژمردہ دل گلشن ہوا — یہ چراغِ مردہ فیضِ آب سے روشن ہوا

دل تجھے منظور ہو اُس کا اگر دیکھنا — ولہ — جان سے دھو ہاتھ کو تب تو اِدھر دیکھنا

زلف کو ہے کھولتا اپنے وہ منہ پر ولی — ملتی ہے آپس میں اب شام و سحر دیکھنا

آہ کا اُس کو کچھ اثر نہ ہوا — ولہ — میرے اس نخل میں ثمر نہ ہوا

بے کسی پر مری کسے کوئی — ولہ — تجھ بن اے نالہ نوحہ گر نہ ہوا

صحبتِ نیکاں کرے دل میں بدوں کے کیا اثر — ولہ — قند کب شیریں کرے ہوئے اگر بادام تلخ

کیا تمنا اُس شکر لب سے تو رکھتا ہے ولی — ہوگیا فرہاد کا شیریں سے آخر کام تلخ

تھی آشنا نہ تیغ سے اُس کی کمر ہنوز — ولہ — ہم تب سے ہاتھ پر لئے پھرتے ہیں سر ہنوز

آنکھیں بھی انتظار میں پتھرا گئیں ولی — قاصد پر اُس صنم کی نہ لایا خبر ہنوز

میری زبانِ تر سے نہ ہو تازہ کام خشک — ولہ — کب سیر آب تیغ سے ہووے نیام خشک

کبھی جو زلف اُٹھاوے تو منہ نظر آوے — ولہ — اسی اُمید میں گذری ہے صبح و شام ہمیں

زندگی کی اُس نے کچھ لذت ولی جانی نہیں — ولہ — جس کے دل میں دردِ عشقِ دلبرِ جانی نہیں

چاہے کیونکر کہ یہ جی تن سے نکل جائے کو — ولہ — پھر نہ آیا جو گیا اُس کی خبر لانے کو

عیاں گر کروں دل کے سوز نہاں کو — ولہ — لگے آگ جوں شمع میری زباں کو

کبھی درد کی چاشنی کو نہ بھولے — ہما کھا وے میرے اگر استخواں کو
حد سے زیادہ رشتۂ الفت ہے مختصر — ولہ — ایسا نہ ہو کہ اس میں پڑے اب جدا گرہ
ہجر کی مارے ہی ڈالے ہے شبِ تار مجھے — ولہ — کب دکھاوے گا خدا صبح رخِ یار مجھے
دانۂ خال دکھا کر کیا تو نے صیاد — زلف کے دام میں آخر کو گرفتار مجھے

جس جگہ عشق رخش تاختہ ہے — ولہ — وہاں رستم حواس باختہ ہے
نگہِ گرم سے پری رو کے — شیشۂ دل مرا گداختہ ہے
جو اُس لعل میگوں سے مدہوش ہووے — ولہ — اُسے ہر دو عالم فراموش ہووے
بندِ قبا چمن میں جو وہ یار وا کرے — ولہ — لے برگ گل کو ہاتھ میں پنکھا صبا کرے

بابُ الہاءِ

۱- ہدایت

ہدایت تخلص۔ شیخ ہدایت نام اس مرد کا ہے۔ شاہ جہان آبادی۔ معتقد اور شاگرد خواجہ میر درد کا ہے۔ ایک مثنوی انہوں نے بنارس کی تعریف میں بہت خوب لکھی ہے۔ اور داد مضمون تراشی کی دی ہے۔ شاعر فصیح بیان ہے، اور ناظم شیریں زبان۔ دیوان مختصر زبان ریختہ میں طبع زاد سے اس کے ہے، اور گم شدگانِ راہ معنی کو بیشتر ہدایت اس کہن اُستاد سے ہے۔ یہ منتخب کلام اس شاعر بلند مقام کا ہے ؎

جب لوں ہوں ترا نام ٹپک پڑتا ہے آنسو — جس طرح کہ سمرن کا ڈھلک جاتا ہے منکا
جسے کہ زلف سیہ نے تری ڈسا ہوگا — ولہ — غرض وہ مر ہی گیا ہوگا کیا جیا ہوگا
جوں غنچہ ترے وصف میں ہوں سر بہ گریباں — ولہ — ہے منہ میں زباں پر نہیں مقدورِ سخن کا
نہ رحم اُس کے ہے جی میں نہ دل میں اپنے صبر — ولہ — ہماری گذرے گی کیونکر الٰہی کیا ہوگا
ہو گیا ہوں میں زرد جوں خورشید — ولہ — ظاہرا وقت ہے اخیر مرا
تمام صبر و دل و دیں تو یار لوٹ گیا — ولہ — نہ خلفِ وعدہ کیا پر ترا نہ جھوٹ گیا

بلا ہی زور ہے اس دخترِ رز کا اے ساقی
خمار جس کا مرے ہاتھ پاؤں کوٹ گیا

ملا ہے جا کے یہ آخر کو سادہ رویوں سے
اگرچہ آئینہ تھا دل پہ ہم سے چھوٹ گیا

ہے آدمی کو بھی قیدِ حیات اک زنداں
کسی نے خوب کہا ہے مواسو چھوٹ گیا

آتش سے داغِ دل کی سراپا میں جل گیا
ولہ
گلزار پھولے کیا کہ بدن سارا پھل گیا

رووے ہے کیا جوانی پہ اپنی کہ بے خبر
شب کیا گذر گئی ہے کہ اب دن بھی ڈھل گیا

لب پر ہزار حرفِ شکایت کا تھا ہجوم
مکھڑے کو دیکھتے ہی پہ کچھ دل بہل گیا

ہر لختِ دل سے گلے کا مرے ہار ہو گیا
ولہ
گل تھا پر اپنی چشم میں یہ خار ہو گیا

ہے کس کے جی میں خواہشِ سیرِ چمن یہاں
سینہ تمام داغوں سے گلزار ہو گیا

آیا ہوں تنگ کشمکشِ دامِ زلف میں
یارو میں کس بلا میں گرفتار ہو گیا

بوسہ طلب کیا تھا فقط اور کچھ نہیں
میں اتنی بات کہتے گنہگار ہو گیا

کچھ ان دنوں ہے حال ہدایت ترا تباہ
کیوں میری جان کیا تجھے آزار ہو گیا

عالم کو تیری چشم نے بیہوش کر دیا
ولہ
جس کی طرف نظر گئی مدہوش کر دیا

جاتا رہا ہوں آپ بھی میں اپنی یاد سے
کیا جانئے کہ کس نے فراموش کر دیا

مجلس میں اس کی رات ہدایت نے سوز دل
یہاں تک کہا کہ شمع کو خاموش کر دیا

نے جم رہا جہاں میں نہ یہ جام رہ گیا
ولہ
مردوں کا اس جگہ میں مگر نام رہ گیا

کوئی پھرا نہ ملکِ عدم سے تو اب تلک
پایا جہاں کسو نے کچھ آرام رہ گیا

دیکھا جو تیرے چشم و دہن کو تو شرم سے
منہ اپنا لے کے پستہ و بادام رہ گیا

آتی ہے آج تجھ سے تو کچھ اور بو نسیم
رات اس چمن میں کون گل اندام رہ گیا

کیا دن تھے وہ بھی آہ ہدایت کہ جن دنوں
راتوں کو اپنے پاس وہ گل فام رہ گیا

مدت ہوئی ہے اب تو ملاقات بھی نہیں
آنے سے بلکہ نامہ و پیغام رہ گیا

اک دن بھی مہربان نہ وہ بے وفا ہوا
ولہ
اے آہ و نالۂ سحری تم کو کیا ہوا

ہر ایک دانۂ انگور یہاں شراب ہوا — ولہ — دلے یہ آبلہ اپنا نہ کامیاب ہوا

نہ صحنِ باغ میں لگتا ہے جی نہ صحرا میں — ہوا ہوں آہ میں یارب کس انجمن سے جدا

دیکھ اُس کی چشمِ مست کو دل تو بہک گیا — ولہ — بس میری جان وہی پیالوں میں چھک گیا

دیکھا نہیں ہے ہم نے ہدایت کو ان دنوں — شاید کسی جگہ پہ دل اُس کا اٹک گیا

عشق میں خوباں کے ہے طرز ستمگاری بہت — ولہ — آہ دلداری ہے کم یہاں اور آزاری بہت

مار ڈالا ہند کے کافراداؤں نے ہمیں — حُسن میں ان کے نمک اور طرح داری ہے بہت

نہ ملے کار رواں سے ہم اے وائے — ولہ — گرچہ کتنا جرس پکار رہا

یار ہے ہم میں ہدایت جلوہ گر — ولہ — جس طرح ہو گوہر یکتا میں آب

پر نہیں معلوم ہرگز آپ کو — آب میں دریا ہے یا دریا میں آب

تیری زلفوں کی کچھ چلی تھی بات — ولہ — روتے روتے ہی گذری ساری رات

دل تو سمجھائے سمجھتا ہے کبھو — ولہ — پر ہدایت چشم تر کا کیا علاج

کٹتی ہی نہیں یہ ہجر کی شب — ولہ — یارب کیا آج سو گئی صبح

تو نے گر قتل کیا ہم کو صنم خوب کیا — ولہ — ہاں میاں سچ ہے کہ ایسے ہی گنہگار تھے ہم

قیس دوں مر گیا فرہاد کی وہ شکل ہوئی — آہ اس کوہ و بیاباں میں کئی یار تھے ہم

تم نہ فریاد کسی کی نہ فغاں سنتے ہو — ولہ — اپنے مطلب ہی کی سنتے ہو جہاں سنتے ہو

عصا لے ہاتھ آئی سُن تجھے گلشن میں آئی ہے — ولہ — یہ نرگس باوجود اس کے کہ ہے معذور آنکھوں سے

چھپی مسک رہی ہے اور آنکھیں ہیں رسمی — ولہ — سچ کہیو ہم سے رات پیارے کہاں رہے

کرتا نہیں ہے جانے کو دل کوئے یار سے — گو اس میں جی رہے نہ رہے ہم تو یہاں رہے

کیا خاک کو مری کہیں گلشن میں جا نہ تھی — ولہ — پر چشم تجھ سے ہائے مجھے یہ حیا نہ تھی

سیر چمن ہوا مے و صحبت و طرح — ایسی گئی کہ ہم سے گویا آشنا نہ تھی

گلشن و دوستی کے میں دیکھا چمن چمن — جز بوئے خونِ دل کہیں بوئے وفا نہ تھی

ضعف سے بیٹھا میں جوں نقشِ قدم تو کیا ہوا — ولہ — گرد باد آسا مری طینت میں ہے آوارگی
ہوتے جب صد عیش و عشرت ہم کو تیرا دید ہے — ولہ — مل گئے جس دن گلے تیرے اُسی دن عید ہے

دل مرا کیوں کر ہو غافل گور سے — ولہ — گھر نظر آتا ہے اپنا دور سے
آنکھ سے آنسو کبھو تھمتا نہیں — چشم بھی کیا کم ہے یہ ناسور سے
دل نہ کر تو شکوۂ جورِ بتاں — فائدہ کیا یار اس مذکور سے
گر نت یہی جور اور جفا ہے — ولہ — بندے کا بھی اے بتاں خدا ہے
غرض یہی ہے مجھے اشک کے بہانے سے — کہ مہرباں ہو وہ یارب کسی بہانے سے
بزنگِ اشک اُسے آبرو ہے دنیا میں — جو اپنے گھر میں ہے محفوظ آب و دانے سے
وہ کیا کرے کہ محبت کا اقتضا ہے یہی — وگرنہ فائدہ اُس کو مرے ستانے سے
کہیں جو مہر و وفا ہو جہاں میں یا اخلاص — الٰہی اُٹھ گئی یہ رسم کیا زمانے سے
میں چھوڑتا ہوں کوئی اُس کو مثلِ طوقِ درّ — یہ سر لگا ہے مرا اُس کے آستانے سے
آنکھوں نے تری جس کے تئیں مست کیا ہے — ولہ — وہ شورِ قیامت ستی ہشیار نہ ہووے
آتا ہے مجھے رحم ترے حال پہ زاہد — اے وائے اُس اوپر کہ جو مے خوار نہ ہووے
کیا کہوں تجھ سے ہدایت کہ مری شام و سحر — ولہ — یاد میں زلف و رخِ یار کے کیونکر گذری
دن گذرتا ہے مجھ روزِ قیامت سے دراز — رات گذری تو شبِ مرگ سے بدتر گذری
پختہ مغزانِ جنوں سے ہر کسی کو جنگ ہے — ولہ — جو ثمر پکا سو پامالِ جفائے سنگ ہے
عشق نے تیرے مجھ یہاں تک کیا ہے ناتواں — تا بہ لب آتا نفس کو راہ صد فرسنگ ہے
ان دنوں کچھ تو ہدایت ہو گیا ہے زرد سا — ظاہرا عاشق کسی پر ہے ترا کیا رنگ ہے
صدقے ترے گلعذار جی سے — ولہ — اک جی سے ہیں کیا ہزار جی سے
کھٹکے ہے تری مژہ ہر اک وقت — نکلا نہ کبھو یہ خار جی سے
گھر سے نکلے ہے تو جی ساتھ نکل جاتا ہے — ولہ — کوئی قامت ہے کہ یہ آہ دلِ محزوں ہے

زلفِ کج منہ اوپر جو چھوڑی ہے	ولہ	کیا یہ صید ہے نکلتا تھوڑی ہے
چشمۂ خوں ہے دامنِ دریا		آستیں کس نے یاں نچوڑی ہے
شاخ گل خم نہیں کسو نے کیا		ہاتھ معشوق کے مڑوڑی ہے
عمر کوتاہ کارِ عمر دراز		سانگ ہے، بہت رات تھوڑی ہے
ایک وہ ماہ رو غائب ہے نظر سے ورنہ	ولہ	وہی تارے ہیں وہی ماہ وہی گردوں ہے
ہیں خوب سیر کی جگ میں ہر ایک بستی کی	ولہ	بنا خراب ہو بنیادِ بت پرستی کی
ہمیں نشیبِ فرازِ زمانہ سے کیا کام		جو سر بلند ہیں اُن کو ہے فکر پستی کی
جی تو گلشن میں بھی نہیں لگتا	ولہ	کس کی مجلس سے ہم اُداس گئے
جب سُنا میں نے غمِ ہدایت کا		سُنتے ہی بس مرے حواس گئے
جاؤں نکل میں دشت میں یا شہر میں پھروں		کوئی ایسی شکل ہو وہ کہ ٹک جی بہل سکے
شہیدِ تیغِ ابرو ہے اسیرِ دامِ گیسو ہے	ولہ	ہدایت بھی تو کوئی زور ہے شہدا شکستہ ہے
ثابت کوئی اُپنے جسم و جاں سے نہ پھرا	رباعی	یک شخص ہزار کشتگاں سے نہ پھرا
کوچہ تو ترا رہِ عدم سے نہیں کم		جو کوئی گیا سو پھر وہاں سے نہ پھرا
دلِ عہدِ شباب ہو چکا ہے باقی	رباعی	پیری ہے سو اس میں کیا رہا ہے باقی
ہوتا ہے کوئی دم میں یہ دورِ آب آخر		شب گذری ہے روز رہ گیا ہے باقی

باب الیاء

۱ یقین

یقین تخلص، انعام اللہ خاں نام۔ شاہ جہان آبادی۔ بیٹا اظہر الدین خاں، اور نواسا شیخ مجدد الف ثانی کا تھا۔ شاگرد میرزا مظہر جان جاناں کا، مشہور اور منظورِ نظر مرزا ے مذکور۔ اکثر یہ گمان باشندگان شاہ جہان آباد تھا، کہ یقین فنِ شعر و شاعری میں محض بے استعداد تھا۔ مرزا مظہر خود شعر کہتے تھے، اور نام اس کا داخل اشعار

کرتے تھے۔ مارے جانے کو اس کے بعضے تو یوں نقل کرتے ہیں کہ احمد شاہ بادشاہ کے عہد سلطنت میں بہ سبب کسی حرکت نامعقول کے، کہ وہ صادر نہ ہوئی تھی یقین سے، باپ نے اس کے اس کو قتل کیا، اور غش کی اس کو دریا میں بہا دیا۔ اور بعضے کہتے ہیں کہ ارتکاب اُس عملِ شنیع کا گذرا تھا۔ اس کے باپ کے دھیان میں کہ وہ ممنوع ہے جمیع ادیان میں یقین نے اس مقدمہ میں باپ کو اکثر متنبہ کیا۔ ایک دن اُس نے خفا ہو کر اس بیچارے کا جی ہی لیا۔ علم غیب کا بدرستی خدا کو ہے، اور یقین گمانوں کا بالکلیہ اس خالق ارض و سما کو ہے۔ بہرحال یقین مذکور کا کلام طبائع کے مرغوب ہے، اور اشعار اس کے جاں خراش و دل کوب۔ یہ ابیات آبدار اُس کا خلاصہ افکار ہیں ✦

نہ مرتا میں اگر صدقے ترے جانی کی کام آتا
گر سنہ ناز کا تھا گالیاں کھانے کے کام آتا

میں تو ظاہر نہ کردں اُس کی جفا کو لیکن
ولہ
چھپ سکے کیونکہ یقین زخم نمایاں میرا

مجھے گر حق تعالیٰ کا فرمائے جہاں کرتا
ولہ
بتوں کو میں بہ زورانِ بیکسوں پر مہرباں کرتا

نہ دیتا عیش کی خسرو کو فرصت قصرِ شیریں میں
جو میں ہوتا بجائے شیر جوئے خوں رواں کرتا

اگر مرکر نہ میں اُس شوخ کی خاطر نشاں ہوتا
خدا جانے وفا میرے کے حق میں کیا گماں کرتا

زباں فولاد کی ہو تب جوابِ کوہ کن دیوے
ستم ہوتا اگر پرویز کو عشق امتحاں کرتا

نہیں معلوم اب کے سال میخانے پہ کیا گذرا
ولہ
ہماری توبہ کرنے پیتی پیمانے پہ کیا گذرا

برہمن اپنے سر کو پیٹتا تھا دیر کے آگے
خدا جانے مری صورت سے بتخانہ پہ کیا گذرا

یقین کب میرے سوزِ دل کی داد کو پہنچے
کہاں ہے شمع کو پروا کہ پروانے پہ کیا گذرا

ہیں زخم مرے کاری اس سینے سے کیا ہوگا
ولہ
اب مرنا ہی بہتر ہے اس جینے سے کیا ہوگا

اگر تجھ کو زلیخا دیکھتی سب کچھ بسر جاتی
ولہ
تماشا ماہِ کنعانی کا اُس کو خواب ہو جاتا

سریرِ سلطنت آستانِ یار بہتر تھا
ولہ
ہمیں ظلِ ہما سے سایۂ دیوار بہتر تھا

مرا دل مر گیا جس دن سے نظارہ سے باز آیا
یقیں پرہیز اگر کرتا تو یہ بیمار بہتر تھا

تنگ دل کو کب بھلی لگتی ہے بستاں کی ہوا
ولہ
باغ سے یوسف کو زنگیں تر ہے زنداں کی ہوا

نہ آب تیشہ فرہاد اپنے خوں میں گرملا سکتا — ولہ — تو ایسے رنگ سے کب نقش شیریں کو بنا سکتا
یہ عشق سرشکن فرہاد پر لایا جو کچھ لایا — وگرنہ کون ایسی فتح خسرو کو دلا سکتا
تجھ آنکھوں سے اُتر کر دل نہ کرتا شور کیا کرتا — ولہ — یہ شیشہ طاق سے گرتا نہ ہوتا چور کیا کرتا
یہ دل ایسا خراب کوچہ و بازار کیوں ہوتا — ولہ — اگر ملتا نہ اتنا گل رخوں سے خوار کیوں ہوتا
تری اُلفت سے مرنا خوش نہیں آتا مجھے ورنہ — یہ ایسا کار آساں اس قدر دشوار کیوں ہوتا
یقین اُمید جینے کی نہیں تیری ان آنکھوں سے — اگر پرہیز تو کرتا تو یوں بیمار کیوں ہوتا
گر اِس آنکھ سے تیری جہاں کے ہاتھ کیا آیا — ولہ — مجھے پٹکا زمین پر آسماں کے ہاتھ کیا آیا
نہ کہتی راز دل تو اتنی رسوائی بھلا سہتی — فضیحت کر کے مجھ کو اس زباں کے ہاتھ کیا آیا
کیا بدن ہوگا کہ جس کے کھولتے جامے کا بند — ولہ — برگِ گل کی طرح ہر ناخن معطر ہو گیا
دام و قفس سے چھوٹ کے پہنچے جو باغ تک — ولہ — دیکھا سو اس زمیں میں چمن کا نشاں نہ تھا
اس قدر غرق لہو میں یہ دلِ زار نہ تھا — ولہ — جب حنا کو ترے پاؤں سے سروکار نہ تھا
حسن کا عشق زلیخا سیتی کچھ چل نہ سکا — ورنہ وہ پاک گہر قابلِ بازار نہ تھا
دل مرا عشق کے دھڑکوں سے مُوا جاتا ہے — یہ وہ دل ہے کہ کوئی ایسا جگردار نہ تھا
دل میں زاہد کے جو جنت کی ہوا کی ہے ہوس — کوچۂ یار میں کیا سایۂ دیوار نہ تھا
اتنا کوئی جہاں میں کبھو بے وفا نہ تھا — ولہ — ملنے میں تیرے مجھ سے یہ دل آشنا نہ تھا
ناصح جو یہ نصیحت بیجا ہے میں سُنی — معذور رکھیو مجھ کو مرا دل بجا نہ تھا
خفیف مجھ سے اُلجھ کر عبث ہوا واعظ — ولہ — کہ میں تو مست تھا اُس کو بھی کیا شعور نہ تھا
تری آنکھوں کی کیفیت کو مے خانہ سے کیا نسبت — ولہ — نگہ کی گردشوں کو دورِ پیمانے سے کیا نسبت
بتاں کی مجھ سے خاطر جمع ہے یہاں تک کہ کہتے ہیں — ولہ — کہاں اس دام سے یہ صید جا سکتا ہے کیا قدرت
ہمارا شور سُن مجنوں کو بھولی طرز نالے کی — کوئی شیروں کے منہ پر نے بجا سکتا ہے کیا قدرت
شیشۂ دل کے تئیں اپنے سنبھالے رکھ یقیں — ولہ — پھر کرے گا کون اُس کے پھوٹ جانے کا علاج

سو جگہ سے دل گریباں پھاڑ دیوانے کی طرح
زلف کی زنجیر میں آخر پھنسا شانے کی طرح

جی نکل جاتا ہے میرا جب کبھو آتی ہے یاد
وہ قسم کھا کر اُسی ساعت مُکر جانے کی طرح

خار سے مژگاں کو جی ڈرتا ہے میرا بے طرح
رکھ مری آنکھوں پہ دیتے ہو کفِ پا یہ طرح

فصلِ گل بھی آن پہنچی دیکھتے کیا ہو یقیں
اب کے چلتا ہے جنوں پر دل ہمارا بے طرح

گرچہ شیریں شیخ کے ہے وجد میں آنے کا شور
پر قیامت بانک ہوتا ہے مے خانہ کا شور

آہ و نالہ پر نہیں موقوف شہرت عشق کی
کس قدر ہے اس خموشی ساتھ پروانے کا شور

دل ہمیں کہہ کر چلا تھا اپنے جانے کی خبر
پھر نہ دی ہم کو کسی نے اس دیوانے کی خبر

بلبلیں ہیہم چلی جاتی ہیں باغوں کی طرف
کچھ تو اڑتی سی سنی ہے گل کے آنے کی خبر

نین پہنچتا ضعف سے نالہ مرا صیاد تک
کون لے اس ناتواں کی اب دوانے کی خبر

توقع دے کے مت کہ نا اُمیدی کی سخن بس کر
جواب تلخ مت دے مجھکو اے شیریں دہن بس کر

جو لوہا جس نہ دی اُس کو لگانا ہاتھ کیا حاصل
بہت کی تو نے اس تیشہ کی خدمت کوہکن بس کر

خال گورے منہ کا لیتا ہے مرے دل کو چُرا
اس نگر میں چاندنی راتوں کو بھی پھرتے ہیں چور

گریباں پھاڑتے ہیں دیکھ خوبانِ چمن کیونکر
نہ کیجے چاک ناصح اس ہوا میں پیرہن کیونکر

کوئی محنت کوئی لذت اُٹھاوے یار سے کوئی
کہو اپنے تئیں ضائع نہ کرتا کوہکن کیونکر

تعجب سخت رہتا ہے یقیں اس بات کا مجھکو
کہ اتنا بولتے ہیں تلخ یہ شیریں دہن کیونکر

بعد مرنے کے ہوں میں گور میں غمناک ہنوز
گرد پھرتے ہیں مری خاک کے افلاک ہنوز

منہ پہ کھاتا ہے اسی طرح سے تلوار کہ بس
دل مرا عشق میں ایسا ہے جگردار کہ بس

نزع میں دیکھ مجھے یار جھجک کر بولا
کیا بُری طرح سے مرتا ہے یہ بیمار کہ بس

آپ کو بیچ کے یوسف نے زلیخا کو لیا
کیا خریدار یہ پایا ہے خریدار کہ بس

آپ سے ہم ہے مقرر کی ہے اپنی جا قفس
ورنہ ٹک پھڑکیں تو ہو جاوے نہ دو بالا قفس

تنگ تو کرتا ہے پر ہم جو کہیں جاتے رہیں
تو پڑا منہ دیکھتا رہ جائے گا تنہا قفس

آج دیکھی ہے میں وہ لطف کی بیداد کہ بس — ولہ — سر پہ آیا مرے اس طور سے جلاد کہ بس
جی میں آتا ہے تری جھپ کچھ کر دکھا دیجے آسے — باغ میں اتنا اکڑتا ہے یہ شمشاد کہ بس
کچھ پر و بال میں طاقت نہ رہی جب چھوٹے — ہم ہوئے ایسے بُرے وقت میں آزاد کہ بس
تو نہ تھا حیف یقیں ورنہ دیوانہ ہوتا — آج اس طرح کا دیکھا ہے پریزاد کہ بس

عاقبت تن پروری ہوتی ہے گردن کا وبال — ولہ — کس قدر پہلوئے چرب اپنے سے دکھ پاتی ہے شمع
اہلِ نور آہن دلوں کو دیکھ شرماتے ہیں سخت — دیکھ کر گل گیر کی صورت کو ڈر جاتی ہے شمع

یہ نہیں ہوتا کسی رحم سے اس سینہ کا داغ — ولہ — ہو گیا ناسور آخر یار دیرینہ کا داغ
ہم تو مرتے ہیں گے اور بجھتا ہے اُلفت کا چراغ — ولہ — دیکھئے پھر ہووے کب روشن محبت کا چراغ
خاندانِ درد مجھ سے کیوں نہ ہو روشن یقیں — ہے مرا ہر داغ سینہ میں مصیبت کا چراغ

ناصح سے مجھ کو غم نے کیا شرمسار حیف — ولہ — سو بار پھٹ چکا یہ گریباں ہزار حیف
دل نہیں کھنچتا ہے بن تیرے بیاباں کی طرف — خوش نہیں آتا نظر کرنا غزالاں کی طرف
اس ہوا میں رحم کر ساقی کہ بے جامِ شراب — دیکھ کر چھاتی بھری آتی ہے باراں کی طرف
سحر کے ڈورے جو سنتے تھے سو یہ دیکھے یقیں — دل کھنچا جاتا ہے اُس زلفِ پریشاں کی طرف
آئینہ ہوتا ہے اُس روئے درخشاں کا حریف — ماہ بن اور کون ہو خورشید تاباں کی طرف

بہت جینے کی تدبیر اہلِ عرفاں کو نہیں لائق — ولہ — کہ پینا آبِ حیواں شانِ انساں کو نہیں لائق
رشک سے لاگے ہے پروانے کے جیسی تن کو آگ — ولہ — لگیو ای فانوس ایسی تیرے پیراہن کو آگ
جلتے تنوں سے کل ان تینیا کپڑوں کے ساتھ — جی دھڑکتا ہے مبادا لگ اُٹھے دامن کو آگ

چمن میں مجھ سے دیوانے کو لے جانے کا کیا حاصل — ولہ — دکھا کر گل جنوں کو شور پر لانے کا کیا حاصل
جنہیں بالوں کی پھانسی دی ہے وہ ہرگز نہیں چھٹتے — جو زلفوں میں پھنسا دل اُس کے غم کھانے کا کیا حاصل
ہمارے درد کی دارو اگر کچھ ہے تو دارو ہے — یہ سب کچھ سن کے ساقی بات پی جانے کا کیا حاصل

ہم نہ کہتے تھے کہ بہت چھیڑ ان دنوں دھڑوں کے تئیں — ولہ — خط کی صورت میں پڑا آخر نہ آہوں کا وبال

اس تغافل ساتھ میرے سامنے سے درگذر
بے طرح پڑتا ہی حسرت کی نگاہوں کا وبال

ہاتھ لگتا گر زبانِ مصر کو یہ آفتاب
ولہ
خواب ہوجاتا انہیں اس ماہ کنعاں کا جمال

مے ہوئی آخر یہی تدبیر غم کی ناتمام
ولہ
کس سے دل خالی کریں اب ہو چکا ملنا تمام

تیری آنکھوں میں نشہ نے اس طرح مارا ہی جوش
ولہ
ڈالتے ہیں جس طرح بدمست مے خانے میں دھوم

کروں کیونکر میں قید زلف سے چھٹنے کی تدبیریں
ولہ
پڑیں ہیں میرے ہر انگشت میں جوں شانہ زنجیریں

ہمیں بھی بات کہ آتی ہی لیکن دل نہیں حاضر
حیا سے دور ہی ناصح خموشی ساتھ تقریریں

یقیں اقبال ہاتھ آیا نہیں کچھ جی کے جانے سی
نہیں ہووے گی ہم فرہاد کو سو بار سر چیریں

چمن میں شاخ ہل جاتی ہی جیسے گل کے ہلنے سی
ولہ
لچک جاتا ہی دم لیتے نزاکت اس کو کہتی ہیں

زخم بن مجھ کو کچھ اس لاگ سے مقصود نہیں
ولہ
عشق پھیکا ہی اگر داغ نمک سود نہیں

ہے اسی تیغ کے زنگار کا مرہم درکار
اور کسی طرح مرے زخم کا بہبود نہیں

کرتا ہی کوئی یار واس وقت میں تدبیریں
ولہ
مرتا ہے یہ دیوانہ اب کھول دو زنجیریں

ناداں ہی جو یعنی چھوڑ صورت کی طرف جاوے
لڑکوں کو کتابوں سے منظور ہیں تصویریں

چہرے سے نکل کر مو لپٹے ہیں یقیں منہ پر
اوراق طلائی پر جوں کھینچی ہیں تحریریں

کوئی دن اور کرنے دو جنوں مجھ کو بہاراں میں
ولہ
عبث سیتی ہو اس کو کیا رہا ہی اب گریباں میں

چمن کی پیچ کلیانی ہے جیسی شاخ سنبل کی
ہوئی ہیں کس قدر دل جمع اس زلف پریشاں میں

بہار آئی ہی ہم کو کیا کہے گا باغباں دیکھیں
ولہ
چمن میں باندھنے پاوینگے اب کے آشیاں دیکھیں

اٹھا اس منہ سی اے باد صبا گھونگٹ کی آنچل کو
توجہ سی تری ہم بھی ٹک اک یہ گلستاں دیکھیں

نہ کر خجل مجھے مہماں مرا نہ ہوا ے عشق
ولہ
کہ میری آنکھ میں آنسو جگر میں آہ نہیں

تو نے ہم پر جو جفا کی ہے سو کو نہیں
ولہ
بس یہ ہم نے جو وفا کی ہے سو منظور نہیں

سینہ میرے میں تری عشق سی جو شاں ہی عسل
کون ناسور ہے جو نیش کا معمور نہیں

دین و دنیا کی مجھے کام سے کھوتا ہے یقیں
چھوڑ دوں عشق نہ باللہ کہ معذور نہیں

خدا کی بندگی کیئے اُسے یا عشق معشوقی
وہ نسبت ایک سے سو سو طرح تعبیر کرتے ہیں

سو سو ہیں التفات تغافل میں یار کے
بیگانگی سے اُس کی کوئی آشنا نہیں

شیریں دہن بھی تلخ لگے بولنے یقیں
اب چھوڑ دے نظارہ کچھ اس میں مزا نہیں

وہ کون دل ہے جہاں جلوہ گر وہ نور نہیں
اُس آفتاب کا کس ذرہ میں ظہور نہیں

تیرے سفر کی خبر سُن کے جان دھڑکوں سے
جو پہنچوں مرنے کے نزدیک میں تو دور نہیں

کوئی بھی دیتا ہے لڑکوں کے ہاتھ شیشۂ دل
یقیں میں غور سے دیکھا تو کچھ شعور نہیں

جس محبت میں نہیں ہے شور ہے وہ بے نمک
کیا مزا ہے عشق کرنے میں جو رسوائی نہیں

بن یقیں کے باغ میں جا کر بتاں کہتے ہیں سب
سیرِ گل سے جی نہیں لگتا وہ سودائی نہیں

شکوہ جفا کا یار سے کرنا وفا نہیں
بندہ کو اعتراض خدا پر روا نہیں

اگر رستم ہو عاشق دم نہ مارے یار کے آگے
کہ اُس کا جی نکل جاتا ہے اُس کی ایک تہکن میں

گالی بھی پی گئے ہیں ماریں بھی کھائیاں ہیں
کیا کیا تری جفائیں ہم نے اُٹھائیاں ہیں

ایسا دراز دامن میں ہاتھ اُن کے آیا
بختوں کی عاشقوں کے کیا نارسائیاں ہیں

حق کو یقیں کے آخر بر باد دست دو یارو
تم نے سخن کی طرزیں اُس کی اُڑائیاں ہیں

قامتِ رعنا سے تیرے بس کہ شرماتا ہے سرو
دیکھ کر تجھ کو زمیں کے بیچ گڑ جاتا ہے سرو

تم ہمیں پامال یوں کرتے ہو اب خوش قامتو
دیکھتے ہو قمریوں کو سر پہ بٹھلاتا ہے سرو

کھڑا ہے سرو نپٹ بن بنا کے رعنا ہو
جو یار پردے سے نکلے تو کیا تماشا ہو

نہ لانا تھا مرے گریہ کو شور پر اے عشق
بُری بلا تو نے چھیڑی ہے دیکھئے کیا ہو

خونِ انصاف سے اتنا بھی زباں تر نہ کرو
لعل کو یار کے ہونٹوں سے برابر نہ کرو

باندھ کر مجھ پہ کمر لطف نہیں غیر کا قتل
اپنی بیداد کے مضموں کو مکرر نہ کرو

کوئی یہ چاند سا منہ چھوڑ کر عاشق ہو شعلہ کا
گذر آتش پرستی سے یہ پروانے سے کہہ دیجو

ستاؤ مت یقیں کا دل کہ یہ خوباں کا مسکن ہے
خدا جانے کہ کیا ہو اس مرے خانے کو مت چھیڑو

جفا کے عذر میں اے ظالمو نہ دیر کرو ولہ مری زباں پہ شکایت پہ مت دلیر کرو
حنا کی طرح میں اپنا بہل کیا ہے خوں بتاں شہید کرو خواہ دستگیر کرو
خدا کرے کہ کہوں حق شتاب ثابت ہو مت امتحانِ وفا میں یقیں کے دیر کرو
جو تو شراب پیئے کیونکہ دل کباب نہ ہو ولہ لگے جب آگ کہاں تک یہ زہر آب نہ ہو
خنک گذرتے ہیں ایام عشق داغ بغیر کہ سرد ہووے ہوا جس دن آفتاب نہ ہو
دیوانے شہر سے یہاں آکے جی چھپاتے ہیں خدا کرے یہ خرابہ کبھی خراب نہ ہو
بتاں کی مہ نہیں حسنِ خلق و دامنِ پاک وہ کیا مزا ہے جو معشوق بدشراب نہ ہو
یقیں بتاں کا ہوا جب سے بندہ تب سے ہی داغ جو ہووے کافر اُسے کس طرح عذاب نہ ہو
شہر میں تھا نہ ترے حسن کا سا شور کبھو ولہ مصر اس جنس سے اتنا نہ تھا معمور کبھو
فکر مرہم کی مرے واسطے مت کر ناصح خوب ہوتا نہیں اس عشق کا ناسور کبھو
گو نہ کر وعدہ وفا دے مجھے اس کا تو جواب مجھ سے ملنا بھی سجن ہے تجھے منظور کبھو
اپنی بیداد کی سوگند ہے تجھ کو اے مرگ تو نے دیکھا ہے یقیں سا کوئی رنجور کبھو
خواب میں کس طرح دیکھوں تجھ کو بیخوابی کے ساتھ ولہ جمع آسایش کہاں ہوتی ہے بیگانے کے ساتھ
مفت نہیں لیتے وفا کو شہر خوباں میں یقیں کس قدر بے قدر ہے یہ جنس نایابی کے ساتھ
بہار آئی ہمیں کیا حکم ہے اے باغباں سچ کہہ ولہ چمن میں رہنے پاوے گا ہمارا آشیاں سچ کہہ
نمک ڈالا ہے مجھ میں اے ہما شورِ محبت نے کبھو کھائی ہیں تو نے اس مزے کی استخواں سچ کہہ
یقیں راتوں کو کر کر شور نیندیں سب کی کھوتا ہے یہ کس بے درد سے سیکھا ہے فریاد و فغاں سچ کہہ
کچھ عمر نہیں باقی پیارے تو شتاب آجا ولہ ڈرتا ہوں چھلک جاوے لبریز ہے پیمانہ
منہ اپنے کو گلشن میں رہنے نہ دیا کر تو یہ سبزہ ترے خط کا ہے سبزۂ بیگانہ
رہ و اد محبت کی مت پوچھ یقیں مجھ سے کچھ خوب نہیں سنتا افسوں ہے یہ افسانہ
عمر میں تو نے تو دیکھے ہیں بہت غم خانے ولہ آ تو اے چرخ ٹک اک اس دلِ ناشاد کو دیکھ

کہاں تاثیر نالوں میں ہے اے مرغِ سحر چپ رہ — ولہ — عبث صیاد کو ناخوش ہی کیوں کر ہا بس چپ رہ

جب ہو معشوق عاشق دلربائی کیا کرے — ولہ — بندگی سے جس نے خو کی ہو خدائی کیا کرے

وصل کی گرمی سے مجھ کو ضعف آتا ہی یقیں — دیکھئے مجھ سا تہ خوباں کی جدائی کیا کرے

کیا دل ہی اگر جلوہ گہِ یار نہ ہووے — ولہ — ہے طور سے کیا کام جو دیدار نہ ہووے

دل جل جو گیا خوب ہوا سوختہ بہتر — وہ جنس کوئی جس کا خریدار نہ ہووے

دوانے کس طرح ناصح اُٹھاویں ہاتھ طفلاں سے — ولہ — کہ ہے کشتِ جنوں سیراب اُن کی سنگ باراں سے

یار کب دل کی جراحت پہ نظر کرتا ہے — ولہ — کون اُس کوچہ میں جز تیر گذر کرتا ہے

اپنی حیرانی کی ہم عرض کریں کس مُنہ سے — کب وہ آئینہ پہ مغرور نظر کرتا ہے

عمر فریاد میں برباد گئی کچھ نہ ہوا — نالہ مشہور غلط ہے کہ اثر کرتا ہے

جو سر پاؤں پہ رکھ دیجے تو خوش ہوویں میاں ہم سے — ولہ — ولیکن ہائے ہو سکتی ہی یہ جرأت کہاں ہم سے

مرے آنسو بھی ماری ضعف کے اب چل نہیں سکتے — ولہ — کیا اے عشق مجھ کو ہائے ایسا ناتواں تو نے

خطا ہی معفت مر کر یار کیوں دیجے رقیباں کو — ولہ — ہماری ہم سے پوچھو کوہکن کی کوہکن جانے

اگر دیتے ہو دل کی داد جتنا اُس کا جی چاہے — ولہ — تو کرنے دو اُسے فریاد جتنا اُس کا جی چاہے

نہیں ممکن کہ ہم کعبہ کو جاویں چھوڑ بت خانہ — کرے واعظ ہمیں ارشاد جتنا اُس کا جی چاہے

نہیں کوئی کہ دشنام اُس کی ہم تک یا دعا لاوے — ولہ — گیا ہے اب اُس کو دیکھئے کب تک خدا لاوے

پڑے پتھر الٰہی اس محبت پر کہ ہو بے کس — مرے فرہاد اور پرویز و شیریں کو اُٹھا لاوے

دیارِ حسن میں تو خوش ہوا پر یہ بڑی مشکل — کہ لُٹ جاتا ہی وہاں جو کاروانِ حُسن و فا لاوے

مناسب ہیں ہی شکوہ جور کا ان خوبرویوں سے — یقین کوئی بُری باتوں کو اچھے منہ پہ کیا لاوے

زمیں پر جس طرح گرتا ہے سایہ سرو رعنا کا — ولہ — تری قامت کے آگے فرش ہو جاتی ہی رعنائی

نہیں ہوتے کبھو احباب کی خاطر ملول اُس سے — خدا شاہد عجب بے بد مصاحب ہے یہ تنہائی

معاوضہ میں وفا کے جو یہ جفا ہووے — ولہ — کبھو کسو سے کوئی کیونکر آشنا ہووے

اگر یہ خیر ہمیں یاد کر نہیں سکتا
کبھو بُرا ہی ہمیں کہہ ترا بھلا ہووے

یقیں ہوا مجھے قطرے سے اشک کے معلوم
نہ اُٹھ سکے کوئی جو آنکھ سے گرا ہووے

خبر کیا پوچھئے مرغِ قفس سے آشیانے کی
ولہ
اسیروں کو توقع کب ہے پھر گلشن میں جانے کی

گئے پر بھی شروعِ گلمیں اور پروازِ اوّل میں
نہ دی فرصت زمانے نے ہمیں ہوس میں جانے کی

مواجاتا ہوں مت اتنا بھی کس کر باندھ بالوں کو
ٹک اک ڈھیلی تو کر دے جان زنجیریں دوانے کی

زنجیر میں بالوں کے پھنس جانے کو کیا کہئے
ولہ
کیا کیا کیا یہ دل نے دیوانے کو کیا کہئے

دل چھوڑ گیا ہم کو دلبر سے توقع کیا
اپنے نے کیا یہ کچھ بیگانے کو کیا کہئے

دکھ تو دیتا ہے کروں تجھ کو بھی حیراں تو سہی
ولہ
باغباں اب کے اجارے لوں گلستاں تو سہی

مُفت کب آزار کرتی ہے گرفتاری مجھے
ولہ
جی ہی لے چھوڑے گی آخر کو یہ بیماری مجھے

کب ہوس ہی مجھ کو رسوائی کی لیکن کیا کروں
کھینچ کر لاتی ہے اس کوچہ میں ناچاری مجھے

کیا لگا لیتا ہے خوباں کو یقیں کرتے ہی داغ
آئینہ کی سادہ لوہی ساتھ پرکاری مجھے

جس کو منظور ہو جینا اُسے مرنا ہی عذاب
ولہ
ہے دمِ پاکِ مسیحا دم شمشیر مجھے

بے قراری کب ٹھہرنے دی ہی مجھ کو زیرِ تیغ
ولہ
مارنا سیماب کا مشکل ہے قاتل کیا کری

ستم ہی قید کرنا اس طرح کے مرغِ ناداں کو
ولہ
کہ جو مارے بھلائی کے قفس کو آشیاں سمجھے

کرتے ہیں اپنے بال دکھا بتلا مجھے
ولہ
اس پیچ سے بتاں کے نکالے خدا مجھے

ہو رو بھفا میں یار بہت ہو گیا دلیر
کرتے تو کی پہ راست نہ آئی وفا مجھے

خدا مجھے ترے داغوں سے لالہ زار کرے
ولہ
یہ خارِ خشک مگر آگ سے بہار کرے

قیامت آپ پر اس قد سے لا چکے ہم تو
کہاں تلک کوئی محشر کا انتظار کرے

اس بسنتی پوش سے آغوش رنگیں کیجئے
ولہ
جی میں ہی اک مصرعِ موزوں کو تضمیں کیجئے

نگاہ گرم سے کھاؤ بھی تاب مو کی طرح
خدا کسی کے تئیں اتنا خوش کمر نہ کرے

یہ دل مملوک ہی خوباں کا کون اس کو بچا سکے
ولہ
بغل میں کون مالِ بادشاہی کو دبا رکھے

حق مجھے باطل آشنا نہ کرے — ولہ — میں بتوں سے پھروں خدا نہ کرے
دوستی بد بلا ہے اس میں خدا — کسی دشمن کو مبتلا نہ کرے
ہے وہ مقتول کافرِ نعمت — اپنے قاتل کو جو دعا نہ کرے
ناصحوں کی یہ کچھ نصیحت ہے — کہ یقیں یار سے وفا نہ کرے

حسن اور عشق میں اک طور کی نسبت ہے ضرور — ولہ — چشمِ بیمار تجھے دی ہے دلِ زار مجھے
یار آیا پہ مجھے ہوش نہ تھا کیا کیجے — نہ کیا اِس دلِ دشمن نے خبردار مجھے
چھٹے اس زندگی کی قید سے اور داد کو پہنچے — ولہ — وصیت ہے ہماری خوں بھلا جلاد کو پہنچے
نہ نکلا کام کچھ اس صبر سے اب نالہ کرتا ہوں — مری فریاد بھی شاید مری فریاد کو پہنچے
ہمیں اس غم کے ہاتوں زندگانی خوش نہیں آتی — کوئی بیداد گر یارب ہماری داد کو پہنچے

ہوا میں سرد کی اتنا نہ کر شور و شرا ای قمری — ولہ — نہ دے برباد تو اپنی کفِ خاکستر ای قمری
یقیں رکھیو کہ شوخی خوب نیں خدمت خمیں خو بانکی — تو بیجا سرو کے چڑھ بیٹھے بیٹھے سر پرائے قمری
گئے سب بھول شکوے دیکھ روئے یار کیا کہئے — ولہ — زبان چرب سے میری ہوئے بیکار کیا کہئے
تبسم میں جو اُس کا منہ کھلا جی بندھ گیا اپنا — مرا دل لے گیا ہنستے ہی ہنستے یار کیا کہئے
اگر اُس کی جگہ پہلو میں ہونا چار بہتر تھا — بہت دیتا ہے میرا دل مجھے آزار کیا کہئے

یقیں کے واقعہ کی سُن خبر وہ بدگماں بولا — یہ دیوانہ کچھ ایسا تو نہ تھا بیمار کیا کہئے
دوانہ ہوں میں جی دینے میں مجنوں کے سلیقہ کا — ولہ — مزے لے لے کے مرنے کی طرح فرہاد کیا جانے
گلا تو پھٹ گیا نے کیطرح فریاد کر نیسے — قیامت دور ہے کب تک ملے گی داد کیا جانے
نکل بھاگا ہے کوئی صید کیا اس دام سے سچ کہہ — کئی دن میں کہ تیری زلف کی خاطر پریشانی

اگر بخیر میرے پاؤں میں ڈالے تو کیا ہوگا — ولہ — بہار آنے دو میرا ہاتھ ہے اور یہ گریباں ہے
یہ وہ آنسو ہیں جن سے دہر آتشناک ہو جاوے — ولہ — اگر ہوئے کوئی یہ آب جل کر خاک ہو جاوے
گنہگاروں کو ہے اُمید اس اشکِ ندامت سے — کہ دامن شاید اس آبِ رواں سے پاک ہو جاوے

عجب کیا ہی تری خشکی کی شامت سے جو تو زاہد — نہال تاک ٹیلا دے تو وہ مسواک ہو جاوے

اگرچہ عشق میں آفت ہے اور بلا بھی ہے — ولہ — مزا بر انہیں یہ شغل کچھ بھلا بھی ہے

یہ کون ڈھب ہے سجن خاک میں ملانے کا — کسو کا دل کبھو پاؤں تلے ملا بھی ہے

یقیں کا شور جنوں سن کے یار نے پوچھا — کوئی قبیلۂ مجنوں میں کیا رہا بھی ہے

خوش آئی ہی مجھے یہ بات اُس مجنونِ عریاں سے — ولہ — کیا کیجے کہاں تک چاک گذری ہم گریباں سے

نہیں ہی جامِ مے بن کچھ ہمارا خونبہا ساقی — ولہ — اس آبِ زندگی سے اپنے یاروں کو جلا ساقی

ٹک اک تو رحم کر اے مرگِ مے کی تمنا میں — ہماری جان کو روتی ہیں یہ ابر و ہوا ساقی

وفا کا کیا قیامت ہے کوئی بدلا جفا دیوے — ولہ — ترحّم ان بتوں کو اپنے بندوں پر خدا دیوے

نہیں پرواز قسمت میں میری اُڑا — ولہ — خفا ہو زندگی سے مر گیا ہوں لیک ڈرتا ہوں

مبادا حشر مجھ کو خوابِ راحت سے جگا دیوے — ولہ — محبت کا جو ناتا ہی عجب آداب ہیں اُس کے

کہ جوں جوں یار دیوے گالیاں عاشق دعا دیوے — ولہ — نہ دے فرصت ان ہاتھوں سے کچھ کام اور بھی نکلے

ہم آخر ہوں گے دامنگیر اس چاکِ گریباں کے — ولہ — رگڑنا ہے سر اپنا پشت پا پر متصل تیرے

گریباں پھاڑیے اس پر کہ کیا طالع ہیں داماں کے — ولہ — ٹک اک انصاف کر کرتا ہی اتنی بھی جفا کوئی

کھوڑ صندل کھینچ ماتھے پر کیا ہے قتلِ عام — ولہ — تیغ ابرو کو دیا ہی سنگ دیکھا چاہیے

۲- یکرنگ

یکرنگ تخلص مصطفیٰ قلی خاں نام، متوطن شاہ جہان آباد کے۔ نواسوں میں خانجہان خاں لودی کے، اور معاصر شاہ نجم الدین آبرو کے تھے منصبداروں میں محمد شاہ بادشاہ، اور شہرۂ آفاق ساتھ عزت و جاہ کے، مشہور سخنوروں میں شاہجہاں آباد کے، اور معروف بیاں آوروں میں اس خجستہ بنیاد کے تھے۔ طور انکی گویائی کا پیرو قدما کی گفتگو کے ہے، اور طرز ان کے کلام کی رویہ پر مضمون و آبرو کی ہی، لیکن از بسکہ شیوہ سابق یاران حال کے غیر مرغوب ہے، تو آہنگ قدیم سمع خراش دماغ کوب ہے۔ بلدۂ شاہجہان آباد میں انہوں نے اس سرائے فانی سے سفر کیا اور دلوں پر احباب کے داغ حرماں کا دیا۔ یہ اشعار پر معنی و خوش بیان ان کے منتخب دیوان ہیں۔

College of Arts & Commerce, U. W.

مجھے مت پوچھ پیارے اپنا دشمن ولہ کوئی دشمن ہوا ہے اپنی جاں کا
میں روز و شب وصال سے تیری ہوں کامیاب ولہ کیونکر کہوں کہ تجھ سے بہتر ہے آفتاب
سچ کہیے جو کوئی تو مارا جائے ولہ راستے ہیں گے دار کی صورت
مجھ کو معلوم یوں ہوا گل سے ولہ پھول جاتے ہیں اُس سے دولتمند
کیوں ہوئے ہو تم کہو دشمن ہمارے اس قدر ولہ دوست کا دشمن کوئی ہوتا ہی پیارے اس قدر
نگہباں چاہیئے سرشار کے پاس ولہ تری آنکھوں سے کیونکر دل جدا ہو
رُوٹھتا ہوں اس سبب ہر بار میں ولہ تا گلے تیرے لگوں اے یار میں
اُس پری پیکر کو مت انسان بُوجھ ولہ شک میں کیوں پڑتا ہی اے دل جان بُوجھ
کیا جانئے وصال ترا ہو کسے نصیب ولہ ہم تو ترے فراق میں اے یار مر چلے
رونقِ اسلام تیرے رو سے ہے ولہ کفر کا رشتہ ترے گیسو سے ہے
بے قراروں کے تئیں آرام دل اے مرے پیارے ترے پہلو سے ہے
جدائی سے تری اے صندلی رنگ ولہ مجھے یہ زندگانی درد سر ہے
ہوا معلوم یہ غنچے سے ہم کو ولہ جو کوئی زردار ہے سو تنگ دل ہے

نہیں چھوڑیں ہیں سد از لف تری اپنی مروڑ ولہ باوجودیکہ کمال ان میں پریشانی ہے
اب تو سجن ہمیں کو تباہی تمہیں سے ہے ولہ ہم سب طرف سوں یار تمہاری گلے پڑے
یکرنگ پاس اَور سجن کچھ نہیں بساط ولہ رکھتا ہے یہ دو عین کہو تو نظر کرے
زخمی بہ رنگِ گل ہیں شہیدانِ کربلا ولہ گلزار کی نمط ہے بیابانِ کربلا
کھانے چلا ہے زخم ستم شامیوں کے ہاتھ دھوہا تھ زندگی سیتی مہمانِ کربلا
اندھیر ہے جہاں میں کہ اب شامیوں کے ہاتھ ہے سر بریدہ شمع شبستانِ کربلا

بعون اللہ تعالیٰ کتاب تذکرۃ الشعرا من تالیف مرزا علی خاں لطف تخلص بتاریخ بست و ششم ماہ ربیع الثانی سنہ ۱۲۳۵ ہجری روز جمعہ بعد سہ پاس روز گذشتہ بہ اتمام رسید۔